خفتگانِ خاکِ گجرات

ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خفتگانِ خاکِ گجرات

Marfat.com

"آسماں ہیں اِس زمیں میں محوِ خواب"

خفتگانِ خاکِ گجرات

(ضلع گجرات میں مدفون مشاہیر کے حالات و الواحِ قبور)

○

ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ

بی۔ ایس۔ سی، ایم۔ بی۔ بی۔ ایس

ایم۔ اے اردو، ایم۔ اے پنجابی

سلیچ پبلیکیشنز ○ گجرات (پاکستان)

سلَیچ پبلیکیشنز نمبر 1

جُملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ

عالمی معیاری کتاب نمبر ISBN 969-8353-00-3

نام کتاب : خفتگانِ خاکِ گجرات

مؤلف : ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ

موضوع : تذکرہ و وفیات نگاری

ضخامت : ۳۲۰ صفحات

بار : اوّل

تعداد : تین سو

تاریخِ اشاعت : اکتوبر ۱۹۹۶ء / جمادی الثانی ۱۴۱۷ھ

مطبع : پریمیئر پرنٹرز لاہور

کیلی گرافی : محمد اسلم مرزا، گجرات فون :512478

سرورق : فارمٹ ڈیزائنرز اینڈ پرنٹرز لاہور

قیمت : ۳۰۰ روپے

ناشر

سلَیچ پبلیکیشنز

لوراں۔ گجرات (پاکستان)

Marfat.com

پروفیسر حامد حسن سیّد

اور ان کے تلمیذ رشید

ریاض مفتی

کے نام

Marfat.com

موت سب سے بڑا وعظ ہے

(حدیث نبویؐ)

میں کہ مری غزل میں ہے آتشِ رفتہ کا سراغ
میری تمام سرگزشت کھوئے ہوؤں کی جستجو

(اقبالؒ)

Marfat.com

ترتیبِ کارواں

(بلحاظِ حروفِ تہجی)

☆ جرسِ کارواں (پیش لفظ از مؤلف) ۱۳

حصہ اوّل : رُوحِ کارواں

حیات والواحِ قبور

۱۔ احسان الحق سلیمانی ۲۱
۲۔ مولانا قاری احمد حسین فیروز پوری ۲۳
۳۔ پیر سید حاجی احمد شاہ ۲۴
۴۔ مفتی احمد یار خاں نعیمی ۲۶
۵۔ حکیم سید ارشاد ۲۸
۶۔ علامہ اصغر علی روحی ۳۰
۷۔ نوابزادہ اصغر علی خاں ۳۴
۸۔ پروفیسر سید اکبر علی شاہ ۳۵
۹۔ شیخ اللہ داد سرّیؒ ۳۷
۱۰۔ غازی اللہ دِتّا شہید ۴۰
۱۱۔ ڈاکٹر شیخ اللہ دِتّا طالب کنجاہی ۴۲
۱۲۔ اُستاد امام دین گجراتی ۴۴
۱۳۔ علامہ سید امداد حسین کاظمی ۴۵
۱۴۔ سید ابوالکمال برق نوشاہی ۴۶
۱۵۔ پیر بہادن شاہ ۴۷
۱۶۔ پیر محمد سچیارؒ ۴۸
۱۷۔ ملک جسرتھ کھوکھر ۵۰
۱۸۔ حکیم سید جملے شاہ ۵۴
۱۹۔ بابا جنگو شاہ ۵۵
۲۰۔ حکیم چراغ علی ایڈووکیٹ ۵۷
۲۱۔ میاں حبیب اللہ فقیر درزی ۵۸
۲۲۔ مولوی حفیظ اللہ قادری ۵۹
۲۳۔ چودھری حمید اللہ خاں ۶۲
۲۴۔ مفتی حمید اللہ ۶۵
۲۵۔ حکیم خدا بخش حاذق ۶۶
۲۶۔ دِتے شاہ ۶۷
۲۷۔ راج محل بیگم اور نگزیب عالمگیر ۶۹
۲۸۔ سائیں رحمت اللہ رحمت ۷۲
۲۹۔ سائیں رحمت علی چڑیا دلہ ۷۴
۳۰۔ مولانا رحمت علی خاں سامی ۷۶
۳۱۔ حکیم پیر سید رشید الدولہ ۷۸
۳۲۔ ملکہ موسیقی روشن آرا بیگم ۸۰
۳۳۔ میجر سید ریاض منظور شہید ۸۲
۳۴۔ زینب بی بی زوجہ ڈاکٹر عطا محمد ۸۴
۳۵۔ مولوی سلام اللہ شایق ۸۵
۳۶۔ حضرت قاضی سلطان محمودؒ ۸۷
۳۷۔ خواجہ ثناء اللہ پیر خرابات ۸۹
۳۸۔ حکیم سوہنے شاہ ۹۱
۳۹۔ سہیل جیلانی تبسم ۹۲
۴۰۔ حافظ سید علی نقشبندی ۹۴
۴۱۔ حضرت شاہ دولہ دریائی گجراتی ۹۵

Marfat.com

۴۲۔ حافظ شمس الدین گلیانوی ۹۹
۴۳۔ مولوی صالح محمد کنجاہی ۱۰۰
۴۴۔ سیّد صالح محمد گیلانی قادری ۱۰۲
۴۵۔ پیر سیّد ظفر علیشاہ عباسی الہاشمی ۱۰۴
۴۶۔ چوہدری ظہور الٰہی ۱۰۵
۴۷۔ عالم لوہار ۱۰۶
۴۸۔ قاضی عبدالحق (جلالپور جٹاں) ۱۰۷
۴۹۔ کرنل عبدالرحمٰن شہید ستارہ جرات ۱۰۸
۵۰۔ حکیم عبدالرحیم جمیل ۱۱۰
۵۱۔ شاہ عبدالعزیز بشندوری ۱۱۳
۵۲۔ خان بہادر شیخ عبدالعزیز ۱۱۵
۵۳۔ مولانا عبدالغفور اسلم جالندھری ۱۱۷
۵۴۔ خان بہادر سردار عبدالغفور دُرّانی ۱۱۸
۵۵۔ ڈاکٹر عبدالغنی جلالپوری ۱۱۹
۵۶۔ سیّد عبدالقادر قادری کلانوری ۱۲۲
۵۷۔ مولوی عبدالکریم قلعداری ۱۲۴
۵۸۔ حکیم عبداللطیف عارف ۱۲۵
۵۹۔ مولوی شیخ عبداللہ ۱۲۷
۶۰۔ مولوی عبداللہ سلیمانی کنجاہی ۱۲۹
۶۱۔ علّامہ عبدالمالک کھوڑوی ۱۳۰
۶۲۔ میر عزیز اللہ فاروقی ۱۳۲
۶۳۔ میجر عزیز بھٹی شہید نشان حیدر ۱۳۳
۶۴۔ شیخ عطا اللہ وکیل ۱۳۵
۶۵۔ خان بہادر ڈاکٹر شیخ عطا محمد ۱۳۷
۶۶۔ قاضی عطا محمد گجراتی ۱۳۹
۶۷۔ حافظ عنایت اللہ الاثری ۱۴۱
۶۸۔ غضنفر حسین میر ایڈووکیٹ ۱۴۲
۶۹۔ صاحبزادہ غلام دستگیر نقشبندی ۱۴۳
۷۰۔ صاحبزادہ غلام ربّانی ۱۴۵
۷۱۔ پیر غلام سرور شاہ عباسی الہاشمی ۱۴۷
۷۲۔ پیر غلام عباس ۱۴۹
۷۳۔ غلام غوث صمدانی ۱۵۰
۷۴۔ مولانا غلام قادر اشرفی ۱۵۲
۷۵۔ مولوی غلام قادر ۱۵۴
۷۶۔ صوفی غلام قادر نقشبندی ۱۵۶
۷۷۔ کیپٹن ڈاکٹر شیخ غلام محمد ۱۵۷
۷۸۔ شیخ غلام محمد احمد ۱۵۹
۷۹۔ میاں غلام محمد سہروردی ۱۶۰
۸۰۔ حکیم غلام مصطفٰے ۱۶۲
۸۱۔ حکیم سیّد غلام نبی ۱۶۵
۸۲۔ غنیمت کنجاہی ۱۶۶
۸۳۔ خواجہ فرد فقیر ۱۶۹
۸۴۔ پروفیسر ڈاکٹر فضل الرحمٰن ۱۷۱
۸۵۔ فضل الٰہی چوہدری ۱۷۳
۸۶۔ پیر فضل حسین فضل گجراتی ۱۷۵
۸۷۔ خانصاحب پروفیسر قاضی فضل حق ۱۷۷
۸۸۔ سر فضل علی ۱۷۹
۸۹۔ مولوی فضل میراں ۱۸۱
۹۰۔ سائیں فیروز الدین نگین ۱۸۲
۹۱۔ بابا فیروز خان ۱۸۳
۹۲۔ قربان طاہر ۱۸۴
۹۳۔ خانصاحب ملک کرم الدین ۱۸۵

۹۴۔ سائیں کرم الٰہی (کانوانوالی سرکار) ۱۸۷
۹۵۔ مولوی کریم بخش قادری ۱۸۹
۹۶۔ حضرت گل پیر و خلفاء ۱۹۰
۹۷۔ خواجہ گوہرالدین احمد ۱۹۱
۹۸۔ صاحبزادہ قاضی محبوب عالم ۱۹۳
۹۹۔ قاضی محمد اسلم ۱۹۵
۱۰۰۔ ملک محمد اشرف ۱۹۶
۱۰۱۔ جنرل محمد افضل فاروقی ۱۹۸
۱۰۲۔ میاں محمد اکبر ۲۰۰
۱۰۳۔ خواجہ محمد امین ۲۰۱
۱۰۴۔ میاں محمد بوٹا شاعر گجراتی ۲۰۳
۱۰۵۔ خواجہ سید محمد چراغ ۲۰۵
۱۰۶۔ مولانا سید محمد حبیب اللہ ۲۰۷
۱۰۷۔ خواجہ محمد حسن نقشبندی ۲۰۸
۱۰۸۔ خان بہادر محمد حیات خاں دُرانی ۲۱۰
۱۰۹۔ خانصاحب ڈاکٹر محمد حیات خان ۲۱۲
۱۱۰۔ حاجی محمد دین قادری ۲۱۳
۱۱۱۔ کیپٹن محمد رمضان تبسم قریشی ۲۱۵
۱۱۲۔ خان بہادر محمد زمان خاں گوندل ۲۱۷
۱۱۳۔ الحاج چوہدری محمد سرفراز خان ۲۱۸
۱۱۴۔ شیخ محمد سلیم ہاشمی ۲۲۰
۱۱۵۔ ملا محمد صالح گجراتی ۲۲۲
۱۱۶۔ ڈاکٹر صوفی محمد ضیاء الحق ۲۲۴
۱۱۷۔ ڈاکٹر شیخ محمد عالم ۲۲۶
۱۱۸۔ مولوی محمد عالم تلعداری ۲۲۷
۱۱۹۔ محمد عالم کھوڑوی و صاحبزادگان ۲۲۹
۱۲۰۔ ملک محمد عبدالرفیع ۲۳۱
۱۲۱۔ الحاج محمد علی ۲۳۲
۱۲۲۔ مولانا محمد فضلِ حق ۲۳۳
۱۲۳۔ میاں محمد فیروزالدین ۲۳۶
۱۲۴۔ حکیم محمد مختار اشرفی ۲۳۸
۱۲۵۔ سید محمد معصوم شاہ نوری ۲۴۰
۱۲۶۔ خواجہ محمد معصوم آف موہری ۲۴۲
۱۲۷۔ شیخ محمد ممتاز فاروقی ۲۴۴
۱۲۸۔ محمد نصراللہ خاں خازن ۲۴۵
۱۲۹۔ صاحبزادہ سید محمد یوسف نقشبندی ۲۴۶
۱۳۰۔ میاں محمد یُوسف محی الدین ۲۴۷
۱۳۱۔ سید محمود شاہ گجراتی ۲۴۹
۱۳۲۔ مفتی مختار احمد نعیمی ۲۵۱
۱۳۳۔ نوابزادہ مہدی علی خاں ۲۵۳
۱۳۴۔ سید میراں محمد فاضل ۲۵۴
۱۳۵۔ سید میراں یحیٰی ۲۵۵
۱۳۶۔ مولوی نجف علی عاصی ۲۵۷
۱۳۷۔ پیر سید نصیب علی شاہ گردیزی ۲۵۸
۱۳۸۔ مرزا نصیرالدین بیگ، شہید عشق ۲۶۰
۱۳۹۔ صوفی نواب دین آف موہری ۲۶۱
۱۴۰۔ مولوی نُورالدین انور ۲۶۳
۱۴۱۔ حافظ نُورالدین چکوڑوی ۲۶۵
۱۴۲۔ پیر نیک عالم (کلاچور) ۲۶۷
۱۴۳۔ مولانا نیک عالم قادری ۲۶۸
۱۴۴۔ پیر سید ولایت علی شاہ ۲۶۹
۱۴۵۔ سردار بہادر ڈپٹی یار محمد خاں دُرانی ۲۷۱

Marfat.com

حصہ دوم : پسِ کارواں

مختصر وفیات

۱۔ آفتاب مفتی	۲۷۵
۲۔ حافظ میاں احمد جی (شادیوال)	۲۷۵
۳۔ سائیں احمد خاں (عالمگڑھ)	۲۷۵
۴۔ میاں اعجاز نبی	۲۷۵
۵۔ حاجی الطاف حسین	۲۷۵
۶۔ سائیں اللہ دتا	۲۷۶
۷۔ شیخ اللہ دِتّا رئیسِ گجرات	۲۷۶
۸۔ مولوی امان اللہ	۲۷۶
۹۔ سید امداد حسین شاہ	۲۷۶
۱۰۔ مولوی بدر الدین (گولیکی)	۲۷۶
۱۱۔ حکیم برکت علی ہاشمی	۲۷۶
۱۲۔ الحاج میاں برکت علی	۲۷۷
۱۳۔ مفتی بشارت احمد نیئر	۲۷۷
۱۴۔ مولوی ثناء اللہ گلیانوی	۲۷۷
۱۵۔ پیر جعفر شاہ	۲۷۷
۱۶۔ لیفٹیننٹ حسن محمد خان بہادر	۲۷۸
۱۷۔ سیّد حیدر جیلانی	۲۷۸
۱۸۔ حافظ خان محمد تلعداری	۲۷۸
۱۹۔ خورشید عالم بھٹی	۲۷۸
۲۰۔ خوشی محمد کنجاہی	۲۷۸
۲۱۔ حافظ سیّد ذوالفقار علیشاہ	۲۷۹
۲۲۔ سائیں رحیم خاں	۲۷۹
۲۳۔ قاضی رضی الدین کنجاہی	۲۷۹
۲۴۔ سیدہ سردار بی بی	۲۷۹
۲۵۔ پیر سکندر شاہ	۲۷۹
۲۶۔ علامہ سیّد احمد ناظم	۲۷۹
۲۷۔ سیّد شبیر حسین شاہ	۲۸۰
۲۸۔ مولوی شرف علی نوشاہی	۲۸۰
۲۹۔ شریف شعلہ	۲۸۰
۳۰۔ مولوی شکر اللہ	۲۸۰
۳۱۔ ماسٹر طالع محمد	۲۸۰
۳۲۔ نوابزادہ ظفر مہدی	۲۸۱
۳۳۔ سید عباد اللہ شاہ	۲۸۱
۳۴۔ خواجہ عبدالرحیم	۲۸۱
۳۵۔ سیّد عبدالشکور شاہ	۲۸۱
۳۶۔ چوہدری عبدالغنی خاں گوندل	۲۸۱
۳۷۔ عبدالقدیر نعمانی	۲۸۲
۳۸۔ عظمت اللہ شیخ	۲۸۲
۳۹۔ علی احمد گوندل	۲۸۲
۴۰۔ قاضی عنایت اللہ	۲۸۲
۴۱۔ کپتان غلام احمد خاں	۲۸۲
۴۲۔ سیّد غلام حسین شاہ	۲۸۲
۴۳۔ صاحبزادہ سیّد غلام دستگیر	۲۸۳
۴۴۔ سیّد غلام شاہ وکیل	۲۸۳
۴۵۔ غلام غوث	۲۸۳
۴۶۔ غلام محی الدین کنجاہی	۲۸۳
۴۷۔ غلام مصطفٰے	۲۸۳

۴۸۔ مولوی فضل احمد تلعداری ۲۸۳
۴۹۔ مولانا فضل الٰہی ۲۸۳
۵۰۔ میاں فضل الٰہی پگانوالہ ۲۸۴
۵۱۔ سید فضل حسین شاہ اجمیری ۲۸۴
۵۲۔ سید فضل حسین شاہ (کھیپڑانوالہ) ۲۸۴
۵۳۔ مولوی فضل حق ٹھمکوی ۲۸۴
۵۴۔ صوفی فضل کریم نقشبندی ۲۸۴
۵۵۔ مولانا فضل کریم ۲۸۵
۵۶۔ مولوی کلیم اللہ مچھیانوی ۲۸۵
۵۷۔ شیخ کمال الدین ۲۸۵
۵۸۔ محمد آصف باڈی بلڈر ۲۸۵
۵۹۔ مولوی محمد ابراہیم کنجاہی ۲۸۵
۶۰۔ میاں محمد اصغر ۲۸۵
۶۱۔ سید محمد اقبال ہیڈ ماسٹر ۲۸۶
۶۲۔ ڈاکٹر محمد اکرم مرزا ۲۸۶
۶۳۔ محمد انور سماں ۲۸۶
۶۴۔ شیخ محمد بشیر ۲۸۶
۶۵۔ سید محمد بقاء اللہ ۲۸۶
۶۶۔ محمد حسن خان دُرانی ۲۸۶
۶۷۔ محمد حسین خان دُرانی ۲۸۷
۶۸۔ پروفیسر محمد خاں ۲۸۷
۶۹۔ خانصاحب بابو محمد خلیل ۲۸۷
۷۰۔ محمد دین میر ۲۸۷
۷۱۔ باؤ محمد رفیق (حیات گڑھ) ۲۸۷
۷۲۔ محمد زبیر شہید ۲۸۷
۷۳۔ محمد سرور خاں دُرانی ۲۸۸
۷۴۔ سید محمد شفیع شاہ وکیل ۲۸۸
۷۵۔ پیر محمد عالم نقشبندی ۲۸۸
۷۶۔ حافظ محمد عالم ۲۸۸
۷۷۔ محمد عمر گجراتی ۲۸۸
۷۸۔ محمد قاسم ابوالوفا ۲۸۸
۷۹۔ مولوی شیخ مسعود ۲۸۹
۸۰۔ پیر مقبول حسین شاہ ۲۸۹
۸۱۔ ڈاکٹر کرنل سید مظہر حسین شاہ ۲۸۹
۸۲۔ سید منظور حسین شاہ ۲۸۹
۸۳۔ چوہدری مولا داد ۲۸۹
۸۴۔ مس مہر افروز دُرانی ۲۸۹
۸۵۔ سید نادر حسین شاہ قلندری ۲۹۰
۸۶۔ مفتی نامدار ۲۹۰
۸۷۔ ننگے شاہ ۲۹۰
۸۸۔ شیخ نبی بخش ۲۹۰
۸۹۔ مولوی نجم الدین فائز ۲۹۰
۹۰۔ سید نذیر حسین گیلانی ۲۹۰
۹۱۔ شیخ نصیر الدین ۲۹۰
۹۲۔ مفتی حافظ نور الدین ۲۹۱
۹۳۔ وسیم صفدر شہید ۲۹۱
۹۴۔ سائیں وہنگی والی سرکار ۲۹۱
اضافہ ۲۹۲

حصہ سوم : جو کارواں سے بچھڑ گئے

ضلع گجرات سے باہر مدفون، مشاہیر گجرات

۱۔ منشی احمد دین گجراتی	۲۹۵
۲۔ مولوی اختر علی	۲۹۵
۳۔ چودھری اکرام اللہ خاں	۲۹۵
۴۔ سیّد امیر حسین شاہ	۲۹۵
۵۔ جسٹس بدیع الزماں کیکاؤس	۲۹۵
۶۔ بذلِ حق محمود	۲۹۵
۷۔ بشیر منذر	۲۹۵
۸۔ پیرے شاہ غازی	۲۹۶
۸۔ مولانا تاج الدین لاہوری	۲۹۶
۱۰۔ سیّد حبیب جلالپوری	۲۹۶
۱۱۔ چودھری خوشی محمد ناظر	۲۹۶
۱۲۔ رفیع پیر	۲۹۶
۱۳۔ سیّد سجاد حیدر بخاری	۲۹۷
۱۴۔ سردار محمد شیخ	۲۹۷
۱۵۔ پروفیسر سرور جامعی	۲۹۷
۱۶۔ میجر شبیر شریف شہید	۲۹۷
۱۷۔ پروفیسر شجاع ناموس	۲۹۷
۱۸۔ شیر محمد اختر	۲۹۸
۱۹۔ صدیق سالک	۲۹۸
۲۰۔ پروفیسر ضیار محمد	۲۹۸
۲۱۔ پیر ظہور شاہ جلالپوری	۲۹۸
۲۲۔ عاصی واصفی	۲۹۸
۲۳۔ جنرل عبدالحمید خاں	۲۹۸
۲۴۔ مفتی عبدالعزیز مزنگوی	۲۹۹
۲۵۔ عبدالنبی کوکب	۲۹۹
۲۶۔ پروفیسر شیخ عطااللہ	۲۹۹
۲۷۔ سیّد عطااللہ شاہ بخاری	۲۹۹
۲۸۔ شیخ عنایت اللہ	۲۹۹
۲۹۔ مولانا غلام اعظم	۳۰۰
۳۰۔ مولانا غلام الدین اشرفی	۳۰۰
۳۱۔ مولانا غلام محمد گھوٹوی	۳۰۰
۳۲۔ کالیا پہلوان	۳۰۰
۳۳۔ شیخ کرامت اللہ	۳۰۰
۳۴۔ جسٹس کرم الٰہی چوہان	۳۰۰
۳۵۔ کریم بی بی زوجہ علامہ محمد اقبال	۳۰۱
۳۶۔ فخر قوم ملک لال خاں	۳۰۱
۳۷۔ مجید لاہوری	۳۰۱
۳۸۔ چودھری محمد احسن (علیگ)	۳۰۱
۳۹۔ میجر محمد اکرم شہید	۳۰۱
۴۰۔ حکیم محمد حسن قریشی	۳۰۲
۴۱۔ محمد حسین شوق	۳۰۲
۴۲۔ مولانا محمد شریف نوری	۳۰۲
۴۳۔ محمد عبداللہ مضطر گجراتی	۳۰۲
کتابیات و مآخذات	۳۰۳
"خفتگانِ خاکِ گجرات" میں شامل شخصیات	
کا زمانی جدول بلحاظِ تاریخِ رحلت	۳۰۶
صدائے جرسے مے آید	۳۱۶
اظہارِ تشکّر	۳۱۹
قطعہ تاریخِ طباعت	۳۲۰

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جرسِ کارواں

(پیش لفظ از مؤلف)

وفیات نگاری تاریخ و تذکرہ کا ایک اہم جزو شمار ہوتی ہے تاہم کتبِ تاریخ و تذکرہ میں اس کی حیثیت ثانوی یا ضمنی ہوتی ہے. جبکہ کتبِ وفیات میں اسے اصل موضوع کی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔
مسلمانوں میں وفیات نگاری کی ابتداء عربوں نے کی پھر ایران سے ہوتا ہوا یہ فن برصغیر پہنچا۔ عربی زبان میں ابنِ خلکان کی کتاب "وفیات الاعیان" کو اوّلیت حاصل ہے۔ فارسی زبان میں عبدالحسین الحسینی کی "وقایع السنین والاعوام" کا شمار بھی ابتدائی مثالوں میں کیا جاتا ہے۔ برصغیر میں فارسی زبان میں "تاریخِ محمدی" اور "گنجِ تاریخ" لکھی گئیں جن میں وفیات نگاری پر مستند کام موجود ہے۔

اُردو زبان میں کتباتِ قبور کو نقل کرنے کی ابتداء سر سیّد احمد خاں کی معرکۃ الآرا کتاب "آثار الصنادید" سے ہوتی ہے جو پہلی مرتبہ ۱۸۴۷ء میں شائع ہوئی۔ لیکن اس کا اصل موضوع آثارِ قدیمہ اور عمارات ہے۔ نور احمد چشتی کی کتاب "تحقیقاتِ چشتی" (مطبوعہ بار اوّل ۱۸۶۴ء) میں مزارات و مقابر پر بہت وقیع کام موجود ہے جس میں بڑی احتیاط سے نقل کیے گئے الواحِ قبور بھی شامل ہیں۔ مرزا سنگین بیگ نے "سیر المنازل" میں اور مولوی بشیر الدین احمد نے "واقعاتِ دارالحکومت دہلی" میں بعض مشاہیر کی قبروں کے کتبے بھی شامل کیے ہیں۔ ۱۹۸۸ء میں دہلی سے خلیق انجم کی کتاب "دلی کی درگاہ شاہِ مرداں" شائع ہوئی۔ یہ اُردو زبان میں ہے اور اس میں اس درگاہ سے متعلق عمارات و مزارات پر بحث ہے اور یہاں مدفون مشاہیر کے کتبات بھی موجود ہیں۔ مغرب میں بھی قبروں کے کتبات نقل کرنے کی روایت ایک عرصہ سے موجود ہے۔ کئی دہائیاں قبل S.C Johnson نے "The Book of Proverbs & Epitaphs" کے عنوان سے لندن سے ایک کتاب شائع کی تھی جس میں دلچسپ، طنزیہ اور خوبصورت عبارت آرائی سے مزیّن الواحِ قبور نقل کیے گئے تھے۔ متفرق قدیم کتبات کو محفوظ کرنے (Epigraphy) کی روایت بھی ایک مدت سے چلی آرہی ہے۔ چند سال پیشتر خانہ فرہنگِ ایران راولپنڈی نے پاکستان میں جابجا بکھرے قدیم فارسی کتبات کو ایک دو

Marfat.com

جلدی کتاب میں نہایت خوبصورتی سے محفوظ کیا ہے۔ اسی طرح کی کچھ مثالیں حال میں شائع ہونے والی کتاب "GUJRAT- The pivot of Punjab" میں بھی موجود ہیں۔ شجرہ ہائے نسب میں بھی بعض اوقات بزرگوں کی تاریخِ وفات اور جائے مدفن کا ذکر درج ہوتا ہے۔

تاہم پاکستان میں خالصتاً الواحِ قبور پر اُردو زبان میں کام کرنے میں پروفیسر محمد اسلم کو اوّلیت حاصل ہے جن کی کتب "خفتگانِ کراچی" (۱۹۹۱ء) "خفتگانِ خاکِ لاہور" (۱۹۹۳ء) کلیتاً کتباتِ قبور پر مبنی ہیں اور ان میں کراچی اور لاہور کے اکثر بڑے قبرستانوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ ان کی ایک اور کتاب "وفیات مشاہیرِ پاکستان" مختصر وفیات پر مبنی ہے۔ پروفیسر اسلم کے "سفر نامۂ ہند" (۱۹۹۵ء) میں بھی بہت سے مشاہیر کی قبروں کے کتبے موجود ہیں۔

پروفیسر اسلم صاحب کا یہ کام دیکھ کر ہی مجھے گجرات پر اس حوالے سے کام کرنے کے لئے Inspiration ملی۔ میری دلچسپی دیکھتے ہوئے ایک روز میرے دوست سیّد عارف محمود مہجورؔ رضوی نے محققِ عصر حکیم محمد موسیٰ صاحب امرتسری کی اس خواہش کا ذکر کیا کہ گجرات پر بھی "خفتگانِ خاکِ لاہور" کے انداز میں کام ہونا چاہیے۔ عارف شاہ صاحب بوجوہ اس کام سے عہدہ برآ نہ ہو سکے۔ چنانچہ اُنہوں نے قبلہ حکیم صاحب کی یہ خواہش (جو ہمارے لئے حکم کا درجہ رکھتی ہے) مجھ تک پہنچادی۔ میں نے حامی بھر لی اور آج اِن دو مہربانوں کی تحریک و تعاون اور دعاؤں سے یہ کام آپ کے سامنے ہے۔

میں نے "خفتگانِ خاکِ گجرات" کو "وفیات الاعیان" اور "خفتگانِ خاکِ لاہور" اور "وفیاتِ مشاہیرِ پاکستان" تینوں کے انداز میں مرتب کرنے کی کوشش کی ہے۔ شخصیات کی ترتیب حروف اَبجد کے حساب سے رکھی ہے جیسے وفیات الاعیان میں ہے اور اسی کتاب کے تتبع میں حالات ذرا تفصیل سے اور مربوط انداز میں لکھے ہیں۔ کتباتِ قبور نقل کرنے کی روایت "خفتگان" سے لی ہے۔ کتاب کا دوسرا حصہ (مختصر وفیات) "وفیات مشاہیرِ پاکستان" سے متاثر ہو کر لکھا ہے۔ جبکہ تیسرا حصہ ایک مفید معلوماتی اضافہ سمجھ کر لکھا گیا ہے۔

الواحِ مزارات کو کتابی شکل میں محفوظ کرنے سے تاریخ و تذکرہ کے لئے ایک بنیادی ماخذ مہیا ہو جاتا ہے۔ اور یہی اس کام کی افادیت ہے۔ کتباتِ قبور سے جو معلومات حاصل ہوتی ہیں وہ نہ صرف قیمتی اور کار آمد ہوتی ہیں بلکہ اکثر و بیشتر درست ترین بھی ہوتی ہیں۔ تاریخِ وفات کے لئے لوحِ مزار یقینی اور قابلِ اعتبار ذریعہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کتبات سے دیگر احوالِ صاحبانِ قبور پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ مثلاً

Marfat.com

○ پیدائش یا عمر بوقت وفات :- (مثلاً زیرِ نظر کتاب میں پیر فضل گجراتی، جنرل فاروقی، ڈاکٹر شیخ عطا محمد کے کتباتِ قبور ملاحظہ ہوں)

○ کوئی خاص عہدہ، خطاب وغیرہ :- (مثلاً شیخ عبدالعزیز، شیخ عطاالله وکیل، مولوی عبدالقادر)

○ صاحبِ مرقد کی تصانیف کے نام :- (مثلاً مفتی احمد یار نعیمی، شیخ غلام محمد احمد، مولوی فیروز الدین)

○ عقیدہ یا مسلک :- (مثلاً بریلوی مکتبہ فکر کے افراد کی قبور کے کتبات پر یا اللهؐ یا محمدؐ، یا رسول اللهؐ، الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول الله، دیوبندی یا حیی یا قیوم، اہلِ تشیع یا محمد علی فاطمہ حسن حسین وغیرہ)

○ جائے انتقال :- مثلاً حکیم محمد مختار اشرفی، پروفیسر سید اکبر علی شاہ کے کتباتِ مزارات

○ صاحبِ مرقد کا اپنا کلام :- (جو اس نے اپنی لوحِ مزار کے لئے کہا ہوتا ہے) بھی کتبات پر محفوظ ہوتا ہے مثلاً مولانا اصغر علی روحی، قاضی عطا محمد اور سائیں رحمت الله غوری کے کتبات ملاحظ ہوں)

○ مختلف شعراء کا کلام :- (جو اکثر ان کے مجموعوں میں شامل نہیں ہوتا) بھی الواحِ مزارات سے جمع کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً گجرات کے مختلف قبرستانوں میں رئیس امروہوی، مولوی عبدالمالک کھوڑوی، شرافت نوشاہی، شیخ عبدالله، سلام الله شائقؔ، قاضی عطا محمد، پیر فضل گجراتی کا نایاب کلام بکھرا پڑا ہے۔

○ مُرشد یا اُستاد کا نام :- جیسے حکیم محمد مختار اشرفی، الله دِتا طالبؔ، غازی الله دِتا شہید، خواجہ محمد امین کے کتباتِ قبور دیکھے جاسکتے ہیں۔

○ اولاد، وارثان و محبان کے نام بھی بعض اوقات کتبات سے معلوم ہو جاتے ہیں مثلاً مولوی صالح کنجاہی، شیخ غلام محمد احمد کے کتبات پر ایسے نام دیکھے جاسکتے ہیں۔

○ خطاطی کے نہایت خوبصورت نمونے بھی گجرات کے قبرستانوں میں بکھرے پڑے ہیں جو عجائب گھر کی زینت بننے کے قابل ہیں۔ مثلاً مولانا روحی، مولانا فضل حق، مفتی احمد یار خاں نعیمی، قاضی محبوب عالم، مولوی حفیظ الله (بڑیلہ) برقؔ نوشاہی، مولانا غلام قادر اشرفی کے الواح قبور

اس کتاب میں تقریباً ۳۰۰ شخصیات شامل ہیں۔ حصہ اوّل میں ۱۵۰ کے قریب شخصیات میں سے بعض ایسی ہیں جن پر کتابیں لکھی جاچکی ہیں۔ مثلاً

حضرت شاہدولہ گجراتیؒ	قاضی سلطان محمودؒ	سائیں کانوانوالہؒ
پیر ولایت شاہ	قاضی محبوب عالم	پیر نصیب علی شاہ (چھالے)
حاجی محمد دین قادری	حاجی احمد شاہ	خواجہ گوہر الدین احمد
الله دِتا طالبؔ کنجاہی	مفتی احمد یار خاں نعیمی	پیرِ خرابات
صوفی نواب دین (موہری)	پیر رشید الدولہ	سید حبیب الله (مسلم آباد)
عزیز بھٹی شہید	ڈاکٹر ایم اے غنی	مولوی نجف علی عاصیؔ

Marfat.com

سائیں رحمت (چڑیا دلہ)	صاحبزادہ محمد یوسف	تبسم قریشی
پیر فضل (حرائد کے نمبرز)	ملکہ موسیقی روشن آرا بیگم	چودھری ظہور الٰہی

کچھ شخصیات پر یونیورسٹیوں میں تحقیقی کام ہو چکا ہے۔ مثلاً

پیر فضل گجراتی	غنیمت کنجاہی	حکیم عبداللطیف عارف
میاں محمد بوٹا گجراتی	علامہ اصغر علی روحی	نجف علی عاصیؔ
تبسمؔ قریشی	قاضی فضل حق	پروفیسر شیخ عطاءاللہ

حصہ سوم کی بہت سی شخصیات پر تفصیلی کام ہو چکا ہے۔ مثلاً

سید عطاءاللہ شاہ بخاری	چودھری خوشی محمد ناظرؔ	شبیر شریف شہید
میجر محمد اکرم شہید	سید حبیب جالپوری	حکیم محمد حسن قرشی
صدیق سالکؔ	محمد حسین شوقؔ	مجید لاہوری

"خفتگانِ خاکِ گجرات" میں شامل شخصیات کے حالاتِ زندگی کو جامعیت سے پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ حالات کے لئے مستند مآخذات سے مدد لی گئی ہے۔ جن کا ذکر کتاب کے آخر میں آئے گا۔

اس کتاب میں کئی ایک شخصیات پر پہلی مرتبہ تحریری مواد سامنے آرہا ہے جیسے چودھری سرفراز خان آف کالرہ، حکیم محمد مختار اشرفی، سیّد ریاض منظور شہید، صوفی غلام قادر نقشبندی، شیخ غلام محمد احمد، ملک محمد اشرف، سائیں فیروز الدین نگین، جنرل ایم اے فاروقی، سائیں رحمت اللہ غوری، پروفیسر سیّد اکبر علی شاہ، میاں فیروز الدین، شیخ عبدالعزیز، ملک عبدالرفیع، زمان خاں گوندل، وغیرہ

بہت سی شخصیات پر مواد پہلی دفعہ مربوط صورت میں پیش کیا گیا ہے۔ مثلاً میاں محمد بوٹا، حکیم غلام مصطفٰے، شیخ عطاءاللہ وکیل، مولوی فضل میراں، مولوی کریم بخش، قربان طاہر، چودھری حمید اللہ خاں، ڈاکٹر شیخ عطا محمد، ڈپٹی یار محمد خاں، ملک جسرتھ کھوکھر، شیخ محمد عالم بیرسٹر

کچھ مدافن کو پہلی مرتبہ گوشہ گمشدگی سے باہر لایا گیا ہے۔ ملک جسرتھ کھوکھر کی قبر ایک اہم مثال ہے۔ مرزا اعظم بیگ نے جسرتھ کی قبر "ماڑی" میں بتائی تو "محققِ گجرات" نے بھی ماڑی لکھ مارا۔ یہ قبر اصل میں کرُی گاؤں میں ایک ٹیلے پر واقع ہے۔ اِسی طرح استاد امام دین، میاں محمد بوٹا، حبیب اللہ فقیر درزی (چوہدوال)، قاضی فضل حق (حاجیوالہ) خواجہ فرد فقیر، ڈاکٹر شیخ محمد عالم، ڈاکٹر ایم اے غنی، مولوی فضل میراں، صاحبزادہ غلام دستگیر، غلام غوث صمدانی، ممتاز فاروقی، نصراللہ خاں خازن، مولنا رحمت علی سامی، قاضی عطا محمد، شیخ عطا اللہ وکیل، حکیم غلام مصطفٰے وغیرہ کی قبور کی Exact

Marfat.com

Location بتا سکنے والے افراد ناپید ہوتے جا رہے ہیں۔

کتاب میں شامل شخصیات کی صحیح تواریخِ وفات دستیاب ہونے کے ساتھ ساتھ، تذکروں میں مذکور بعض غلطیوں کی درستی بھی ہو جائے گی۔ مثلاً سائیں فیروز نگین کی تاریخِ وفات "وفیات مشاہیرِ پاکستان" میں جنوری ۱۹۶۸ء درج ہے۔ اصل تاریخ ۲۸ دسمبر ۱۹۶۷ء ہے۔ اِسی کتاب میں مولانا محمد فضلِ حق کی تاریخ وفات ۱۵ فروری ۱۹۷۹ء درج ہے جو دراصل ۱۵ دسمبر ۱۹۷۹ء ہے۔ گجرات کی بات میں سید حبیب اللہ (مسلم آباد) کی تاریخ رحلت ۱۹۶۲ء لکھی ہے۔ صحیح تاریخِ رحلت ۵، اکتوبر ۱۹۶۱ء ہے۔ اس طرح حافظ شمس گلیانوی کی تاریخِ وفات "ضلع گجرات" میں ۱۹۵۳ء / ۱۳۷۲ھ درج ہے۔ درست سنِ رحلت ۱۹۰۲ء ہے۔ اِسی کتاب میں حاجی محمد الدین قادری کا سالِ انتقال ۱۹۴۰ء لکھا ہے جو دراصل ۱۹۳۸ء ہے۔ "ضلع گجرات" میں شیخ عبداللہ (عمر چک)، اُستاد امام دین، مولانا یوسف محی الدین، اور بہت سے دوسروں کی تواریخ رحلت بھی غلط درج ہیں۔

راقم الحروف نے بعض مشاہیر کے مادہ ہائے سنِ رحلت بھی تخلیق کیے ہیں۔ مثلاً مولانا غلام قادر اشرفی کے لئے "اشرفی غلام قادر بود" = ۱۹۷۹ء، پیر رشید الدولہ کے لئے "فقیرِ روشن ضمیر" = ۱۹۸۶ء احسان الحق سلیمانی کے لئے "خوش روش" = ۱۴۱۲ھ سلام اللہ شائق کے لئے "آہ! طوطیٔ شیریں سخن" = ۱۳۶۵ھ، صاحبزادہ غلام دستگیر کے لئے "آہ! چراغِ حویت گُل ہو گیا" = ۱۹۲۰ء، پیر فضل کے لئے "سخن کا شہنشاہ" = ۱۳۹۲ھ وغیرہ

کچھ مشہور لوگ اس کتاب میں شامل ہونے سے رہ گئے ہیں، اس کی کچھ وجوہات تھیں

○ جن کی وفیات نہ مل سکیں جیسے پیر قمرالدین، مولوی امام الدین (تحریک سرسید)، مہندہ پہلوان رستم ہند وغیرہ

○ جن کی قبریں نہ مل سکیں۔ جیسے سید احمد ناظم، کلیم اللہ مچھیانوی، ایسے لوگوں کو دوسرے حصے میں رکھا گیا ہے۔ احمد خاں سنہجی باش ۱۷۹۹ء مین سوک کے قریب شہید ہوا۔ شیخ عبداللہ نے لکھا تھا "سنہجی غریب اینجا شہید است"۔ تلاش بسیار کے بعد بھی اس کی قبر کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔

○ وہ لوگ جن کی قبور یا وفیات تک میری رسائی نہیں ہو سکی۔

○ وہ لوگ جن کے اخلاف / ورثاء نے تعاون نہیں کیا۔

○ ایسے لوگ جو مشہور تو تھے مگر ان کے حالات میں کئی تضادات، اختلافات اور ابہام تھے۔ مثلاً مرزا بزن بیگ (نواب قلعدار)، حافظ محمد حیات، پیر سبز غازی (کنجاہ)، شاہ جہانگیر، شاہ حسین ملتانی، گورالی میں مغل شہزادوں (؟) کی قبریں۔ وغیرہ

Marfat.com

حافظ حیات صاحب کو ایک محقق نے ۱۱۹۵ ھ میں فوت کیا ہے، پھر دوبارہ عہد اکبر میں زندہ کر دیا ہے۔ دوسرے محقق نے جہانگیر کی فوجوں کو لنگر کھلواتے ہوئے دکھایا ہے۔

○ اس کتاب میں آپ کو کوئی نو گزہ، ستر گزہ "پیغمبر" نظر نہیں آئے گا۔ یہ عام سائز کے انسانوں کے لئے مخصوص ہے۔

یہ کتاب موجودہ ضلع گجرات تک محدود ہے۔ میں نے ۶ سال قبل الگ ہو کر نیا ضلع بنے والے منڈی بہاؤالدین / پھالیہ کو "کلاوہ" نہیں مارا۔ آپ گجرات شہر سے جتنا دور جائیں گے شخصیات کم ہوتی جائیں گی۔ اس کی وجہ دستیاب معلومات کا فقدان تھا۔

گجرات کے سبھی اہم قبرستانوں (خواجگان، بھٹیاں، تریہنگ، شاہ بلاق، میراں صاحب، عقب بجلی گھر سرگودھا روڈ، دارا گلاب شاہ، جھنگی والا قبرستان، ٹبہ قبرستان جلالپور جٹاں، شاہ حسین قبرستان گجرات، فاروقی فیملی اور آلِ شاہدولہ کے قبرستان، بیگم شاہی مسجد سے متصل دُرّانی اور منگرال فیملی کے قبرستان) کو کھنگالنے کی کوشش کی ہے تاہم کسی قسم کا دعویٰ کرنا عبث ہے۔

یہ ایک وسیع کام تھا۔ جو ہمیشہ جاری رہ سکتا ہے۔ لوگ آتے رہیں گے قافلہ بڑھتا رہے گا مگر اس طرح یہ کتاب کبھی آپ تک نہ پہنچتی۔ غلطیوں کی موجودگی اِس بات کا ثبوت ہے کہ یہ کتاب ایک انسان نے لکھی ہے۔ کیونکہ

Some people never make any mistake because they never try to do anything worthdoing

اس کتاب میں شامل کتباتِ قبور "نقل بمطابق اصل" کے اصول کے تحت درج کیے گئے ہیں۔ کتبات پر بعض آیات، اشعار غلط کندہ تھے۔ بعض اشعار وزن سے خارج تھے۔ آیات میں خصوصاً اعراب کی غلطیاں بہت تھیں۔ کئی مقامات پر عیسوی اور ہجری سنین کا تبادلہ درست نہ تھا۔ انہیں اسی طرح نقل کیا گیا ہے تاہم پوری احتیاط کے باوجود کہیں ہماری کوتاہی سے بھی ایسی غلطی ممکن ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ غلطیاں تلاش کرنا بہت آسان مگر حقیقت تک رسائی بہت مشکل ہوتی ہے۔ مثبت تنقید اور غلطیوں کی اصلاح کو کھلے دل سے قبول کیا جائے گا۔

۱۵ اگست ۱۹۹۶ء

(ڈاکٹر) محمد منیر احمد سلیچ
سلیچ ہاؤس۔ لوراں۔ گجرات

باب اوّل

رُوحِ کارواں

(حالات و الواحِ قبور)

بیا و یک نظرِ اعتبار کُن در خاک
کہ خاک تکیہ گہِ خُسروانِ معتبر است

مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِيۡهَا نُعِيۡدُكُمۡ وَمِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً اُخۡرٰى ○ (طٰہٰ: ۲۰)

ہم نے تمہیں اِسی (خاک) سے پیدا کیا اور اِسی میں لوٹاتے ہیں اور اِسی سے دوبارہ اُٹھائیں گے۔

ارضِ گجرات تری خاک کا فیضان ہے یہ
تو نے ہر دور میں عظمت کو جِلا بخشی ہے
تیری مٹی نے دیا ایسے چراغوں کو جنم
جن چراغوں نے زمانے کو ضیا بخشی ہے

(پروفیسر سیف الرحمٰن سیفؔی)

Marfat.com

احسان الحق سلیمانی

نامور ماہرِ تعلیم اور مؤرخ محمد احسان الحق سلیمانی ۱۰ جنوری ۱۹۲۵ء کو کنجاہ میں مفتی عبداللہ سلیمانی کنجاہی کے گھر پیدا ہوئے۔ مروجہ تعلیم اپنے والد کے قائم کردہ اسلامیہ ہائی سکول کنجاہ سے حاصل کی۔ زمیندار کالج گجرات سے بی۔اے کیا اور سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور سے بی۔ٹی کرنے کے بعد، ۱۹۴۵ء میں اسلامیہ ہائی سکول کنجاہ میں ہیڈ ماسٹر مقرر ہوئے۔ اِسی درسگاہ میں ڈپٹی نذیر احمد بھی ہیڈ ماسٹر رہے تھے۔ ۱۹۵۰ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ایم۔اے عربی کیا اور بعد ازاں ایم۔اے اُردو کی ڈگری بھی حاصل کی۔ ترقی کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈائریکٹر ایجوکیشن راولپنڈی اور چیئرمین بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور کے عہدے تک پہنچے۔ ۱۹۸۵ء میں ریٹائر ہوئے اور کنجاہ کی جامع مسجد میں خطابت کا آغاز کیا۔

علم و تحقیق سے بے حد لگاؤ تھا۔ اور ان کی تحقیق کا محور اسلام اور پیغمبرِ اسلام تھا۔ انہوں نے بلند پایہ تحقیقی کتب تصنیف کیں جن میں تمدنِ عرب، تاریخِ عرب، مسلمان یورپ میں، اسلام اور ہماری معاشرتی زندگی، قرآن مجید اور ہماری زندگی وغیرہ شامل ہیں۔ "رسولِ مبینؐ" ان کا یادگار علمی، تحقیقی اور تاریخی معرکہ ہے۔ یہ کتاب مستشرقین کے اعتراضات کے جواب میں لکھی گئی۔ سلیمانی صاحب نے اس کتاب کے لئے یورپ کا سفر بھی کیا۔ وہاں کی بڑی بڑی لائبریریوں سے استفادہ کیا اور مستشرقین سے ملاقاتیں کیں۔ آپ نے ۲۶ فروری ۱۹۹۲ء کو وفات پائی۔ راقم نے "خوش رَوش" = ۱۴۱۲ھ سے سنِ وفات نکالا ہے۔ آپ کنجاہ کے اس قبرستان میں دفن ہیں جو سرگودھا روڈ کے کنارے واقع ہے۔ ساتھ ان کے بھائی خورشید الحق سلیمانی کی قبر ہے۔ کتبہ پر یہ تحریر درج ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

محمد احسان الحق سلیمانیؒ

ولد مولٰینا محمد عبداللہ سلیمانیؒ

تاریخِ وفات : ۲۶ فروری ۱۹۹۲ء بروز بدھ

کھُلیں اس کے لئے ابوابِ رحمت
رکھے حق خُلد میں آباد اس کو

اگر پوچھے کوئی تاریخِ رحلت
ضیاؔ "خُلد آشیاں" دو بار کہہ دو

۱۴۱۲ھ

پسرانش : ظفر الحق سلیمانی، اسرار الحق سلیمانی

Marfat.com

مولانا قاری احمد حسین فیروز پوری

عظیم عالمِ دین اور جامع مسجد عید گاہ (گجرات) کے خطیب مولانا قاری احمد حسین ۱۹۱۴ء میں رہتک کے قصبے گومتی تحصیل جھجھر میں عبدالصمد کے گھر ۱۹۱۴ء میں پیدا ہوئے۔ دہلی میں علومِ دین میں دسترس حاصل کی اور فیروز پور میں خطیب رہے۔ پھر گجرات تشریف لائے اور جامع مسجد عید گاہ میں برسوں خطابت اور قرأت کے جوہر دکھاتے رہے۔ عالمِ با عمل تھے۔ پُر سوز آواز اور لحنِ داؤدی کے مالک تھے۔ عشقِ رسول میں ڈوبی نعت بھی کہتے تھے۔ آپ کے وجودِ بابرکت سے گجرات برسوں تک مہکتا رہا۔ آخر ۱۹۶۰ء میں آپ گجرات میں فوت ہوئے اور گجرات شہر میں قبرستان خواجگان میں دفن ہوئے۔ جنازہ گاہ کے ساتھ جانبِ جنوب ایک چھوٹا سا خوبصورت مزار ہے۔ آپ اسی میں ابدی نیند سو رہے ہیں۔ لوحِ مزار پر یہ عبارت کندہ ہے:

یا اللہ جل جلالہ   بسم اللہ الرحمٰن الرحیم   یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مزارِ پُرانوار منبعِ فیوض و برکات

عاشقِ رسولؐ حضرت مولانا الحاج قاری احمد حسین نور اللہ مرقدہٗ

صدیقی، خالقی، رہتکی

سابقہ خطیب مسجد عید گاہ۔ گجرات

تاریخِ وصال

سلام بمولائے بدر و حنین	۱۳۷۹ھ	عفی اللہ عن قاری احمد حسینؒ
پیامرزدش حق بحق النبی	۱۹۶۰ء	امام الحرم صاحب القبلتین

۳ ذیقعد بروز ہفتہ، ۳۰ اپریل ۱۲ بج کر ۲۵ منٹ دوپہر

(قطعۂ تاریخ از مولانا محمد مطیع الرضا قادری خطیب راولپنڈی)

Marfat.com

پیر سیّد حاجی احمد شاہ

شیخ الحدیث سیّد حاجی احمد شاہ المعروف بہ سیّد حاجی شاہ، سیّد ولایت شاہؒ کے فرزندِ ارجمند تھے۔ ۱۹۳۲ء میں گجرات میں پیدا ہوئے۔ والدِ بزرگوار سے درسِ قرآن لینا شروع کیا۔ سکول کی تعلیم بھی جاری رکھی۔ درسِ نظامی کی ابتداء اپنے والد صاحب سے کی اور پھر علاّمہ قاضی عبدالسبحان کھلابٹ اور حکیم الاُمّت مفتی احمد یار خاں نعیمی سے تکملہ درسِ نظامی کی۔ ۱۹۵۴ء میں قاضی عبدالسبحان جامعہ شرقپور تشریف لے گئے تو آپ کو بھی وہاں بلا لیا۔ ۱۹۵۵ء میں آپ جامعہ رضویہ مظہرِ الاسلام لائل پور (فیصل آباد) تشریف لے گئے اور محدثِ اعظم پاکستان علاّمہ سردار احمد سے تعلیمِ حدیث میں سندِ فراغت حاصل کی۔ پھر اپنے والد کے زیرِ سایہ تصوّف، طریقت و سلوک کی منازل طے کیں۔ انہی کے ہاتھ پر بیعت کی اور ان کی وفات کے بعد سجّادہ نشین ہوئے۔

جامعہ شاہ ولایت میں ۳۳ برس دورہ حدیث پڑھایا۔ آپ طریقت اور شریعت دونوں میں بلند مقام رکھتے تھے۔ ۱۹۸۱ء / ۱۴۰۱ھ میں فوت ہوئے۔ راقم نے سالِ وفات یوں نکالا ہے "فخرِ روزگار تھا، نہ رہا" = ۱۹۸۱ء۔ علی پور محلہ میں دفن ہوئے۔ مزار زیرِ تعمیر ہے۔ کتبہ کی تحریر یہ ہے۔

مرکزِ تجلّیات

فانوس بن کے جس کی حفاظت ہوا کرے ۔۔۔ وہ شمع کیوں بجھے جسے روشن خدا کرے

یک نظر کُن سوئے ما یا قبلہ شیخ الحدیث ۔۔۔ من گدا تو پادشاہ یا قبلہ شیخ الحدیث

یا اللہ جل جلالہ ۔۔۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔۔۔ یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

اَلَا اِنَّ اَولِیَاءَ اللهِ لَاخَوفٌ عَلَیهِم وَلَا هُم یَحزَنُون

جناب پیر سیّد حاجی احمد علی شاہ صاحب المعروف سیّد سخی صابر

Marfat.com

تاریخِ وصال: ۳۰ شوال ۱۴۰۱ھ بمطابق ۳۱، اگست ۱۹۸۱ء بروز سوموار

ہر کام ہی شاہکار تھا شیخ الحدیث کا

جب بھی تذکرہ کیا شیخ الحدیث کا — فیضان شامل ہو گیا شیخ الحدیث کا
چھوٹی ہے جان قبر کے محشر کے خوف سے — جب سے ملا ہے آسرا شیخ الحدیث کا
مسجد ہو یا شاگرد ہوں یا حُسنِ درسگاہ — ہر کام ہی شاہکار تھا شیخ الحدیث کا
اس کے عزم کی اور کیا ہو گی بڑی دلیل — دشمن ہے لوہا مانتا شیخ الحدیث کا
دوست تو کیا تھے ہو گئے دشمن بھی سرنگوں — سُن کر کلامِ جانفزا شیخ الحدیث کا
کردار و عمل و جُہد میں گفت و شنید میں — مرجع تھا دینِ مصطفےٰ شیخ الحدیث کا
یارب تو اپنے کرم سے اس کو نواز دے — علی بھی ہے مدحت سرا شیخ الحدیث کا

پیر سید علی حسین شاہ صاحب و پیر سید نذر حسین شاہ صاحب سجادگان درگاہ شیخ الحدیث

خادمِ درگاہِ شیخ الحدیث سید ولی حسین شاہ عرف بلھے شاہ صاحب

Marfat.com

مفتی احمد یار خاں نعیمی

شیخ التفسیر حضرت مولانا مفتی احمد یار خاں نعیمی، بدایوں میں ۱۹۰۶ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والدِ ماجد مولانا محمد یار خاںؒ سے اور مدرسہ شمس العلوم بدایوں سے حاصل کی۔ جامعہ نعیمیہ مراد آباد سے ۱۹۲۵ء میں تکمیلِ درسیات کی اور کچھوچھہ شریف سے تعلیمِ معرفت پائی۔ تدریس کا آغاز جامعہ نعیمیہ مراد آباد سے کیا۔ پھر کاٹھیاواڑ اور کچھوچھہ سے ہوتے ہوئے گجرات کے مدرسہ خدام الصوفیہ میں تشریف لائے اور تیرہ برس تک تدریس کا فریضہ سرانجام دیتے رہے۔ پھر جامعہ غوثیہ نعیمیہ چوک پاکستان گجرات میں دس برس تک درس و خطابت کی خدمت بجالاتے رہے۔ آپ عالِم با عمل اور عاملِ باکمال تھے۔ تمام عمر خطابت اور تصنیف و تالیف میں گزاری۔ تحریکِ پاکستان میں مسلم لیگ کی بھرپور فکری اور عملی مدد کی۔ آپ نے بلند معیار کی دینی کتب تصنیف کیں۔ جن کی تعداد تقریباً دو درجن ہے۔ "تفسیرِ نعیمی" زیادہ مشہور ہے۔ آپ گجرات محلہ مسلم آباد میں مین روڈ کے کنارے نعیمی کتب خانہ کے قریب دفن ہیں۔ قبر پر ایک باوقار مقبرہ تعمیر کیا گیا ہے۔ لوحِ مزار کی عبارت درج ذیل ہے:

یا اللہ ج　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　یا رسول اللہ ﷺ

اَلصلوٰۃ والسلامُ عَلَیکَ یارَسول اللہ وَعَلیٰ آلِکَ وَاَصحابِکَ یاحَبِیبَ اللہ

مَنْ عَمِلَ صَالِحاً مِن ذَکَرٍ اَو اُنثیٰ وَھُوَ مُومِنٌ فَلَنُحیِیَنَّہٗ حَیٰوۃً طَیِّبَۃً وَالنَجزِیَنَّھُم اَجرَھُم بِاَحسَنِ مَاکَانُوا یَعمَلُون

مزارِ پُرانوار

شیخ التفسیر، حکیم الاُمت، پیرِ طریقت، فنافی الرسول، مفتی اعظم پاکستان

علامہ مفتی احمد یار خاں قادری نعیمی قدس سرہ العزیز

Marfat.com

مصنّف تفسیرِ نعیمی، شارحِ بخاری، شارحِ مشکوٰۃ، مصنّف نورالفرقان فی حاشیۃ القرآن وغیرہ

وصال بتاریخ ۳ رمضان المبارک ۱۳۹۱ھ بمطابق ۲۴ اکتوبر ۱۹۷۱ء بروز اتوار

مولانا علاّم احمد یار خاں
شاد خُرم رفت اُو سوئے جناں
حسرتا! وا! مجمعِ حَسنات رفت
اُو بباغِ عدن از گجرات رفت
سال وَصلش جُست چوں برقِ حزیں
شدندا۔ "اُومخزنِ برکاتِ دیں"
۱۳۹۱ھ

آفتابِ شرع احمد یار خاں
ذاکرِ اِسم خدا شام و پگاہ
آں حکیمِ اُمتِ فخرِ رُسل
یافت سوئے جنت الفردوس راہ
از شرافتؔ سالِ ترحیلش شنو
"مخزنِ انوار شد مستور آہ"
۱۹۷۱ء

حکیم سیّد ارشاد

روزنامہ "پاکستان ٹائمز" کے پرانے قاری اِس نام سے یقیناً شناسا ہوں گے۔ حکیم سیّد ارشاد تقریباً ۴۰ سال تک اِس اخبار میں لکھتے رہے۔ آپ ۸ فروری ۱۹۰۸ کو مالیر کوٹلہ (انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد محکمہ تعلیم سے وابستہ ہوئے اور مختلف اسکولوں میں ہیڈ ماسٹر رہے۔ طب کی تعلیم بھی حاصل کی۔

بچوں کے رسالہ "غُنچہ" سے لکھنے کا آغاز کیا۔ پھر ڈان دھلی، سول اینڈ ملٹری گزٹ، کراچی اور زمیندار، کوہستان لاہور سے منسلک رہے۔ حکیم صاحب کو انگریزی زبان پر عبور حاصل تھا۔ پھر "پاکستان ٹائمز" میں لکھنا شروع کیا اور مدیر کے نام خطوط میں سب سے زیادہ، اچھے اور قومی سوچ سے بھرپور خطوط آپ کے ہوتے تھے۔ آپ کے خطوط اور مضامین آپ کے صاحبزادے سید مسعود ارشاد نے ۴ کتب کی صورت میں چھپوا دیئے ہیں۔

۱۹۴۰ء سے ۱۹۴۷ء تک تحریک پاکستان میں سرگرمی سے حصہ لیا۔ قیامِ پاکستان کے بعد گجرات میں "سٹینڈرڈ کالج" کے نام سے پرائیویٹ ادارہ قائم کیا اور انگریزی کی اعلیٰ تعلیم کا سلسلہ شروع کیا۔ "مبارک دواخانہ" کے ذریعے بھی اِنسانی فلاح کے لئے کوشاں رہے۔ آپ ۱۹۸۷ء میں فوت ہوئے۔ دربار سائیں کانوانوالہ کے جانبِ مشرق واقع مختصر قبرستان میں مدفون ہیں۔ قبر پختہ ہے۔ سنگِ مرمر کے کتبہ پر یہ تحریر کندہ ہے:

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا إلٰہ إلا اللہ محمد رسول اللہ

اے شانِ کریمی مجھے مایوس نہ کرنا

تقدیر بدلتی ہے دعاؤں کے اثر سے

حکیم سیّد محمد ارشاد

تاریخ پیدائش: ۸ فروری ۱۹۰۸ء

تاریخ وفات: ۱۷ اکتوبر ۱۹۸۷ء

Marfat.com

علامہ اصغر علی روحیؒ

گجرات نے ایک طرف غنیمت کنجاہی جیسا فارسی شاعر پیدا کیا جس کی فارسی کو اہلِ فارس نے پسند کیا تو دوسری طرف علامہ اصغر علی روحی جیسا عربی کا شاعر اور عالم و ادیب پیدا کیا جس کی عربی کو اہلِ عرب نے تسلیم کیا۔

اصغر علی ۱۸۶۷ء میں گجرات کے گاؤں کٹھالہ میں قاضی شمس الدین کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی جو مقامی مدرسہ میں مدرس اور علاقے کے قاضی تھے۔ ان کی وفات کے بعد شادیوال اور قلعہ دار میں بھی زیرِ تعلیم رہے۔ پھر لاہور آئے اور حافظ عبدالوہاب سے صرف و نحو کا درس لینا شروع کیا۔ اس کے بعد اورنٹیل کالج سے منشی فاضل، مولوی فاضل اور ایم او ایل کی اسناد حاصل کیں ان امتحانوں میں وہ یونیورسٹی میں اوّل یا دوم آتے رہے۔ آپ کی قابلیت کی بنا پر ۱۸۹۲ء میں آپ کو اسلامیہ کالج میں عربی اور فارسی کا استاد مقرر کیا گیا اور ۱۹۳۱ء میں آپ صدرِ شعبہ کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے۔ آپ کی ریٹائرمنٹ پر انجمنِ حمایتِ اسلام نے آپ کے لئے چار سو روپے ماہوار وظیفہ تاحیات مقرر کیا۔

آپ ایک سرچشمۂ فیض تھے۔ بڑے بڑے لوگوں نے آپ سے استفادہ کیا جن میں علامہ اقبالؒ بھی شامل ہیں۔ آپ حق گو خطیب اور بے باک مقرر تھے۔ کوئی لالچ یا دباؤ آپ کو حق گوئی سے نہیں روک سکتا تھا۔ آپ نے بہت سی بلند پایہ تصانیف رقم کیں جن میں "دبیرِ عجم، العروض والقوافی، امیر الکلام من کلام الامام، ترجمہ قصیدہ بردہ" وغیرہ شامل ہیں۔ "دیوان الروحی" عربی شائع ہو چکا ہے۔ آپ کی عربی شاعری سن کر ایک عربی عالم اور ادیب نے کہا تھا "لاہور کی ایک چھوٹی سی مسجد میں ایک ایسا عالم اور شاعر

Marfat.com

رہتا ہے جس کی نظیر ملنا محال ہے"۔

آپ نے ۱۹۵۴ء میں وفات پائی اور میّت چند ماہ کے لئے امانتاً لاہور میں دفن رہی پھر اپنی وصیت کے مطابق اپنے آبائی گاؤں کٹھالہ میں جی ٹی روڈ کے کنارے اپنی تعمیر کی ہوئی مسجد (جامع روحی) کے ساتھ شمال کی جانب آسودۂ خاک ہوئے۔ قبر پختہ ہے سرہانے کتبہ نصب ہے۔ قبر زمین کی سطح کے تقریباً ہموار ہے۔ ساتھ آپ کے بیٹوں زوجہ اور دختر کی قبریں ہیں۔ اوپر ایک سادہ سا بند طویل بر آمدہ ہے۔ سنگِ مرمر کے کتبہ پر مولانا کے اپنے اشعار حافظ یوسف سدیدی کے ہاتھ سے نہایت نفیس خط میں کندہ ہیں۔ کتبہ کی عبارت ذیل میں نقل کی جاتی ہے۔

یا حیُّ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیّوم

"مضجعِ پُر انوار"

۱۳۷۳ھ

یعنی مسکنِ طیّب مولانا (اصغر علی) روحی رحمتہ اللہ علیہ

۷۳ ھ ۱۳

صاحبِ مرقد برائے لوحِ مزار خود گفتہ

در راہِ شوقِ وصلِ تو عمرے دویدہ ایم — بارِ گراں بدوش بمنزل رسیدہ ایم
پیماں شکستہ ایم و خجالت شفیع ماست — اشکِ ندامتم و بداماں چکیدہ ایم
در بحرِ ہستی تو کہ پایاں پذیر نیست — گم گشتہ قطرہ ایم کہ از خود رمیدہ ایم
فرسودہ جاں بہ تن زغم روز باز خواست — لَا تَقْنَطُوا شنیدہ بجاں آرمیدہ ایم
اے مرحبا کہ بہرِ دعا آمدی بما — دستِ دعا بَر آر کہ خجلت کشیدہ ایم
از تو دعائے مغفرت آمیں از قدسیاں — بارے عجب مدار کہ ما ہم شنیدہ ایم

---ایضاً---

بے نیاز است اگر درگہت اے داورِ ما ماہم از عہدِ ازل باہمہ ناز آمدہ ایم
ناز پروردہ لطفِ تو بود عذرِ گناہ درِ رحمت بکشا، بہرِ نیاز آمدہ ایم
وا نمودند بما سرّ عتابِ آدم اے خوشا بخت کہ مامحرم راز آمدہ ایم
گرچہ روتافتہ بودیم ازیں در عمرے اینک از کردہ پشیماں شدہ باز آمدہ ایم
در گلونامہ عِصیاں بزباں عذرِ گناہ مژدہ عفو کہ ماباہمہ ساز آمدہ ایم
تاچہ منزلے کہ بمہانی ما سازد ہند خستگانیم کہ از راہِ حجاز آمدہ ایم

---ایضاً---

جمالِ دوست بود از دیدہ پنہاں خوشا مرگے کہ شد آئینہ آں
نہ پنداری کہ من دل ریش رفتم جمالش دیدم و خویش رفتم
جہاں ز آشوبِ جاں پرُبود، خفتم دریں خلوت سرا خود ! ہفتم
معما بود رازِ ہستی ما ! چو جاں از تن بریدہ ایں عقدہ شدوا
لحد گر صد مقامِ ہولناک است چو رحمت چشم میداری چہ باک است
خدا چوں معصیت برما قضا کرد محمد را شفاعت خواہِ ما کرد
الٰہی گرچہ من عصیاں شعارم ہماں عفوِ ترا امید دارم
من ارصد نا سزاواریم بکردار تو پیمانِ ازل از دست مگذار
مگر صاحبدلے میموں لقائے بجاں آید بجانم آشنائے
بخاکِ خفتگاں بارے گذر کُن بحالِ خستہ شاں یک نظر کُن
درودِ بر رسول پاکؐ بفرست راہ آوردے سوئے افلاک بفرست
سلامے برروانِ رفتگاں آر جزائے آں زیزداں چشم میدار
چو بفرستی سلام و خفتہ باشم ز عِلّیین جوابے گفتہ باشم

چہ حسرتہا کہ در دل بُردہ باشی چو زارم بینی و آزردہ باشی
تو گر خواہی چنانی یا چنینی زمن وا ماندہ ترکس را نہ بینی
ترا اکنوں بہ نیکی دسترس ہست مرا بیچارگی پابستہ و دست
زاحوالم چہ می پُرسی کہ چون است ز ہجرانت دِلم در موجِ خون است
بحشر چوں من و تو خوش بیائیم غبارِ فرقت از خاطر زدائیم
دریں رہ منزل یاران ہمین است شکیبائی ترا نعم القرین است
اِلَّا مَادُمتَ حَیًا مِنْ وَرَائی فَلَا تُقطَعْ رُجَائی عَنْ لقائی
بدستورِ جوانمردِ نِکوکار دعائے مغفرت را دست بردار
مرا در خواب زیرِ گل میپندار کہ تو در خوابی و من خفتہ بیدار
وَ مَنْ یُفرح بَدوَلَات مُوَل فدِینِ اللہِ بَاق لَا یزول
سحر روشن شود معنی طلب را کہ چوں یاراں بسر بردند شب را
کسے روحی زندرایت بمنزل
نہ دریا بد مقامِ صحبتِ دل

تاریخِ وفات از فرزندِ مرحوم

پئے سالِ وصالِ والدِ خویش بچشمِ تر ضیاؔ گفت و دل ریش
چو روحؔی جانبِ عقبیٰ عناں تافت "بفردوسِ بریں آرامگہ یافت"
۱۳۷۲ھ

----ایضاً----

بیدار چو شد فتنہ و چوں امن بخفت روحی ز جہاں زیر زمیں روئے نہفت
چوں خواست ضیاؔ سالِ وفاتش ز سروش "سہ یوم چو ماندہ زمہ رمضان" گفت
۱۳۷۲ھ

(غمزدہ محمد ضیاء الحق)

Marfat.com

نوابزادہ اصغر علی خاں

سر فضل علی چوہدری کے فرزندِ اولیٰ چوہدری اصغر علی خاں ۱۹۰۴ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گجرات میں حاصل کی اور اپنے والد سر فضل علی کی وفات کے بعد ان کے جانشین بنے۔ ۱۹۴۶ء میں یونینسٹ پارٹی کی طرف سے انتخاب میں کامیابی حاصل کی اور بعد میں مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔ ۱۹۵۱ء میں مسلم لیگ کا بھرپور ساتھ دیا اور دوبارہ کامیابی حاصل کی۔ خان ممدوٹ کے مسلم لیگ چھوڑنے کے بعد آپ ان کے گجرات میں معتمد خاص تھے۔ مگر مسلم لیگ سے الگ نہ ہونے کی وجہ سے اختلافات پیدا ہو گئے۔ آپ زمیندار کالج کی انتظامیہ کے صدر بھی رہے۔ ڈسٹرکٹ بورڈ کے ۱۹۴۲ء سے ۱۹۵۶ء تک صدر اور سنٹرل بنک کے چیئرمین کے طور پر بھی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ جنگِ عظیم دوم میں بھرتی میں مدد دینے کے صلے میں آنریری لیفٹیننٹ کرنل بنائے گئے۔

چوہدری اصغر علی خاں صوبائی اسمبلی کے بھی رکن رہے۔ کنونشن مسلم لیگ کا بھی ساتھ رہا اور قیوم مسلم لیگ میں بھی رہے۔ ۵ اکتوبر ۱۹۵۸ کو خان اعظم کے تاریخی جلوس کا سہرا آپ کے سر تھا۔ اس وقت گجرات میں آپ کی طاقت عروج پر تھی۔ آپ نے ۱۹۷۸ء میں وفات پائی۔ آپ کی قبر، گجرات شہر میں "کوٹھی نواب صاحب" سے جانبِ مشرق واقع ہے۔ کتبے پر یہ عبارت کندہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

نوابزادہ چوہدری **کرنل اصغر علی خاں**

تاریخِ وفات: ۹ جون ۱۹۷۸ء

Marfat.com

پروفیسر سیّد اکبر علی شاہ

مترجمِ اقبال پروفیسر سیّد اکبر علی شاہ نامور ماہرِ تعلیم اور بلند پایہ علمی شخصیت تھے گجرات میں پیدا ہوئے۔ گجرات میں ابتدائی تعلیم کے بعد لاہور میں تعلیم پائی اور ایم اے انگلش کرنے کے بعد محکمہ تعلیم سے وابستہ ہوئے۔ پنجاب کے مختلف کالجز میں انگریزی کے استاد رہے۔ اقبال کی دو کتابوں کا انگریزی میں بلند معیار ترجمہ کیا۔ "ضربِ کلیم" کا منظوم انگریزی ترجمہ "The Rod of Moses" کے نام سے اور "بالِ جبریل" کا "Gabriel's Wing" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ اور اہلِ فن نے اسے پسند کیا ہے۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے راقم کی کتاب "اقبال اور گجرات") آپ نے ۱۴ مئی ۱۹۸۳ء کو شیخوپورہ میں وفات پائی۔ راقم نے مادۂ تاریخ نکالا "چراغِ جہانِ علم" = ۱۴۰۳ھ پروفیسر صاحب کی قبر گجرات کے قبرستان تریہنگ میں جانبِ مغرب واقع ہے۔ پختہ قبر پر کتبہ نصب ہے۔ اور یہ عبارت رقم ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مرقد

سیّد اکبر علی شاہ

ایم۔اے انگریزی، فلسفہ، فارسی

مترجم "بالِ جبریل" و "ضربِ کلیم" بزبانِ انگریزی (منظوم)

وفات	ولادت
۱۴ مئی ۱۹۸۳ء	۶ جون ۱۹۱۱ء
شیخوپورہ	گجرات

Marfat.com

قطعۂ تاریخِ وفات

مخدوم اپنے اکبر علی شاہ خوش خصال — خوش خُلق، باوقار، وضعدار، باکمال
واحسرتا کہ چھوڑ کر ہم سب کو چل دیئے — احباب و اقربا کے ہوئے قلب پُر ملال
سیّد کو اہلِ بیت کی شفقت نصیب ہو — دائم رکھے عزیز اُنہیں ربِّ ذُوالجلال
دنیا میں "حُسنِ خُلق" کی بنیاد ڈھے گئی — علم و ہنر پہ غم یہ پڑا ہو گئے نڈھال

۱۰۰

تاریخ کی تھی فکر کہ ہاتف نے یوں کہا — "علم کا انتقال ہے عالم کا انتقال"

۱۵۰۳-۱۰۰ = ۱۴۰۳ھ

(مظہر محمود شیرانی)

Marfat.com

شیخ اللہ داد سِرّیؒ

شیخ اللہ داد سریؒ بہت بڑے عارفِ الٰہی اور وَلی اللہ تھے۔ قصبہ قریشیاں ضلع ملتان میں شیخ غیاث الدین قریشی کے گھر پیدا ہوئے۔ جوانی میں بڑے بھائی کے تعاقب میں اٹک آئے اور وہاں سے گجرات کے گاؤں سیدھڑی آ گئے۔ پھر گندسرہ آئے اور آبادی سے باہر ویرانے میں عبادتِ الٰہی میں مصروف ہو گئے اور سالہا سال اِسی جگہ یادِ الٰہی میں سلوک کی منزلیں طے کرتے ہوئے گزار دیئے۔

۱۰۰۰ھ کے قریب اکبرِ اعظم نے کشمیر پر یورش کی۔ جب اس کی فوج لڑ رہی تھی تو اکبر نے کشمیر جاتے ہوئے راستے میں کسی ولی اللہ کا پتہ پوچھا تاکہ کشمیر کی فتح کے لئے دعا کرا سکے۔ لوگوں نے شیخ اللہ داد سریؒ کا پتہ بتایا۔ اکبر حاضر ہوا تو آپ نے درخت کی ٹہنی توڑ کر دی اور کہا "یہ لو کشمیر کی چابی!" بادشاہ ذرا آگے بڑھا تو کشمیر فتح ہونے کی خوشخبری سُنی۔ چنانچہ اس نے خوش ہو کر آپ کے ٹھکانے کے اِردگرد ۱۵۰۰ بیگھے زمین آپ کے لئے وقف کر دی اور فرمان لکھ دیا۔ یہ فرمان ابھی تک آپ کی اولاد کے پاس محفوظ ہے۔ آپ کی اولاد گندسرہ، سریہ والا، وزیر آباد، جم وغیرہ میں آباد ہے۔ آپ کا مزار گندسرہ (نزد ماڈل ٹاؤن گجرات) سے باہر واقع ہے۔ قبر کے سرہانے سنگِ مرمر کی تختی پر یہ قطعات درج ہیں:

قطعاتِ تاریخ وفات

امام العارفین قدوۃ السالکین

حضرت شیخ اللہ داد سِرّی قریشی صدیقی اویسی رحمتہ اللہ علیہ

تاریخِ ولادت: ۹ ذی الحجہ ۹۳۵ھ بمطابق ۱۵ اگست ۱۵۲۸ء بروز ہفتہ

تاریخِ وفات: ۲۱ ماہِ ذیقعد ۱۰۱۱ھ بمطابق ۲۳ مارچ ۱۶۰۲ء بروز بدھ عمر ۷۶ سال[1]

Marfat.com

از "اسرار الصدق" قلمی تصنیف قاضی محمد فضلِ حق وزیر آبادی

چو قبلہ مظہرِ فیضِ الٰہی　　مزارِ نور بار شیخ صاحب
بود سالِ وصال آں مکلّل　　ہویدا از شمار "شیخ صاحب"
۱۰۱۱ھ

---ایضاً---

شیخ سِرّی چوگشت واصل حق　　ماہ چرخ مقید و مطلق
اُمّی و عارف و خدا آگاہ　　ایں چنیں کس ندیدہ اَم باللہ
ذاتِ او قدوہ مشائخ بود　　در جہاں ہمچو کوہِ شامخ بود
ماہِ ذیقعد بود بست و یکم　　کہ زدنیا شدہ بچرخِ نہم
عقل تاریخ نقل آں مسعود　　کرد رقم "قدوۂ مشائخ بود"
۱۰۱۱ھ

از قریشی نادر حسین نادؔر ساکن جم (گجرات)

شیخ سِرّی چشمۂ رُشد و ہُدا　　مردِ صوفی واقفِ سرِّ خدا
رہرو بَر سنتِ خیرالورائے　　افتخارِ اولیاء و اصفیاء
دستگیرِ عاصیاں وقتِ خطا　　مردِ کامل شہ سوارِ اتقا
مرقدش شد مرجع ہر خاص و عام　　زائراں بہر زیارت صبح و شام
سالِ فوتش آں شہ والا تبار
از شمار "شیخ صاحب" کن شمار (۲)
۱۰۱۱ھ

از پروفیسر احمد حسین احمد قلعہ داری

شیخ سِری کہ سقطیٔ ثانی رفت از بزمِ عالِم فانی

گفت احمد بیادِ آں مسعود سالِ او "قدوۂ مشائخ بود"

۱۰۱۱ھ

---ولہ ایضاً عنہ---

امامِ عارفاں آں شیخ سِری بنام خویش معروفی اللہ داد

ازیں دارِ فنا چوں رخت برداشت بہر سو رفت صد فریاد ! فریاد !

"امامِ عارفاں قطبِ زماں" سال "زشاہی او" شمر ایں جملہ اعداد

۱۰۱۱ھ

سنِ فوتش بگو او "شیخِ پاکاں"

باحمد ہاتف غیبی ندا داد

تجدید روضہ امام العارفین حضرت شیخ اللہ داد سِری نور اللہ مرقدہٗ ۱۹۶۹ء / ۱۳۸۹ھ

موضع گندرہ خورد گجرات

بمساعی مجلسِ انتظامیہ اولاد حضرت شیخ سِری

(اس سے نیچے کچھ نام کندہ تھے جنہیں دانستہ کھرچ کر مٹا دیا گیا ہے۔ صرف ڈاکٹر خورشید علی قریشی ایم۔بی۔ایس کا نام پڑھا جاتا ہے)

(۱)۔ وفات ہفتہ اور ولادت بدھ کو درست ہے یہاں الٹ لکھا گیا ہے (م۔س) اور ہجری سن سے عیسوی سن میں تبدیلی بھی غلط ہے۔

(۲)۔ "شیخ صاحب" کے علاوہ کسی اور مادہ تاریخ سے مطلوبہ اعداد پورے نہیں ہوتے۔

غازی اللہ دِتّا شہید

اللہ دِتّا ایک کشمیری خاندان کا دیندار اور غیرت مند نوجوان تھا۔ کنجاہ میں رہتا تھا۔ ۱۹۳۸ء میں وہاں ایک سِکھ تھانیدار نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخانہ کلمات کہے۔ اللہ دتا نے غیرتِ ایمانی اور محبتِ آقائے دوجہاںؐ کے جوش سے موقع پر ہی کلہاڑے سے وار کر کے اس شاتمِ رسول کا کام تمام کر دیا۔ اس کی سزا میں وہ پھانسی کے حقدار ٹھہرے اور فردوسِ بریں ان کا مقدر ہوئی۔

کنجاہ سے شمال مشرق کی جانب انہیں دفنایا گیا۔ جہاں ان کی قبر پر عبداللہ سلیمانی نے مزار تعمیر کرایا اور ساتھ ایک مسجد بھی تعمیر کی جو اب "مسجد غازی صاحب" کے نام سے مشہور ہے۔ عبداللہ سلیمانی صاحب کو غازی اللہ دتا سے بہت عقیدت تھی اور انہیں ان کی وصیت کے مطابق غازی اللہ دتا کے پہلو میں دفن کیا گیا۔ غازی اللہ دتا کی قبر پر نصب کتبہ پر درج ذیل تحریر کندہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

وَلا تحسبَنَّ اَلّذِیْنَ قُتِلُوا فِی سَبِیْلِ اللہِ اَمْوَاتاً

بَل احیَآءٌ عِندَ رَبِّھِم یُرزَقُونَ ○ فَرِحِیْنَ بِمَا اٰتٰھُمُ اللہُ مِن فَضْلِہ ○

حضرت پیر سیّد حاجی محمد یعقوب شاہ صاحب کے مخلص مرید

بطلِ حریت، مجاہدِ ملّت، شہید اُمّت، شیرِ اسلام، عاشقِ رسولؐ

حاجی غازی اللہ دِتا صاحب شہید بَرَّدَ اللہ مضجعہ وروح اللہ روحہ

قطعاتِ تاریخیہ

چُو بر دینِ نبی جاں کرد قربان۔ اللہ دِتا کہ کم باشد مثالش

Marfat.com

چو حاجی بود بَر حاجی تبرزد نمایاں گشت در عالم کمالش
بشمع دیں چو پروانہ فدا شد زہے غیرت بود رحمت بحالش
بواصف فی البدیہ ہاتِف غیب بگفتا "غازیؑ دِلشاد" سالش

۱۳۵۷ھ

--- دیگر ---

بہرِ قتلِ ہاجی دینِ رسولؐ ز اسماں ناگہ در حاجی زدند
خنتز، گفتندش الا دتا میاں کُش، بکشت، افرہ شادی زدند
روز شنبہ شانزدہ ماہِ حرام گفت واصف "گردنِ غازی زدند"

۱۳۵۷ھ

(از تصنیف مولوی مولا بخش واصف۔ ۱۹ مارچ ۱۹۳۸ء)

زندہ رہے گا نام شہادت سے حشر تک اولاد سے جیا تو کوئی تین چار پشت
سَر شمع کٹائیے اور دم نہ ماریئے منزل ہزار سخت ہو ہمت نہ ہاریئے
قربانی و ایثار ہے ایمان کی تمہید کٹ جائے جو گردن تو ہو جائے مری عید
(از قلم مولوی مولا بخش ہاشمی۔ کاتب)

Marfat.com

ڈاکٹر شیخ اللہ دِتّاطالب کنجاہی

وَلی کامل شیخ اللہ دِتّا صاحب کنجاہ میں شیخ پیر بخش کے گھر ۱۲ فروری ۱۸۸۶ء کو پیدا ہوئے۔ ۱۹۰۴ء میں لاہور میڈیکل سکول (موجودہ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج) سے LMS کی سند لی اور انڈین میڈیکل سروس میں شمولیت اختیار کی۔ جنگِ عظیم اوّل میں انگلینڈ، فرانس، شمالی افریقہ اور مشرقی وسطیٰ میں رہے۔ اور پیشہ وارانہ خدمات کے ساتھ ساتھ تبلیغ دین کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ کئی انگریزوں کو مسلمان کیا پھر فوج سے استعفیٰ دے دیا اور کنجاہ میں پرائیویٹ پریکٹس شروع کی۔ حضرت امیرِ ملّت کے مریدِ باصفا تھے۔ ۱۹۱۸ء میں انہوں نے خلافت سے نوازا۔

آپ نے خدمی تحریک، کشمیر ایجی ٹیشن اور تحریک پاکستان میں امیرِ ملّت کی راہنمائی میں اپنی قوم کے مفاد کے لئے کام کیا۔ آپ کا انتقال ۳ مارچ ۱۹۵۸ء کو ہوا۔ کنجاہ میں غنیمت کنجاہی کے مزار سے جانبِ مشرق آپ کا مزار ہے جس پر خوبصورت خط میں کندہ کتبہ دروازے کے اوپر اور بائیں ہاتھ نصب ہے۔ اس کتبے پر درج ذیل عبارت رقم ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

روضۃ من ریاض الجنۃ

اعلیٰ حضرت الحاج ڈاکٹر شیخ محمد اللہ دِتّا صاحب طالبؔ کنجاہی نقشبندی مجدّدی

جماعتی نور اللہ مرقدہٗ

خلیفۂ مجاز اعلیٰ حضرت امیرِ ملّت عظیم البرکت حافظ پیر سیّد جماعت علی شاہ صاحب

نور اللہ مرقدہٗ

Marfat.com

تاریخ پیدائش: ۱۲ فروری ۱۸۸۶ء۔ تاریخ وفات: ۳ مارچ ۱۹۵۸ء۔

شیخِ کامل اللہ دِتّہ طالبِ حق ذوالمنن عابد و زاہد، سراپا خاکپائے پنجتن
پیر کی شب گیارہویں شعبان پیرِ نقشبند چھوڑ دنیائے فانی کو چل بسے پیرِ زمن
جب ہوئی عاصیؔ کو تیرے فکرِ تاریخِ وصال
رحمتِ حق نے ندا دی طالب ہو "معفورِ بن"

۱۳۷۸ھ

سالِ وصلِ طالبِ حق فی البدیہ عاصیؔ بگفت ایں کہ گوئی یک ہزار دنہ صد و پنجاہ وہشت
روز دو شنبہ پگاہ یازدہ شعبان بود شیخ اللہ دِتّہ سوئے جنت الفردوس رفت
(از فقیر محمد امین عاصیؔ کنجاہی ضلع گجرات خطہ پاک)

☆ راقم نے "تفضیلت پناہ" = ۱۳۷۸ھ سے تاریخ وفات نکالی ہے۔ آپ کے تفصیلی حالات کے لئے ملاحظہ ہو۔ کتاب امیرِ ملت اور ان کے خلفاء از صادق قصوری۔

Marfat.com

اُستاد امام الدین گجراتی

ہزل گوئی کا بادشاہ اور عوامی حلقوں میں گجرات کا سب سے مشہور شخص، استاد امام الدین ۱۸۷۰ء کے لگ بھگ گجرات میں پیدا ہوا۔ والد کا نام میر حسن دین تھا۔ ابتدائی جماعتیں پڑھنے کے بعد استاد نے میونسپل کمیٹی گجرات میں ملازمت اختیار کی اور ۲۸ سال چونگی محرر کے طور پر کام کیا۔ استاد نے ۱۹۰۰ء کے لگ بھگ پنجابی چومصرعے سے شاعری کی ابتدا کی مگر بعد میں دوستوں کے کہنے پر اُردو میں شاعری شروع کی اور ہزل گوئی میں اپنا ایک مخصوص انداز اور زبان ایجاد کی جو استاد کی پہچان ہے۔ برس ہا برس تک گجرات کے عوامی مشاعروں میں استاد کا سِکہ جما رہا۔ استاد کی پہلی کتاب "بانگِ دُھل" ۱۹۳۲ء میں شائع ہوئی۔ اس کے علاوہ "بانگِ رحیل" اور "صورِ اسرافیل" بھی استاد کے شعری مجموعے ہیں۔ استاد نے ۱۹۵۴ء میں وفات پائی۔ استاد کی قبر، قبرستان تریہنگ کے مشرق میں سڑک کے ساتھ حاجی غلام نبی ممبر کی رہائش گاہ کے قریب واقع ہے۔ قبر پختہ ہے سرہانے یہ کتبہ نصب ہے:

۷۸۶

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مرقد

طوطئ گجرات، ملک الشعراء

حضرت استاد امام الدین صاحب استادؒ

وفات: ۲۲ فروری ۱۹۵۴ء / ۱۷ جمادی الثانی ۱۳۷۳ھ

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

اِنّا لِلّٰہ و اِنّا اِلیہ راجعُون

Marfat.com

علامہ سید امداد حسین کاظمی

نامور شیعہ عالم اور مفسرِ قرآن سید امداد حسین کاظمی گجرات میں سید عباس علی کاظمی کے گھر ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئے۔ سلسلہ نسب امام موسیٰ کاظم سے ملتا ہے۔ ابتدائی تعلیم گجرات وزیر آباد اور گوجرانوالہ میں حاصل کی۔ پنجاب یونیورسٹی سے منشی فاضل، ادیب فاضل اور مولوی فاضل اور بی اے کے امتحانات پاس کیئے۔ گورمکھی میں گیانی تھے۔ شیعہ مذہب کی تبلیغ کے لئے پونچھ، بنگال اور ہندوستان کا سفر کیا۔ ماہنامہ "معارفِ اسلام" کے نگران اور "پوسٹ آفس گزٹ" کے مدیر رہے۔ ایک درجن کے قریب کتب تصنیف کیں جن میں قرآن پاک کا ترجمہ اور تفسیر نمایاں ہے۔ آبائی قبرستان متصل امام بارگاہ کاظمیہ پڑھے، ریلوے روڈ گجرات میں دفن ہیں۔ "سمتِ یزداں مولوی امداد رفت" = ۱۳۹۵ھ سے تاریخ وفات برآمد ہوتی ہے۔ "چراغِ روشنِ دیار" = ۱۹۷۵ء (از راقم) سے بھی سنِ وفات نکلتا ہے۔ کتبہ پر یہ تحریر کندہ ہے:

بیدم یہی تو پانچ ہیں مقصودِ کائنات — خیر النساءؑ حسینؑ و حسنؑ مصطفےٰؐ علیؑ

مَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللهِ

یا علی مدد

مَنْ مَاتَ عَلٰى حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ شَهِيدًا

مزارِ اقدس

مفسرِ قرآن، مفکرِ اسلام امداد الملت والدین علامہ السید امداد حسینؑ الکاظمی المشہدی

ابنِ سلطان الذاکرین السید عباس علی الکاظمی المشہدی

تاریخِ وصال: ۱۴ رمضان المبارک ۱۳۹۵ھ بمطابق ۲۱ ستمبر ۱۹۷۵ء بروز شنبہ

سیّد ابوالکمال برق نوشاہی

عالمِ دین، شاعر، مبلّغ، واعظ، مؤرخ اور صوفی نیک سیرت جناب برق نوشاہی کا اصل نام غلام رسول تھا۔ سیّد چراغ محمد شاہ نوشاہی کے ہاں ۶ محرم الحرام ۱۳۴۳ھ کو چک سواری (میر پور، آزاد کشمیر) میں پیدا ہوئے۔ ۶ سال کی عمر میں قرآنِ پاک حفظ کرنا شروع کیا اور مولوی غلام حسین کلیانوی سے کریما، پند نامہ اور پہلے پارے کا ترجمہ پڑھا۔ دار العلوم نقشبندیہ علی پور، مدرسہ محمدیہ چونڈہ، سیالکوٹ اور دیگر مدارس سے عربی فارسی کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۳۵۸ھ میں اپنے والدِ ماجد سے بیعت ہوئے اور سلوکِ قادریہ کی منازل کامیابی سے طے کرتے ہوئے خلافت حاصل کی۔ اپنے وعظ و خطابت اور مناظرہ و مکالمہ کے ذریعے ہزاروں لوگوں کو دینِ حق کے قریب تر کیا۔ ۱۹۶۹ء میں ڈوگہ شریف میں جامعہ تبلیغ الاسلام اور چک سواری میں جامعہ اسلامیہ کی بنیاد رکھی۔

سیّد برق نوشاہی نے درجنوں کتب تصنیف کیں جن میں تفسیر، فقہ، تاریخ و تذکرہ، تصوف تنقید و تردید، عملیات، مکتوبات اور دیگر موضوعات پر کتب شامل ہیں۔ آپ نے ۱۹۸۵ء میں وفات پائی۔ راقم کا فکر کردہ مادہ تاریخِ رحلت ہے "مردِ ذیشان رفت" = ۱۹۸۵ء۔ ڈوگہ شریف نزد دولت نگر میں آپ کا مزار ہے۔ کتبے کی تحریر یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُو رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْن

مرکزِ تجلّیات

امام الاولیاء، سلطان المشائخ علامہ پیر سیّد ابوالکمال برقؔ قادری نوشاہیؒ

وصالِ باکمال: ۲، اپریل ۱۹۸۵ء / ۱۰ رجب ۱۴۰۵ھ

Marfat.com

پیر بہاون شاہ

بہاون شاہ، حضرت شاہدولہ گجراتی رحمتہ اللہ علیہ کے صاحبزادے (دوسری روایت کے مطابق متبنیٰ) تھے۔ حضرت شاہدولہ کی وفات کے بعد آپ ان کے جانشین ہوئے۔ مشتاق رام نے اپنے کرامت نامہ میں لکھا ہے کہ جب شاہدولہ مرض الموت میں گرفتار ہوئے تو بہاون شاہ حسن ابدال میں کسی کی عیادت کو گئے ہوئے تھے۔ جب انہیں شاہدولہ صاحب کی بیماری کی اطلاع ملی تو فوراً گجرات پہنچے۔ شاہدولہؒ نے آپ کو خرقہ خلافت عطا کیا اور اپنے سامنے مسند پر بٹھایا اور نعمتِ باطنی سے سرفراز کر دیا۔

مشتاق رام نے مزید لکھا ہے کہ آپ اوصافِ حمیدہ کے مالک، زاہد و عابدِ شب بیدار اور شناورِ بحرِ معرفت، صاحبِ صدق و صفا اور سرشارِ نشۂ آگہی تھے۔ آپ نے ۱۱۰۸ہجری بمطابق ۱۶۹۶ء میں رحلت فرمائی اور قبرستان آل شاہدولہ (نزد مسجد حاجی صاحب۔ شاہدولہ روڈ گجرات) میں آپ کی پہلی قبر بنی۔ یہ قبر آج بھی محفوظ ہے۔ کتبہ نصب نہیں لیکن قبر پختہ ہے۔

آپ کی وفات پر مشتاق رام نے یہ قطعۂ سنِ رحلت لکھا تھا۔

پسر دولائے آزادہ مشرب ز غم ایزد ہمشہ شاد بودے
ز جام بخشش مست آں شاہ بہاون کہ رنداں درجہانش در سجودے
بدیدارِ ارم چوں گشت مشتاق خس و خارا ز چمن رضوان زودے
چو رحلت کرد از دنیا بعقبیٰ نمودم با خرد گفت و شنودے
کہ تاریخش بگو گفتا کہ دیں است "وصالش زد بحق دل وہ درودے"

۱۱۰۸ھ

حضرت پیر محمد سچیارؒ

نوشاہی سلسلہ کے یہ عظیم ولی نوشہرہ میانہ میں دفن ہیں۔ آپ کا نام پیر محمد تھا مرشد نے سچیار بنا دیا۔ آپ گیارہویں صدی ہجری کے آغاز میں تحصیل گوجر خاں ضلع راولپنڈی کے ایک گاؤں نڑالی کے ایک رئیس، ملک وارث خاں کے ہاں پیدا ہوئے جو قوم گکھڑ سے تعلق رکھتے تھے۔ بچپن میں یتیمی کا داغ پایا اور بے سروسامانی اور بے کسی کی حالت میں سفر کرتے ہوئے وزیر آباد کے گاؤں "کالیکی" پہنچے۔ آپ کی والدہ آپ کو تلاش کرتی ہوئیں کالیکی پہنچیں اور یہیں فوت ہو کر دفن ہوئیں۔ پیر محمد، ہادی کی تلاش میں نکلے اور حضرت حاجی نوشہ گنج بخشؒ کی خدمت میں ساہنپال پہنچے۔ مرشد نے کمال عنایت سے پیر محمد کو سچیار بنا کر بلند مقام عطا کیا اور فرمایا کہ نوشہرہ مغلاں میں شمعِ حق روشن کرو۔ چنانچہ آپ نے نوشہرہ میں قیام کیا جو دریائے چناب کے کنارے ایک بہت بڑا تجارتی قصبہ تھا۔ آپ نے زندگی کے بقیہ ایام اسی قصبہ میں یادِ الٰہی اور منازلِ سلوک طے کرتے ہوئے گزارے۔ آپ حضرت نوشہ گنج بخش کے اکابر خلفاء میں سے تھے۔ آپ کی کرامات اور برکات کا سلسلہ بہت وسیع تھا۔ آپ کی جلائی ہوئی شمع رشد و ہدایت کی روشنی دور دور تک پھیلی اور آپ طویل عمر پا کر ۲۵ ربیع الاول ۱۱۱۹ھ / ۱۶ جون ۱۷۰۷ء کو فوت ہوئے۔ (بحوالہ اذکارِ نوشاہیہ از شریف احمد شرافت)

موجودہ قبر نوشہرہ میانہ سے جانب مغرب ایک کھلے میدان میں واقع ہے۔ جہاں آپ کو دسمبر ۱۹۸۵ء میں سہ بارہ دفنایا گیا۔ اس سے قبل ۱۸۲۵ء اور ۱۸۹۰ء میں بھی دریائے چناب کے کٹاؤ کی وجہ سے آپ کے جسدِ مبارک کو قبر سے نکال کر محفوظ جگہ پر دفنایا گیا تھا۔ ہر بار آپ کا جسد مبارک صحیح و سلامت حالت میں پایا گیا۔ آپ کے لوحِ

Marfat.com

مزار کی تحریر حسب ذیل ہے۔ (کتبے پر تاریخِ رحلت درست نہیں)

یا اللہ ج

یا محمد ﷺ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَا اِنَّ اَولیاءَ اللہِ لَا خوفٌ عَلَیھم وَلَا ھُم یحزنُون

حضرت غازی سخی پیر محمدؒ سچیار کمبل پوش

قطبِ زماں، غوثِ زمانہ، عالمِ علمِ الٰہی، نوشہرہ شریف

تاریخِ پیدائش : ۱۰۱۳ھ

تاریخِ رحلت : ۱۱۲۲ھ

آخری زیارت : ۲ ستمبر ۱۹۸۵ء

Marfat.com

ملک جسرتھ کھوکھر

پنجاب نے ہر بیرونی حملہ آور کو خوش آمدید کہا مگر حملہ آور کو خوش آمدید نہ کہنے اور خون کے آخری قطرے تک ڈٹے رہنے کی روایت گجرات کے ایک غیرت مند بیٹے پورس نے قائم کی تھی۔ اس روایت کو آگے بڑھانے والوں میں گجرات کی دھرتی کے ہی ایک اور سپوت ملک جسرتھ کھوکھر کا نام آتا ہے۔ مگر شہنشاہوں کے قصیدہ گو مؤرخوں نے اسے غدار، باغی اور حرام خور کے القابات سے یاد کیا کیونکہ ان کی نظر میں جذبہ۔ حُب الوطنی کے تحت مقامی رعایا کی طرف سے اٹھنے والی کوئی بھی آواز قابل قبول نہ تھی۔ جسرتھ کے دور کی تاریخیں اسے نظرانداز نہ کر سکتی تھیں مگر ہمارے ضلع کے مؤرخین اب تک اسے نظرانداز کرتے آئے ہیں۔ مرزا اعظم بیگ نے جسرتھ کی قبر ماڑی میں بتائی تو باقی "محققین" نے بھی ماڑی ہی لکھا کسی نے عملی تحقیق نہیں کی۔ قبر دراصل کڑی اور خلیل پور کے درمیان ایک اونچے ٹیلے پر واقع ہے۔

ملک جسرتھ کھوکھر سرزمین گجرات کا ایک بہادر جنگجو تھا۔ والد کا نام ملک شیخا کھوکھر تھا۔ سلسلہ۔ نسب قطب شاہ سے ہوتا ہوا حضرت علیؓ سے ملتا ہے۔ شیخا کھوکھر، کھوکھر قبیلے کا سربراہ تھا اس نے سلطان محمد شاہ بن سلطان فیروز شاہ کے دور میں صوبہ لاہور پر قبضہ کر لیا تھا اور جنوری تا اکتوبر ۱۳۹۸ ۔تک یہ قبضہ قائم رکھا تھا۔ شیخا نے سارنگ خان (حاکم دیپالپور) کے ہاتھوں شکست کا بدلہ لینے کے لئے اکتوبر ۱۳۹۸ میں امیر تیمور کے حملے کے وقت اس کی مدد کی تھی مگر جلد ہی بغاوت کر کے دوبارہ لاہور پر قبضہ کر لیا تھا۔ تیمور نے جواباً دھوکے سے شیخا اور اس کے بیوی بچوں کو قید کر لیا تھا اور بعد میں شیخا کو بے دردی سے قتل کر دیا تھا۔ جسرتھ نے تیمور کی قید سے بھاگ کر جان بچائی تھی۔

Marfat.com

جسرتھ کی تاریخ اور جائے پیدائش حتمی طور پر معلوم نہیں مگر اندازہ ہے وہ ۱۳۶۵ء کے لگ بھگ موجودہ گجرات کے علاقے میں پیدا ہوا۔ جنگجو باپ نے پرورش کی اور تمام امور حرب سے آشنا کیا۔ شیخا کی وفات کے بعد جسرتھ کھوکھروں کا سردار بنا اور رفتہ رفتہ اپنی طاقت میں اضافہ کرتا رہا۔ مئی ۱۴۲۰ء میں جسرتھ کی مڈ بھیڑ بادشاہ کشمیر، سلطان علی سے ہوئی۔ جسرتھ کو فتح حاصل ہوئی اور یوں اس کی جنگجویانہ اور باغیانہ زندگی کی ابتداء ہوئی۔ اس کے بعد جسرتھ نے یکے بعد دیگرے لدھیانہ، جالندھر، سرہند اور دہلی پر حملے کیے۔ لدھیانہ میں اس نے مبارک شاہ کی فوجوں کو دریائے ستلج پار کرنے سے چالیس روز تک روکے رکھا مگر جب وہ دریا پار کرنے میں کامیاب ہو گئے تو جسرتھ کو کوہ تیکھر (جموں کی پہاڑیوں کا نقطہ۔ آغاز (نزد کرُی ۔بہلولپور؟) کی طرف بھاگنا پڑا۔ مئی ۱۴۲۲ء میں جسرتھ نے ایک جمعیت کثیر کے ساتھ دریائے چناب اور راوی کو عبور کیا اور لاہور میں آ کر شیخ حسین زنجانی کے روضہ مبارک میں قیام کیا۔ ۲ جون ۱۴۲۲ء کو جنگ ہوئی۔ فیصلہ نہ ہو سکا جسرتھ نے اپنی طاقت میں مزید اضافہ کیا، سامان خورد نوش اکٹھا کیا۔ ۱۲ جون کو دوبارہ جنگ شروع ہوئی جو ۳۵ روز تک جاری رہی مگر جسرتھ کو کامیابی نہ ہو سکی۔ پھر جسرتھ کلانور کی طرف چلا گیا جہاں اس کا مقابلہ راجہ بھیم سے ہوا جو شاہی لشکر کی مدد کے لئے آیا تھا مگر یہ جنگ بھی بے فیصلہ رہی اور اگست ۱۴۲۲ء میں دونوں نے صلح کر لی۔

اس کے بعد جسرتھ نے کھوکھروں کی طاقت کو ایک بار پھر منظم کیا۔ ادھر سکندر تحفہ ایک بڑی فوج لے کر جسرتھ کے مقابلے کے لئے آیا۔ چنانچہ جسرتھ کو واپس آنا پڑا۔ سکندر تحفہ، راجہ بھیم کی مدد سے جموں کی حدود میں داخل ہوا اور جسرتھ سے کٹے ہوئے کھوکھروں کو تاخت و تاراج کرتا ہوا لاہور واپس ہوا۔

اپریل ۱۴۳۳ء میں جسرتھ اور راجہ بھیم کی فوجوں کے درمیان رن پڑا۔ راجہ مارا گیا اور بہت سارا جنگی سازوسامان جسرتھ کے ہاتھ لگا۔ اسی سال جسرتھ نے دیپالپور اور لاہور کے گردونواح پر حملہ کیا۔ اگست ۱۴۲۸ء میں جسرتھ نے کلانور پر قبضہ کر لیا۔ سکندر تحفہ، امیر لاہور، اہل کلانور کی مدد کے لئے جسرتھ کے مقابلہ میں آیا۔ جنگ میں جسرتھ کو کامیابی حاصل ہوئی۔ حصار جالندھر پر بھی حملہ ہوا۔ کانگڑہ میں ملک جسرتھ اور سکندر تحفہ کی فوجوں کے درمیان ٹکر ہوئی اور جسرتھ کو واپس اپنی پناہ گاہ تیکھر آنا پڑا۔

نومبر ۱۴۳۱ء میں سکندر تحفہ نے جب جالندھر کی طرف فوج کشی کی تو جسرتھ پرانی شکستوں کا بدلہ چکانے کے لئے ایک بڑی فوج لے کر دریائے چناب، راوی اور بیاس کو عبور کرتا ہوا جالندھر کے قریب جا پہنچا اور سکندر تحفہ کی فوج کو شکست دے کر سکندر تحفہ اور اس کے کئی اہم ساتھیوں کو پکڑ لیا اور حصار لاہور کا محاصرہ کر کے بیٹھ رہا۔ مگر جب مبارک شاہ نے ایک عظیم الشان لشکر کے ساتھ جسرتھ کی طاقت کا قلع قمع کرنے کی غرض سے چڑھائی کی تو جسرتھ، سکندر تحفہ کو ساتھ لے کر اپنے ہیڈ کوارٹر کوہ تیکھر واپس آ گیا۔ جون ۱۴۳۳ء میں جسرتھ نے ایک بار پھر لاہور پر حملہ کیا، کافی عرصہ تک نصرت خاں سے مڈبھیڑ رہی آخر واپسی ضروری ہو گئی۔ ستمبر ۱۴۳۲ء میں جسرتھ نے ملک الہ داد لودھی جو نصرت خاں کے بعد اقطاع لاہور اور جالندھر کا حاکم بنا تھا، سے جنگ میں فتح پائی۔

۳۶-۱۴۳۵ء میں محمد شاہ بن فرید شاہ نے ایک بڑی فوج جسرتھ کی سرکوبی کے لئے روانہ کی جو اس کی ریاست کو تاخت و تاراج کر کے دہلی واپس چلی گئی۔ ۱۴۴۱ء میں جسرتھ نے ملک بہلول لودھی سے صلح کر لی جو محمد شاہ کی طرف سے دیپالپور اور لاہور کا حاکم مقرر تھا۔ جسرتھ نے بہلول کو دہلی پر حملہ کرنے کی ترغیب دی اور اسے مدد کا یقین

Marfat.com

دلایا مگر خدا کی قدرت کہ اگلے سال جسرتھ فوت ہوگیا (۱۴۴۲ء / ۸۴۶ھ)۔ چند سالوں بعد بہلول اس مقصد میں کامیاب ہوگیا۔

کہتے ہیں کہ جموں کے راجے (راجہ بھیم؟) کی بیٹی سے جسرتھ نے بیاہ کیا تھا۔ راجہ کو جسرتھ نے ہلاک کر دیا تھا چنانچہ اس کی بیٹی نے باپ کا بدلہ لینے کے لئے جسرتھ کو زہر دے کر ہلاک کر دیا۔ جسرتھ کی اولاد اس تمام علاقے میں موجود ہے اور کری، بہلولپور، ماڑی کھوکھراں، شام پور کھوکھراں وغیرہ میں اس کی نسل خوب پھلی پھولی ہے۔ اس کے علاوہ جہلم اور کئی اور شہروں میں بھی جسرتھ کی اولاد موجود ہے۔

جسرتھ کی قبر کے ساتھ دو اور قبریں ہیں ایک سید نظام الدین شاہ کی جو سادات معین الدین پور، مدینہ سیداں اور جمالپور کے جدامجد تھے۔ روایت ہے کہ وہ جسرتھ کے داماد تھے۔ دوسری قبر جسرتھ کی بہن کی ہے۔ یہ قبریں جس ٹیلے پر ہیں وہاں ایک تباہ شدہ بستی اور قلعے کے آثار پائے جاتے ہیں۔ علاقے کے لوگ جسرتھ کے بارے میں یہ جانتے ہیں کہ وہ ان کے جدامجد تھے اور اس علاقے کے سردار تھے۔ تفصیلات سے وہ بے خبر ہیں۔ تاہم بابا محمد حسین نے جو جسرتھ کی سولہویں پشت میں سے ہیں راقم کو جسرتھ کا شجرۂ نسب حضرت قطب شاہ تک لکھوایا اور جموں کے راجہ کی بیٹی سے شادی کے متعلق بتایا۔ اکثر لوگ جسرتھ (جسے وہ بابا جسرس کہتے ہیں) کو روحانی بزرگ خیال کرتے ہیں۔ جسرتھ کی قبر پختہ ہے اور اِردگرد چاردیواری بنائی گئی ہے۔ بجلی بھی ٹیلے پر پہنچائی گئی ہے۔ ۱۸۶۸ء کے کاغذاتِ مال کے مطابق ۱۴۳۷ء میں کرُی کے ویران گاؤں کو جسرتھ نے آباد کیا تھا۔ اور اِس کا نام "کھوکھر" رکھا تھا (جو اس کے جدِامجد کا نام تھا) بعد میں یہ کرُی کے نام سے مشہور ہوگیا۔

Marfat.com

حکیم سیّد جملے شاہ

ماہرِ طبیب، عاشقِ رسولؐ، نعت گو شاعر اور خادمِ خلق سیّد جملے شاہ ۱۸۹۸ء کے قریب موضع جھنڈے والی (تحصیل کھاریاں) میں سیّد کرم شاہ کے گھر تولد ہوئے۔ طبیہ کالج دہلی سے طِب کی تعلیم پائی اور قولی راج آیورویدک کالج لکھنؤ سے مولوی فاضل اور گیانی کی سند حاصل کی۔ آپ کے والد بھی ماہرِ طبیب اور مردِ باخدا تھے۔ آپ نے جھنڈے والی میں مطب سے عملی زندگی کا آغاز کیا۔ ۱۹۷۰ء کے قریب گجرات میں جلالپور جٹاں روڈ پر مطب قائم کیا اور تازیست دُکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہے۔

آپ سچے مسلمان تھے۔ رسولِ عربی کی محبت میں ڈوب کر اُردو فارسی میں بلند پایہ نعت کہتے تھے۔ ناداروں، بیواؤں، اور مساکین کا مفت علاج کرتے۔ مذہب اور روحانیات سے گہرا لگاؤ تھا۔ اور قرآن کی تعلیمات پر عمل کو سب مسائل کا علاج سمجھتے تھے۔ جو شخص ایک مرتبہ آپ سے ملتا ہمیشہ کے لئے گرویدہ ہو جاتا۔

اس سرچشمۂ فیض شخصیت نے ۹ مارچ ۱۹۹۴ء کو معالجِ حقیقی کے حضور حاضری دی اور جھنڈے والی میں سپردِ خاک ہوئے۔ قبر کے کتبہ کی تحریر یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

حکیم سیّد جملے شاہ صاحب المشہدی

تاریخ وفات: ۹ مارچ ۱۹۹۴ء

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزۂ نورُستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

Marfat.com

باباجنگو شاہؒ

باباجنگو شاہ مشہور مجذوب وَلی تھے۔ ملھو کھوکھر (جو ان کی وجہ سے "بابے دا ڈیرہ" بھی کہلاتا ہے) میں ان کا مزار ہے۔

آپ سید نہیں تھے بلکہ ایک غریب تیلی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ شادیوال میں پیدا ہوئے وہاں سے گورسی سول آئے وہاں سے لالہ موسٰی اور پھر ملھو کھوکھر میں قیام کیا۔ ویرووال اور چکوڑی میں بھی قیام رہا۔ بڑی کڑی ریاضتوں اور چلوں سے گزرنا آپ کا معمول تھا۔ کئی کئی پہر کھڑے رہتے تھے۔ جسم سُوکھ کر کانٹا ہوگیا تھا۔ سردی گرمی سے بے نیاز! دنیا کے لوبھ لالچ سے پاک! میاں محمد بخش (سیف الملوک والے) آپ کے بہت معتقد تھے اور آپ کے پاس حاضری دیا کرتے تھے وہ فرمایا کرتے تھے۔ "باباجنگو شاہ صاحب اپنے عہد میں بے نظیر وَلی تھے اور ان کا مقام بہت بلند تھا۔" آپ نے شاہدولہؒ سے بھی اویسی فیض پایا۔ تذکرۂ غوثیہ (از حضرت شاہ غوث علی قلندر پانی پتی۔ مطبوعہ دہلی بار چہارم صفحہ ۱۶۷) میں ہے "قلندر وہ ہے کہ تجرید و تفرید میں یکتا اور بے پرواہ ہو اور تمام عالم کا حال اس پر آئینہ ہو اور جو وصف کہ عارفوں میں ہوتا ہے اس میں بے مِثل ہو۔ شرط یہ ہے کہ مجذوب بھی ہو اور سالک بھی! جیسے حضرت شیخ شرف الدین بو علی قلندر تھے یا اِس زمانے میں حضرت باباجنگو شاہ گزرے ہیں"

باباجنگو شاہ صاحب کی تاریخِ وفات میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ تذکروں میں سنِ وفات ۱۲۸۱ھ / ۵-۱۸۶۴ء لکھا ہے۔ اور شیخ عبداللہ ساکن چک عمر کی کہی ہوئی تاریخ سے بھی یہی سن برآمد ہوتا ہے۔

جنابِ شاہ جنگو تودهٔ خاکستر عشقش — چو او مجذوب ذاتِ کبریا کمتر شود پیدا
بجوائے شیخ تاریخش ز "خاکستر" علیٰ گوید — کہ زرِ گم گشتہ از آتش ز خاکستر شود پیدا
۱۲۸۱ھ

مگر دربار کے بیرونی دروازے کے اوپر جو کتبہ نصب ہے۔ اس پر سنِ وفات ۱۸۴۲ء درج ہے۔ اس کتبے کی اصل عبارت یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَا اِنَّ اَولیاء اللہِ لَا خوفٌ علیہِم ولا ھُم یحزنون

دربارِ عالیہ

حضرت بابا جنگو شاہ صاحب ولد شہاؤ الدین صاحب

وصال ۱۱ دسمبر ۱۸۴۲ء

کتابی نام: اللہ دین صاحب — بھائی: بابا عیسیٰ صاحب

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را
ہر زماں از غیب جانِ دیگر است

Marfat.com

حکیم چراغ علی

فوجداری مقدمات کی وکالت میں گجرات نے جو سب سے نامور وکیل پیدا کیا وہ حکیم چراغ علی ہے۔

حکیم چراغ علی ۱۸۹۸ء میں جلالپور جٹاں میں حکیم کرم الٰہی کے ہاں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گجرات میں اور بی اے، ایل ایل بی کی سند علی گڑھ سے حاصل کی۔ ۱۹۲۱ء میں گجرات سے پریکٹس کا آغاز کیا اور اپنی ذہانت، محنت اور خوش بختی سے ضلع کے سب سے بڑے وکیل کا مقام حاصل کیا۔ وقت اور اصولوں کے سختی سے پابند تھے۔ ہمہ وقت مصروف رہتے اور وکالت کے پیشے میں ایک Legend کی حیثیت پائی۔ حکیم صاحب ۱۹۵۰ء اور ۱۹۶۰ء میں گجرات بار کے صدر بھی رہے۔

۱۹۴۰ء سے ۱۹۴۷ء تک مسلم لیگ کے لئے ناقابل فراموش خدمات سرانجام دیں۔ قائد اعظمؒ اور محترمہ فاطمہ جناح کی گجرات آمد پر میزبانی کا شرف حاصل کیا جو بذاتِ خود ایک بہت بڑا اعزاز تھا۔ آپ گجرات میں مسلم لیگ کے بانیوں میں شامل تھے۔ آپ نے مسلم لیگ کو اس وقت مضبوط کیا جب گجرات میں یونینسٹ پارٹی کا زور تھا۔

آپ نے نہایت مصروف اور بااصول زندگی گزار کر ۷ ستمبر ۱۹۷۷ء کو گجرات میں وفات پائی۔ آپ کے سوگ میں اس روز تمام ضلع میں تعطیل کر دی گئی تھی۔ آپ کو آپ کی کوٹھی (واقع جیل چوک) کے صحن میں دفن کیا گیا۔ آپ کے ساتھ آپ کے بھائی حکیم محمد حسین آسودۂ خاک ہیں جو خالصہ کالج گوجرانوالہ کے پہلے مسلمان پرنسپل تھے۔ دونوں بھائیوں کی قبریں پختہ ہیں مگر کتبے نصب نہیں کیے گئے۔

میاں حبیب اللہ فقیر درزی

پنجابی زبان کے بلند پایہ صوفی شاعر میاں حبیب اللہ فقیر درزی چوہدووال میں مدفون ہیں۔ "فِقہ اصغر" اور "اخبار الآخرت" ان کی دو کتابیں ہیں جو عہد اورنگ زیب میں تصنیف ہوئیں۔ اول الذکر میں فقہی مسائل اور ثانی الذکر میں قیامت کی نشانیاں وغیرہ ہیں۔

حبیب اللہ کے والد کا نام طیب اور دادا کا نام طاہر تھا۔ آپ ملک جسرتھ کھوکھر کی اولاد میں سے ہیں۔ یوں آپ کا شجرہ نسب حضرت علی سے ملتا ہے۔ آپ چوہدووال میں پیدا ہوئے۔ یہیں زندگی گزاری۔ گاؤں کے بچوں کو قرآن مجید پڑھاتے تھے۔ اس نسبت سے "میاں جی" کہلاتے تھے۔ آپ علومِ دینیہ میں بلند مقام رکھتے تھے "فِقہ اصغر" میں اپنے بارے میں لکھتے ہیں:

نام حبیب فقیر دا ، طیب دا فرزند
درزی عرف فقیر دا ، کہتر ہے دو چند
وچ صوبے لاہور دے ، پرگنہ وچ گجرات
وطن چوہدووال ہے ، مسکن دن تے رات

میاں حبیب اللہ چوہدووال میں ہی فوت ہوئے اور چوہدووال میں ہی دفن ہوئے۔ آپ کا عرصہ حیات ۱۰۴۵ھ اور ۱۱۲۰ھ کے درمیان قیاس کیا جاتا ہے۔ چوہدووال، جلالپور جٹاں سے کھاریاں جانے والی سڑک سے جنوب کی جانب تقریباً ایک کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ میاں حبیب اللہ کی قبر گاؤں سے مغرب کی جانب واقع قبرستان میں ہے۔ قبر پر کتبہ نصب نہیں ہے۔

Marfat.com

مولوی محمدؐ حفیظ اللہ قادریؒ

گجرات کے ایک سرحدی قصبے "بڑیلہ" میں ایک بہت بڑے روحانی بزرگ حضرت خواجہ محمد حفیظ اللہ صاحب کا مزار ہے۔ جن کے فیض عام سے مستفید ہونے کے لئے دُور دُور سے لوگ حاضر ہوتے ہیں۔

خواجہ صاحب، چٹھہ خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ کے جدِ امجد بڑیلہ آئے۔ یہیں آپ ۹، اپریل ۱۹۰۱ء کو مولوی عبدالغنی کے گھر پیدا ہوئے۔ والدِ ماجد سے ابتدائی ظاہری و باطنی علوم حاصل کئے۔ مختلف مقامات پر ابتدائی تعلیم حاصل کی اور اسلامیہ ہائی سکول لاہور سے ۱۹۱۷ء میں میٹرک پاس کیا۔ خیرالمدارس ملتان اور جامعہ نظامیہ دھلی سے دینی تعلیم مکمل کی۔ طبیہ کالج دہلی سے "حکیم حاذق" کی سند حاصل کی۔ مشن سکول جلالپور جٹاں میں عربی ٹیچر رہے اور یہاں مطب، مسجد اور روحانی مرکز بھی قائم کیا۔ برس ہا برس تک مُرشدِ کامل کی تلاش میں رہے۔ سائیں احمد خاں (عالم گڑھ) شیخ غلام محی الدین (جلالپور جٹاں) سید غلام محی الدین بٹالوی اور خواجہ گوہرالدین صاحب سے ملاقاتیں رہیں اور آخر حضرت بابو غلام سرور سے فیض حاصل ہوا۔

اس کے بعد بڑیلہ کو اپنی روحانی سرگرمیوں کا مرکز بنایا اور سلسلۂ قادریہ چشتیہ کی مہک سے پورا علاقہ مہک اُٹھا۔ آپ نے روحانی اور جسمانی عارضوں کو دور کرنے کا کچھ ایسا انداز اپنایا کہ دُور دُور تک آپ کی شہرت پھیل گئی اور آج پورے پاکستان میں آپ کے فیض کا سلسلہ پھیلا ہوا ہے۔

آپ نے ۱۹۷۶ء/ ۱۳۹۶ھ میں وفات پائی۔ بڑیلہ شریف سے جنوب میں آپ کا مزار ہے جس کے اردگرد ایک پورا کمپلکس تعمیر کیا گیا ہے۔ قبر کے سرہانے کی

Marfat.com

جانب دیوار میں ایک بڑا کتبہ نصب ہے جس کی عبارت درج ذیل ہے:

نَحمَدہٗ وَ نُصَلّی علٰی رَسُولِہِ الکَرِیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَا اِنَّ اَولیَاءَ اللہِ لَا خَوفٌ علَیہِم وَلَا ھُم یحزَنُون

"موردِ الطافِ الٰہی و فیضانِ ایزدی"

۱۳۹۶ھ

"مرکزِ تجلیاتِ حبیبِ ربّانی"

۱۳۹۶ھ

آفتابِ علم و عرفانی، شہبازِ لامکانی، سلطان الفقراء، اعلیٰ حضرت مولانا الحاج خواجہ پیر حکیم مولوی محمدؐ حفیظ اللہ قادری چشتی بڑیلہ شریف

"نُورِ رَبِّ مَضجَعَہٗ بِجُودِہٖ"

۱۳۹۶ھ

قطعۂ تاریخِ وصال

گنج بخشِ فیضِ عالم مظہرِ جودِ الٰہ ‏ مطلعِ صبحِ صفا و جلوۂ نورِ خدا
زینتِ کون و مکاں و رونقِ بزمِ یقیں ‏ باعثِ آرامِ جاں شاہِ لولاک لما
نورِ چشم حضرت خواجہ پیر عبدالغنی ‏ پَرتوِ خواجہ غلام سرور نور الھدٰے
آفتابِ علم و عرفان مرکزِ رشد و ہدٰے ‏ شہ حفیظ اللہ میرِ کاروانِ اولیا
آں حکیم آند معالجِ ظاہر و باطن چناں ‏ شد بڑیلہ تا ابد از فیضِ او دارالشفاء

۷۸ ‏ ۱۳۱۸ھ

مونسِ دل خستگاں و چارۂ بے چارگاں ‏ اند مالِ زخمِ ہر قلب و جگر درد آشنا

Marfat.com

اندریں عالم بود وجہ ظفر، وجہ سکوں   آنکہ وجہ درگزر در عرصہ روزِ جزا

شدنداازغیب "اُوشہ ہفت کشور زندہ باد"   "چوں بجنت رفت حبیبِ حق شہنشاہِ اولیار"

۱۳۹۶ھ   ۲۰۳۲ب

آں قلندر فخرِاسلام ست درگاہش ببیں   تا ابد جاریست بہر طالبان بحرِ سخا

۱۹۷۶ء

خواجہ "محمد حفیظ اللہ پیرِ باخدا"

۱۹۷۶ء

"ناقصاں را پیرِ کامل، کاملاں را راہنما"

نتیجۂ فکر: خاکپائے حضور سرورِ پاک قبلہ عالم، حافظ محمد اسحاق

ساکن ہمیر شریف، خادمِ درگاہِ بڑیلہ شریف

ولادتِ باسعادت: ۱۳۱۸ھ

عمرِ مبارک: ۷۸ سال قمری

وصال: ۵ شوال ۱۳۹۶ھ / ۱۵، اسوج ۲۰۳۳ بکرمی بمطابق ۲۵ ستمبر ۱۹۷۶ء

بروز جمعرات

Marfat.com

چودھری حمید اللہ خاں

چودھری حمید اللہ خاں، چودھری خوشی محمد ناظر کے فرزندِ ارجمند اور تحریک کشمیر کے صفِ اَوّل کے راہنما تھے۔ آپ کشمیر میں ۱۹۰۹ء میں پیدا ہوئے۔ علیگڑھ یونیورسٹی سے ایل ایل بی کا امتحان پاس کیا اور جموں میں وکالت شروع کی۔ چند ہی سالوں میں اپنی خداداد صلاحیتوں کی بنا پر شہرت کی بلندیوں پر پہنچ گئے۔ تحریک آزادی کشمیر کے آغاز ہی سے سرگرم رہے اور کشمیر اسمبلی کے قیام پر جموں کی دیہاتی مسلم نشست پر مسلم کانفرنس کے امیدوار کی حیثیت سے کامیاب ہوئے۔ ۱۹۳۸ء میں دوبارہ انتخاب لڑا، کامیابی سے ہمکنار ہوئے اور مسلم کانفرنس کی پارلیمنٹری پارٹی کے لیڈر منتخب ہوئے اور اسی حیثیت سے ۱۹۴۷ء تک ملک و قوم کی خدمت کرتے رہے۔ اس دور میں اسمبلی میں آپ انتہائی جرأت وبیباکی سے اپنی قوم کے مسائل کو پیش کرتے اور کسی قوت سے ٹکرانے سے نہ ڈرتے تھے۔ کوئی خوف، لالچ یا تعلق آپ کو حق گوئی سے نہ روک سکا۔ آپ مسلم کانفرنس کے بانیوں میں سے تھے۔ ۱۹۴۷ء کے فسادات سے چند روز قبل تحریک کے تقاضوں کے پیشِ نظر آپ اکیلے سیالکوٹ آ گئے۔ بیوی بچے جموں ہی میں تھے جہاں چند روز میں محشرستان بننے والا تھا۔ چنانچہ ان کے دو جوان بیٹے ارشد حمید اور انور حمید وہاں شہید کر دیئے گئے اور بیوی شدید زخمی ہو گئی۔ لاکھوں کی جائیداد لوٹ لی گئی۔ اس جاں سوز المیہ کو آپ نے بڑی ہمت اور جوانمردی سے برداشت کیا اور قومی مفاد کے پیشِ نظر، ذاتی سُود و زیاں کو بھول کر پھر سے تحریک کے لئے سرگرم ہو گئے۔ مگر ؏

پتر موئے نئیں بُھلدے بھانویں ہو کے مرن فقیر

کے مصداق یہ غم اندر ہی اندر انہیں کھاتا رہا۔ آپ کے بڑے بھائی چودھری فیض

Marfat.com

اللہ خان (جو بارہ مولا میں وزیر وزارت تھے) کو قید کے دوران شہید کر دیا گیا۔ آپ کی سادگی اور صاف گوئی کی وجہ سے بھی آپ کو بہت دُکھ اٹھانے پڑے۔ مگر آپ نے ہمیشہ عظیم تر مقصد کو سامنے رکھا۔ آپ نے ہمیشہ قائد اعظم کو اپنا سپا ہی پیشوا سمجھا اور انتہائی لگن اور خلوص کے ساتھ کشمیر کاز کے لئے کام کیا۔

چودھری حمید اللہ خاں مسلم کانفرنس کے نائب صدر اور قائم مقام صدر بھی رہے۔ ۱۹۵۲ء میں جب وہ آزاد کشمیر کے وزیر خزانہ تھے تو روسیوں کے ایک وفد کے سامنے مسئلہ کشمیر پر آپ نے اپنے مؤقف کی وضاحت کچھ ایسے مؤثر پیرائے میں کی کہ وفد کے سربراہ نے کہا:

"حمید اللہ خاں کے سوا ہمیں آج تک کوئی دوسرا شخص مسئلۂ کشمیر کی اصل نوعیت سے روشناس نہیں کرا سکا"۔

اسی دور میں آپ وزیر اعظم پاکستان محمد علی بوگرہ سے اختلافات کی وجہ سے اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے کیونکہ حکومت ٹال مٹول سے کام لے رہی تھی جبکہ چودھری صاحب Now or Never پر ڈٹے ہوتے تھے۔

آخری دور میں آپ نے سیالکوٹ میں پریکٹس شروع کر دی تھی۔ سہروردی حکومت نے آپ کو امریکہ کی سفارت اور بعد میں صدارتِ کشمیر کے لئے کہا مگر قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ آپ جگر کے ناسور سے ۱۰ اگست ۱۹۵۷ء کو صرف ۴۸ برس کی عمر سیالکوٹ میں فوت ہو گئے اور تحریک آزادی کشمیر کا ایک زریں باب ختم ہو گیا۔ وفات کے وقت آپ کے ہونٹوں پر یہ الفاظ تھے۔

"میری خواہش تھی کہ مسئلۂ کشمیر میری زندگی میں حل ہو جاتا مگر افسوس میں اپنے قائد کا مشن پورا نہ کر سکا"

آپ کو آپ کے آبائی گاؤں ہریہ والا کے شاہ مجید قبرستان (بطرف مغرب) میں شاہ مجید کے مزار کے جانب جنوب دفن کیا گیا۔ آپ کی قبر کے ساتھ دوسری قبر (جانب مشرق) آپ کی زوجہ اختر جہاں بیگم کی ہے جو ۲۶ اگست ۱۹۹۴ء کو مرحومہ ہوئیں۔ دونوں قبریں پختہ ہیں اور اِردگرد چاردیواری ہے۔ چودھری صاحب کی قبر کا کتبہ اس تحریر کا حامل ہے۔

یا اللہ ج   بسم اللہ الرحمٰن الرحیم   یا محمدؐ

لاَ اِلٰہ اِلاَّاللہ محمد رسول اللہ

آخری آرامگاہ

چوہدری حمید اللہ خاں

خلف الرشید

خان بہادر چوہدری خوشی محمد ناظؔر مرحوم و مغفور

تاریخِ وفات

۱۰ اگست ۱۹۵۷ء بمطابق ۱۳ محرم الحرام ۱۳۷۷ھ

اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّااِلَیْہِ رَاجِعُوْن

Marfat.com

مفتی حمید اللہ

مفتی حمید اللہ، مفتیان شادیوال کے علمی گھرانے کے فرد تھے۔ آپ کے والد مفتی محمد حسین بھی بلند پایہ علمی و اَدبی ذوق رکھتے تھے اور شاعر تھے۔ مفتی حمید اللہ ۱۹۰۹ء میں گجرات میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد ریلوے میں ملازمت اختیار کی۔ علمی ذوق ورثے میں ملا تھا۔ چنانچہ شاعری سے ابتداء کی اور کلاسیکی غزل سے آغاز کرتے ہوئے حلقہ ادب میں متعارف ہوئے۔ آپ وسیع المطالعہ شخص تھے۔ آپ کی فکر کا محور "اقبالؒ" تھا۔ چنانچہ آپ نے اقبال کی بلند پایہ کتاب "جاوید نامہ" کا منظوم اُردو ترجمہ کیا۔ جسے علمی حلقوں سے بہت پذیرائی ملی۔ (یہ ترجمہ ایک سرکاری ادارے کی بے توجہی کی وجہ سے ابھی تک شائع نہیں ہو سکا۔) آپ کی اُردو غزلیں قدیم اور جدید آہنگ کا خوبصورت امتزاج ہیں۔

آپ نے ۱۹۹۱ء میں وفات پائی۔ آپ کی قبر، امین فین (جی ٹی روڈ) کے عقب میں واقع جھنگی والا قبرستان کے مشرقی نصف حصے میں ہے۔ قبر پختہ ہے۔ کتبے کی تحریر یہ ہے۔

یا اللہ　　　　یا محمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مفتی حمید اللہؒ

وفات: ۱۳، اگست ۱۹۹۱ء بروز منگل

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُون

Marfat.com

حکیم خدا بخش حاذق

بے مثل طبیب، مدرس، شاعر اور ماہرِ علمِ جفر حکیم خدا بخش گجرات کے قریشی ہاشمی خانوادے کی علمی راویت کے امین تھے۔ ۱۸۴۰ء کے لگ بھگ گجرات میں حکیم غلام حسن کے گھر پیدا ہوئے۔ جو زاہد و عابد اور متقی و متشرع بزرگ تھے۔ خدا بخش نے ابتدائی تعلیم والد ماجد اور اپنے دادا شیخ نور محمد سے پائی۔ عربی فارسی علوم کی تکمیل مختلف اساتذہ سے کی۔ ۱۸۷۰ء میں پنجاب یونیورسٹی سے منشی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ علوم ریاضی، طب، جفر اور انشاء عربی و فارسی میں اپنی صلاحیت سے استعداد پیدا کی۔ سرکاری مدارس میں استاد رہے۔ بندوبست ۱۸۸۷ء میں بعہدہ تاریخ نویس مامور رہے ازاں بعد سرکاری اسکول میں مدرس اول بھی رہے۔ آپ تاریخ گوئی میں بھی یدِ طولیٰ رکھتے تھے۔ اور عربی فارسی اور اُردو کے قادر الکلام شاعر بھی تھے۔

۳۰ سال سے زائد عرصہ گجرات میں مطب کرتے رہے جسے یاد کرتے ہوئے قاضی عطا محمد نے ایک قصیدے میں یوں کہا تھا

کجا آں مطبِ خدا بخش ثانیٔ لقماں

مہاراجہ رنبیر سنگھ والیٔ جموں بھی آپ کا مریض اور قدردان تھا۔

آپ نے بہت سی بلند پایہ کتب تصنیف کیں جن میں خطِ دانیال، برزخِ صغریٰ، برزخِ کبریٰ (علم جفر پر) مراۃ التحقیق (علم کلام) ثمرۃ الیقین (خواصِ قرآن پر) رسالۂ نور البصر فی تحقیق شق القمر، کرسی نامۂ عرب، کلامِ عربی فارسی و اردو اور کتبِ طب شامل ہیں۔ اس فہرست سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ جامع کمالات شخصیت تھے۔

آپ نے ۱۹۰۲ عیسوی میں وفات پائی اور قبرستان شاہ حسین میں جانبِ جنوب آپ کی قبر بنی جو کچی اور لوحِ مزار کے بغیر ہے۔

Marfat.com

دِتّے شاہ

فِرقہ ملامتیہ کے ایک ایسے بزرگ بھی گجرات میں دفن ہیں جن کی جماعت کی ایک الگ پہچان ہے اور یہ جماعت "دِتّے شاہی" کہلاتی ہے۔ بلکہ یہاں کی مقامی زبان میں یہ ایک کیفیت ہے کہ جب کوئی دنیا کے آسائش و آرام کو تیاگ کر اپنے نفس کو مار لے تو "دِتّے شاہیہ" کہلاتا ہے۔

آپ کا نام میاں اللہ دِتّا تھا۔ آرائیں برادری کے فرد تھے۔ آپ شیخ پور کے میاں محمد پناہ شاہ کے مرید تھے۔ اور دادا پیر حضرت میاں محمد خورشید (سیالکوٹ) کے ہاں بھی باقاعدگی سے حاضر ہوتے تھے۔ آپ تمام عمر مجرد رہے۔ اور مَن کی ہر دنیاوی خواہش کو رَد کر کے استغنا۔ و تقویٰ پر کاربند رہے۔ میاں محمد ہاشم آپ کے بڑے بھائی تھے وہ شریعت کے سختی سے پابند تھے جبکہ آپ بظاہر ان پابندیوں سے لاپرواہ تھے۔

آپ کی جماعت دُور دُور تک پھیلی ہوئی ہے۔ آپ نے ۱۸۷۸ء بمطابق ۱۲۹۵ھ بمطابق ۱۹۳۵ بکرمی وفات پائی۔ سوک کلاں میں اپنی بہن کے پاس رہتے تھے۔ یہیں دفن ہوئے۔ قبر پر پہلے قدیم طرز کا مزار تھا اب تعمیرِ نو کی گئی ہے تاہم بہت سے پرانے حصے ابھی قائم ہیں۔ قبر کے سرہانے کتبہ نہیں ہے۔ باہر دروازے کے اوپر سنگِ مرمر کی تختی پر یہ تحریر کندہ ہے:

"ھُو"

قطعۂ تاریخِ وفات(۱)

حضرت دِتّے شاہ صاحب

چوں جناب دِتّے شاہ آں مردِ حق — عارفِ کامل، وَلیؒ نکتہ سَنج
در قناعت تقوٰی و تجرید فرد — در حقیقت مخزنِ انوار و گنج
روزِ جُمعہ نُہ ز بھادوں مقتضیٰ — رفت سوئے خُلد بے اندوہ و رَنج

وصلِ اُو باحق ز سنِ بکرمی
"یک ہزار و نہ صدوسی بُود و پنج"
۱۹۳۵ بکرمی

(۱)۔ ریاض مفتی صاحب کے بقول یہ قطعہ غلام مصطفےٰ ایڈووکیٹ (لاہور) کا ہے۔ دِتّے شاہ کا عرس ۹ بھادوں کو ہوتا ہے۔

Marfat.com

بیگم راج محل، ملکہ اورنگ زیب عالمگیر

اورنگ زیب عالمگیر کی زوجہ راج محل بھی گجرات میں آسودہ خاک ہے۔

ملکہ راج محل راجوری کے راجہ چترسین کی بیٹی تھی۔ راجہ شاہدولہ کا مرید تھا اور اکثر حاضری دیتا تھا۔ اس کی کوئی اولاد نہ تھی۔ شاہدولہ صاحب سے طالبِ دعا ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے ایک دختر عطا کی۔ حضرت شاہدولہ کی خدمت میں نومولود کو لے کر حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا "اسے قتل نہ کرنا، اللہ تعالیٰ اس کے بطن سے اولاد دے گا جو ہندوستان پر حکومت کرے گی" لڑکی کا نام راج بائی رکھا گیا، راجہ مسلمان ہوگیا اور اس کا اسلامی نام تاج الدین رکھا گیا۔

۱۰۵۴ھ میں شاہجہاں دھلی سے لاہور اور لاہور سے عازمِ کشمیر ہوا۔ راستے میں نوشہرہ کے مقام پر راجہ چترسین (تاج الدین) نے بادشاہ کا استقبال کیا اور نذرانے پیش کئے۔ شہزادہ اورنگ زیب عالمگیر بھی ساتھ تھا، اس کی پہلی شادی ۱۰۴۶ میں ہو چکی تھی۔ اب اس کی دوسری شادی راجہ چترسین کی بیٹی راج بائی سے طے پائی۔ راجہ نے شاہدولہ صاحب سے اجازت کی شرط رکھی اور اجازت ملنے پر بیٹی شہزادہ عالمگیر سے بیاہ دی۔ راج بائی (جو ملکہ بننے کے بعد راج محل کہلائی) کے بطن سے تین شہزادے بہادر شاہ، سلطان محمود اور معظم شاہ پیدا ہوئے۔

راجہ چترسین کا انتقال ۱۰۵۶ھ میں ہوا اور اس نے ملکہ راج محل کے علاوہ چار اولادیں چھوڑیں۔ ملکہ راج محل کا انتقال ۱۱۳۱ھ میں ہوا۔ ملکہ حضرت شاہدولہ کی مرید تھی اور اس کی وصیت تھی کہ اسے شاہدولہ کے قدموں میں دفنایا جائے۔ چنانچہ ملکہ کی میت گجرات لائی گئی اور موجودہ جگہ دفن کیا گیا۔ اور شاہی خرچ سے مسجد، تالاب، باغ

Marfat.com

اور مقبرہ تعمیر ہوئے اور ملحقہ وسیع اراضی اس کے لئے وقف کردی گئی۔ باقی چیزیں آہستہ آہستہ ختم ہوگئیں، مسجد (نو تعمیر شدہ) باقی ہے۔ جو "بیگم شاہی مسجد" کہلاتی ہے اور قُرب و جوار کی آبادی "محلہ بیگم پورہ" مشہور ہے۔

۶ دربار شاہدولہ اور بیگم مسجد کے درمیان تقریباً ایک فرلانگ کا فاصلہ ہے۔ اور بیگم کی قبر دربار شاہدولہ سے جنوب کی جانب (قدموں میں) واقع ہے اور یہ قبر مسجد کے صحن کے عین درمیان میں ہے۔ قبر کی تعمیرِ نو کی گئی ہے۔ قبر کے سرہانے جو کتبہ نصب ہے وہ سرمئی رنگ کے پتھر کا ہے۔ سائز تقریباً 1 x 1.5 فٹ ہے۔ لفظوں کے علاوہ باقی حصہ کھرچ کر قطعۂ تاریخ لکھا گیا ہے یعنی لفظ اُبھرے ہوئے ہیں۔ یہ کتبہ کافی قدیم لگتا ہے۔ اس پر قطعۂ تاریخِ وفات کے چار مصرعے اوپر تلے لکھے ہوئے ہیں جو ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

نیک خو بیگم ، فرشتہ خصال
چشم بست از جہانِ بی بنیاد
گفت ہاتف کہ قاسم الجنۃ
"جای مریم بہشتِ اعلےٰ داد"

۱۱۳۱ھ

مگر ۱۸۶۸ء میں شائع ہونے والی "تاریخِ گجرات" از مرزا اعظم بیگ صفحہ ۱۹ کی عبارت یہ ہے۔

"قبر پر دو کتبہ سنگِ مرمر کے لگے ہوئے ہیں اور ان پر آیاتِ قرآن بخطِ طغرائی عمدہ و خوشخط کھودے ہوئے ہیں اور یہ تاریخ اس پر لکھی ہوئی ہے۔

بیگم نیک خو مجستہ نہاد
سفر کرد از جہانِ بے بنیاد
گفت ہاتف کہ قایم الجنت
جای مریم بہشت اعلیٰ داد"

قبر کے ساتھ مشرق کی جانب دیوار پر صاحبزادہ مشتاق احمد ہاشمی کی کہی ہوئی تاریخ بھی پینٹ سے لکھی ہوئی ہے جو یہ ہے۔

یا اللہ ج بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا رسول اللہ ص

خوبصورت نیک سیرت پاک باطن بانوے نور افشاں ہمچو ماہے بیگم اورنگ زیب
زیرِ قدمِ شاہدولہ گنج بخشِ دو جہاں آخری آرامگاہے بیگم اورنگ زیب
درمیانِ صحنِ مسجد، مرقدِ او فیض بار مرجع خلقِ الٰہے بیگم اورنگ زیب
ہاتفم گفتہ بگو "آں منبعٔ فیضِ وحید" ہجرتِ خیرالورائے بیگم اورنگ زیب

۱۱۳۱ھ

نتیجۂ فکر:- صاحبزادہ مشتاق احمد ہاشمی

شہزادی راج محل، بیگم اورنگ زیب عالمگیر رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

سائیں رحمت اللہ رحمت

سائیں رحمت ایک درویش منش، مست الست پنجابی شاعر تھے۔ پیر فضل گجراتی کے پہلے شاگرد اور گجرات کی شاعرانہ روایت کے امین تھے۔ محلہ نور پور میں رہتے تھے۔ اسی بنا پر "نور پوری" بھی کہلاتے تھے۔ وہ ۱۹۰۸ء میں مینڈھر ضلع پورچھ آزاد کشمیر میں منشی کرم الٰہی کے گھر پیدا ہوئے جو تحصیلدار تھے۔ خاندانِ مغلیہ سے نسب ملتا ہے۔ دو سال کی عمر میں والد صاحب فوت ہو گئے جو ریٹائرمنٹ کے بعد گجرات میں رہائش پذیر ہو گئے تھے۔ آپ کے دادا منشی نظام دین ایک علمی ادبی شخصیت تھے اور ان کی میل ملاقات بھی ایسے ہی لوگوں سے تھی۔ اس ماحول میں رہنے کی وجہ سے رحمت اللہ بھی شاعری کی طرف مائل ہو گئے اور ۱۹۲۴ء میں باقاعدہ پیر فضل کی شاگردی میں آ گئے۔ آپ نے مڈل تک تعلیم حاصل کی اور کچھ عرصہ زمیندار کالج کی لیبارٹری میں بھی کام کیا۔

پنجابی شاعری میں آپ نے خوبصورت کلام یادگار چھوڑا ہے۔ چھوٹے چھوٹے پمفلٹس کے علاوہ باقی کلام ابھی تشنۂ اشاعت ہے۔ البتہ "چنگیاڑے"، "ہیر" اور "پتے دیاں گلاں" تین کتابوں کے مسودے مکمل ہیں۔ شاکرؔ چیچیانوی اور خموشؔ چیچیانوی صاحبان جلد آپ کا کلام چھپوائیں گے۔ آپ نے ۱۹۸۸ء میں بعارضہ فالج وفات پائی۔ آپ کی قبر نور پور کے قبرستان میں سڑک کے جانب جنوب واقع ہے۔ قبر پر کتبہ نصب ہے۔ جس کی تحریر حسب ذیل ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آخری آرامگاہ

گداگر سائیں رحمت اللہ رحمتؔ

تاریخِ وفات

۲۱، اکتوبر ۱۹۸۸ء بروز ہفتہ (۱)

میرے محسنو مرن دے بعد مرے حال تے کرم فرما دینا
میں جیئے بھنگی دی لاش نوں واسطہ جے بُوہے ربدے اگے دفنا دینا
مدح خواں تیرے حبیب دا سی شاہدوں اپنی وی غرض جتا دینا
تینوں تیرے حبیبؐ دا واسطہ ای ایس رحمت تے رحمت کما دینا
کتبہ قبر تے چاہو جے کجھ لکھنا مصرع پتھر تے ایہ لکھا دینا
صدقہ نبی کریمؐ دا یا مولا میری رہندی بخش خطا دینا
تیرے فضل کرم تھیں باجھ سائیاں کوئی نیئں جھلدا عرض الا دینا
غوث پاک دا ہاڑا ای یا مولا رحمت دا مینہ وسا دینا

(محسن خاص خالد حسین اقبال ایکسائز والے)

(۱) اس تاریخ کو جمعہ کا دن تھا۔ یہ کلام سائیں نے خود اسی مقصد کے لئے کہا تھا۔ انہوں نے زمین کا ایک قطعہ مسجد بنوانے کی غرض سے وصیت کیا تھا اور اس کے دروازے کے سامنے دفن ہونا چاہا تھا مگر یہ آرزو پوری نہ ہو سکی۔

حاجی رحمت علی سرکار آف چڑیا ولہ

مشہور صوفی بزرگ جناب حاجی رحمت علی ۱۹ دسمبر ۱۹۲۴ء کو نارووالی ضلع گجرات میں ایک نیک سیرت بزرگ صوفی فتح علی کے گھر پیدا ہوئے۔ پیر ولایت شاہ کے درس میں رہ کر ابتدائی دینی تعلیم حاصل کی اور قرآن پاک حفظ کیا۔ انہیں کے ہاتھ پر بیعت کی اور تعلیم دین کی تکمیل کے بعد مرشد کے حکم سے مغلورہ (آزاد کشمیر) میں امامت و تدریس کے فرائض پر مامور ہوئے۔ ۱۹۴۰ء سے ۱۹۵۲ء تک حضرت شاہدولہؒ کے دربار پر ریاضت و خدمت میں مشغول رہے اور روحانی فیض حاصل کیا۔ ۱۹۵۲ء میں حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی اور ۱۹۶۱ء تک دوبارہ دربار شاہدولہؒ پر خدمت و تزکیہ نفس میں مصروف رہ کر منازل عرفان طے کیں۔ قاضی سلطان محمودؒ پیرے شاہ غازیؒ، داتا صاحبؒ اور حضرت طانوخ سے بھی فیض حاصل کیا۔ زہد و عبادت اور خلق کی خدمت میں آپ نے زندگی بسر کی۔

کئی مساجد کی تعمیر آپ کا خصوصی کارنامہ ہے۔ آپ نے چڑیا ولہ کے علاوہ اس علاقے میں بہت سی شاندار مساجد تعمیر کرائیں۔ خود تعمیر میں حصہ لیتے اور مریدین بھی آپ کی تقلید کرتے۔ آہستہ آہستہ آپ کا حلقۂ ارادت بہت وسیع ہو گیا اور اب دور دور تک آپ کے چاہنے والے موجود ہیں۔

آپ نے ایک سال جذب کی حالت میں گزار کر ۸ نومبر ۱۹۸۵ء کو رحلت فرمائی اور چڑیا ولہ بس سٹاپ کے قریب مسجد سفینۂ غوثیہ کے ساتھ آپ کی ابدی آرام گاہ بنی۔ مزار کے اندر دوسری قبر آپ کے مریدِ صادق خواجہ شمس الدین کی ہے۔ جو ۱۸، اکتوبر ۱۹۶۸ء کو فوت ہوئے تھے۔ آپ کے لوحِ مزار پر یہ الفاظ کندہ ہیں۔

Marfat.com

یا اللہ　　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　　یا محمدؐ

لَا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

اَلَا اِنَّ اَولیاءَ اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھِم وَلَا ھُم یحزَنُون

یک زمانہ صحبتِ با اولیاء

بہتر از صد سالہ اطاعتِ بے ریا

حضرت قبلہ و کعبہ پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، واقفِ اسرارِ حقیقت،

زبدۃ العارفین، قدوۃ السالکین،

الحاج قبلہ حاجی رحمت علی سرکارؒ

۲۴ صفر المظفر ۱۴۰۶ھ بمطابق ۸ نومبر ۱۹۸۵ء بروز جمعتہ المبارک

اپنے خالقِ حقیقی سے واصل ہوئے۔

مولانا رحمت علی خاں سامی

مبلّغِ اسلام مولانا رحمت علی خاں سامی عربی زبان کے بہت بڑے عالم، شاعر اور مترجم تھے۔ یوگنڈہ زبان میں قرآنِ پاک کا سب سے پہلے ترجمہ اور تفسیر لکھی۔ اور سالہا سال تک یوگنڈہ (کمپالہ) میں دینِ اسلام کی تبلیغ و اشاعت کے عظیم کام میں مصروف رہے۔

مولانا رحمت علی کا تعلق پٹھان قبیلہ بارکزئی سے تھا۔ ان کے دادا اخوند اعظم خاں ہندوستان آئے اور تحصیل کھاریاں کے گاؤں سیکریالی میں اقامت اختیار کی۔ رحمت علی کے والد امیر خاں نے سیکریالی میں مدرسہ تجوید القرآن کی بنیاد رکھی۔ اسی گاؤں میں رحمت علی ۱۸۸۶ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والدِ ماجد سے اور لاہور میں حافظ محمد مقیم سے حاصل کی۔ مولوی علی حیدر سے علومِ دین کی تکمیل کی۔ ۱۹۰۱ء میں اورنٹیل کالج لاہور میں داخل ہوئے اور ۱۹۰۷ء تک السنہ شرقیہ کے تمام امتحانات امتیاز کے ساتھ پاس کر لئے۔ محکمہ تعلیم میں آئے اور ریواڑی اور پاک پتن میں مدرس رہے۔ ۱۹۲۵ء میں مسلم انجمن کی دعوت پر یوگنڈہ میں تبلیغِ اسلام کی خاطر گئے۔ کمپالہ میں ایک دینی درسگاہ قائم کی۔ قرآنِ پاک کا یوگنڈہ زبان میں ترجمہ کیا اور تفسیر لکھی۔ اس عظیم دینی و علمی کارنامے کے علاوہ یوگنڈہ میں تبلیغِ اسلام کی غرض سے چار درجن کتب (یوگنڈہ زبان میں اور عربی میں) تصنیف و تالیف کیں۔ یوں اُس ملک میں اسلام کو مضبوط کرنے اور پھیلانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ عربی شاعری بھی کرتے تھے اور فارسی زبان و ادب پر بھی عبور حاصل تھا۔ آپ "شیخ الہند" کے مرید تھے۔

افسوس کہ اس نابغۂ روزگار کی زندگی کے آخری ایام بہت کسمپرسی میں گزرے

Marfat.com

اور آخر ۱۹۶۵ء میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔

گجرات میں سرگودھا روڑ پر بجلی گھر کے پیچھے ایک قبرستان ہے۔ اس قبرستان کے تقریباً درمیان میں مولانا کی پختہ قبر ہے۔ لوحِ قبر کی تحریر درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مرکزِ تجلیات

علامۂ عصر، فاضلِ اجل، شیخ التفسیر والادب استاد العلماء، مبلّغِ اسلام

اخوندزادہ حضرت مولانا الحاج رحمت علی خاں سامی مرحوم و مغفور

ابنِ قطبِ زماں حضرت اخوند حافظ امیر خاں صاحب افغانی

تاریخِ وفات: ۲۲، اگست ۱۹۶۵ء / ۲۸ ربیع الثانی ۱۳۸۵ء[۱] بروز پنجشنبہ بوقت ظہر

(۱)۔ ہجری اور عیسوی تاریخوں کا تبادلہ درست نہیں۔

Marfat.com

حکیم پیر سیّد رشید الدّولہ

صاحبِ نظر، عالم و فاضل، علمی و روحانی شخصیت پیر رشید الدولہ، شاہدولہؒ کی نسل سے بیان کئے جاتے ہیں۔ چھٹی نسل میں پیر بھاون شاہ سے آپ کا شجرہ نسب ملتا ہے۔ آپ کے والد کا نام پیر سید گلاب شاہ تھا۔ آپ گجرات میں پیدا ہوئے۔ مولوی محب اللہ سے ابتدائی دینی تعلیم حاصل کی۔ مشن سکول گجرات سے میٹرک کیا۔ مولوی غلام حیدر سے عربی فارسی کتب پڑھیں۔ اور قرآن، حدیث، فِقہ، فلسفہ سب پر عبور حاصل کیا۔ ۱۹۳۵ء میں حکیم مولوی احمد دین نندووالی سے طب کی تکمیل کی اور گجرات میں مَطب کا اَجرا کیا۔ رفتہ رفتہ یہ مطب، روحانی مرکز بھی بن گیا۔ اور لوگ اپنی جسمانی تکالیف کے علاوہ باطنی بیماریوں کے لئے شفا کی تلاش میں حاضر ہوتے۔ گویا پیر صاحب "طبیب الارواح والاجسادِ" کی حیثیت سے عوام الناس کی خدمت بجالاتے رہے۔ کچھ عرصہ خواص کے لئے درس کا انتظام بھی رکھا جہاں مذہب، فلسفہ، تصوف اور حکمت کے اسرار و رموز پر آپ لیکچر دیتے اور طالبان علم مستفید ہوتے۔ اور آپ کو "فقیرِ اولیٰ مرد درویش" کا نام دیتے۔

آپ تحریکِ خاکسار میں شامل ہوئے اور برسوں اس کے مقاصد کے لئے کام کرتے رہے۔ آپ مناظرے میں کمال رکھتے تھے۔ اور اپنی مدلّل گفتگو سے مخاطب کو لا جواب کر دیتے تھے۔ آپ انسان دوستی اور خدمتِ خلق کے علمبردار تھے۔

آپ نے ۱۹۸۶ء میں وفات پائی۔ راقم نے آپ کی تاریخ وفات "فقیرِ روشن ضمیر" = ۱۹۸۶ء سے برآمد کی ہے۔ آپ کی قبر، آپ کے گھر واقع شاہدولہ روڈ کے پاس، آپ کے خاندانی قبرستان میں ہے۔ کتبہ کی تحریر یہ ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا علیؑ

بولایتک یا علی یا علی

یا محمدؐ، یا علی، یا فاطمہ، یا حسن، یا حسین

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

اِک فقر ہے شبیری، اس فقر میں ہے میری
میراثِ مسلمانی، سرمایۂ شبیری

حکیم پیر سیّد رشید الدّولہ مرحوم و مغفور

خلف الرشید حافظ پیر سیّد گلاب شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ

وفات: ۱۵ اگست ۱۹۸۶ء جمعتہ المبارک

Marfat.com

ملکۂ موسیقی روشن آراء بیگم

موسیقی کی دنیا کا ایک بہت بڑا نام۔ ملکہ موسیقی روشن آراء بیگم کا اصل نام وحید النساء بیگم تھا۔ کلکتہ میں پیدا ہوئیں۔ اپنے وقت کے نامور موسیقاروں سے تلمذ اختیار کیا جن میں استاد ممتاز حسین، استاد عبدالکریم خان جیسے نامورانِ فن شامل ہیں۔ بمبئی اور کلکتے میں فن کے شاندار مظاہروں پر "سنگیت سمراٹن"، "دانم باڑی" اور "ملکۂ موسیقی" کے خطابات ملے۔ ۱۹۳۴ء میں بمبئی میں تعینات پولیس افسر چوہدری احمد خاں آف سہنہ تحصیل کھاریاں سے شادی ہو گئی۔ قیام پاکستان کے بعد ۱۹۴۸ء میں پنجاب آ گئیں۔ یہاں بھی ان کے فن کی عظمت کو تسلیم کیا گیا۔ ۱۹۶۰ء میں تمغۂ حسنِ کارکردگی اور تمغۂ افتخارِ فن ملا۔ دسمبر ۱۹۶۱ء میں "تان سین ثانی" کے خطاب اور ستارۂ امتیاز سے نوازا گیا۔ اگست ۱۹۶۷ء میں پشاور ریڈیو سٹیشن کی تیسویں سالگرہ کے موقع پر جب سخت خشک سالی تھی، ملکہ موسیقی نے راگ ملہار چھیڑا تو بارش ہو گئی ملکۂ ترنم نور جہاں نے بھی ملکۂ موسیقی سے فن کے رموز سیکھے۔

۵ دسمبر ۱۹۸۲ء کو فوت ہوئیں۔ اور لالہ موسیٰ کے محلہ صادق آباد کے بالمقابل جی ٹی روڈ کے جانبِ شمال چوہدری احمد خاں مرحوم کے زرعی فارم کے ساتھ دفن ہوئیں۔ قبر پر مزار بھی تعمیر کیا گیا ہے۔ اس میں دوسری قبر ان کے میاں چوہدری احمد خاں کی ہے جو ۲۰ جولائی ۱۹۷۷ء کو فوت ہوئے۔ ملکۂ موسیقی کی قبر پختہ ہے اور سرہانے نصب کتبے پر درج ذیل عبارت کندہ ہے۔

یا اللہ ج   بسم اللہ الرحمٰن الرحیم   یا محمدؐ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ O اَللّٰهُ الصَّمَدُ O لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ O وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ O

مرقد

ملکۂ موسیقی روشن آراء بیگم

بیوہ چوہدری احمد خاں مرحوم

تاریخ وفات: ۱۸ صفر المظفر ۱۴۰۳ھ بمطابق ۵ دسمبر ۱۹۸۲ء

مثلِ ایوانِ سحر مرقد فروزاں ہو تیرا
نور سے معمور یہ خاکی شبستاں ہو تیرا

Marfat.com

میجر سید ریاض منظور شہید ستارۂ جرأت

گجرات شہیدوں کی سرزمین ہے اس کی تاریخِ شجاعت و شہادت میں ۵ جون ۱۹۹۳ء کو ایک اور زریں باب کا اضافہ ہوگیا جب اس سرزمینِ وفا کے ایک جری سپوت سید ریاض منظور نے موغادیشو (صومالیہ) میں شہادت کا عظیم رتبہ پایا۔

سید ریاض منظور گجرات کے نواحی قصبے معین الدین پور سیداں کے رہنے والے تھے۔ اپریل ۱۹۹۳ء میں جب وہ ۱۰ بلوچ رجمنٹ میں کیپٹن کے عہدے پر فائز تھے ان کا دستہ اقوام متحدہ کی امن فوج میں شامل ہونے کے لئے صومالیہ روانہ ہوا۔ صومالیہ میں امن و امان تہ و بالا ہو چکا تھا۔ ملک خانہ جنگی کی لپیٹ میں تھا اور انسانیت قحط اور بارود کا نشانہ بن رہی تھی۔ پاکستانی فوج کے دستے اس صورت حال میں گرانقدر خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ ۵ جون ۱۹۹۳ء کے روز باغی جنرل فرح عدید کے فوجیوں نے پاکستانی فوج کے ایک گشتی دستے پر اچانک حملہ کر دیا۔ بہت سے جوان شہید و زخمی ہوئے۔ کیپٹن ریاض اس وقت شدید علیل تھے مگر انہوں نے خود کو رضا کارانہ طور پر پیش کیا اور شدید اصرار کر کے جائے حادثہ پر پہنچ گئے۔ وہ زخمی فوجیوں کو گاڑی میں واپس لا رہے تھے کہ ان پر حملہ کر دیا گیا۔ گاڑی کا ٹائر پنکچر ہو گیا اور کیپٹن ریاض گولی لگنے سے زخمی ہو گئے۔ انہوں نے گاڑی سے اتر کر حملہ آوروں کا تن تنہا مقابلہ شروع کر دیا اور ڈرائیور سے کہا کہ جیسے بھی ہو زخمی جوانوں کو کیمپ میں پہنچا دو۔ آپ نے دشمن کا نہایت جوانمردی سے مقابلہ کیا اور ان کی توجہ گاڑی سے ہٹ گئی۔ زخمی کیمپ میں پہنچ گئے اور دوسری طرف کیپٹن ریاض دشمن کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنے رہے۔ تاآنکہ شہادت کا عظیم لمحہ آن پہنچا۔ اس فقید المثال بہادری کے صلے میں آپ کو بعد از شہادت میجر کا عہدہ اور ستارۂ جرأت کا اعزاز عطا کیا گیا۔

Marfat.com

۲۳ مارچ ۱۹۹۴ء کو صدر پاکستان فاروق احمد لغاری نے شہید کے والد کو یہ تمغہ دیا۔ معین الدین پور کے ٹبہ قبرستان میں آپ کی آخری آرام گاہ ہے جس پر فوج کے زیر انتظام خوبصورت مقبرہ تعمیر کیا گیا ہے جو سنگِ مرمر سے مزین ہے۔ مقبرہ پر ریاض منظور کے واقعۂ شہادت کی تفصیل اور ساتھی شہداء کے نام مغربی دیوار میں نصب تختی پر کندہ ہیں۔ کتبہ قبر کی تحریر یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللهِ اَمْوَاتٌ

بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْن

میجر ریاض منظور شہید

ستارۂ جرأت

ولد سید منظور حسین

تاریخِ شہادت: ۵ جون ۱۹۹۳ء

بمطابق ۱۳ ذوالحجہ ۱۴۱۳ھ بروز ہفتہ

مقامِ شہادت: موغادیشو (صومالیہ)

زینب بی بی زوجہ ڈاکٹر عطا محمد

زینب بی بی، شاعرِ مشرق حضرت علامہ اقبالؒ کی خوشدامن اور خان بہادر ڈاکٹر شیخ عطا محمد کی زوجہ محترمہ تھیں۔ ۱۸۵۸ء کو اٹاوہ (ضلع گوجرانوالہ) میں کشمیری شیخ فیملی میں پیدا ہوئیں۔ ۱۸۷۳ء میں ڈاکٹر شیخ عطا محمد سے بیاہی گئیں۔ ان کی پانچ بیٹیاں اور ایک بیٹا تھا۔ زینب بی بی ۷۹ سال کی عمر میں فوت ہوئیں اور اپنے جوانمرگ بیٹے اور شوہر نامدار کے پہلو میں دفن ہوئیں۔ قبرستان بھٹیاں (مسلم آباد گجرات) میں ان کی قبر، قبرستان کے جنوبی حصے میں ان کے آبائی احاطے میں موجود ہے۔ چند سال قبل اس پر سیّد نور محمد صاحب قادری کی مساعی سے بیگم رشیدہ آفتاب صاحبہ نے کتبہ لگوا دیا ہے۔ کتبے کی عبارت یہ ہے۔

یا اللہ ج   یا رسول اللہ ﷺ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

زینب بی بی

زوجہ

خان بہادر حافظ ڈاکٹر شیخ عطا محمد

خوشدامن

شاعرِ مشرق حکیم الأمت علامہ ڈاکٹر محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

تاریخِ وفات

اگست ۱۹۳۸ء عمر ۷۹ سال

عطیہ منجانب محترمہ رشیدہ بیگم آفتاب اقبال صاحبہ

Marfat.com

مولوی محمد سلام اللہ شائق

یکتائے روزگار مولوی سلام اللہ شائق، مولوی شیخ عبداللہ کے بھتیجے اور علمی وادبی جانشین تھے۔ آپ کے والد کا نام مولوی امان اللہ تھا۔ آپ علوم دینیہ پر دسترس رکھنے کے علاوہ اردو، فارسی اور عربی کے قادر الکلام شاعر بھی تھے اور تاریخ گوئی میں بھی ید طولیٰ رکھتے تھے۔ آپ سے علمی فیض پانے والوں میں بڑے بڑے نام آتے ہیں۔ اپنے دور کے بہت سے علمی مشاہیر بشمول اقبالؒ سے آپ کے مراسم تھے۔ آپ کے صاحبزادے حکیم محمد مظفر علی بھی اپنے بزرگوں کی علمی وراثت کے امین تھے۔ وہ بھی آپ کے قریب ہی (مولوی شیخ محمد عبداللہ صاحب کے پہلو میں) دفن ہیں۔ مولوی سلام اللہ نے ۱۹۴۵ء میں وفات پائی اور مولوی شیخ عبداللہ صاحب والے قبرستان (چک عمر سے جانب شمال) میں آسودہ خاک ہوئے۔

راقم نے "آں طوطیٔ شیریں سخن" = ۱۳۶۵ھ سے آپ کی تاریخِ رحلت نکالی ہے۔ آپ کے بائیں ہاتھ (جانب مشرق) آپ کے ماموں زاد منشی شیر علم (م = ۸ ستمبر ۱۹۷۵ء) دفن ہیں۔ آپ کے کتبے کی تحریر حسب ذیل ہے۔

یا اللہ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یا محمدؐ

اَلا اِنَّ اَولیَاءَاللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھِم وَلَا ھُم یَحزَنُون

مزارِ پُر انوار

حضرت مولانا قاضی محمدؐ سلام اللہ شائقؒ

وفات: ۱۳ دسمبر ۱۹۴۵ء بمطابق ۷ محرم ۱۳۶۵ھ - ۲۸ گھر ۲۰۰۲ب

بروز جمعرات ظہر

Marfat.com

ڈوب جائے دین کی تعلیم کا جب آفتاب غمزدہ کیونکر نہ ہو دنیا جہاں کا شیخ و شباب

جس کے نیچے علم کی آراستہ مجلس تھی کل شامیانہ گر گیا ہے آج ٹوٹی ہے طناب

سیّد عالم اور مظفرؔ، اصغر معروف بھی یہی نشانی باپ کی روشن رہیں جوں آفتاب

تیرہ صد پینسٹھ ہجری اور محرّم ماہ میں اخترِ عمل و شرافت آگیا زیرِ سیماب(۱)

روزِ پنجشنبہ بوقتِ ظہرِ صادق اے دریغ

ہو گئے واصل الی اللہ مٹ گیا نقشِ جناب

قبر کے تعویذ کے دائیں طرف دائم اقبال دائمؔ کی حاضری کی یاد، ایک شعر کندہ ہے

سلام اللہ کی تُربت پر سلامی دینے آیا ہوں

دعائیں مانگ کر دائمؔ مرادیں لینے آیا ہوں

۱۔ کتبہ پر سیماب لکھا ہے۔ سحاب ہونا چاہیے۔

Marfat.com

حضرت قاضی سلطان محمودؒ

سلطان العارفین حضرت قاضی سلطان محمودؒ عصرِ حاضر کے عظیم قادری بزرگ تھے۔ آپ بلند درجہ کے عالم اور عظیم المرتبت سالک تھے۔ ضلع گجرات کے سرحدی گاؤں "اعوان شریف" میں جناب غلام غوث کے گھر ۱۸۴۰ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والدِ ماجد اور قریب کے دیہات کے مدارس سے حاصل کی۔ علومِ متداولہ کی تکمیل کے لئے پشاور، جہلم اور کیمبل پور کا سفر اختیار کیا۔ ۲۵ برس کی عمر میں تفسیر، حدیث، فِقہ، منطق، اَدب، ہندسہ، ہیئت اور فلسفہ میں دسترس حاصل کر لی مگر مزید تعلیم کی غرض سے حضرت اخوند عبدالغفور، سیدو شریف کی خدمت میں حاضر ہوئے اور علومِ ظاہری میں کمال حاصل کرنے کے علاوہ علومِ باطنی سے بھی نوازے گئے۔ ۱۲۹۰ھ میں دَرجہء خلافت پر فائز کئے گئے اور شاہدولہ گجراتیؒ کے حضور حاضری کا حکم لے کر گجرات تشریف لے آئے۔ شاہدولہ سے بھی باطنی فیض حاصل کیا۔ دربار شاہدولہ کی تعمیرِ نو کرائی اور ساتھ ایک مسجد بھی تعمیر کی۔

اعوان شریف میں آپ نے ایک عظیم الشان مدرسہ کی بنیا درکھی جہاں نفسِ انسانی کی تہذیب اور عقلِ انسانی کی تربیّت کی جاتی تھی۔ ڈور ڈور سے علم کے متلاشی حاضر ہوتے اور فیض پاتے تھے۔ درس و تدریس آپ کا وظیفہء حیات تھا۔ آپ نے ۱۹۱۹ء بمطابق ۱۳۳۷ھ میں وفات پائی۔ علامہ اقبالؒ آپ کے مریدین میں شامل تھے۔ انہیں کے تین مصرعوں سے راقم نے تاریخِ رحلت نکالی۔

"اِک دانشِ نورانی، اِک دانشِ برہانی" = ۱۳۳۷ھ

"کرم تیرا کہ بے جوہر نہیں مَیں" = ۱۳۳۷ھ

"ہر شے مسافر، ہر چیز راہی" = ۱۳۳۷ھ

Marfat.com

آپ کے وسیع حلقہ مریدین کے علاوہ آپ کے ارادتمندوں میں حکیم اجمل خاں اور میاں محمد بخشؒ بھی شامل تھے۔ آپ کا مزار اعوان شریف کے جنوب میں مرجع خلائق ہے۔ ساتھ مسجد میں آج بھی سلسلہ درس و تدریس جاری ہے۔ (تفصیلی حالات کے لئے دیکھیئے "مقاماتِ محمود" از معشوق یار جنگ)، قبر کے کتبہ کی تحریر یہ ہے:

یا اللہ ج یا محمدؐ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اولیاء راہست قدرت از الٰہ
تیر جستہ باز گردانند ز راہ

مرکزِ تجلّیات

زبدۃ العارفین، سراج السالکین، محبوبِ سبحانی، قطبِ ربّانی، شہبازِ لامکانی غوثِ زماں غریب نواز سرکار حضرت **قاضی سلطان محمود** صاحب اعوانی رحمتہ اللہ علیہ

تاریخِ وصال: ۲ مئی ۱۹۱۹ء / یکم شعبان ۱۳۳۷ھ جمعتہ المبارک

Marfat.com

خواجہ سنا اللہ پیرِ خرابات

فارسی کے عظیم شاعر، کتبِ کثیرہ کے مصنّف اور روحانی شخصیت، خواجہ سنا اللہ پیرِ خرابات جلالپور جٹاں کے قریب کُلاچور کے قبرستان میں دفن ہیں۔

آپ ۱۸۰۹ء کو لنگاہ ضلع بلند میر سرینگر (کشمیر) میں پیدا ہوئے۔ آپ کے نانا سیّد عبدالغفور شاہ جو صاحبِ کرامت ولی تھے، نے آپ کی روحانی تربیت کی اور آپ اِنہی سے سلسلۂ قادریہ میں بیعت ہوئے۔ سیاحت میں بیشتر عمر گزاری اور دورانِ سیاحت بہت سے بزرگوں مثلاً شاہ دولہ دریائی (گجرات)، حضرت عبدالوہاب (کلکتہ)، شاہ محمد صادق، حضرت طَیّب (کشمیر)، شاہ قلندر (کابل)، حضرت غلام الدین خراسانی سے فیض پایا۔ جموں میں آپ محمد جیو اور کشمیر میں پیر سُنہ کے نام سے جانے جاتے تھے۔ مہاراجہ گلاب سنگھ کے وزیرِ توشہ خانہ بھی رہے۔ آخر جلالپور جٹاں میں اپنی ہمشیرہ نسبتی کے ہاں آکر ٹھہرے اور باقی عمر یہیں عباداتِ الٰہی اور تصنیف و تالیف میں گزار دی۔ آپ کی کتب کی تعداد ایک سو سے زائد ہے۔ زیادہ تر تصوف پر ہیں۔ آپ کو تصنیف و تالیف میں غیبی مدد حاصل ہوتی تھی۔ آپ نے ایک ایک دن میں ایک ایک کتاب اس ضخامت کی لکھی کہ اس کو پڑھنے کے لئے بھی کئی روز درکار ہیں۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے "پیرِ خرابات" از ڈاکٹر احمد حسین قریشی)۔

جلالپور جٹاں سے کُلاچور کو جانے والے رستے میں جو قبرستان آتا ہے اسی میں آپ کا مزار ہے۔ اس مزار کی تعمیرِ نو حکومتِ پاکستان اور حکومتِ ایران کے تعاون سے ۱۹۷۶ء میں مکمل ہوئی اور نئے مقبرے کا سنگِ بنیاد ۱۱ نومبر ۱۹۷۶ء کو ایران کے جناب ڈاکٹر سیّد علی اکبر جعفری اور مولانا کوثر نیازی (وزیر مذہبی امور حکومتِ پاکستان) نے رکھا تھا۔ قبر کے سرہانے کتبہ پر یہ تحریر کندہ ہے۔(۱۸۸۰ء / ۱۲۹۷ھ) آپ کا

Marfat.com

سَنِ وصال ہے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

اَلَا اِنَّ اَولِیاءَ اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھِم وَلَا ھُم یَحزَنُونَ

مرقدِ منور

قدوہ العارفین، امام السالکین حضرت خواجہ ثناء اللہ شاہ پیرِ خرابات رحمۃ اللہ علیہ

"مرقدِ عالی جاہ پیرِ خرابات" = ۱۸۸۰ء (۱)

"گرامی داعیٔ حق پیرِ خرابات" = ۱۸۸۰ء

"زبزم دھرائے صادق نہاں گشت" = ۱۲۹۷ھ

"زہے خواجہ ثناء اللہ چو رضوان" = ۱۸۸۰ء

"بآلودن امام عارفاں گشت" = ۱۲۹۷ھ

"از یاد قریشی احمد حسین احمد تلعداری" = ۱۲۹۷ھ

۱۱ نومبر ۱۹۷۶ء

(۱)۔ تذکرہ مشائخ قادریہ میں سنِ رحلت ۱۸۷۹ء لکھا ہے۔

Marfat.com

حکیم سوہنے شاہ

حکیم سیّد سوہنے شاہ گجرات کے نامور معالج اور درویش صفت انسان تھے۔ اخروٹہ سیداں (سیالکوٹ) میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۰۴ء سے ۱۹۱۰ء سے حکیم صدر الدین سے اکتساب علم الابدان کیا پھر حکیم غلام مصطفٰے کے شاگرد ہوئے اور فن کے اسرار و رموز سے آگاہی حاصل کی۔ ۱۹۱۵ء میں حکیم غلام مصطفٰے نے آپ کو سندِ فراغت عطا کی۔ آپ نے کچھ عرصہ سیالکوٹ، پھر ڈھلو شرقی جلالپور جٹاں میں مطب کیا۔ ۱۹۳۱ء میں مستقلاً گجرات تشریف لائے اور بالمقابل مزار شاہدولہ مطب قائم کیا۔ جو رفتہ رفتہ مرجع خلائق بن گیا۔ ۱۹۵۲ء میں ریکس سینما کے پاس مطب بنایا اور آخری دم تک یہیں خدمتِ خلق کا سلسلہ چلتا رہا۔ آپ نے کئی نامور شاگرد پیدا کئے۔ درس و تدریس آپ کا پسندیدہ مشغلہ تھا۔ آپ نے نصف صدی تک گجرات میں بیمار انسانیت کو صحتیاب کیا۔ نادار اور مساکین کا علاج بلامعاوضہ کرتے۔

آپ خوش مزاج انسان تھے۔ آپ کے دوستوں کی یادیں آج بھی مسکراہٹوں سے آباد ہیں۔ آپ نے تقریباً ۹۰ برس کی عمر میں وفات پائی۔ اور قبرستان بھٹیاں میں جانبِ شمال (نزد قبر سید محمد اقبال ہیڈ ماسٹر) آپ کی قبر بنی جس پر یہ کتبہ نصب ہے۔

۷۸۶

حکیم سوہنے شاہ

ولد سکندر شاہ

وفات: ۳۱ مارچ ۱۹۶۷ء

Marfat.com

سہیل جیلانی تبسّم

اُردو اور پنجابی کا جواں مرگ شاعر سہیل جیلانی تبسّم ۱۱ اپریل ۱۹۴۴ء کو گجرات میں پیدا ہوا۔ ابتدائی تعلیم گجرات میں حاصل کی۔ زمیندار کالج سے بی اے کیا اور لاہور کی ایک فرم میں ملازمت اختیار کی۔ گجرات میں فرنیچر کا کارخانہ قائم کیا۔ پھر یونائیٹڈ بنک میں ملازم ہوئے اور ۸ مارچ ۱۹۷۲ء کو اچانک اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

سہیل تبسّم، پیر فضل گجراتی کا چہیتا نواسہ تھا۔ اور کم عمری میں شاعری پر سہیل کی مضبوط گرفت سے لگتا تھا کہ وہ پیر صاحب کا صحیح جانشین ہو گا مگر اَجل کے بے رحم ہاتھوں نے پنجابی اَدب سے یہ نوخیز سخن ور چھین لیا۔ پیر فضل کی اپنی نرینہ اولاد نہیں تھی اور سہیل سے بہت پیار کرتے تھے اور وہی ان کی امیدوں کا سہارا تھا مگر سہیل کی بے وقت موت پیر صاحب کے لئے سوہانِ رُوح ہو گئی اور وہ بھی چند ماہ بعد رونقِ جہاں سے رُوکش ہو گئے سہیل تبسّم کی خوبصورت پنجابی اور اُردو غزلیں مختلف جرائد و رسائل میں چھپتی تھیں اور اس کے تابناک مستقبل کی غمّاز ہوتی تھیں۔

سہیل تبسّم کو "قبرستان آلِ شاہدولہ" شاہدولہ روڈ گجرات (نزد مسجد حاجی صاحب) میں دفن کیا گیا۔ سہیل کی قبر پیر فضل کی قبر سے شمال کی جانب ہے۔ کتبہ کی تحریر حسبِ ذیل ہے۔

Marfat.com

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

تبسم دی سزا اونہاں نوں پُچھو
وچارے پھل جیہڑے مُرجھا گئے نیں

(تبسم)

آخری آرامگاہ

سید سہیل جیلانی تبسّم بی۔اے

تاریخ پیدائش: ۱۱، اپریل ۴۴ء

تاریخ وفات: ۸ مارچ ۷۲ء

دُکھ قضیئے سُکھ سمجھ کے ہس ہس جھاگن والا
ہوٹھاں اُتے دھر کے لے گیا جاندی وار تبسم
اِکو تار رہے گی وَجدی، فضل کھلونی ناہیں
درد اپنے دی چھیڑ گیا اے جیہڑی تار تبسم

(پیر فضل حسین فضلؔ گجراتی)

Marfat.com

مولانا حافظ سیّد علی نقشبندی

عالمِ دین اور مردِ سالک جناب حافظ سیّد علی صاحب میاں محمد علی کے گھر موضع کملا بھنڈ میں کٹھانہ خاندان میں پیدا ہوئے۔ مدرسہ تعلیم القرآن گجرات میں قرآن پاک حفظ کیا پھر حضرت ولایت شاہ صاحب کے مدرسہ خدام الصوفیہ میں مفتی احمد یار خاں نعیمی سے دینی علوم کی تکمیل کی اور مفتی صاحب کے بعد آپ ہی اس مدرسہ کے صدر معلم بنے۔ مفتی احمد یار خاں صاحب کی مشہور تفسیر نعیمی آپ کے ہاتھ سے تسوید ہوئی۔ مولانا حافظ سیّد علی جامع مسجد عید گاہ اور مسجد میاں جلال دین میں سالہا سال درس و تدریس اور خطابت کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔

راہِ سلوک میں آپ چورہ شریف اور علی پور شریف کے آستانوں سے مجاز تھے۔ حضرت شاہ ولایت اور سیّد حبیب اللہ شاہ صاحبؒ سے بھی اجازت حاصل تھی۔ آپ نے تحریکِ پاکستان اور تحریکِ ختمِ نبوت میں مقدور بھر کردار ادا کیا۔ تحریکِ جہادِ کشمیر میں بھی خانوادہ حضرت شاہ ولایت کی سرکردگی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ۱۹۷۷ء کی تحریکِ نظامِ مصطفٰے کی مجلسِ عمل کے آپ چیئرمین تھے۔ اس مجلس میں ہر مسلک کے علما شامل تھے۔ آپ کردار و گفتار میں اسلاف کا نمونہ تھے۔

آپ نے ۱۹۸۲ء میں رحلت فرمائی اور قبرستان خواجگان میں مولانا احمد حسین رہتکی کے مزار سے جانبِ مغرب تین چار گز کے فاصلے پر دفن ہوئے۔ مزار زیرِ تعمیر ہے۔ فی الحال کتبہ نصب نہیں۔ قریشی احمد حسین نے "معز و حافظ سید علی رفت" = ۱۹۸۲ء سے سنِ رحلت برآمد کیا ہے۔

حضرت شاہ دولہ دریائی گجراتیؒ

شاہ دولہ برصغیر کے عظیم ترین روحانی بزرگوں میں سے ایک ہیں۔ اور گجرات آپ کے بابرکت وجود کی وجہ سے "شاہ دولہ دی نگری" بھی کہلاتا ہے۔ آپ کا مزار صحیح معنوں میں مرجع خلائق ہے اور گجرات کی حد تک اتنی رونق کسی اور دربار پر دیکھنے میں نہیں آتی۔ مگر کتنی عجیب بات ہے کہ آپ کے حالاتِ زندگی کے بارے میں ہمیں کچھ بھی وثوق کے ساتھ معلوم نہیں ہے۔ ویسے تو آپ پر کتابیں لکھی گئی ہیں (مثلاً کرامت نامہ مشتاق رام، کرامت نامہ چراغ قادری، کرامت نامہ پیرِ خرابات، تذکرہ شاہ دولہ از ایس ایم نسیم، حیات و تعلیمات شاہ دولہ از شریف کنجاہی) مگر آپ کے نام سے لے کر تاریخ پیدائش، وفات، خاندان، عمر، طریقت کا سلسلہ، کرامات، واقعاتِ زندگی، تعمیرات کی بات کچھ بھی حتمی طور پر معلوم نہیں. بہت سی روایات ایسی ہیں جن کو تاریخ کی تائید حاصل نہیں۔ تاہم آپ کا گجرات میں وجود، مغلیہ دور میں ثابت ہے۔ درج ذیل حالات اجمالاً بیان کیے جاتے ہیں:

آپ کے باپ کا نام عبدالرحیم لودھی اور والدہ کا نام نعمت خاتون تھا۔ عبدالرحیم لودھی سلطان سکندر لودھی کے قبیلہ سے تھے۔ (کچھ لوگوں نے آپ کو سیّد ثابت کرنے کی کوشش کی ہے جو تاحال کامیاب نہیں ہو سکی) شاہ دولہ ۹۸۸ھ میں پیدا ہوئے (دوسری روایت کے مطابق ۹۵۵ھ میں)۔ بچپن میں یتیم ہو گئے۔ آپ کی والدہ آپ کو ساتھ لے کر پوٹھوہار میں آگئیں اور پانچ سال تک سہالہ میں محنت مزدوری کر کے اپنا اور اپنے بچے کا پیٹ پالتی رہیں۔ پھر موضع کالا (نزد جہلم) میں چار سال گزار کر راہی ملکِ عدم ہوئیں۔ شاہ دولہ کہ طفل یتیم و بیکس تھے دریوزہ گری کرتے سیالکوٹ جا پہنچے۔ وہاں مہتہ کیماں نے آپ کو اپنا متبنیٰ بنالیا۔ پھر قانونگوؤں کی قید میں رہے۔ آزاد ہوتے

Marfat.com

تو شاہ سیدا سرمستؒ (یا سیدنا سرمست) کی خدمت میں جا حاضر ہوئے۔ ۱۲ سال خدمت میں گزارے اور باطنی دولت پائی۔

مرشد کی وفات کے بعد آپ نے مرشد کے حکم سے گجرات میں اقامت اختیار کی۔ جہاں چار دانگِ عالم سے دنیا آپ کی قدم بوسی کے لئے حاضر ہونے لگی۔ آپ بنیادی طور پر انسان دوستی کے قائل تھے۔ "آپ کا غیب کے خزانوں پر تصرف تھا"۔ آپ نے فلاح و رفاہِ عامہ کے لئے سیالکوٹ اور گجرات میں پل، سرائے اور کنویں بنوائے۔ سیالکوٹ میں نالہ ڈیک کا پل، شاہ سیدا سرمست کا مزار، خانقاہ کی فصیل، خانقاہ امام علی الحق وغیرہ بنوائے۔ گجرات میں پل شاہدولہ کے آثار چند برس بیشتر تک موجود تھے۔

آپ کے سلسلۂ طریقت کے بارے میں اکثریت کا خیال ہے کہ آپ سلسلۂ سہروردیہ سے منسلک تھے۔ تاہم کچھ مصنّفین نے آپ کو قادری اور کچھ نے سہروردی قادری لکھا ہے۔ شاہ سیدا سرمست کے ذریعہ سے آپ کا شجرۂ طریقت، شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی سے ملتا ہے۔ آپ نے اکبر شہنشاہ، جہانگیر، شاہ جہاں اور اورنگ زیب عالمگیر کا عہد دیکھا۔ یوں ہم آپ کو عہدِ مغلیہ کے دورِ عروج کی شخصیت کہہ سکتے ہیں۔

سیدا سرمستؒ سے نعمتِ باطنی ملنے کے بعد آپ کئی برس تک ویرانے میں سکر و جذب و مستی میں رہے اور جنگلی جانوروں سے بلاخوف و خطر محبت کرتے رہے اور جب ہوش میں آئے تو فتوحاتِ ظاہری و باطنی کا کثرت سے مظاہرہ کیا۔ ۱۰۲۲ھ میں گجرات پہنچے۔ عمارات بنوائیں، لنگر جاری کیا اور بے شمار و بے حساب دولت راہِ خدا میں لٹائی۔ دنیا و عقبیٰ کے حاجت مند، غرباء و امراء، مرد، عورتیں سبھی چلے آتے تھے اور انسان ہی کیا آپ پرندوں اور حیوانات کے لئے بھی سراپا شفقت تھے۔

جہاں تک "شاہدولہ کے چوہوں" کا ذکر ہے، یہ بعد کے زمانہ کی اختراع ہے۔

Marfat.com

معاصر حوالوں میں ایسی کسی کرامت کا ذکر نہیں ملتا۔ خواجہ گوہر الدین احمدؒ نے جو کشفِ قبور کے ماہر تھے۔ ایک دفعہ بیان فرمایا کہ میں نے صاحبِ قبر سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں (شاہدولہ) نے جواب دیا کہ اس سے میرا کوئی تعلق نہیں۔ تاریخ کے علاوہ سائنس اور منطق پر بھی یہ بات پوری نہیں اُترتی۔ کیونکہ اول تو چھوٹا سر (Microcephaly) ایک جینیاتی بیماری ہے اور دوسرے یہ پوری دنیا میں ہوتی ہے۔ امریکہ میں بھی ایسے بچے پیدا ہوتے ہیں اور خود پاکستان بلکہ گجرات میں بھی ایسی مثالیں موجود ہیں کہ بغیر مَنت مانے اور کئی نارمل بچوں کے بعد "چوہا" یعنی خورد سر بچہ پیدا ہوا۔

شاہدولہ صاحب (جن کا اصل نام سیّد کبیر الدین بیان کیا جاتا ہے جو مشکوک ہے) یوں تو اُمّی تھے لیکن باطنی نظروں اور بصیرت سے علوم پر دسترس رکھتے تھے۔ آپ نے تمام عمر شادی نہیں کی۔ تاہم ایک اور روایت کے مطابق آپ شادی شدہ تھے اور پیر بھاون شاہ آپ کے فرزند تھے۔ جن کی اولاد آج تک سجادہ نشین چلی آتی ہے۔

حضرت شاہدولہ دریائی کی زندگی کی باقی تفصیلات کی طرح آپ کے سنِ وفات میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔

۱۔ چراغ قادری نے سنِ وفات ۱۵ ربیع الاول ۱۰۸۶ھ لکھا ہے اور مادۂ تاریخ لِکھا ہے "محبوبِ مولا شیخ دولا" = ۱۰۸۶ھ

۲۔ مشتاق رام کا لکھا ہوا مادۂ تاریخ ہے۔ "خدا دوست بود" = ۱۰۸۷ھ

۳۔ فرحت الناظرین میں ۱۰۹۷ھ سنِ وفات دیا ہے۔

۴۔ گنیش داس نے ۱۰۸۶ھ کی تائید کی ہے۔

۵۔ صاحبِ شجرۂ چشتیہ نے سنِ وفات ۱۰۷۵ھ درج کیا ہے اور مادۂ تاریخ ہے

Marfat.com

"بجنت رسید شہ دولا" = ۱۰۷۵ھ

۶۔ غلام سرور لاہوری نے بھی "شاہنشاہ دولا قطبِ دوراں" = ۱۰۷۵ھ مادۂ تاریخ نکالا ہے۔

۷۔ تاریخِ گجرات میں مرزا اعظم بیگ نے بھی ۱۰۷۵ھ لکھا ہے۔

۸۔ تحفتہ الابرار اور تذکرہ اولیائے ہند نے ۱۰۷۵ھ کو سالِ وفات قرار دیا ہے۔

۹۔ خلاصتہ التواریخ اور مُخبر الواصلین اور مقاماتِ محمود نے ۱۰۸۵ھ لکھا ہے۔

۱۰۔ سلیم التواریخ نے مادۂ تاریخ کے لئے یہ شعر دیا ہے۔

سرخیل آں عارفِ حق گزیدہ

بگو "شاہ دولہ بجنت رسیدہ"

۱۰۸۵ھ

شاہدولہ صاحب کے مزار کے دروازے کے اوپر یہ شعر درج ہے۔

بتوحید آں عارفِ حق گزیدہ

بگو شاہ دولہ بجنت رسیدہ

وصال ۱۰۸۵ھ ہجری

راقم نے "لَا خَوفٌ عَلَیہِم وَلَا ہُم یَحزَنُون" = ۱۰۸۵ھ سے سنِ رحلت نکالا ہے۔

شاہدولہ صاحب کا مزار اولاً بھاون شاہ نے بنوایا تھا۔ کتبہ نصب ہونے کی کوئی شہادت موجود نہیں۔ ۱۸۶۷ء میں چبوترے کو بلند کر کے بنایا گیا۔ اس مرتبہ بھی کتبہ نہیں لگایا گیا۔ موجودہ گنبد نما مزار ۱۸۹۹ء میں قاضی سلطان محمودؒ اعوان شریف حکیم محمد سعید روڈس اور حافظ غلام احمد کی کوشش سے تعمیر ہوا تھا اور "سیّد کبیرالدین شاہدولہ دریائی" کی تختی نصب کروائی گئی تھی۔

حافظ شمس الدین گلیانوی

حافظ شمس الدین گلیانویؒ اپنے وقت کے کامل ولی، شاعر اور کشف القبور کے ماہر تھے۔ آپ ۱۸۳۷ء کے لگ بھگ گلیانہ نزد کھاریاں میں پیدا ہوئے۔ چھوٹی عمر میں ہی قرآن پاک حفظ کر لیا پھر عربی فارسی کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ پہلے کٹڑ مولوی تھے۔ پھر صوفیانہ رنگ اختیار کیا اور ہردلعزیز ہو گئے۔ حنفی صوفی تھے۔ ذات کے گوجر اور گوت کے بڑے تھے۔ پنجابی کے قادر الکلام شاعر تھے۔ سی حرفی، مناجات، مثنوی، توبہ نامہ، باراں ماہ، مخمس، مسدس، ستوارہ، گیت، نعت، قصیدہ سب کچھ لکھا مگر سب میں عشقِ حقیقی کا اظہار ہے۔ قصے کہانیوں اور عام عشقیہ داستانوں سے متنفر تھے۔ فنی لحاظ سے علی حیدر سے بہت متاثر دکھائی دیتے ہیں۔ آپ کے کلام کا مجموعہ "انوار الشمس" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔

آپ کی شخصیت کا دوسرا اہم پہلو علمِ کشف القبور پر آپ کی دسترس ہے۔ آپ اس میدان میں نہایت بلند مرتبہ پر فائز تھے۔ آپ نے گجرات اور دیگر کئی شہروں میں مدفون بزرگوں کی قبور کی نشاندہی فرمائی اور کچھ مزار خود بھی تعمیر کروائے۔ حضرت قاضی سلطان محمودؒ فرمایا کرتے تھے "آپ پیرِ طریقت، کشف القبور کے بحرِ بیکراں اور معرفت کے میدان کے شیر ہیں"۔

آپ نے ۶۴ برس کی عمر میں ۱۸ شوال ۱۳۱۹ھ بمطابق ۲۹ جنوری ۱۹۰۲ء بمطابق ۱۷ ماگھ ۱۹۵۸ بکرمی کو گلیانہ میں وفات پائی۔ آپ گلیانہ میں محلہ قریشیاں میں مسجد قریشیاں کے ساتھ دفن ہیں۔ مزار کی تزئین و آرائش جاری ہے۔ کتبہ نصب نہیں۔

Marfat.com

مولوی صالح محمد کنجاہی

مولوی صالح محمد نامور عالم، شاعر اور بہترین خطّاط تھے۔ تصوّف میں بھی بلند درجے پر فائز تھے۔ آپ ستائیس رجب ۱۲۲۲ھ بمطابق ۱۸۰۷ء بروز جمعہ کنجاہ میں شیخ محمد یار کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ کا خاندان مغلیہ عہد میں ایران سے ہندوستان آیا تھا۔ اور اس سے پہلے ان کا مسکن عرب کی سرزمین تھی۔ صالح محمد نے ابتدائی تعلیم اپنے نانا محمد ابراہیم کنجاہی سے حاصل کی۔ پھر قرآن پاک حفظ کیا اور علومِ متداولہ میں مہارت حاصل کی۔ عربی اور فارسی میں کمال پایا۔ فارسی شاعری میں آپ استادانہ مقام کے مالک تھے۔ تمام عمر مسجد میں درس و تدریس، قرآن خوانی، خطّاطی، تصنیف و تالیف اور عبادت میں بسر کی۔ آپ نے ۱۲۶۷ء میں اپنی مشہور تصنیف "سلسلۃ الاولیاء" لکھی جس میں آپ نے بہت سے اولیاء کے حالات و کرامات درج کیں۔ آپ سچے عاشقِ رسولؐ تھے۔ خواجہ غلام محی الدین قصوری کے خلیفہ تھے اور تصوف کے اسرار و رموز سے خوب آگاہ تھے۔ اپنے وقت کے اہلِ تصوّف اور اہلِ علم سے دوستی رکھتے تھے۔

آخری عمر پے در پے صدمات میں گزری۔ پہلے آپ کا جواں سال، نہایت قابل فرزند حافظ غلام محی الدین فوت ہوگیا (جو فارسی کا عظیم شاعر اور تاریخ گو تھا اور "مجمع التاریخ" کا مصنف تھا) پھر والدہ، بیٹی، داماد اور بیوی کی ناگہانی اموات نے آپ کو غم کے اتھاہ سمندر میں پھینک دیا۔ آخر اسی غم میں ۱۳۰۷ھ / ۱۸۸۹ء میں فوت ہوئے۔ کنجاہ کے سبز غازی قبرستان میں دربار سبز غازی کے سامنے (بطرف بڑا دروازہ) آپ کا مزار ہے۔ پختہ مزار کے سرہانے لوہے کی پلیٹ پر یہ عبارت رقم ہے۔

تاریخِ ارتحال

خواجہ جناب صالح محمدؒ کنجاہیؒ

صالح محمد یکہ عزیز زمان خود بود
ہمہ دوستانش منبعِ نورِ ھُدیٰ بگفتہ
سالِ وصالِ او چو ز ھاتف سوال کردم
ناگہ سروش گفتا "وے باخدا برفتا"

۱۳۰۷ھ

(صاحبزادہ محمد رفیق فاروقی نبیرہ حضرت صالح کنجاہی حال مچھیانہ)

☆ تختی پر کتابت کی غلطی سے ۱۳۵۷ھ لکھا گیا ہے۔ ۱۳۰۷ھ ہونا چاہیے۔

یہ قطعہ تاریخ مولوی تاج الدین سکنہ باگڑیانوالہ نے لکھا تھا۔ انہیں کی دوسری تاریخ "او چہ بود شیریں سخن" = ۱۳۰۷ھ ہے۔

Marfat.com

حضرت سیّد صالح محمدؒ گیلانی قادری نوشاہی

حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے خلیفہ اور سلسلۂ قادری نوشاہیہ کے سر بر آوردہ وَلی جناب سیّد صالح محمد گیلانی قادری نوشاہی سادہ چک میں مدفون ہیں۔ آپ کے دادا حضرت سیّد روح اللہ اوچ گیلانیاں سے گجرات تشریف لائے اور یہاں ان کی نسل پروان چڑھی۔ سیّد صالح محمد کے والد سیّد میراں عبدالوہاب گیلانی قادری بھی اپنے وقت کے عالمِ باعمل تھے۔ آپ کا شجرۂ نسب حضرت شیخ عبدالقادر گیلانی سے ملتا ہے۔

سیّد صالح محمد نے سادہ چک میں ایک مسجد اور مدرسہ بھی قائم کیا۔ آپ ہی کی نگاہِ کیمیا نے علم سے دور بھاگنے والے محمد اکرم کو "غنیمت کنجاہی" بنا دیا جس کی فارسی دانی کا لوہا اہلِ فارس نے بھی مانا۔ غنیمت نے اپنے کلام میں کئی جگہ آپ سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا ہے۔

آپ کا مزار سادہ چک میں مرجع خلائق ہے۔ کتبۂ مزار پر سنِ وصال ۱۱۱۸ھ درج ہے۔ مگر یہ درست نہیں۔ (آپ کے والد صاحب ۱۰۲۱ھ میں فوت ہوئے)۔ صحیح سالِ وصال ۱۰۷۴ھ ہے (بحوالہ اذکارِ نوشاہیہ از شریف احمد شرافت)۔ سادہ چک میں سیّد معصوم شاہ نوری کے مزار کے اندر ہی آپ کی اور آپ کے بزرگوں کی قبریں ہیں۔ آپ کی قبر کے سرہانے یہ کتبہ نصب ہے۔

Marfat.com

یا اللہ ج یا رسول اللہ ص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

مرکزِ نزولِ رحمت

امام العاشقین حضرت سیّد صالح محمدؒ گیلانی قادری نوشاہیؒ

بن

سیّد میراں عبدالوہاب گیلانی قادری رحمۃ اللہ علیہ

سنِ وصال ۱۱۱۸ھ

حسب الارشاد

مخدوم اہلسنت ابوالحسن پیر سیّد محمد معصوم شاہ گیلانی قادری نوری قدس سرہ

طالبِ دعا

میاں غیاث الدین سجادہ نشین داتا دربار لاہور، ۱۹۹۰ء

Marfat.com

صاحبزادہ پیر سیّد ظفر علی شاہ عباسی الہاشمیؒ

چکوڑی بھیلوال میں پیر سیّد غلام سرور شاہ کے مزار میں دو قبریں ہیں۔ مغرب والی قبر پیر غلام سرور کے چھوٹے بھائی صاحبزادہ سیّد ظفر علی شاہ عباسی الہاشمی کی ہے، جو طریقت میں بلند مقام کے مالک تھے۔ اُردو فارسی کے بلند پایہ شاعر اور عالم تھے۔ آپ سنتِ رسولؐ کے سختی سے پابند تھے اور ہزاروں لوگوں کو اس راہ پر ڈالا۔ آپ سید محمد چراغ کے فرزند تھے۔

شاعری میں آپ علاّمہ اقبالؒ سے متاثر تھے اور آپ کی شاعری میں اقبال کی بازگشت سنائی دیتی ہے۔ "نعرۂ حریّت" آپ کی شاعری کا مجموعہ ہے جو قومی جذبات سے لبریز ہے۔ آپ کی زندگی کا مقصد پیامِ زندگی کی تبلیغ تھا، فقط شاعری نہ تھا اسی لئے وہ علاّمہؒ کے ہم زبان ہو کر کہتے ہیں۔

نغمہ کجا و من کجا سوزِ سخن بہانہ ایست
سوئے قطار می کشم ناقہ بے زمام را

آپ کی قبر کا کتبہ اس تحریر کا حامل ہے۔

یا اللہ ج　　　حق　　　یا محمدؐ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

پیرِ طریقت منبعٔ فیوضاتِ سروریہ

صاحبزادہ پیر سیّد ظفر علی شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ

تاریخِ وصال

۳ جمادی الاول ۱۳۹۳ھ بمطابق ۶ جون ۱۹۷۳ء

Marfat.com

چوہدری ظہور الٰہی

نامور سیاستدان چوہدری ظہور الٰہی، گجرات کے ایک قصبے نت میں چوہدری سردار خاں کے گھر ۱۹۲۱ء میں پیدا ہوئے۔ زمیندار ہائی سکول گجرات سے تعلیم حاصل کی۔ پولیس کی ملازمت سے عملی زندگی کا آغاز کیا۔ تقسیمِ پاکستان کے بعد گجرات میں ٹیکسٹائل ملز قائم کی اور ایک کامیاب صنعتکار اور سماجی شخصیت کے طور پر سامنے آئے۔ ۱۹۵۸ء میں سیاست کے میدان میں وارد ہوئے۔ پہلے ریپبلکن پارٹی میں آئے پھر کنونشن مسلم لیگ سے ہوتے ہوئے کونسل مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔ ۱۹۶۳ء میں ایم این اے بنے۔ ۱۹۷۰ء اور ۱۹۷۷ء کے انتخابات میں بھی کامیابی حاصل کی اور گجرات کی سیاست میں پرانے اجارہ داروں کو مات دے دی۔

۱۹۷۷ء کی تحریکِ نظامِ مصطفٰے اور قومی اتحاد میں چوہدری صاحب بہت سرگرم رہے اور کمال جرأت کا مظاہرہ کیا۔ مارشل لاء دور میں افرادی قوت اور سمندر پار پاکستانیوں کے وفاقی وزیر رہے۔

چوہدری ظہور الٰہی پاکستان پروگریسو پیپرز کے مینجنگ ڈائریکٹر بھی رہے۔ صدر ایوب کے دور میں پنجاب کے گورنر امیر محمد خاں سے شدید اختلافات ہوئے اور کئی جھوٹے مقدمات میں ملوث کئے گئے۔ بھٹو دور میں بھی اپنی بے باکی کی وجہ سے جیل میں رہے۔

۲۵ ستمبر ۱۹۸۱ء کو لاھور میں انتقامی سیاست کا شکار ہوئے اور گجرات میں دفن ہوئے۔ محلہ مسلم آباد میں ان کا مقبرہ خوبصورت فنِ تعمیر کا نمونہ ہے۔ اس مقبرے میں چوہدری صاحب کے علاوہ ان کے خاندان کے کچھ دیگر افراد بھی دفن ہیں۔ قبر کو سنگِ مرمر سے پختہ کیا گیا ہے۔ تاحال کتبہ نصب نہیں کیا گیا۔

عالم لوہار

پنجاب کی لوک موسیقی کا شہنشاہ محمد عالم لوہار یکم مارچ ۱۹۲۸ء کو تحصیل کھاریاں کے گاؤں آچھ گوچھ میں پیدا ہوا۔ عام محفلوں سے نکل کر عالم لوہار کی آواز پورے ملک میں مقبولیت کے بلند ترین مقام تک پہنچی۔ عالم لوہار کا ایک مخصوص انداز تھا، جسے ان کے صاحبزادے عارف لوہار نے زندہ رکھا ہوا ہے۔

لاکھوں دلوں کی دھڑکن عالم لوہار اپنے فن کے عین زمانہ عروج میں ۳ جولائی ۱۹۷۹ء کو مانگا منڈی کے قریب ٹریفک کے ایک حادثے میں جاں بحق ہوئے۔ راقم نے "غریقِ رحمت ہوئے" = ۱۹۷۹ء سے تاریخِ وفات نکالی ہے۔

عالم لوہار کو لالہ موسیٰ میں دفن کیا گیا کیونکہ اب وہ مستقلاً لالہ موسیٰ میں رہائش پذیر تھے۔ جی ٹی روڈ پر لالہ موسیٰ سے گزر کر نوگزہ قبرستان میں لبِ سڑک عبدالکریم اجمیری کے مزار کے ساتھ ان کی قبر ہے۔ کتبہ کی تحریر حسبِ ذیل ہے۔

یا اللہ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یا محمد

لا الٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

یا علی یا فاطمہ یا حسن یا حسین

تربتِ مبارک

گلوکار حاجی محمدؐ عالم لوہار

تاریخ وفات: ۳ جولائی ۱۹۷۹ھ بروز منگل / ۷ شعبان ۱۳۹۹ھ

خدا کی تجھ پہ رحمت ہو محمد کی شفاعت ہو
دعا میری یہ ہے تجھے جنت کی راحت ہو

Marfat.com

قاضی محمد عبدالحق

مردِ خدا صاحبِ حال و قال حضرت قاضی عبدالحق کا جلالپور جٹاں میں مزار مرجع خلائق ہے۔ جہاں عام دستور کے بر عکس کوئی نذرانہ، چڑھاوا یا چندہ قبول نہیں کیا جاتا۔

آپ حضرت عمرِ فاروقؓ کے بیٹے عبداللہؓ کی نسل سے ہیں۔ آپ کے بزرگوں میں سے قاضی محمد رضا لاہور سے گجرات آئے۔ قاضی گجرات مقرر ہوئے۔ یہ تمام خانوادہ سلسلۂ طریقت قادری میں بلند حیثیت پر فائز تھا۔

آپ ۱۶ مارچ ۱۸۹۴ء کو قاضی عبدالعزیز کے ہاں جلالپور جٹاں میں پیدا ہوئے۔ تمام عمر زہد و عبادت میں گزری۔ آپ نے ۷ جولائی ۱۹۶۰ء کو انتقال فرمایا اور جلالپور جٹاں کے محلہ سادھواں میں آسودۂ خاک ہوئے۔ جہاں خوبصورت مزار تعمیر کیا گیا ہے۔

مزار کے ساتھ مسجد بھی تعمیر کی گئی ہے۔ مزار کے دروازے کے ایک طرف سنگِ مرمر کے کتبے پر یہ عبارت کندہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

چشمۂ فیض ظاہر و باطنی

معصوم۔ پاک۔ عالم۔ کامل

حضرت قاضی محمد عبدالحق صاحب قریشی قادری رحمتہ اللہ علیہ

۱۶ مارچ ۱۸۹۴ء کو عالم آب و گِل میں تشریف فرما ہوئے اور ۷ جولائی ۱۹۶۰ء کو زندہ جاوید ہو گئے۔

Marfat.com

لیفٹننٹ کرنل چوہدری عبدالرحمن شہید، ستارۂ جرات

بہادری کی داستانیں رقم کرنے والے عزیز بھٹی شہید، شبیر شریف شہید اور اکرم شہید کے شہر گجرات نے جہاں تین نشانِ حیدر حاصل کر کے منفرد اعزاز حاصل کیا، وہاں بہادری کا دوسرا بڑا اعزاز "ستارۂ جرات" حاصل کرنے والے کئی سپوت بھی اِسی دھرتی نے پیدا کئے ہیں۔ عبدالرحمٰن شہید بھی انہیں میں سے ایک ہیں۔ گجرات کی ایک نامور فیملی کے چشم و چراغ تھے۔ ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ میں جامِ شہادت نوش کیا۔

ان کی قبر شاہ حسین ملتانی کے مزار سے جانبِ مغرب، مسجد کی جنوبی دیوار کے ساتھ واقع ہے۔ کتبہ کی تحریر سے ان کے بارے میں تمام ضروری معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ سنگِ مرمر کے کتبے کی تحریر درجِ ذیل ہے۔ (انہیں کے نام پر گجرات شہر کی ایک اہم سڑک "رحمان شہید روڈ" کہلاتی ہے)۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْن

لیفٹیننٹ کرنل چوہدری عبدالرحمٰن شہید

ستارۂ جرأت

ولد چوہدری عبدالغنی خان ایم۔اے، بار ایٹ لا۔

آنریری مجسٹریٹ گجرات

یومِ پیدائش: ۱۱ اپریل ۱۹۲۶ء

یومِ شہادت: ۱۱ ستمبر ۱۹۶۵ء

Marfat.com

شہید ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران سیالکوٹ سیکٹر میں چونڈہ کے محاذ پر توپ خانے کی (۱) ایس پی رجمنٹ کے کمانڈنگ آفیسر تھے۔ آپ نے دشمن کی اگلی صفوں پر دلیرانہ یلغار کرتے ہوئے چونڈہ کے مقام پر وطنِ عزیز کی خاطر عظیم قربانی دے کر حیاتِ جاوداں پائی اور اہلِ وطن کے لئے ادائیگی فرض کی ایک تابندہ مثال قائم کی۔ ع

"شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے"

Marfat.com

حکیم محمد عبدالرحیم جمیل

گجرات کے بہت بڑے معالج، ادب دوست اور دوست پرور شخصیت اور طب میں صدری رازوں سے پردہ اٹھانے والے حکیم جمیل، گجرات کے نواحی گاؤں رتی میں حکیم شمس الدین کے ہاں ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئے۔ طب میں زبدۃ الحکماء کی سند حاصل کی اور ۱۹۲۹ء میں گجرات میں شاہدولہ روڈ پر "دارالعلاج" کے نام سے مطب قائم کیا۔ جہاں نصف صدی سے زائد عرصہ دکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہے۔ لاکھوں لوگوں کو آپ کے دستِ شفا سے فیض پہنچا۔ آپ نے طِب کی بھرپور خدمت کی۔ ۴۰ سے زائد کتبِ طِب تصنیف کیں۔ "طبیب حاذق" (ماہنامہ) کا اجراء کیا اور ساٹھ سے زیادہ خصوصی نمبرز شائع کیے۔ طب کی خدمت کا یہ سلسلہ آج بھی ان کے صاحبزادے ضیاء الرحمٰن اور پوتے منیر اختر اور نعیم اختر قائم رکھے ہوئے ہیں۔

حکیم جمیل صاحب کا مطب گجرات میں اہلِ شعر و سخن کا سب سے بڑا مرکز تھا۔ جہاں حکیم صاحب میزبان اور پیر فضل میرِ مجلس ہوا کرتے تھے۔ حکیم اجمل خاں، حکیم محمد حسن قرشی، جوش ملیح آبادی، سید عطاءاللہ شاہ بخاری اور مولانا ظفر علی خاں سے آپ کے خصوصی مراسم تھے۔ مولانا ظفر علی خاں کی پہلی کتاب "بہارستان" آپ نے ہی چھپوائی تھی۔

تھے جس سے دل و دیدۂ احباب منور
رخشندہ تھی انجم کی طرح بزمِ ندیماں

آپ حلیم الطبع، فیاض، صوفی منش اور انسان دوست شخص تھے۔ غرباء کا علاج بلا معاوضہ کرتے۔ دُور دُور سے لوگ آپ کے پاس آتے اور شفا پاتے تھے۔ آپ نے

Marfat.com

۱۹۹۱ء میں وفات پائی اور فاروقی فیملی کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ راقم نے آپ کی تاریخِ وصال "مخزنِ رحمت اللہ" = ۱۴۱۱ھ اور "او در خلدِ بریں شد" = ۱۴۱۱ھ سے نکالی ہے۔ شاہدولہ روڈ پر حکیم جمیل صاحب کے مطب کے بالمقابل مقبول دواخانہ ہے اس کے عقب میں یہ قبرستان واقع ہے۔ دروازے سے داخل ہوں تو دائیں ہاتھ آپ کی قبر ہے۔ پختہ قبر پر کتبہ نصب ہے جس کی تحریر درج ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جسم تو خاک ہے اور خاک میں مل جائے گا
روح روشن ہے چراغوں میں نظر آئے گی

خاکستانِ گلِ مہر و وفا

حکیم محمدؐ عبدالرحیم جمیلؔ

پسرِ نامدار حکیم مولوی شمس الدین۔ المعروف حکیم رتّی والے

حکیمِ حاذقِ دوراں محمد عبدالرحیم جمیل اِسمِ مبارک شعاعِ شمسِ حکیم
ضیائے نورِ حقیقت، ثنائے خُلقِ عظیم[۱] دعائے سیفیؔ عاصی، رضائے رَبِ کریم

تاریخِ وصال۔ "طبع حلیم محمدؐ عبدالرحیم جمیل گجرات" = ۱۴۱۱ھ / ۷ جون ۱۹۹۱ء

درج بالا تحریر تعویذ کی سمت لگے ہوئے کتبے پر کندہ ہے۔ دوسری طرف بھی دو کتبے نصب ہیں۔ پہلے مغرب کی جانب لگے کتبے کی تحریر درج کی جاتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ

جمیل آں مردِ عارف مردِ کامل مسیحائے زماں او در شفا بود

Marfat.com

ز حرص و آز او آزاد گشتے سدا یک دوست دارِ باوفا بود
مریضاں را سراپا فیض بخشے ضیاؔ را و ثناؔ را یک ہما بود
کسے پرسید گر سالِ وصالش بگویم "کم کہ حاتم در سخا بود"

۱۴۱۱ھ

بگویم راست اے رازؔ ایں مقولہ مرا ہمراز بود و ہمنوا بود

(بابو غلام حسین راز گجراتی)

مشرق کی جانب کے کتبے پر یہ قطعہ کندہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حسرتا از دارِ دنیا رخت بست از فراقش قلب ما مغموم گشت
در اطبا بود آں عالی وقار عالمے از رفتن او سوگوار
پیکرِ اخلاص آں مردِ صمیم صاحبِ اوصاف حکیم عبدالرحیم
یا الٰہی دارشاد اولادِ اُو کہ کافی بود برائے یادِ او
گُل زہجری شد ندائے قیل و قال لفظ "غایت" مادۂ سالِ وصال

۱۴۱۱ھ

(حکیم گُل حسین شاہ چھوکر کلاں)

(۱)۔ ضیاء الرحمٰن اور ثناء الرحمٰن حکیم جمیل صاحب مرحوم کے صاحبزادے ہیں۔

Marfat.com

شاہ عبدالعزیز بشندوری

ولی کامل حضرت دیوان شاہ عبدالعزیز، حضرت دیوان حضوری عبداللہ شاہ قادری بشندوری کے فرزندِ اولیٰ تھے۔ حضرت دیوان حضوری پوٹھوہار کے گاؤں بشندور (جو اب کوٹ دیوان صاحب کہلاتا ہے۔) کے عظیم الشان ولی تھے۔ اکابر اولیاء ہند کی تبلیغ اسلام کی روائت نبھاتے ہوئے اس علاقے میں اسلام کی روشنی پھیلائی۔ آپ نے ۲۰ شوال ۱۰۷۲ ہجری کو وفات پائی۔ حضرت قاضی سلطان محمودؒ، میاں محمد بخشؒ، پیر مہر علی شاہؒ، پیر غلام حیدر شاہؒ (جلالپور شریف) آپ کے انتہائی عقیدت مند تھے۔ داراشکوہ بھی آپ کا معتقد تھا۔

شاہ عبدالعزیز دیوان صاحب کی وفات کے بعد بشندور میں مسند نشیں ہوئے۔ اسی دور میں داراشکوہ نے حضرت دیوان حضوریؒ کا مزار تعمیر کرایا تھا۔ شاہ عبدالعزیز اس کے بعد موضع گولیکی (گجرات) میں تشریف لے آئے اور یہاں رشد وہدایت کی شمع روشن کی۔ جہاں ظاہری وباطنی علوم کے حصول کے لئے لوگ دور دور سے کھنچے چلے آتے تھے۔ رفتہ رفتہ سارا علاقہ آپ کا ارادتمند بن گیا۔ آپ ایک مرتبہ داراشکوہ کے ساتھ شاہجہان کے دربار میں تشریف لے گئے تو آزمائش کی غرض سے تمام شمعدان گُل کر دیئے گئے مگر آپ کے وجود پر نور سے تمام محل جگمگا اٹھا۔ آپ حضرت شاہدولہ دریائیؒ، سید محمد صالح (سادہ چک) اور سید میراں محمد فاضل گجراتی کے ہمعصر تھے۔

آپ کا مزار گولیکی سے باہر جانب جنوب مشرق واقع ہے۔ چھوٹا سا چھپر نما مقبرہ بنایا گیا ہے۔ اِردگرد اس خاندان کے متوفیان کی قبور ہیں۔ پختہ قبر کے سنگی کتبے پر یہ عبارت کندہ ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

لوحِ مزار

حاجی دیوان شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ

خلفِ اکبر

سلطان الموحدین، محبوبِ غوث الاعظم،

الحاج دیوان حضوری عبداللہ شاہ قادری قدس اللہ تعالیٰ سرہ

اخلاف

علمدارِ کربلا۔ عباسِ باوفا۔ برادرِ سید الشہدا

ابن

امام الاولیا علی المرتضٰے خلیفہ الرسول اللہ

ولادت: ۴ جمادی الثانی ۱۰۳۸ھ بروز دوشنبہ

وصال: ۲۱ رجب المرجب ۱۱۰۵ھ بروز چہار شنبہ

Marfat.com

خان بہادر شیخ عبدالعزیز

گجرات کی ایک مقتدر شخصیت شیخ عبدالعزیز، گجرات شہر کے محلہ چاہ بھنڈر میں ۲۴ اکتوبر ۱۸۷۵ء کو پیدا ہوئے۔ والد کا نام شیخ عبداللہ تھا۔ ابتدائی تعلیم گجرات میں اور اعلیٰ تعلیم لاہور میں حاصل کی۔ پولیس کی ملازمت سے ترقی کرتے کرتے ڈی آئی جی ریٹائر ہوئے۔ پیشہ ورانہ خدمات کے صلے میں ۳ جون ۱۹۱۸ء کو "خان صاحب" اور پھر "خان بہادر" کا خطاب ملا۔ شیخ عبدالقادر کے قریبی دوست تھے۔ انجمن حمایتِ اسلام لاہور کے سیکرٹری بھی رہے۔ جب گجرات سے لاہور منتقل ہوئے تو گجرات میں اپنا مکان انجمن حمایتِ اسلام لاہور کے نام وقف کر دیا۔ یہ مکان بابو محمد منصور صاحب کے گھر سے قریب ہے اور اب انہوں نے انجمن سے خرید لیا ہے۔

جنگ عظیم اوّل کے دوران ڈپٹی سیکرٹری پبلسٹی کمیٹی تھے اور اخبار "حق" نکالا کرتے تھے۔ علامہ اقبالؒ سے بھی راہ و رسم تھی۔ اور لاہور کے اس دور کے سبھی نامور لوگوں سے مراسم تھے۔ ۱۹۳۰ء کے قریب ریٹائر ہوئے۔ ۱۹۴۱ء میں فوت ہوئے۔

گجرات میں رحمان شہید روڈ پر جامع مسجد شادمان کالونی کے جانبِ مشرق ایک احاطے میں خاندان کے دیگر مرحومین کے ساتھ آپ کی قبر ہے۔ ۱۹۹۳ء میں راقم نے جب یہ قبر دیکھی تھی تو کتبہ صحیح سلامت تھا مگر ۱۹۹۵ء میں کتبہ ٹوٹ کر گر چکا تھا۔ راقم نے ۱۹۹۳ء میں درج ذیل تحریر ان کی قبر کے کتبے سے نوٹ کی تھی۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

آخری آرامگاہ

خان بہادر شیخ عبدالعزیز

سی۔ آئی۔ ای، او۔ بی۔ ای

ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب

خلف عبداللہ خاں قریشی شیخ

تاریخ پیدائش: ۲۴، اکتوبر ۱۸۷۵ء

تاریخ وفات: ۶ ستمبر ۱۹۴۱ء

Marfat.com

مولانا عبدالغفور اسلم جالندھری

پنجابی زبان میں کلام حکیم کی آسان تفسیر نظم کرنے کی سعادت حاصل کرنے والے مولانا عبدالغفور اسلم جالندھری کپور تھلہ ریاست کی تحصیل بھوستھ کے قصبے مانا تلونڈی میں ۱۹۰۱ء میں میاں امیرالدین کے گھر پیدا ہوئے۔ ایف اے، ایس وی اور او ٹی کی اسناد حاصل کیں۔ ۱۹۴۰ء تک ملک وال ضلع گجرات (موجودہ ضلع منڈی بہاؤالدین) میں مدرس رہے۔ چند ماہ خان آف قلات کے بچوں کے اتالیق رہے۔ ۱۹۴۱ء سے ۱۹۴۴ء تک فوج میں سویلین کلرک رہے۔ جنگ عظیم دوم کے بعد جالندھر شہر سے ملحقہ گاؤں "بوٹ" میں رہائش پذیر ہو گئے اور تبلیغ الاسلام ہائی سکول جالندھر چھاؤنی میں تدریسی خدمات سرانجام دیتے رہے۔

قیام پاکستان کے بعد ہجرت کر کے گجرات تشریف لے آئے اور پبلک ہائی سکول نمبرون میں اپنی سروس کے اختتام تک بطور اورنٹیل ٹیچر تعینات رہے۔ کئی سال تک سنہری مسجد گجرات میں اَمامت و خطابت کے فرائض فی سبیل اللہ سرانجام دیتے رہے۔ ۱۹۶۵ء میں ریٹائرمنٹ کے بعد قرآن حکیم کی منظوم پنجابی تفسیر شروع کی اور دو سال میں مکمل کرلی۔ اس آسان اور عام فہم تفسیر کا نام "تفسیرِ یسیر" ہے جو تین جلدوں اور ۱۴۹۴۸ اشعار پر مشتمل ہے۔

آپ رسول اکرمؐ کے سچے شیدائی اور اسلام کے مخلص مبلغ تھےؒ۔ آپ کی نعتوں کا مجموعہ "عقیدت کے پھول" کے عنوان سے شائع ہو چکا ہے۔ کتاب اللہ کا یہ بے مثال مفسر ۶ رمضان المبارک ۱۴۰۱ھ بمطابق ۹ جولائی ۱۹۸۱ء کو اس دارِ فنا سے دارالبقا کو سدھارا۔ آپ کی قبر، قبرستان بھٹیاں کے جنوبی نصف میں واقع ہے۔ کتبہ پر نام اور تاریخ وفات درج ہے۔

Marfat.com

خان بہادر سردار عبدالغفور خان دُرّانی

گجرات کی مشہور دُرّانی فیملی کے چشم و چراغ، ریٹائرڈ ایس ایس پی، صدر مسلم لیگ گجرات شہر اور اقبالؒ کے دوست اور شاگرد سردار عبدالغفور دُرّانی عرف "ابو صاحب" ۱۸۸۳ء میں گجرات میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام سردار محمد حسین خان تھا۔ عبدالغفور نے ۱۹۰۴ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے کا امتحان اچھے نمبروں سے پاس کیا۔ ان کے اساتذہ میں اقبالؒ کے علاوہ سر آرنلڈ بھی شامل تھے اور یہ ان کے چہیتے شاگرد تھے۔ (ان کے نام آرنلڈ کے خط اور دیگر تفصیلات کے لئے راقم کی کتاب "اقبال اور گجرات" ملاحظہ ہو) پولیس سروس میں آئے اور ترقی کرتے ہوئے ایس ایس پی کے عہدے تک پہنچے۔ پیشہ ورانہ خدمات کے صلے میں انہیں "خان بہادر" کا خطاب دیا گیا۔ ریٹائرمنٹ کے بعد گجرات میں مسلم لیگ کے استحکام کے لئے سرگرم رہے اور سماجی خدمات میں بھی حصہ لیتے رہے۔

ابو صاحب، اقبالؒ اور شیخ عبدالقادر، دونوں کے قریبی دوست اور مداح تھے۔ اقبالؒ نے خود اعتراف کیا کہ اگر عبدالغفور ان کا ابتدائی کلام محفوظ نہ رکھتا تو "بانگِ درا" مرتب نہ ہو سکتی۔ ابو صاحب ۱۹۵۲ء میں فوت ہوئے اور محلہ بیگم پورہ میں بیگم مسجد کے ساتھ اپنے آبائی قبرستان میں دفن ہوئے۔ کتبے کی تحریر نقل کی جاتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

سردار عبدالغفور خاں

خلف سردار محمد حسین خاں

وفات : ۱۰ اکتوبر ۱۹۵۲ء

Marfat.com

ڈاکٹر عبدالغنی جلالپوری

ڈاکٹر محمدؐ عبدالغنی ایک نابغۂ روزگار شخصیت تھے۔ جلالپور جٹاں میں مولوی عبدالصمد کے گھر ۱۸۶۴ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم جلالپور جٹاں میں اور میٹرک مشن ہائی سکول گجرات سے کرنے کے بعد گورنمنٹ کالج لاہور سے ۱۸۸۳ء میں امتیازی حیثیت سے بی اے کیا۔ حکومتِ برطانیہ کی طرف سے وظیفۂ ذہانت پر اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان چلے گئے سات برس قیام کیا اور وہاں سے ایم۔بی، ایل۔آر۔سی۔پی اور ایم۔آر۔سی۔پی کی مؤقر اسناد حاصل کیں۔ وہاں خلافت ترکیہ کی حمایت میں بہت سرگرم رہے اور دارالعلوم (House of Commons) میں بحیثیت مبصّر انگریزوں کے خلاف فصیحانہ و بلیغانہ تقاریر کرتے رہے جن کا جواب گلیڈ اسٹون سے بھی نہ بن پایا۔ اس حق گوئی کی پاداش میں آپ کا وظیفہ بند کر دیا گیا۔ انگریزی حکومت نے آپ کو خریدنے کے لئے ایک بڑی جاگیر اور ملازمت کی پیش کش کی جسے آپ نے ٹھکرا دیا۔ ۱۸۹۰ء میں آپ افغانستان کے امیر عبدالرحمٰن کے پرائیویٹ انگلش سیکرٹری مقرر ہوئے علاوہ ازیں افغانستان میں تعلیم کے فروغ کی ذمہ داری بھی آپ کو سونپی گئی جس کے لئے آپ نے ہندوستان سے اور فضلاء کو بلایا جن میں آپ کے دو بھائی مولوی نجف علی اور مولوی محمد چراغ بھی شامل تھے۔ ان لوگوں نے افغانستان کو عمومی تعلیم سے منور کرنے میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کی۔ ڈاکٹر صاحب حبیبیہ کالج کے پرنسپل اور کابل کے چیف میڈیکل افسر بھی تھے۔ شہزادہ حبیب اللہ خاں ۱۹۰۰ء میں افغانستان کا امیر بنا اور اس نے افغانستان کی پہلی لیجسلیٹو کونسل قائم کی۔ ڈاکٹر ایم اے غنی اس کے ممبر تھے۔ اس کے بعد بننے والی مجلس شرفا میں بھی آپ شامل تھے۔

Marfat.com

ڈاکٹر ایم اے غنی نے تمام ملک میں عمومی تعلیم کا جال پھیلا دیا تھا اور علم سے نفرت کرنے والے افغان اب اس نور سے متعارف ہوتے جا رہے تھے۔ اسی دوران ۱۶ اکتوبر ۱۹۰۴ء سے ۱۰ ستمبر ۱۹۰۶ء تک آپ انجمنِ حمایتِ اسلام لاہور کی درخواست پر اسلامیہ کالج لاہور کے پرنسپل رہے اور نہایت خلوص سے یہ خدمت انجام دیتے رہے۔ (عبدالقدیر نجفی نے اپنی "تحقیقی" کتاب "ڈاکٹر عبدالغنی جلالپوری" میں یہ عرصہ ۱۸۹۳ء سے ۱۸۹۶ء بتایا ہے۔ جو سراسر غلط ہے۔ تفصیل کے لئے صد سالہ تاریخ اسلامیہ کالج ملاحظہ ہو) اس کے بعد آپ دوبارہ افغانستان چلے گئے اور تعلیمی نظام میں مزید وسعت پیدا کی اور افغانستان میں جدید تعلیم کے بانی قرار پائے۔ آپ نے امیر کا اعتماد بھی حاصل کر لیا مگر یہ سب دیکھ کر حاسد میدان میں آ گئے اور امیر کے کان بھرنے شروع کر دیئے۔ ڈاکٹر صاحب نے افغانستان میں جمہوری قدروں کے فروغ اور دیگر اصلاحات کے لئے "مجلسِ جانثاراں" قائم کر رکھی تھی۔ مخالفین نے امیر سے کہا کہ یہ مجلس حکومت حاصل کرنا چاہتی ہے چنانچہ اس "سازش" کے جرم میں ڈاکٹر صاحب اور ان کے بھائیوں اور ساتھیوں کو قید کر دیا گیا۔ جہاں وہ مارچ ۱۹۰۹ء سے اپریل ۱۹۱۹ء تک ارگ شاہی (کابل) میں جرمِ بے گناہی کی سزا بھگتتے رہے۔ تا آنکہ امیر امان اللہ خاں نے انہیں رہا کر دیا۔ اس کے بعد ڈاکٹر صاحب معاہدہ راولپنڈی میں بھی شریک تھے جس کی رُو سے افغانستان کو برطانیہ سے آزادی ملی۔

ڈاکٹر ایم اے غنی نے قیام افغانستان کے دوران ہندوستان کی آزادی کی خاطر بھی فکری محاذ پر بہت کام کیا۔ ان کی لکھی ہوئی کتب

A Review of Political situation in Central Asia

A Brief political History of Afghanistan

Marfat.com

میں برصغیر پاک و ہند کے مستقبل پر نہایت فاضلانہ مباحث موجود ہیں۔ آزادیٔ ہند کے لئے آپ نے کابل میں حاجی ترنگ زئی اور شیخ اقبال شیدائی سے مل کر انڈیا انڈیپنڈنس لیگ کی بنیاد رکھی تھی۔ آپ نے ۸ کتب تاریخ، دینی علوم اور شاعری یادگاری چھوڑی ہیں۔

افغانستان سے واپسی پر ڈاکٹر صاحب تحریکِ ترکِ موالات کے تحت قائم ہونے والے آزاد ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کے اعزازی ڈائریکٹر کے طور پر بھی کام کرتے رہے۔ پھر جلالپور جٹاں آ گئے اور بقیہ عمر دکھی انسانیت کی خدمت میں گزار دی۔ آپ تمام دن مریضوں کا علاج معالجہ کرتے اور شاہانہ کی بجائے اس عوامی زندگی سے لطف اندوز ہوتے۔ آپ نے ۱۹۴۳ء میں وفات پائی اور قبرستان ٹبہ (جلالپور جٹاں) میں چوٹی پر دفن ہوئے۔ قبر کچی ہے کتبہ نصب نہیں اور قبر کی حالت بھی خراب ہے جسے دیکھ کر خیال آتا ہے ؂

جلتا ہے اب پڑا خس و خاشاک میں ملا
وہ گل کہ ایک عمر چمن کا چراغ تھا

Marfat.com

حضرت سیّد عبدالقادر قادری کلانوری رح

قادری مسلک کے ایک بلند پایہ بزرگ جناب سیّد عبدالقادر قادری کلانوری المعروف بہ پیر قادر شاہ جلالپور جٹاں میں محوِ استراحت ہیں۔ آپ کے تفصیلی حالات معلوم نہیں ہو سکے تاہم آپ کا کلانوری ہونا ثابت ہے۔ اور آپ کے معتقدین میں بہت سی کرامات مشہور ہیں۔ ایک غیر مصدّقہ روایت یہ بھی ہے کہ ابتدائی دور میں علامہ اقبال رح بھی آپ کے خلیفہ شیخ محی الدین صاحب سے روحانی فیض کے حصول کے لئے حاضر ہوتے رہے۔

آپ کا سنِ وفات ۱۸۹۳ء ہے۔ اور ہجری سن ۱۳۱۰ھ ہے جسے راقم نے "نشان مہر و مروّت بود" سے برآمد کیا ہے۔

آپ کے مزار سے ملحق جانبِ مشرق آپ کے خلیفہ شیخ محی الدین مدفون ہیں۔ وہ ۶ جولائی ۱۹۵۲ء کو فوت ہوئے۔ آپ کا مزار جلالپور جٹاں میں عبدالحق اسلامیہ کالج کے قریب واقع ہے۔ دروازے کے اُوپر سنگِ مرمر کی تختی نصب ہے۔ جس پر یہ عبارت کندہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قطعۂ تاریخِ وصال

غواصِ بحرِ ہویت، مظہرِ انوارِ احدیت حضرت سیّد عبدالقادر قادری کلانوری رح

سیّد عبدالقادرے شیریں مقال شہبازِ معرفت شمع ہدٰے

رفت زیں عالم سوئے دارالبقا "نورِ احد بود آہ روشن ضمیر"

۱۸۹۳ء

سالِ وصلش "منبعِ فیضِ رحیم"

۱۳۱۰ھ

گفت مشتاق(۱) حزیں اے نیک را

وفات: ۸ جون ۱۸۹۳ء بمطابق ۱۷ محرم الحرام ۱۳۱۰ھ(۲)

دربار کی تعمیرِ نو ۴ نومبر ۱۹۸۸ء

۱- یہ قطعہ تاریخ مشتاق احمد ہاشمی کا کہا ہوا ہے۔

۲- ۸ جون ۱۸۹۳ء کو ہجری تاریخ ۲۲ ذوالقعدہ ۱۳۱۰ھ تھی جبکہ ۱۷ محرم الحرام ۱۳۱۰ھ کو عیسوی تاریخ ۱۱ اگست ۱۸۹۲ء تھی یوں درج بالا تبادلہ سنین درست نہیں۔ (م۔س)

Marfat.com

مولوی عبدالکریم قلعداری

اِس نامور اُستاد اور بلند پایہ عالِم دین نے ۱۸۶۹ء میں قلعدار کے دینی و علمی خانوادے میں مولوی فضل احمد کے گھر آنکھ کھولی۔ ابتدائی تعلیم درسِ محمدیہ قلعدار میں حاصل کی۔ پھر علامہ سیّد احمد ناظم سے اکتسابِ علم کیا۔ ان کی وفات کے بعد مولوی کلیم اللہ مچھیانوی سے تحصیلِ علم کی۔ جدید تعلیم کے لئے اورنٹیل کالج لاہور میں داخلہ لیا اور ۱۸۹۵ سے ۱۸۹۷ تک مولوی عالم، مولوی فاضل اور منشی فاضل کے امتحانات پاس کئے۔ اس دوران آپ کو شمس العلماء مولوی محمد عبداللہ ٹونکی اور مولانا عبدالحکیم کلانوری جیسے اساتذہ اور پیر جماعت علی شاہ اور علاّمہ اقبال جیسے ہم سبق ملے۔ (اقبال گورنمنٹ کالج کے طالبِ علم تھے مگر گورنمنٹ کالج کے طلبا آرٹس مضامین اورنٹیل کالج میں پڑھتے تھے اور جب اقبال کا لیکچر خالی ہوتا تو وہ حماسہ پڑھنے کے لئے مولانا عبداللہ ٹونکی کی کلاس میں آیا کرتے تھے)

فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ نے درس و تدریس کا پیشہ اپنایا اور طویل عرصہ گورنمنٹ ہائی سکول جہلم میں عربی کے معلم رہے۔ کچھ عرصہ پنڈ دادن خان میں بھی خدمات انجام دیں۔ ۱۹۳۱ء میں ریٹائر ہوئے۔ آپ نے ریٹائرمنٹ کے بعد خود کو درس و تدریس (بمقام جامع شاہی قلعدار) اور تصنیف و تالیف کے لئے وقف کر دیا۔ آپ سیّد غلام حیدر شاہ آف جلالپور شریف سے بیعت تھے۔ آپ کی تصانیف میں تاج المومنین، مسائل الاموات، رُوح العباد فی ذکر المیلاد، تذکرۂ اسلاف و اخلاف، تاریخِ فتح مکہ، تفسیر سورہ فاتحہ وغیرہ شامل ہیں۔ آپ نے ۱۹ ستمبر ۱۹۵۷ء کو وفات پائی اور قلعدار میں اپنے آبائی قبرستان میں آپ کی آخری آرامگاہ بنی۔ قبر پر کتبہ نصب نہیں۔

Marfat.com

حکیم عبداللطیف عارف

تحریکِ آزادی کے سرگرم کارکن، مصلح قوم، شاعر اور طبیب جناب حکیم محمد عبداللطیف عارف ۱۸۹۶ء میں ٹھٹھہ متصل گھڑتل ضلع سیالکوٹ میں شیر محمد عرف میاں بلھے شاہ کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ولی اللہ اور رحانی و جسمانی معالج تھے۔ عبداللطیف نے منشی فاضل کرنے کے بعد حکیم محمد سعید صاحب روڈس سے علمِ طب میں عبور حاصل کیا اور تین سال تک مختلف مدارس میں مدرس رہے۔ پھر سید عطا اللہ شاہ بخاریؒ کی تقریر سن کر ملازمت کو خیرباد کہا اور تحریکِ خلافت میں شامل ہو گئے اور ایک شعلہ بیان مقرر کے طور پر مشہور ہوئے۔ اسی تحریک میں گرفتار ہوئے اور سیالکوٹ اور میانوالی میں قید رہے۔ میانوالی میں سیّد عطا اللہ شاہ بخاریؒ، احمد سعید صاحب دہلوی، مفتی کفایت اللہ، مسٹر آصف علی دہلوی، بابا گوردت سنگھ، سوامی شردھانند جیسے مختلف افکار رکھنے والے لیڈروں کی صحبت سے حکیم صاحب نے بہت کچھ سیکھا اور اسی قید میں آپ نے منظوم سیرتِ نبوی "کملیؐ والا" لکھی جو چھُپ کر بہت مقبول ہوئی۔

قید سے رہائی کے بعد آپ سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری کے مشورے پر مستقلاً گجرات آ گئے اور یہاں مطب قائم کیا جس کے ذریعے آپ نے علاقے کے عوام کی بھرپور خدمت کی۔ علاوہ ازیں آپ نے اصلاحِ رسوم کی غرض سے ایک اور کتاب "خاتون جنت داویاہ" لکھی۔ "انجمن اصلاح المسلمین" کے معتمد کے طور پر بھی آپ نے ضلع بھر میں تبلیغ و اصلاح کا کام بخوبی انجام دیا۔ ۱۹۲۸ء میں آپ نے گجرات کا سب سے پہلا مفیدِ عام ہفت روزہ "القصاص" جاری کیا۔ ۱۹۲۹ء میں "دارالمبلّغین گجرات" کی بنیاد رکھی جہاں آئمۂ مساجد کی تعلیم و تربیت ہوتی تھی اور جس کے سالانہ جلسوں میں

Marfat.com

علاّمہ انور شاہ شیخ الحدیث دیوبند جیسے علماء تشریف لاتے تھے۔

۱۹۳۰ء میں باغیانہ تقریروں کی بناء پر گرفتار ہوئے اور اگلے سال تحریک کشمیر میں آپ نے شبانہ روز محنت سے جلسے جلوس منظم کئے اور گجرات میں تحریک کے ڈکٹیٹر چنے گئے۔ اسی دوران آپ نے ماہنامہ "سنیاسی" اور ہفت روزہ "ترجمان" بھی جاری کئے۔ مسدّس حالی کا پنجابی ترجمہ "تصویرِ اُمّت" کے نام سے کیا۔ قیامِ پاکستان کے بعد آپ نے "شانِ ابوبکرؓ"، "شانِ عمرؓ" "شانِ بتولؓ" نامی کتب (منظوم پنجابی) لکھیں جو ان شخصیات کے حالات و فضائل پر مبنی تھیں۔ آپ نے لڑکیوں کی تعلیم کے لئے "مدرستہ البنات کملی والا" کی بنیاد رکھی۔

آپ نے ہمیشہ حق کا ساتھ دیا اور حق کہنے سے کوئی طاقت، کوئی لالچ آپ کو روک نہ سکا۔ آپ اردو، پنجابی اور فارسی کے قادر الکلام شاعر تھے مگر عشقیہ شاعری کی بجائے آپ نے اس خداداد صلاحیت کو اصلاحِ معاشرہ اور اشاعتِ دین کیلئے صرف کیا۔ طبابت میں بھی بلند مقام رکھتے تھے۔ اس سادہ مزاج خادمِ قوم اور بطلِ حریّت نے یکم اکتوبر ۱۹۷۱ء کو داعئ اجل کو لبیک کہا اور محلہ قاسم پورہ کے نزدیک جھنگی قبرستان میں خفتۂ خاک ہوئے۔

مولوی شیخ محمد عبداللہ

پنجاب کے عظیم علماء میں سے ایک، استادِ زمانہ، شاعرِ بے بدل جناب شیخ عبداللہ ساکن چک عمر، مولٰینا صدر الدین کے ہاں ۱۸۳۴ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم اپنے نانا حافظ نور جی، ساکن دینہ ضلع جہلم اور حافظ نور دین ساکن چک عمر سے پائی۔ علومِ مروجہ کی تکمیل اپنے والدِ ماجد اور مولانا غلام یحییٰ اور میاں مخدوم عالم سے کی۔ چک عمر میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا اور دُور دُور سے علم کے پیاسے آپ کے پاس آ کر فیض پانے لگے۔ آپ کے مدرسہ کی شہرت دُور دُور تک پھیل گئی اور پھر وقت کے ساتھ ساتھ آپ کے شاگرد بھی بڑھتے چلے گئے۔ مولانا اصغر علی روحی کی تحقیق کے مطابق ان کے عہد میں لاھور کے علماء میں سے نصف سے زائد مولانا شیخ عبداللہ کے شاگرد تھے۔ امیر حبیب اللہ والئ کابل اور مہاراجہ رنبیر سنگھ والئ کشمیر آپ کی علمیّت کے مداح تھے۔ دور دراز کے مقامات سے لوگ خطوط کے ذریعے آپ سے راہنمائی حاصل کرتے تھے۔ آپ اپنے علاقے کے شرعی قاضی بھی مقرر تھے۔ آپ کو عربی، فارسی، اُردو اور پنجابی پر قدرت حاصل تھی۔ عربی اور فارسی کے بلند پایہ شاعر تھے۔ تاریخ گوئی میں آپ کمال دسترس رکھتے تھے۔ مجموعہ کلام "نشانِ شیخ" آپ کی سخن گوئی کی یادگار ہے۔ خواجہ سیالوی رح سے بیعت تھے اور خلافت سے بھی نوازے گئے۔ سلسلۂ چشتیہ کے علاوہ دیگر سلسلوں میں بھی آپ کو اجازت حاصل تھی۔

آپ نے ۱۹۲۱ء کو وفات پائی اور اپنے گاؤں سے شمال کی جانب دفن ہوئے۔ راقم نے آپ کا سنِ وصال "حصارِ غم" = ۱۳۳۹ھ سے نکالا ہے۔ اس جگہ اب ان کے خاندان کے بعد میں فوت ہونے والے لوگ بھی مدفون ہیں۔ آپ کے جانبِ مغرب

آپ کے پوتے (بھتیجے کے بیٹے) محمد مظفر علی کی قبر ہے۔ پختہ قبر کے کتبہ پر یہ عبارت کندہ ہے۔

یا اللہ ج　　　　یا محمد ص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"موت العالِم، موت العالَم"

مزارِ مبارک

حضرت مولانا علاّمہ **قاضی شیخ عبداللہ**

وفات: ۱۰ جولائی ۱۹۲۱ء۔ ۳ ذیعقدہ ۱۳۳۹ء۔ یک شنبہ

قبلۂ من، کعبۂ من شیخ والا دستگاہ　　ہائے ہائے شد ز دنیا سوئے شیریں خوابگاہ

سالِ تاریخِ و فاتش شائق اندوہناک　　گفت "ہائے قبلۂ من شیخ عالی بزم گاہ"

۱۳۳۹ھ

از سرِ افسوس در تاریخِ فوتش از دِلم　　"قبلۂ من شیخ صاحب" زندہ دل آمد ندا

۱۳۳۹ھ

بسالِ مسیحی چو داری خیال　　بگو "کوچ شیخ المشائخ" بسال

۱۹۲۱ء

Marfat.com

مولوی محمد عبداللہ سلیمانی کنجاہی

کنجاہ کی معروف شخصیت جس نے اپنی تمام زندگی دینِ اسلام کی خدمت، وعظ و تبلیغ اور قومی فلاح کے لئے وقت کر رکھی تھی۔

آپ مدرسہ عالیہ دیو بند کے فارغ التحصیل، نامور عالم دین تھے۔ کنجاہ میں مسلمانوں کے لئے سب سے پہلے آپ نے اسلامیہ ہائی سکول کی بنیاد رکھی۔ آپ حزب اللہ کے سرگرم رکن تھے اور آپ کی بدولت حزب اللہ کنجاہ میں بہت فعال تھی۔ آپ نے ملکی سیاست میں بھی مثبت کردار ادا کیا۔ ۱۹۴۶ء میں سول نافرمانی میں آپ نے بہت سے جلوسوں کی قیادت کی اور قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں۔ قیامِ پاکستان کے بعد مہاجرین کی بحالی کے لئے آپ نے یادگار خدمات سرانجام دیں۔

آپ نے کنجاہ میں غازی اللہ دِتا شہید کے مزار کے ساتھ ایک مسجد بھی قائم کی جہاں وہ خود سالہا سال تک وعظ و تبلیغ اور خطابت کے ذریعے خدمتِ اسلام میں مصروف رہے۔ آپ نے ۱۹۶۴ء میں وفات پائی اور اپنی وصیت کے مطابق غازی اللہ دِتا شہید کے پہلو میں دفن ہوئے۔ قبر پر مزار زیر تعمیر ہے۔ کتبے کی عبارت درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مرقد شریف

مفتی قاضی الحاج محمد عبداللہ صاحب سلیمانی

تاریخ وفات: ۵ ستمبر ۱۹۶۴ء

خدا کی تم پہ رحمت ہو محمد کی شفاعت ہو
دعا میری سدا یہ ہے تجھے جنت کی راحت ہو

پسرانش: محمد احسان الحق سلیمانی، خورشید محمد سلیمانی

Marfat.com

علاّمہ عبدالمالک کھوڑوی

عربی و فارسی زبان و ادب کے بے مثل عالم و شاعر، علاّمہ ابوالبرکات محمد عبدالمالک موضع کھوڑی نزد ڈنگہ میں مولانا محمد عالم کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم والدِ ماجد اور برادر بزرگ مولانا غلام غوث سے حاصل کی۔ مزید تعلیم کے لئے مولانا شیخ عبداللہ (چک عمر) کے پاس نو، دس برس رہے اور تکمیلِ علوم کے بعد محکمہ مال میں معاون پٹواری کی حیثیت سے ملازم ہوئے اور اپنی خداداد صلاحیتوں سے ترقی کرتے ہوئے افسر مال کے عہدے تک پہنچے۔ آپ کے علم و فضل اور تجربے کی شہرت نواب صادق محمد آف بہاولپور تک پہنچی تو انہوں نے آپ کو اپنی ریاست میں مشیر مال کے مقتدر عہدے پر فائز کر دیا۔ اور دیگر کئی ذمہ داریاں سپرد کیں۔ علامہ عبدالمالک نے تقریباً ۳۵ برس تک یہ ذمہ داریاں بحسن و خوبی انجام دیں۔ قیام بہاولپور میں آپ وہاں کی علمی ادبی محفلوں کی جان تھے۔

مولانا عبدالمالک تاریخ گوئی میں ایسا کمال رکھتے تھے جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوا۔ اِس صلاحیت کا اظہار ان کا قصیدہ بحضور نواب صادق والئی بہاولپور ہے جو ۱۳۱۰ھ میں پیش کیا گیا جس کے ۳۰ اشعار میں سے ۱۴۰۷ مادہ ہائے تاریخ بر آمد ہوتے ہیں۔ آپ صادقی تخلص کرتے تھے اور نعت بھی نہایت بلند پایہ کہتے تھے۔ مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ علاّمہ صادقی علوم و فنون اور زبان و بیان پر جو کمال رکھتے تھے اور خدا نے انہیں جن غیر معمولی صلاحیتوں سے نوازا تھا وہ ان کا بھرپور استعمال نہ کر سکے۔ اگر وہ قصیدہ گوئی میں اپنی صلاحیتیں ضائع کرنے کی بجائے قوم کی بیداری کے لئے بروئے کار لاتے تو آج ان کا نام و مقام بہت زیادہ بلند ہوتا۔

Marfat.com

مولانا عبدالمالک ایک علمی و روحانی خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ خود با عمل عالِم دین اور عاشقِ رسول اللہؐ تھے۔ ۱۹۱۵ء میں حجِ بیت اللہ کے موقع پر آپ کا منظوم ہدیۂ سلام بحضور سرورِ کائنات فرطِ عقیدت اور حُسنِ بیان کا خوبصورت مرقع ہے۔ آپ نے "اطباق الشّردہ" کے نام سے قصیدہ بردہ کی مختصر شرح لکھی پھر "حسن الحجردہ فی شرح القصیدہ البردہ" کے عنوان سے ایک مفصل شرح رقم کی جو آپ کے علمی کمالات کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس کے علاوہ آپ کی تصانیف میں "الجواہر المضیہ فی شرح القصیدہ الغوثیہ"، "صادق الارشاد فی شرح بانت سعاد"، "شرح درود کبریت احمد"، "شرع محمدی" (علم میراث پر) "النبوۃ والرسالتہ"، "النکاح"، "النور" اور "المزمل" وغیرہ شامل ہیں۔ "شاہان گوجر" (تاریخ قوم گوجراں) آپ کی بلند پایہ تحقیقی تصنیف ہے۔

آپ نے ۲۱ جولائی ۱۹۴۱ء بمطابق ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۶۹ھ کو کھوڑی میں انتقال فرمایا اور کھوڑی کے قریب سے گزرنے والی نہر اَپر جہلم کے کنارے موضع نون کے قریب (نون والی پلی کے پار) آپ کا مدفن بنا۔ اس جگہ آپ نے ریٹائرمنٹ کے بعد ایک مسجد تعمیر کرائی تھی۔ اور درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا تھا۔ دو قبریں ہیں مغرب والی علامہ صادقی کی اور مشرق والی ان کی اہلیہ کی ہے۔ علامہ کی قبر پر کبھی کتبہ نصب تھا مگر اس پر کندہ آپ کی وصیت اس کتبے کے باقی نہ رہ سکنے کی وجہ بن گئی۔ "ذی احترام" = ۱۳۶۰ھ آپ کا سنِ رحلت ہے۔ آپ کے صاحبزادوں میں اختر علی، اکبر علی، عبداللہ خاں اور اقبال شامل تھے۔ ان کی اولاد بہاولپور میں آباد ہے۔

Marfat.com

میر عزیز اللہ فاروقی

مردِ سالک و خادمِ خلق میر عزیز اللہ فاروقی .بہلپور (نزد جلالپور جٹاں) کے رہنے والے تھے۔ آپ کا سلسلۂ نسب حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ سے ہوتا ہوا حضرت عمر فاروقؓ تک پہنچتا ہے۔ آپ نے تمام عمر عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کام کیا۔ آپ کو زمین سے ایک خزانہ ملا تھا جس سے آپ نے ایک کنواں اور مسجد تعمیر کروائی اور عمر بھر اسی مسجد میں وعظ و نصیحت اور درس و تدریس کے فرائض فی سبیل اللہ انجام دیتے رہے۔ محبت کا درس اور انسانوں کی خدمت آپ کا شیوہ تھا۔ روحانیت میں بھی بلند مرتبہ پر فائز تھے۔ ۱۲۹۰ھ میں فوت ہوئے اور اپنی تعمیر کی ہوئی مسجد کے صحن میں دفن کئے گئے۔ پختہ قبر کے کتبے پر یہ تحریر درج ہے۔

یا اللہ ج ۷۸۶ یا رسول اللہ ﷺ

لَا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مرکزِ تجلّیات و جلوہ گاہِ انوارِ الٰہی

مرقد میر عزیز اللہ قریشی فاروقی رحمتہ اللہ علیہ (.بہلپور)

وفات: ۱۲۹۰ھ / ۱۸۷۳ء

عزیز اللہ، عزیزِ مصطفیٰ بود — مقامش زیرِ سدرِ منتہیٰ بود

"زو گنجِ غیب او مسجد بنا بود" — بجودش چشمۂ آبِ صفا بود

۱۲۷۷ھ

"عزیز اللہ قریشی عرف میرے" — ز فاروقِ معظّم، مجتبیٰ بود

۱۲۹۰ھ

چو سالِ رحلتش جستم اے کعبیؔ — ندا آمد "اُو تنویرِ خدا بود"

۱۲۹۰ھ

منجانب: مولوی محمد عظیم و برادران گجرات — (منیر الحق منیر کعبیؔ)

Marfat.com

میجر عزیز بھٹی شہید، نشانِ حیدر

"عزیزِ ملت" میجر راجہ عزیز بھٹی شہید نے عزم و شجاعت کی ایک لازوال داستان رقم کی اور وطنِ عزیز کی سالمیت کی خاطر جامِ شہادت نوش کر کے خود کو ہمیشہ کے لئے اَمر کر لیا۔

وہ ۶، اگست ۱۹۲۳ء کو ماسٹر محمد عبداللہ بھٹی کے گھر ہانگ کانگ میں پیدا ہوئے اور وہیں میٹرک تک تعلیم حاصل کی۔ جنوری ۱۹۴۸ء میں فرسٹ ریگولر پی ایم اے لانگ کورس میں داخلہ لیا اور ۴ فروری ۱۹۵۰ء کو پاسنگ آؤٹ کے موقع پر وزیراعظم خان لیاقت علی خاں کے ہاتھوں نارمن گولڈ میڈل اور اعزازی تلوار حاصل کی۔ کئی محکمانہ کورسز کے علاوہ کینیڈا کے کنگسٹن کالج اور جرمنی سے اِنٹرپریٹر کا کورس بھی کیا۔ وہ اُردو، پنجابی، انگریزی، چینی، جرمن، بنگلہ اور عربی زبانیں جانتے تھے اور اَدب کا اعلیٰ ذوق بھی رکھتے تھے۔ وسیع المطالعہ شخص تھے اور ذہانت و تدبّر کے مالک تھے۔

ستمبر ۱۹۶۵ء میں ہندوستان کے فوجی افسروں کے لاہور جم خانہ میں شراب پینے کے خواب، آپ کی شجاعت کے سبب خواب و خیال ہو گئے۔ آپ بی آر بی پر ایسی ڈھال بن گئے کہ دشمن اپنی عددی اور فوجی برتری کے باوجود، لاہور پر قبضہ نہ کر سکا۔ آپ نے مسلسل پانچ دن تک بغیر آرام کے اپنی مختصر فوج کو ایسی قیادت اور عزم و حوصلہ عطا کیا کہ ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔ اور آخر ۱۲ ستمبر کو یہ کوہِ شجاعت، سرخرو ہو کر خالقِ حقیقی کے حضور حاضر ہو گیا۔ مگر اپنی شہادت سے قبل انہوں نے دشمن کے حوصلے توڑ دیئے تھے۔ انہیں ۲۳ مارچ ۱۹۶۶ء کو یومِ پاکستان کے موقع پر نشانِ حیدر کے اعزاز سے سرفراز کیا گیا۔ آپ اپنے آبائی گاؤں لادیاں میں سپردِ خاک کیے گئے۔ گجرات سے کوٹلہ آرب علی خاں جانے والی سڑک پر صبور سے ایک سڑک لادیاں کو جاتی ہے۔

Marfat.com

یہی سڑک کھاریاں کو بھی لادیاں سے ملاتی ہے۔ آپ کو آپ کی والدہ کی خواہش کے پیشِ نظر ان کے گھر کے سامنے دفن کیا گیا۔ قبر پختہ ہے اوپر ایک سادہ مگر پُر وقار مقبرہ (چار ستونوں پر چھت) تعمیر کیا گیا ہے۔ کتبے کی تحریر یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

میجر عزیز بھٹی شہید

تاریخِ شہادت: ۱۲ ستمبر ۱۹۶۵ء

(یہاں نشانِ حیدر کا ماڈل ابھرا ہوا ہے)

غازۂ روئے شہادت، زینتِ قوم و وطن
سرفروش و غازی و شدّاد کُش، مرحب فگن
سُرخرو ہو کر جہادِ فی سبیل اللہ سے
مردِ مومن لے رہا ہے خوابِ شیریں کے مزے

عزیز بھٹی شہید کی زندگی اور کارناموں پر جناب اصغر علی گھرال نے ۵۸۳ صفحات کی ایک شاندار کتاب ۱۹۶۷ء میں لکھی تھی جس پر انہیں رائٹرز گلڈ نے اوّل انعام دیا تھا۔

Marfat.com

شیخ عطاءاللہ وکیل

سرخیلِ اہلِ قرآن گجرات، شیخ عطاءاللہ کئی دینی کتب کے مصنّف، قانون دان اور ریاست پونچھ و کشمیر کے گورنر تھے۔ ۱۸۵۷ء میں گجرات کی قانونگو فیملی میں پیدا ہوئے۔ گجرات اور علی گڑھ میں تعلیم پائی۔ وہاں سَر سیّد احمد خاں کے بہت قریب رہے۔ چیف کورٹ پنجاب اور چیف کورٹ کشمیر میں درجہ اوّل کے پلیڈر تھے۔ ریاست پونچھ اور کشمیر کے گورنر بھی رہے اور جج کے عہدے پر بھی فائز رہے۔ جوانی سے ہی دینی علوم اور صالح اعمال کی طرف راغب تھے۔ قرآن کی محبت میں غرق تھے۔ آپ نے ایک لغت قرآن مرتب کی تھی جس کے متعلق ابوالکلام آزاد نے کہا تھا "ایسی لغتِ قرآن سابقہ تیرہ صدیوں میں نہیں لکھی گئی"۔ مگر افسوس اس کا مسودہ علاّمہ عرشی سے تقسیم کے ہنگاموں میں ضائع ہو گیا۔ آپ نے ۱۹۰۷ء میں ایک کتاب "شہادتِ الفرقان علی جمع القرآن" لکھی جس کے متعلق اقبالؒ نے انہیں خط میں لکھا تھا" یہ چھوٹا سا رسالہ نہایت لاجواب ہے میں آپ کے طرزِ استدلال کی داد دیتا ہوں"۔ شیخ عطاءاللہ صاحب کے علاّمہ سے مراسم تھے اور علاّمہ ان کی بے حد عزت کرتے تھے۔ (تفصیل کے لئے دیکھیے راقم کی کتاب "اقبال اور گجرات")۔ آپ گجرات میں سَر سیّد کے ساتھی اور نظریاتی پیروکار تھے۔ آپ کی قبر، قبرستان تریہنگ کی مشرقی دیوار کے ساتھ (تقریباً اس کی لمبائی کے نصف میں) واقع ہے۔ آپ کی قبر سے شمال کی جانب آپ کی بیگم کی قبر ہے جو یکم جون ۱۹۵۲ء کو فوت ہوئیں۔ پختہ قبر کا کتبہ اس تحریر پر مبنی ہے۔

Marfat.com

<۸۶

"وَعِندَہٗ اَجرٌ عَظِیم"

۱۳۵۹ھ

قطعۂ تاریخ وفات

محترم بزرگوار شیخ عطاالله صاحب مرحوم وکیل چیف کورٹ پنجاب

سابق جج گورنر ریاست پونچھ کشمیر ساکن گجرات

عالمِ دین شیخ عطا الله و از ھدیٰ واقف رموز آگاہ
نیک خو، نیک ذات، نیک روش پاک دل، پاک طبع، پاک نگاہ
عشقِ او بود خدمتِ قرآں جادہ رشد و زہد بودش راہ
پردہ از چشمِ اہلِ دنیا کرد گفت لبیک بر رضائے الٰہ
عمرِ او از "فدا" سالِ وفات "زاہدِ عصر فخرِ اہل الله"

۸۵ ۱۳۵۹ھ

گفت حق مستحق "سہ جنت"

۳ × ۴۵۳ = ۱۳۵۹ھ

"خادم و ناشرِ کلام الله"

۱۳۵۹ھ

Marfat.com

خان بہادر ڈاکٹر شیخ عطا محمد

شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ کے خسر، رئیسِ گجرات، وائسرائے ہند کے اعزازی سرجن خان بہادر ڈاکٹر حافظ الحاج شیخ عطا محمد ۲۰ نومبر ۱۸۵۵ء کو گجرات شہر کے محلہ کٹڑہ شالبافاں میں شیخ عبداللہ کے گھر پیدا ہوئے۔ ۱۸۷۲ء میں مشن سکول گجرات سے میٹرک اور ۱۸۷۸ء میں لاہور میڈیکل سکول سے سب اسسٹنٹ سرجن کا امتحان پاس کیا۔ اسی سال انڈین میڈیکل سروس میں شمولیت اختیار کی اور پٹیالہ، جھینڈ، کوہاٹ، بنوں، تلات، گجرات، لاہور، مظفر گڑھ، امرتسر اور میانوالی و پنڈ دادن خاں میں میڈیکل آفیسر اور سول سرجن کے عہدوں پر فائز رہے۔ حکومتِ ہند کی طرف سے ہدیدہ اور قامران میں وائس کونسل بھی رہے۔ ۱۸۸۹ء میں "خان بہادر" کا خطاب حاصل کیا۔ ۱۸۹۹ء میں وائسرائے کے اعزازی سرجن بنے۔ ہندوستان کی میڈیکل ایسوسی ایشن کے دو سال صدر رہے۔ ۱۹۱۲ء میں ریٹائر ہوئے اور پھر مالیر کوٹلہ میں چیف میڈیکل آفیسر اور سینئر رہے۔ ان کی اولاد میں پانچ بیٹیاں اور ایک بیٹا تھا۔ ۱۸۹۳ء میں ان کی بڑی بیٹی، کریم بی بی کی شادی اقبالؒ سے ہوئی۔ ۱۹۲۱ء میں ان کے اکلوتے بیٹے ڈاکٹر غلام محمد کا عین عالمِ شباب میں انتقال ہو گیا۔ یہی صدمہ ان کے لئے سوہانِ روح ہو گیا اور وہ بیٹے کے غم میں گھل گھل کر اگلے سال راہئ ملکِ عدم ہو گئے۔ انہیں قبرستان بھٹیاں میں دفن کیا گیا۔ ان کی قبر اس قبرستان کے جنوبی نصف حصے میں ایک پختہ چوکھنڈی میں ہے۔ آپ کے ساتھ آپ کے بیٹے اور بیوی کی قبریں ہیں۔ آپ کی قبر پر دو کتبے ہیں۔ پرانے کتبے کی تحریر حسبِ ذیل ہے۔

Marfat.com

یا اللہ ۷۸۶ یا محمد

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

کُلُّ مَنۡ عَلَیۡهَا فَانٍ

حافظ حاجی ڈاکٹر شیخ عطا محمدؒ مرحوم و مغفور

تاریخ وفات: ۱۴ دسمبر ۱۹۲۲ء

عمر ۶۶ سال

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

نئے کتبے کی تحریر درج ذیل ہے

یا اللہ ج یا رسول اللہ ص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

خان بہادر الحاج حافظ ڈاکٹر شیخ عطا محمدؒ

خسر حکیم الاُمت، شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ

تاریخ پیدائش: ۲۰ نومبر ۱۸۵۰ء (۱)

تاریخ وفات: ۱۴ دسمبر ۱۹۲۲ء بمطابق ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۴۱ھ

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا
آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزۂ نورُستہ اِس گھر کی نگہبانی کرے

عطیہ منجانب: محترمہ رشیدہ بیگم آفتاب اقبال صاحبہ

(۱)۔ درست تاریخ ۲۰ نومبر ۱۸۵۵ء ہے۔ (تفصیلات کے لئے دیکھیئے راقم کی کتاب "اقبال اور گجرات")

Marfat.com

قاضی عطا محمد

گجرات کے مشہور تاریخ گو شاعر قاضی عطا محمد بلند علمی مقام کے مالک تھے۔ آپ کے والد کا نام کرم دین تھا۔ قاضی عطا محمد محلہ کامل پورہ میں رہتے تھے۔ صرف و نحو، منطق، ہیئت، خوش نویسی میں طاق تھے۔ محکمہ بندوبست جہلم میں ملازم ہوئے اور ترقی کرتے ہوئے تحصیلدار راولپنڈی کے عہدے تک پہنچے۔ آپ کی کہی ہوئی تواریخ وغیرہ کا مجموعہ "مخزن التواریخ" کے نام سے ۱۹۱۴ء میں شائع ہو چکا ہے اور آپ کی شاعرانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ آخری عمر میں بینائی ضائع ہو گئی تھی۔

آپ کے کتبۂ قبر کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ آپ نے اس کے لئے اشعار خود کہہ رکھے تھے۔ دوسرے اشعار مولوی عبدالمالک صاحب کے ہیں جو خود بھی اس فن میں کمال رکھتے تھے۔ راقم نے آپ کا سالِ وصال "سخنورِ اعظم" = ۱۹۲۷ء سے نکالا ہے۔ آپ کی قبر، قبرستان خواجگان کے شاہ بلاک میں میاں اکبر کی قبر کے قریب ایک چوکھنڈی میں واقع ہے۔ اس چوکھنڈی میں باقی دو قبریں آپ کے بیٹوں محمد اسلم اور محمد افضل کی ہیں۔ کتبہ کی تحریر یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

تاریخِ وفات

حضرت قاضی عطا محمدؒ صاحب غفر اللہ لہٗ

مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۹۲۷ء بمطابق ۲۵ جمادی الثانی ۱۳۴۶ ہجری وفات یافت

از علامہ مولوی عبدالمالک صاحب مشیر مال ساکن کھوڑی

Marfat.com

استادِ من گرامی قاضی عطا اللہ　　از کانِ علم و فضلش دنیا گہر بجہ
اوج عرشِ اعظم روحش پر سید ہیہات　　مالک ازیں مصیبت در خاکِ غم نہفتہ
تاریخ فوت حضرت پرسیدم از فرشتہ　　"قاضی عطا محمد والا گہر" بگفتہ

۱۳۴۶ھ

خود از مرحوم و مغفور

کمترینِ استانم بندۂ پروردگار　　خاکپائے اہلِ بیتم دوستدارِ چار یار
یا الٰہی از طفیلِ لطفِ عامت رحم کن　　بر عطائے پر خطائے بینوائے بے قرار

---ایضاً---

اگرچہ غرق ہوں بحر گناہوں میں ولے مجھ کو
سہارا ہے فقط لَا تَقْنَطُوا ایک حکمِ فرقاں کا
عجب کیا ہے تیرے لطف و کرم سے اے مرے مولٰی
کہ میرے جرم و عصیاں کو بنا دے فخر غفراں کا

Marfat.com

حافظ عنایت اللہ الاثری

حافظ عنایت اللہ الاثری ایک جیّد عالِم دین، بے مثل فاضلِ عربی اور مصنّفِ کتبِ کثیرہ تھے۔ آبائی وطن وزیر آباد تھا۔ جہاں آپ ۱۲ اگست ۱۸۹۸ء کو امام دین چغتائی کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم جیل سکول وزیر آباد سے حاصل کی۔ تجویدِ قرآن میں آپ کے اساتذہ مولوی سراجدین اور حافظ عبداللہ، حفظِ قرآن میں حافظ غلام نبی اور ترجمۂ قرآن اور دیگر کتب متداولہ میں حافظ عبدالمنان وزیر آبادی تھے۔ کتبِ حدیث مولوی عبدالوہاب دہلوی سے پڑھیں۔

اکتوبر ۱۹۱۵ء میں جماعتِ مجاہدین کے ساتھ چمر کنڈ کے محاذ پر خدمات بجالاتے رہے۔ ۱۹۲۳ء میں گجرات تشریف لائے اور کٹڑہ شالبافاں کی مسجد اہلِ حدیث کے خطیب وامام مقرر ہوئے۔ یہیں بقیہ عمر درس و تدریس اور تصنیف و تالیف میں بسر کی۔ آپ نے ڈیڑھ سو کے لگ بھگ کتب دینیہ تصنیف و تالیف کیں۔ جن میں بیشتر کتب ردِ مرزائیت اور باپدری ولادتِ مسیح علیہ السلام پر ہیں۔ "عیونِ زمزم" بنیادی کتاب ہے۔ اس کے علاوہ سات جلدوں میں خودنوشت سوانح بھی لکھی۔ عربی تفسیر کا نام "آیات للسائلین" ہے۔ احکام الاسلام پر مبنی بے نقطہ رسالے کا نام "لواء الاسلام" ہے۔

آپ نے ۲۰ مئی ۱۹۸۰ء کو وفات پائی اور رونٹی والی مسجد سے جانب جنوب واقع چھوٹے سے قبرستان میں آسودۂ خاک ہوئے۔ دروازے سے داخل ہوں تو بائیں ہاتھ درخت کے نیچے آپ کی قبر ہے۔ کتبہ نصب نہیں اور قبر کچی ہے۔ راقم نے آپ کا سنِ رحلت "مہرِ درخشاں" = ۱۴۰۰ھ سے نکالا ہے۔

Marfat.com

غضنفر حسین میر ایڈووکیٹ

گجرات کے نامور وکیل، غضنفر حسین میر کشمیری خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ کشمیر سے ہجرت کر کے جلالپور جٹاں میں سکونت پذیر ہوئے۔ میٹرک کے بعد اپنی محنت سے مزید تعلیم حاصل کی اور ۱۹۵۲ء میں قانونی پریکٹس کا آغاز کیا۔ بحالیات سے متعلقہ قانون کے ماہر مانے جاتے تھے مگر تمام عمر کرائے کے مکان میں رہائش پذیر رہے۔ آپ نے ہمیشہ سچ کا ساتھ دیا اور وکالت کے پیشے میں دیانت و صداقت کی ایسی مثال قائم کی جو بہت کم دیکھنے میں آتی ہے۔ آپ قرآن وانجیل اور زبور و توریت پر گہری نظر رکھتے تھے۔ اِسی تدبر پر مبنی آپ کی کتاب "حیات" اور آپ کے خطوط زیر طبع ہیں۔ آپ کی قبر جلالپور جٹاں کے ٹبہ قبرستان میں جانبِ مغرب واقع ہے: کتبہ کی تحریر یہ ہے۔

بسم اللہ

ھُوَالعلی العظیم

غضنفر حسین میر ایڈووکیٹ

ولد رستم علی میر

پیدائش: ۲ جنوری ۱۹۱۴ء

وفات: ۲۹ جنوری ۱۹۹۶ء

منجانب: عارف علی میر ایڈووکیٹ

المیر ٹرسٹ لائبریری و مرکزِ تحقیق و تالیف

المیر، میر سٹریٹ۔ بھمبر روڈ۔ گجرات

Marfat.com

صاحبزادہ غلام دستگیر نقشبندی

کتاب حُریت کا ایک روشن باب، صاحبزادہ غلام دستگیر نقشبندی، گجرات کے مردِ سالک اور نامور عالمِ دین خواجہ محمد حسن نقشبندی (خلیفہ خاص چورہ شریف) کے بیٹے تھے۔ غلام دستگیر ۱۸۸۸ء کے لگ بھگ گجرات میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گجرات ہی میں حاصل کی اور اپنے والد کی وفات (۱۹۱۰ء) کے بعد مسندِ ارشاد پر فائز ہوئے اور دور دور تک آپ کا حلقۂ ارادت پھیل گیا۔

تحریکِ خلافت کے سلسلے میں مولانا ظفر علی خاں اور سیّد عطاءاللہ شاہ بخاریؒ گجرات تشریف لائے اور رونٹی والی مسجد کے قریب ایک عظیم الشان جلسہ سے خطاب کیا۔ شاہ صاحب کی شعلہ بیانی نے ہزاروں کے مجمع پر سحرطاری کر رکھا تھا۔ اور یوں لگتا تھا کہ مسلمانوں کی نیم جاں حُریتِ ایمانی کو جان مل گئی ہے۔ شاہ صاحب کی چار گھنٹے کی تقریر کے بعد ایک خوبرو نوجوان سٹیج پر آیا اور اعلان کیا "میں نے خدا کو حاضر ناظر جان کر عہد کر لیا ہے کہ کل سے انشاء اللہ میرا کفن میرے ساتھ ہو گا اور میں خلافتِ ربّانی کا ایک سرفروش سپاہی بن کر دکھا دوں گا"۔ یہ نوجوان صاحبزادہ غلام دستگیر تھا۔ آپ کا اعلان سنتے ہی ہزاروں لوگ جن میں نوجوانوں کی اکثریت تھی، اُٹھ کھڑے ہوئے اور گجرات میں "خلافت کمیٹی" قائم ہو گئی اور صاحبزادہ صاحب اس کے معتمد چنے گئے۔

پھر کیا تھا، خلافت کمیٹی اور صاحبزادہ غلام دستگیر کا نام لازم و ملزوم ہو گئے اور ضلع بھر میں سیاسی بیداری کی لہر دوڑ گئی۔ اور تھوڑے عرصے میں پونے دو سو خلافت کمیٹیاں قائم ہو گئیں۔ اس دورِ استبداد میں یہ ایک کٹھن اور عظیم کارنامہ تھا جو صاحبزادہ غلام دستگیر نے انجام دیا۔ گجرات شہر میں پہلا اسلامیہ ہائی اسکول بھی صاحبزادہ صاحب

Marfat.com

اور امیرِ شریعتؒ کی کوششوں سے جاری ہوا جس کا افتتاح ابوالکلام آزاد نے کیا تھا۔ اس کا نام "آزاد اسلامیہ ہائی سکول" رکھا گیا۔ یہ اسکول آج بھی "اسلامیہ ہائی اسکول" کے نام سے قائم ہے۔ مولانا ظفر علی خاں اور سیّد عطاءاللہ شاہ بخاریؒ آپ کا خلوص اور انتھک محنت دیکھ کر مسرور ہوتے اور اکثر فرمایا کرتے تھے۔

"یہ محض پیرزادہ ہی نہیں، ملک و ملّت کا خادم اور دستگیر بھی ہے اور گجرات کے تمام مولویوں اور پیرزادوں میں سب سے پہلے ہمارے ساتھ شامل ہوا ہے"

چند ماہ بعد پنجاب خلافت کمیٹی کا اجلاس لاہور میں منعقد ہوا جس میں گجرات خلافت کمیٹی کے معتمد، صاحبزادہ غلام دستگیر کو بھی مدعو کیا گیا۔ آپ کفن پوش شامل ہوئے اور اجلاس میں اپنی شعلہ بیانی اور حُرّیتِ ایمانی سے بڑے بڑے لیڈروں کو متحیر و متاثر کر دیا۔ تقریر کے بعد اچانک آپ کی طبیعت خراب ہو گئی اور چند لمحوں بعد ہی یہ بطلِ حُرّیت و جواں مردی اپنے سر پر سرخروئی کا تاج سجائے اپنے مالکِ حقیقی کے حضور حاضر ہو گیا۔ یہ ۸ نومبر ۱۹۲۰ء کا دن تھا۔ گجرات تک جسدِ خاکی کا گئی جگہ دیدار ہوا اور نماز جنازہ ادا کی گئی۔ گجرات کی تاریخ کا شاید سب سے بڑا جنازہ آپ کے حصے میں آیا۔

راقم نے مادۂ سنِ وصال نکالا ہے۔ "آہ! گُل ہو گیا چراغِ حُرّیت" = ۱۹۲۰ء۔

آپ کی قبر، قبرستان میراں صاحب میں ہے۔ یہ قبرستان شادیوال روڈ سے جانبِ مغرب مکی مسجد سے تقریباً ایک فرلانگ جانبِ جنوب واقع ہے۔ محلہ قاسم پورہ (ریلوے روڈ) سے بھی ایک راستہ جاتا ہے۔ اس قبرستان میں آپ کا خاندانی احاطہ ہے۔ جس میں آپ کے والد، صاحبزادے اور خاندان کے دیگر متوفیان مدفون ہیں۔ آپ کی قبر کے سرہانے کتبے پر تاریخِ وصال غلط کندہ ہو گئی تھی جو کھرچ دی گئی ہے۔ اب صرف نام لکھا ہوا ہے۔

Marfat.com

صاحبزادہ غلام ربانی

دنیائے صحافت کا ایک اہم نام اور تحریکِ آزادی کا ایک جادو بیان مقرر!

صاحبزادہ غلام ربانی، خواجہ محمد حسن نقشبندی کے علمی و دینی خانوادے میں صاحبزادے غلام دستگیر کے گھر ۱۹۱۷ء میں پیدا ہوئے۔ زمیندار سکول گجرات سے میٹرک کے بعد ۱۹۳۵ء میں روزنامہ زمیندار سے صحافت و سیاست کا آغاز کیا۔ مولانا ظفر علی خاں، ان کے والد کے دوست تھے۔ اور انہوں نے غلام ربانی کی سیاسی و ادبی تربیت میں خصوصی دلچسپی لی۔ زمیندار کے نائب مدیر رہے۔ تحریک مسجد شہید گنج، نیلی پوش تحریک، مجلسِ اتحادِ ملت میں نوجوان مقرر اور پُرجوش سیاسی کارکن کے طور پر سامنے آئے۔ ۱۹۳۶ء میں جب غلام ربانی "آہلہ فائرنگ کیس" کے احتجاجی جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے گرفتار ہوئے تو مولانا ظفر علی خاں نے "زمیندار" میں "صاحبزادہ غلام ربانی کی گرفتاری" کے عنوان سے اداریہ لکھا اور سکندر حکومت پر سخت تنقید کی۔ ۱۹۴۰ء کے بعد جب تحریکِ پاکستان سرگرمی سے شروع ہوئی تو صاحبزادہ غلام ربانی نے ایک سرگرم کارکن کے طور پر تاریخ میں اپنا نام محفوظ کرا لیا۔ وہ مسلم لیگ گجرات کے سیکرٹری تھے۔ انہوں نے دوسرے راہنماؤں کے ساتھ مل کر ضلع بھر میں اپنی شعلہ بیانی سے سیاسی بیداری پیدا کی اور ۱۹۴۶ء تک مسلم لیگ کو بہت مضبوط بنا دیا۔ ۱۹۴۶ء میں مسلم لیگی ایجی ٹیشن میں گرفتار ہوئے اور میاں ممتاز دولتانہ، سردار شوکت حیات اور میاں عبدالباری کے ساتھ پسِ زنداں رہے۔ ۱۹۴۹ء میں ہفت روزہ "تعمیرِ نو" جاری کیا اور حق گوئی و بیباکی سے برسوں حکومتی ایوانوں میں تہلکہ مچاتے رہے۔ گجرات میں "انجمنِ صحافیاں گجرات" کی بنیاد رکھی۔ قیامِ پاکستان کے بعد بھی قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ مولانا ظفر علی خاں کا یادگار شعر ہے۔

Marfat.com

فخرِ گجرات ہے لقب جس کا ہے وہ بیشک غلام ربانی
دیکھ کر اس کے خلق کی صورت سب لفنگوں کی مر گئی نانی

آپ قبرستان میراں صاحب میں اپنے خاندانی احاطے میں دفن ہیں پختہ قبر کے سرہانے سنگِ مرمر کی تختی پر یہ عبارت کندہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے
یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لئے ہے

صاحبزادہ غلام ربانی ولد غلام دستگیر

تاریخ پیدائش ۶ نومبر ۱۹۱۷ء، تاریخ انتقال ۱۸ فروری ۱۹۸۵ء

اک روشن دماغ تھا، نہ رہا شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا
گزر تو جائے گی تیرے بغیر بھی لیکن بہت اداس، بہت بے قرار گزرے گی

ع حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

Marfat.com

پیر غلام سرور شاہ الہاشمی عباسی

خلیفۂ مہرِ طریقت پیر مہر علی شاہ گولڑوی، جناب پیر غلام سرور شاہ، خواجہ محمد چراغ چکوڑوی کے خلف الرشید تھے۔ بلند پایہ عالم اور اُردو فارسی کے شاعر بھی تھے۔

آپ ۱۳۱۴ھ بمطابق ۱۸۹۶ء میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد خواجہ محمد چراغ شاہ اور دادا سیّد محمد عالم شاہ سے حفظِ قرآن اور علومِ متداولہ کی تکمیل کی۔ پھر پیر محمد امین صاحب فاروقی سے بھی اکتسابِ علمِ ظاہری و باطنی کیا۔ آپ کے دادا اور پیر محمد امین صاحب، دونوں نے آپ کو خرقۂ فقر سے نوازا تھا۔

آپ حضرت پیر مہر علی شاہ کے خلیفۂ مجاز تھے۔ آپ نے حضور گولڑہ شریف کی رہبری میں فقر میں وہ کمال حاصل کیا کہ "آفتابِ چشت" ہوئے۔ (آپ کے حالات اور ملفوظات کے لئے ملاحظہ ہو کتاب "آفتابِ چشت" مرتبہ سیّد فضل حسن عباسی چشتی)۔

آپ بلا کے ذہین، طبّاع اور فیاض تھے۔ حافظہ بہت مضبوط تھا۔ عربی، فارسی پر زبردست عبور تھا۔ آپ نے ہزاروں غافلوں کو راہ راست پر ڈالا اور سینکڑوں نیاز مندوں کو رہبری فراہم کی۔ آپ اخلاقِ حسنہ کا مکمل نمونہ، مشاہدہ اور مجاہدہ میں اپنی نظیر آپ تھے۔ آپ نے ایک عالم کو فیوضاتِ محمدی سے بہرہ ور کیا۔ آپ نے ۱۹۵۲ء میں وفات پائی۔ آپ کا مزار چکوڑی شریف میں مرجع خلائق ہے۔ خوبصورت مزار کے دروازے سے دائیں اور کتبے پر ایک ہی تحریر کندہ ہے۔

Marfat.com

"حق"

یا اللہ ج　　　　یا محمد ص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

حضرت صاحبزادہ پیر سیدّ غلام سرور شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ

خلیفۂ مجاز

قبلۂ کونین حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ

گولڑہ شریف

تاریخِ وصال : ۹ رجب المرجب ۱۳۷۱ھ

بمطابق ۶، اپریل ۱۹۵۲ء

Marfat.com

پیر غلام عباس شاہ

پیر غلام عباس ابن پیر فضل شاہ ممبر، پیر بہاون شاہ کی نسل میں سے تھے۔ آپ کچھ سال اسلامیہ سکول گجرات کے ہیڈ ماسٹر رہے۔ پھر طویل عرصہ مسلم ہائی سکول گجرات کے ہیڈ ماسٹر رہے۔

آپ پیر فضل گجراتیؒ کے بہنوئی تھے اور قبرستان آل شاہدولہ میں پیر فضل گجراتی کی قبر سے متصل مشرقی قبر آپ کی ہے۔ آپ نہایت نیک سیرت، ہردلعزیز اور نورانی شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کے شاگرد اور رفقاء کار آج بھی آپ کو نہایت اچھے الفاظ سے یاد کرتے ہیں۔ آپ اسلامیہ سکول اور مُسلم سکول کی بنیادیں مضبوط کرنے والوں میں سے تھے۔ صوم و صلوٰۃ کے پابند، باریش، اور خوش شکل و خوش لباس بزرگ تھے۔ علم و ادب اور اسلامی تاریخ سے گہرا لگاؤ تھا۔ سید محمد حبیب اللہ (مسلم آباد گجرات) کے مریدِ باصفا تھے۔ آپ نے تقریباً ۸۰ برس کی عمر میں وفات پائی۔ صاحبزادہ فیض الامین فاروقی مونیاں شریف نے قطعۂ رحلت لکھا اور "عاشقِ خیرالانام" = ۱۴۰۴ھ سے سنِ رحلت برآمد کیا ہے۔ آپ کی پختہ قبر کے کتبے پر یہ عبارت کندہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هُوَالْحَبِيبُ الَّذِى تُرْجَعُ شَفَاعَتَهُ لِكُلِّ هَوْلٍ مِن كُلِّ الاَهْوَالِ الْمُقْتَحَمِ

آپ فضلی ہیں بحمدللہ طفیلی ہم سب ۔۔۔ دائمی ہو یونہی رحمت یونہی شفقت آقا

موت ہو قبر ہو برزخ ہو حشر ہو یا خلد ۔۔۔ ہو محبت تیری اور تیری امامت آقا

پیر غلام عباس رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ: ۹ جمادی الاول ۱۴۰۴ھ / ۱۲ فروری ۱۹۸۴ء بروز ہفتہ

Marfat.com

غلام غوث صمدانی

چوہدری غلام غوث صمدانی، جو اپنی مثنوی کی وجہ سے مشہور ہیں، اپنے مرشد جناب قاضی سلطان محمودؒ کے قدموں میں آسودۂ خاک ہیں۔

آپ ۱۸۸۹ء میں جالندھر کے ایک چھوٹے سے گاؤں "کرٹیانہ" میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام چوہدری سندھی خاں تھا جو علاقے کے ایک ممتاز راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ غلام غوث نے ۱۹۰۳ء میں جالندھر شہر سے میٹرک کرنے کے بعد محمڈن کالج علی گڑھ میں داخلہ لیا اور ۱۹۰۵ء میں ایف اے اور ۱۹۰۷ء میں امتیازی حیثیت سے بی اے کے امتحانات پاس کئے۔ ۱۹۱۰ء میں رڑکی انجینئرنگ کالج سے یونیورسٹی میں اوّل حیثیت کے ساتھ سِول انجینئر کی ڈگری حاصل کی اور ۱۹۱۲ء میں ریاست بہاولپور میں بطور ایگزیکٹو انجینئر ملازمت اختیار کی۔ جالندھر سے ہجرت کر کے لاہور آ گئے۔ دورانِ تعلیم ہی (۱۹۰۹ء میں) آپ مولوی نیاز محمد صاحب رئیس دھوکڑی (جالندھر) کی معرفت قاضی صاحب سے بیعت ہوئے۔ قاضی صاحب سے آپ کو والہانہ لگاؤ تھا۔ جو "مثنوی صمدانی" (مطبوعہ لاہور ۱۹۵۵ء) میں جگہ جگہ نظر آتا ہے۔ ایک جگہ لکھتے ہیں

طور موسیٰ را و موسیٰ طور را
بہرِ من دارد اوان آں نور را

آپ نہایت نیک طینت، درویش منش قادری بزرگ تھے۔ یوسف سلیم چشتی نے آپ کی مثنوی کو "جاوید نامہ" کی جانشین قرار دیا ہے۔ آپ نے ۱۸، اکتوبر ۱۹۷۲ء کو لاہور میں رحلت فرمائی اور اپنی وصیت کے مطابق اپنے مرشد کے قدموں میں دفن ہوئے۔ آپ کی پختہ قبر، حضرت قاضی صاحب کے مزار کے دروازے کے عین سامنے

(جانب جنوب) واقع ہے۔ کتبہ کی تحریر درج ذیل ہے۔۔

یا اللہ ج　　　　　　　　یا محمدؐ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَانک حَمِیدٌ مّجِید

مرقد

الحاج غلام غوث صمدانی

تاریخِ وفات

۱۰ رمضان المبارک ۱۳۹۲ھ

بمطابق ۱۸، اکتوبر ۱۹۷۲ء۔ بروز بدھ

رَبِّ اغفِر وَارحَم وَ اَنتَ خیرالرّٰحِمین

Marfat.com

مولانا غلام قادر اشرفی

نامور عالمِ دین، مبلّغِ اسلام، کارکنِ تحریک پاکستان و تحریکِ نظامِ مصطفٰے، مولانا غلام قادر اشرفی، ۱۰ مارچ ۱۹۰۶ء کو میاں باغ علی کے گھر فرید کوٹ بھارت میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں ہی سایۂ پدری سے محروم ہو گئے۔ ۱۹۲۲ء میں میٹرک کیا اور جامعہ نعیمیہ مراد آباد سے سندِ فراغت حاصل کی۔ ہندی، سنسکرت بھی سیکھی اور شُدھی تحریک کے خلاف مختلف روپ دھار کر کام کرتے رہے۔ ۱۹۲۶ء سے ۱۹۲۸ء تک فیروز پور میں خطیب رہے۔ پھر لالہ موسٰی آ گئے۔ ۱۹۴۵ء میں جب قائداعظمؒ شملہ سے واپس آ رہے تھے تو آپ نے ان کے قافلے کو لالہ موسٰی میں روک کر چندہ کی تھیلی پیش کی۔ آپ نے گجرات میں مسلم لیگ کے لئے اس دور میں انتھک محنت کی جب یہاں یونینسٹوں کا اجارہ تھا اور مسلم لیگی گنے چنے تھے۔ ۱۹۵۳ء کی ختمِ نبوت اور ۱۹۷۴ء کی تحریکِ ناموسِ مصطفٰے میں آپ نے نہایت سرگرمی سے حصہ لیا اور قید و بند سے بھی گزرے۔ آپ سچے مومن اور عاشقِ رسولؐ تھے۔ آپ کی تمام عمر اتباعِ سنّت اور فلاحِ اُمّتِ مسلمہ میں گزری۔

آپ نے لالہ موسٰی میں انتقال فرمایا اور یہیں خانقاہ اشرفیہ جی ٹی روڈ لالہ موسٰی میں دفن ہوئے۔ راقم نے مادۂ تاریخِ رحلت نکالا ہے۔ "اشرفی غلامِ قادر بود" = ۱۹۷۹ء مقبرہ زیرِ تعمیر ہے۔ کتبے کی تحریر درج ذیل ہے۔ جو خطاطی کا خوبصورت نمونہ ہے۔

Marfat.com

ھوالقادر

اَلَا اِنَّ اَولِیَاءَ اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیہِم وَلَا ہُم یَحزَنُون

ھوالاشرف

یا اللہ جل جلالک   یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مزارِ پُر انوار

عالمِ ربانی، عارفِ حقانی، فخرِ ملت، اشرف المشائخ

الحاج مولانا پیر غلام قادر

چشتی نظامی اشرفی قلندر قادری رضوی ضیائی قدس سرہ العزیز

وصال مبارک: ۲ شوال المکرم ۱۳۹۹ھ دو شنبہ بمطابق ۲۶، اگست ۱۹۷۹ء (۱)

زاہد خوب مولوی زماں   عاشقِ ذاتِ صاحبِ لولاک

موت عالم چو موت عالَم است   از فراقش جہاں شد غمناک

چوں شرافت ز سالِ رحلت جست

گفت ھاتف "غلامِ قادرِ پاک"

۱۳۹۹ھ

(۱)۔ ۲۶ اگست ۱۹۷۹ء کو اتوار (یکشنبہ) تھا۔

Marfat.com

مولوی غلام قادر رئیس اعظم گجرات

علامۂ زماں، سحبانِ وقت مولوی غلام قادر، گجرات کے ایک ذی وقار خاندان میں شیخ محمد سلیم ہاشمی کے گھر پیدا ہوئے۔ طویل مدت تک ضلع گجرات کے سپرنٹنڈنٹ رہے۔ پھر شاہ پور میں بھی اسی عہدے پر فائز رہے۔ دین کی لگن ہوئی تو مستعفی ہو کر خانہ نشین ہو گئے۔ اور یادِ خدا میں اپنا وقت گزارنے لگے۔ پھر مطبع قادری جاری کیا اور قرآنِ پاک اور فقہ کی کتب شائع کرائیں۔ آپ نے خود مراۃ الادب اور مراۃ الاخلاق نامی کتب تصنیف کیں۔

مہاراجہ رنبیر سنگھ بہادر والیٔ جموں و کشمیر کے وقت میں حاکمِ عدالت صدر جموں و کشمیر مقرر ہوئے اور کچھ عرصہ کشمیر کے حاکمِ اعلیٰ بھی رہے۔ پھر نوکری کو خیرباد کہہ دیا اور تصوف سے لو لگا لی۔ ساٹھ برس کی عمر میں اچانک فوت ہو گئے۔ آپ گجرات میں نامور سماجی اور علمی حیثیت کے مالک تھے۔ رحمان شہید روڈ پر آپ کی رہائش گاہ، گجرات میں سب سے قدیم کوٹھی تھی جسے انگریز نے تعمیر کرایا تھا اور آپ نے خریدا تھا۔ اسی کوٹھی میں آپ کی وفات کے بعد، گجرات کے اہلِ ذوق اور زندہ دلوں کے قائم کردہ "بونگا کلب" کی محفلیں ہوا کرتی تھیں جن میں علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ بھی شامل ہوتے تھے۔ آپ کی قبر گجرات شہر میں حضرت شاہ حسین ملتانی کے مزار کے عقب میں (جانبِ شمال) واقع ہے۔ قبر پختہ ہے۔ ساتھ آپ کے والد صاحب کی قبر ہے۔ کتبہ کی تحریر ذیل میں نقل کی جاتی ہے۔

Marfat.com

یا اللہ ج　　　　یا محمدؐ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مولوی غلام قادر ہاشمی رئیسِ اعظم گجرات

حاکمِ اعلیٰ جموں و کشمیر ریاست

ولد مخدوم محمد سلیم ہاشمی

قطعۂ تاریخ وفات

منشی غلام قادر علامۂ زماں　　چشم و چراغ شیخ محمد سلیم دوش

زیں خاکداں بتکدہ غم خرام کرد　　سوئے ریاضِ خلدِ بریں ناگہاں خموش

برماتمش بریدہ حسرت گریست ابر　　بر نعشِ اوَ نسیم دمِ سرد خروش

حاذقؔ نوشت سال دو ذیقعد نیم شب

تاریخ جلوہ کرد چناں بَر لبِ سروش

(حکیم خدا بخش)

۲۔ ذیقعد ۱۳۰۴ھ (۱)

بمطابق ۱۸۸۹ء

(۱)۔ ۱۳۰۶ کی بجائے سہواً ۱۳۰۴ کندہ ہو گیا ہے۔

Marfat.com

صوفی غلام قادر نقشبندی

عالمِ دین اور مردِ سالک صوفی غلام قادر، گلزارِ مدینہ مرکز گجرات کے بانی الحاج محمد علی کے مرید و خلیفہ تھے۔ آپ بدھو چک (سیالکوٹ) میں عمر حیات کے راجپوت کھوکھر گھرانے میں ۹۶-۱۸۹۵ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد بابا جی محمد علی کے پاس مدرسہ گلزارِ مدینہ گجرات آئے اور یہیں ان کے زیرِ سایہ دینی و روحانی تربیت حاصل کی اور خلافت پائی۔ بابا جی محمد علی کی وفات (۱۹۴۹ء) کے بعد آپ نے گلزارِ مدینہ کا انتظام سنبھالا اور اپنے حسنِ انتظام سے اس ادارے کو ایک مثال بنا دیا۔ آپ نے ۱۹۷۰ء میں داعئ اجل کو لبیک کہا اور مسجد گلزارِ مدینہ سے ملحق مزار میں اپنے دینی و روحانی پیشوا کے پہلو میں دفن ہوئے۔ کتبے پر ذیل کی عبارت کندہ ہے۔

یا اللہ جل جلالہ　　اللہ　　یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مزارِ مبارک

افتخار العباد، قطب الاقطاب، عکسِ شکلِ تراب الاقدام احمد

حضرت الحاج صوفی غلام قادر نقشبندی مجددی رحمتہ اللہ علیہ

نقشبندی زاد ہیں صوفی　　ہر گھڑی ہم کو یاد ہیں صوفی

اب بھی زندہ غلام قادر ہیں　　"افتخار العباد" ہیں صوفی

قربان نظامی

۱۳۹۰

۱۳۱۴ ہجری تا ۱۳۹۰ ھجری

تاریخِ وصال: ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۹۰ھ بمطابق: ۲۸ جون ۱۹۷۰ء بروز اتوار

کیپٹن ڈاکٹر شیخ غلام محمدؒ

شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ کے برادرِ نسبتی اور خان بہادر ڈاکٹر شیخ عطا محمد کے اکلوتے فرزند، ڈاکٹر شیخ غلام محمد مئی ۱۸۹۱ء میں گجرات میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم سکاچ مشن سکول گجرات میں حاصل کی۔ ۱۹۰۹ء میں LMS کی ڈگری لی اور انڈین میڈیکل سروس میں ملازمت اختیار کی۔ ۱۹۱۲ء میں اعلیٰ تعلیم کے لئے لور پول یونیورسٹی لندن گئے۔ اور تکمیل کے بعد جنگِ عظیم اوّل میں فرانس میں خدمات سر انجام دیں۔ وہیں بیمار ہوئے اور واپس آ گئے۔ کچھ عرصہ بیمار رہ کر ۱۹۲۱ء میں عین شباب میں فوت ہوئے۔ آپ نہایت نیک طینت اور ذہین نوجوان تھے۔ اولاد میں ایک بیٹا شیخ محمد مسعود چھوڑا۔ شیخ غلام محمد کو ان کے بوڑھے باپ نے اپنے ہاتھوں سے قبرستان بھٹیاں میں سپردِ خاک کیا۔ (تفصیل کے لئے راقم کی کتاب "اقبال اور گجرات" ملاحظہ ہو)
راقم نے مادۂ تاریخ نکالا "آہ لختِ جگرِ عطا" = ۱۳۳۹ھ آپ کی قبر، قبرستان بھٹیاں کے جنوبی نصف میں خاندان کے دیگر متوفیان کی قبروں کے ساتھ واقع ہے۔ جس پر دو کتبے نصب ہیں۔ پرانے کتبے کی تحریر یہ ہے۔

یا اللہ ۷۸۶ یا محمد

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

کُلّ مَن عَلَیہا فَانٍ

کیپٹن ڈاکٹر شیخ غلام محمدؒ آئی ایم ایس

تاریخِ وفات ۱۲ مئی ۱۹۲۱ء عمر ۲۹ سال

"خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں"

نئے کتبے کی تحریر یہ ہے۔

یا اللہ ج　　　　　　یا رسول اللہ ص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

کیپٹن ڈاکٹر غلام محمدؐ

برادرِ نسبتی

حکیم الامت شاعرِ مشرق علامہ محمدؐ اقبالؒ

تاریخ پیدائش: مئی ۱۸۹۱ء

تاریخ وفات: ۱۲ مئی ۱۹۲۱ء

عمر ۲۹ سال(۱)

خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں

عطیہ منجانب محترمہ رشیدہ بیگم آفتاب اقبال صاحبہ(۲)

(۱)۔ عمر ۳۰ سال بنتی ہے۔

(۲)۔ بیگم کے بعد زوجہ آنا چاہیے تھا۔

Marfat.com

شیخ غلام محمدؐ احمد

عالمِ دین اور مفسّرِ قرآن شیخ غلام محمد احمد کا آبائی وطن جموں تھا۔ اسی نسبت سے "جموی" کہلاتے تھے۔ محکمہ کوآپریٹوز میں ملازم تھے۔ اسی سلسلے میں گجرات آئے اور یہیں پیوندِ خاک ہوئے۔ آپ نے انگریزی زبان میں تفسیرِ قرآن لکھی۔ اس کے علاوہ آپ کے علمی کارناموں میں "فلسفۂ تاریخ"، "حیات بعد ممات"، صبغتہ اللہ" جیسی کتب شامل ہیں۔ آپ کی تاریخِ وفات کے لئے مصرع "عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن" = ۱۳۷۷ھ یاد رکھیئے۔ آپ کی قبر، قبرستان آلِ شاہدولہ (شاہدولہ روڈ) میں ہے۔ کتبے پر یہ عبارت کندہ ہے۔

یا اللہ جل جلالہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

اِنْ اَولیاءُہٗ اِلّا الْمُتقُون

مرقدِ مبارک

حضرت قبلہ شیخ غلام محمدؐ احمد رحمتہ اللہ علیہ

ایم۔اے، ایم او ایل، مفسّرِ قرآن مجید، ریٹائرڈ رجسٹرار کوآپریٹو جموں و کشمیر

تاریخِ وفات: ۲۴ ربیع الثانی ۱۳۷۷ھ

بمطابق: ۱۷ نومبر ۱۹۵۷ء بروز یک شنبہ

مرقد پہ تیری رحمتِ حق کا نزول ہو
حامی تیرا خدا اور خدا کا رسول ہو

اِنّا للہ و اِنّا الیہ راجِعُون

(خادمان: شیخ عبدالحمید و شیخ عبدالغنی)

Marfat.com

میاں غلام محمدؒ سہروردی

عارفِ حق، عالمِ باعمل اور طبیبِ کامل حضرت میاں غلام محمد سہروردی انیسویں صدی کے آخر میں رسول پور نزد جلالپور جٹاں میں مفتی محمد علی سہروردی ابن شیخ مسعود کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد خود بھی عالمِ دین اور صاحبِ بصیرت انسان تھے۔ میاں غلام محمد نے دینی تعلیم کی ابتدا، اپنے والد بزرگوار اور دادا سے کی اور مزید تعلیم مولوی قائم الدین ساکن بھکھو، شیخ محمد عبداللہ ساکن چک عمرا اور مولانا محمد عالم قلعداری سے حاصل کی۔ طب کی تعلیم سیّد احمد شاہ میانی پنڈی سے پائی۔

سہروردیہ سلسلہ میں بابا جنگو شاہ مجذوب سے فیض حاصل کیا۔ فتح پور کے میاں قطب الدین سے بھی مستفید ہوئے۔ ۲۸ برس کی عمر میں حجِ بیت اللہ شریف کو گئے اور ۱۳ برس تک وہیں قیام رہا۔ زہد و ریاضت، تلاوتِ قرآنِ پاک اور تزکیہ نفس آپ کے محبوب مشاغل تھے۔ دنیاوی آرام و آسائش چھوڑ کر اللہ سے لو لگانے والے اس درویش نے ہزاروں لوگوں کو دینِ حق کے قریب کیا۔ آپ کی زندگی کا بیشتر عرصہ حیات گڑھ (نزد جلالپور جٹاں) میں گزرا، وہیں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔ آپ کے خلفا میں خواجہ گوہر دین صاحب، صوفی فیروز دین جہلم، اور سیّد ابوالفیض قلندر علی سہروردی خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں۔ آپ کا مزار حیات گڑھ سے باہر جانبِ مشرق واقع ہے۔ ساتھ مسجد بھی تعمیر کی گئی ہے۔ قبر کے سرہانے نصب کتبے پر صرف سنِ وصال درج ہے۔ تاریخ اور دن دروازے کے ساتھ لگی تختی پر کندہ ہے جو ۱۲ ربیع الاول ۱۳۷۱ھ بمطابق ۱۲ دسمبر ۱۹۵۱ء ہے۔ لوحِ مزار کی تحریر یہ ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

مرکزِ تجلّیات

خضرِ صحرائے طریقت، غواصِ بحرِ حقیقت، مخدوم الاصفیاء، شیخ الاسلام

قطبِ عالم حضرت مولٰنا میاں غلام محمدؒ سہروردی قدس سرہ العزیز

وصل ۱۳۵۱ھ

توں ہیں مالک خالق سب دا تیرا حکم سوہاوے
جن بشر ملائک پرندے ہر جی تیری کھاوے

روشن نور نبی نال ہویاں تیریاں کل مخلوقاں
باجھ محمد ہر شے فانی، فانی سب دیاں کوکاں

سوہنا پیر قلندر میرا اچیاں اوہدیاں شاناں
ونڈے پیر مراداں میرا تیرے وچ جہاناں

اے غلام محمد ساڈا پنڈ حیات گڑھ ہے دا
منکراں تائیں مومن کردا واقف راز وڈے دا

واقف راز خفی جلی دا، جنگو شاہ قلندر
اس دے فیضوں بوٹا لایا مرشدلوں نوں اندر

ڈبن وچ چناں دے عاشق پھڑ پار لگاویں
دسیں راز رباناں سب نوں دولے شاہ سداویں

غوث بہاؤالدینؒ فرشتہ رب نال جوڑے رشتہ
بے دیناں نوں ولی بناوے، دیوے بدل نوشتہ

کردا شاہ گداواں تائیں غوث میرا ملتانی
لختِ جگر فاروقؓ سداوے، پاک نبیؐ دا جانی

شاہ شہاب الدین عمرؒ نے ایسا راز سنایا
جن بشر ملائکاں سب نے سن کے سیس نوایا

محمد نذیر غوری ہجویری سہروردی

منجاب: ادارہ سہروردیہ فی مخزن علوم اسلامیہ (رجسٹرڈ) لاہور

Marfat.com

حکیم غلام مصطفٰی

حکیم غلام مصطفٰی گجرات کی تاریخ کے سب سے بڑے طبیب تھے۔ آپ گولیکی ضلع گجرات میں پیدا ہوئے اور ہجرت کر کے گجرات گڑھی شاہدولہ میں سکونت پذیر ہوئے۔ آپ عباسی خانوادہ۔ گولیکی کے چشم و چراغ تھے۔ آپ کے دادا کے دادا شیخ محمد قاسم ابوالوفا (متوفی ۱۳۲۱ھ) اپنے وقت کے کامل طبیب اور ولی اللہ تھے۔ حکیم غلام مصطفٰی کے والد حکیم نبی بخش (متوفی ۱۳۲۱ھ) بھی ماہر معالج اور عربی فارسی کے عالم و شاعر تھے۔ انہوں نے ارجوزہ بو علی سینا کو آسان عربی میں منظوم کیا تھا اور "واجب الحفظ" نام رکھا تھا۔ یہ تمام خانوادہ علم و دانش اور ولایت میں بے مثل تھا۔

غلام مصطفٰی نے حکیم پیر محمد انور شاہ آف گولیکی سے طب کی تعلیم پائی اور اپنے رسا ذہن اور محنت سے طب کی دنیا میں وہ مقام حاصل کیا جو معدودے چند اشخاص کو حاصل ہوا۔ آپ فخرالاطباء تھے۔ پورے پنجاب میں آپ کی عظمتِ فن کا شہرہ تھا دور دور سے مایوس مریض اس حکیم شافی الاسقام کے پاس آتے اور صحتیاب لوٹتے۔ مسلمان، ہندو، سکھ سبھی آپ کے مریض ہوتے۔ سب کا علاج نہایت اخلاص اور محنت سے کرتے اور ان کے مذہبی عقائد بھی پیش نظر رکھتے۔

آپ پیدائشی حکیم تھے۔ امراض پر تحقیق بھی کرتے اور نئے نئے نسخہ جات بھی مرتب کرتے۔ آپ آج سے ایک صدی قبل "ہارٹ اٹیک" کی تفصیلات سے آگاہ تھے۔ یوں تو آپ اُردو، فارسی اور عربی نظم و نثر میں طاق تھے، اہل علم سے دوستانہ تھا مگر آپ۔ نے اپنی تمام تر توانائیاں علم الابدان میں تحقیق پر صرف کیں۔

آپ پالکی نشین طبیب تھے۔ بہت سے رؤسا و امراء آپ کے زیرِ علاج رہے۔ حکیم محمد اجمل خاں نے ایک مرتبہ آپ کا تجویز کردہ نسخہ دیکھ کر کہا کہ حکیم غلام مصطفٰی

Marfat.com

کے ہوتے ہوئے گجرات والوں کو میری ضرورت نہیں۔ بہت سے مقتدر اصحاب سے دوستانہ تھا مگر آپ نے خودارانہ اور درویشانہ زندگی بسر کی۔ آپ کے مریض آپ کے اوصافِ جمیلہ اور پاکیزہ طبع سے ایک نوع کا روحانی سکون محسوس کرتے اور آپ مرجع خلائق کی حثییت سے خدمتِ خلق کا فریضہ سرانجام دیتے۔ لوگ آپ کو مسیحادم طبیب کہتے تھے۔

آپ گفتگو میں نہایت فصیح و بلیغ اور برجستہ مزاج تھے۔ طبیعت میں حسِ مزاح خوب تھی۔ یہ تمام صفات ایک معالج کو کمال عطا کرتی ہیں۔ حافظِ صرف، نحودان، منطق خوان اور علومِ مروجہ پر حاوی تھے۔ آپ دیوانِ حافظ کے حافظ تھے۔ پیر فضل گجراتی نے دیوانِ حافظ آپ سے ہی پڑھا تھا۔ آپ کی شادی حافظ محمد اکرم صاحب خطیب و امام مسجد دربار شاہدولہ کی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔ آپ کی نرینہ اولاد نہیں تھی ایک صاحبزادی سکینہ بی بی تھیں جن کی شادی گولیکی کے ظہور شاہ سے ہوئی تھی۔ جو نامور طبیب تھے۔ حکیم صاحب کا مکان آپ کے نواسے غضنفر شاہ کی ملکیت ہے یہ حالات بھی انہی سے میسر آئے۔ آپ نے ۲۰ ذوالحجہ ۱۳۴۴ھ بمطابق ۲ جولائی ۱۹۲۶ء بروز جمعتہ المبارک کو گجرات میں بعارضہ ہیضہ وفات پائی اور یہیں دفن ہوئے۔

آپ کی قبر مسجد شاہدولہ دربار کے ساتھ جانبِ جنوب واقع ہے۔ دام شاہ ولی کی قبر کے ساتھ جانبِ مغرب پانچ پختہ قبریں ہیں ان میں سے انتہائی مغربی قبر حکیم غلام مصطفٰی صاحب کی ہے۔ کبھی کتبہ موجود تھا مگر اب نہیں ہے۔

حکیم غلام مصطفٰی کثیرالاحباب شخص تھے۔ مقبول شاہ (والد پیر فضل گجراتی)، مولوی شیخ عبداللہ ساکن چک عمر، مولوی سلام اللہ شائق، مولوی محبوب عالم، مولوی نور الدین، حافظ شمس الدین اور حاجی محمد الدین قادری جیسے لوگوں سے دوستانہ تھا۔ آخری چار اصحاب

Marfat.com

کا منتخب کلام آپ نے ۱۸۸۱ء میں شائع کروایا تھا۔ (جس کی ایک کاپی راقم کے پاس محفوظ ہے)۔ آپ کی وفات پر بہت سے اہلِ سخن نے اپنے اپنے انداز میں ہدیہ۔ عقیدت پیش کیا تھا۔ مولوی نورالدین انوؔر نے اپنے دیرینہ دوست کے لئے بائیس اشعار پر مشتمل قطعہء تاریخِ رحلت لکھا جو ان کے مجموعہ۔ کلام "اشعۂ نور" (جسکا انتخاب از راقم زیرِ طبع ہے) میں موجود ہے۔ اس میں سے چند اشعار درج ہیں۔

چہ بود ایں نعمتِ عظمے کجا بود	کہ ملجا از پئے ما وشما بود
بہ فنِ حکمت آں فرزانہ استاد	کلامش بس کلامِ جانفزا بود
ز کلیات و موجز بود آگاہ	ز اسرارِ طبابت آشنا بود
بہ تشخیصِ مرضہا صائب الرائے	بہ تجویز مداوا بے خطا بود
زبانش کاشفِ اسرارِ پنہاں	دلِ او باز بانش ہمنوا بود
ز اخلاقش یکے صدقِ مقالات	ہمہ اعمالِ او بس بے ریا بود
خسیسانہ نرفتے در پئے زر	زرش ہمچو غلام اندر قفا بود
خدامی داشت با تبدیل الفاظ	بہ آں طاقت زباں مدحت سرا بود
مسیحا دم برفت از شہرِ گجرات	زبانش معجزودستش شفا بود
چہا گویم زمرگ ناگہانش	بہر سوشیون و آہ و بکا بود
وفاتش معنے مرگ مفاجات	بگویم سال ہجری تا کجا بود
ز کیش او سخنہا می سرایند	بگویم "بُل غلامِ مصطفٰی بود"

۱۳۴۹ھ

حکیم سید غلام نبی

حکیم سید غلام نبی گجرات کے نامور حکیم اور صاحبِ بصیرت انسان تھے۔ طبیعت میں استغنا، اور درویشی نمایاں تھی۔ پہلے پرانی جیل (نزد فوارہ چوک) کے قریب مطب تھا پھر شاہدولہ روڈ پر آ گئے۔ عوام کی خدمت بغیر کسی لالچ کے کرتے تھے۔ "سائیں بیلے والے" کے نام سے معروف تھے۔ ۱۲۷۵ھ بمطابق ۵۸-۱۸۵۷ء میں پیدا ہوئے اور ۱۳۵۱ھ بمطابق ۳۳-۱۹۳۲ء میں فوت ہوئے۔ ان کی قبر، فاروقی خاندان کے آبائی قبرستان واقع شاہدولہ روڈ عقب مقبول دواخانہ میں دروازے کے بالکل سامنے واقع ہے۔ سنگِ مرمر کے کتبے پر درج ذیل عبارت کندہ ہے۔

فقیر سیّد غلام نبی بن سید غلام رسول رحمہا، المعروف سائیں بیلہ والے
کہ بعمر ہفتاد و شش سالگی درگذشت

غلامِ نبی بیلہ والے فقیر — جو تھے شہرِ گجرات میں بے نظیر
پیمبر کے عاشق تھے وہ نیک مرد — اور آلِ محمد کا تھا دل میں درد
صفات ان میں تھے مومنوں کے تمام — مسلمان خالص تھے وہ نیک نام
وہ تھے صوفی با صفا، قادری — تصوف کے میداں کے شیرِ جری
کیا تھا عطا حق نے دستِ شفا — مریض ان کا مایوسِ صحت نہ تھا
فقیر و غنی میں نہ تھا امتیاز — برابر تھے محمود ہو یا ایاز
طبابت سے مقصد تھا نفع بشر — نہ کسبِ معاش اور نہ تحصیلِ زر
دعا کرتے ہیں سب امیر و غریب — کہ ہو بیلے والے کو جنت نصیب
غلامِ نبی عارفِ پاک دل — چو مائل بعقبیٰ دلِ او شدہ
بگفتا پئے سالِ فوتش ملک — "بخلد بریں منزلِ او شدہ"

۱۳۵۱ھ

Marfat.com

غنیمت کنجاہی

گجرات کی دھرتی کا وہ علمی سپوت جس کی زباندانی کالوہا اہلِ فارس نے مانا۔ فارسی زبان کا یہ عظیم شاعر گجرات کے مشہور اور قدیم علمی روایت کے حامل قصبے کنجاہ میں پیدا ہوا۔ غنیمت کا اصل نام محمد اکرم اور تخلص غنیمت تھا۔ آپ کی تاریخ پیدائش معلوم نہیں ہو سکی تاہم آپ ۱۰۴۰ھ کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ شروع میں علم و اَدب سے لگاؤ نہیں تھا مگر سیّد صالح محمد گیلانی ساکن سادہ چک (گجرات) کا مرید ہونے کے بعد غنیمت کی کایا پلٹ گئی اور تھوڑے ہی عرصے میں اس کی شاعری، علم و فضل اور روحانیت کا شہرہ دور دور تک پھیل گیا۔ سیّد صالح محمد صاحبِ کمالات بزرگ تھے اور حضرت غوث الاعظمؒ کی اولاد سے تھے۔ اس نسبت سے غنیمت کو بھی حضرت غوث الاعظمؒ سے بے پناہ عقیدت تھی۔ سیّد صالح محمد، حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے مرید تھے اور یوں نوشہؒ صاحب غنیمت کے دادا پیر ہوتے ہیں۔

غنیمت گاؤں کا رہنے والا تھا۔ وہیں پل کر جوان ہوا۔ غنیمت کے والد کا نام شیخ نذر محمد تھا اور وہ کنجاہ کے مفتی بیان کئے جاتے ہیں۔ وہ دنیاوی جاہ و منصب کے علاوہ عالمِ دین اور صاحبِ دل بزرگ بھی تھے۔ نذر محمد کے بھائی کا نام شیخ ابوالبقا تھا اور یہ دونوں بھائی حاجی محمد نوشہ گنج بخشؒ کے مرید اور خلیفہ تھے اور صاحبِ کشف و کرامات شمار ہوتے تھے۔ (ایک دوسری روایت کے مطابق شیخ ابوالبقا، غنیمت کے والد تھے اور شیخ نذر محمد غنیمت کے چچا کا نام تھا)

مثنوی "نیرنگِ عشق" لکھنے کے بعد غنیمت کسی ایسے قدر دان کی تلاش میں تھا جو ان جواہر ریزوں کی قدر کرتا۔ چنانچہ غنیمت، مرزا سرخوش کے پاس دہلی پہنچے۔ سرخوش

نے قدردانی کا مظاہرہ کیا اور غنیمت کی زندگی کا بقیہ حصہ نہایت آرام سے گزرا۔

غنیمت، سید محمد زمان راسخ سرہندی کے شاگرد تھے۔ اور مولانا کو ان کی شاگردی پر فخر تھا۔ مثنوی "نیرنگِ عشق" غنیمت کا شاہکار ہے۔ اس میں شاہد و عزیز کے ہم صنفی عشق کا تذکرہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ عزیز، غنیمت کے دوست نواب مکرم خاں گورنر لاہور کا بیٹا تھا اور شاہد اس کا دوست تھا۔ مگر دوسری روایت یہ ہے کہ نواب مکرم خاں لاولد تھے (ماثر الامراء) اور یہ خود غنیمت کے عشق کی روداد ہے کیونکہ بقولِ غنیمت ؎

اسیرم کرد کافرِ ماجرائی

رہائی یا رسول اللہ، رہائی

شاہد کو مولانا نے کافرِ ماجرائی کے نام سے پکارا ہے۔ ماجرہ، کنجاہ کے قریب ایک گاؤں کا نام ہے۔ مثنوی "نیرنگِ عشق" ۱۰۹۴ھ میں لکھی گئی۔ اس میں ۱۵۰۰ اشعار ہیں۔ اس کے علاوہ ۲۶۳ غزلوں کا ایک دیوان بھی غنیمت کی عظمتِ فن کا شاہد ہے۔

غنیمت کی زندگی کے آخری سال لاہور کے گورنر نواب مکرم خاں کی مصاحبت میں گزرے وہیں آپ بیمار ہوئے۔ چھوٹے بھائی کو اطلاع دی وہ آپ کو ساتھ کنجاہ لے آیا، جہاں آپ نے ۱۱۰۵ھ بمطابق ۹۳-۱۶۹۲ء میں انتقال کیا۔ آپ کے بھتیجے محمد ماہ صداقت کنجاہی نے اپنی کتاب "ثواقب المناقب" میں یہی سنِ وفات درج کیا ہے۔ مزار پر اگرچہ ۱۱۱۰ھ درج تھا۔ لیکن ایک اور ذریعہ سے ۱۱۰۵ھ کی تصدیق اور ۱۱۱۰ھ کی تردید ہوتی ہے۔ وہ یہ کہ مرزا سرخوش نے اپنے تذکرۂ شعراء (کلمات الشعراء) میں غنیمت کو مرحوم لکھا ہے اور تذکرہ ۱۱۰۸ھ میں مکمل ہوا تھا۔ تاہم سنِ وفات ابھی مزید تحقیق کا متقاضی ہے۔

غنیمت کا مزار کنجاہ کے جنوب میں باغ دیواناں کے ساتھ واقع ہے۔ غنیمت کے مقبرے کے محلِ وقوع سے متعلق منشی لچھمن سنگھ گجراتی کے یہ اشعار تاریخی اہمیّت کے حامل ہیں۔

ہُن دیناں میں روضے دا پتہ سارا، کنجاہوں طرف دکھن بھاری تال ہے وے
کول باغ دیواناں دا خوب پُختہ روضہ خاص بنیا بُرج نال ہے وے
سر دے نال بیری پھلدار ہے وے روضے کارنے کٹیا ڈال ہے وے
مشہور شاعر غنیمت ہے وچ دنیا لچھمن سنگھ نہ جھوٹھ روال ہے وے

یہ مزار ۱۳۴۲ھ میں دوبارہ تعمیر ہوا۔ پہلے مزار موجود تھا لیکن نہایت خستہ حالت میں تھا۔ بخشی منظور علی صاحب رہتاسی (جو ان دنوں کنجاہ کے تھانیدار تھے) کی کوشش سے مزار کی مرمت ہوئی۔ ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی کہتے ہیں کہ تعمیرِ جدید میں بابائے اُردو مولوی عبدالحق کا بھی خاصہ حصہ ہے۔ جو عوام کو کم معلوم ہے۔ یہ ان کے اوائل قیامِ پنجاب کے کارناموں میں سے ایک ہے۔

اس مزار کے دروازہ پر سنگِ مرمر کی تختی پر یہ تحریر کندہ تھی۔

"تجدیدِ عمارتِ مزارِ منور حضرت شیخ محمد اکرم غنیمت کنجاہی
متوفی ۱۱۱۰ھ باہتمام بخشی منظور علی صاحب تھانیدار بن بخشی
غضنفر علی صاحب متوطّن رہتاس در ۱۳۴۲ھ واقعہ شد"

یہ مزار اب گرا دیا گیا ہے اور نیا مزار تعمیر کیا گیا ہے۔ نیا کتبہ ابھی نصب نہیں کیا گیا۔

Marfat.com

حضرت خواجہ فرد فقیرؒ

مردِ فقیر، فرد فقیر، اٹھارویں صدی کے نامور پنجابی شاعر، صوفی اور عالمِ دین تھے۔ اُن کی زندگی کے بارے میں بہت کم معلومات دستیاب ہیں۔ سنِ پیدائش و وفات اور جائے پیدائش حتمی طور پر معلوم نہیں۔ ایک اندازے کے مطابق ۱۷۰۱ء کے قریب پیدا ہوئے۔ اتنا معلوم ہے کہ خواجہ فرد فقیر قرآن، فقہ اور حدیث کے عالم تھے۔ انہوں نے تمام عمر بچوں کو قرآن اور حدیث کا درس دیتے گزاری۔ پنجابی زبان میں خوبصورت اور بلند پایہ صوفیانہ شاعری کرتے تھے۔ سی حرفیاں، باراں ماہ، دوہڑہ جات، کسب نامہ حجاماں، کسب نامہ بافندگان آپ کی پنجابی تصنیفات ہیں۔ "دریائے معرفت" کے نام سے آپ کی سی حرفیاں، نصیحت نامہ اور کسب نامہ بافندگان شائع ہوتی رہی ہیں۔ کسب نامۂ بافندگان ۱۱۶۳ھ بمطابق ۱۷۴۸ء میں تصنیف ہوا۔ فقہ کی کتاب پنجابی شعروں میں "روشندل" کے نام سے شائع ہوتی رہی ہے اس کا سنِ تصنیف ۱۷۵۱ء ہے۔ یہ مدرسوں میں پڑھائی جاتی رہی ہے۔ اس کے علاوہ "نعمت نامہ"، "فقر نامہ" اور ایک اُردو نظم بھی ان کی تصنیفات بتائی جاتی ہیں۔ (گجرات کے پنجابی شعراء پر تفصیلی کام جاری ہے)

آپ کے کلام میں کمزور اور پسے ہوئے طبقے کی زبردست حمایت اور ظلم کے انجام پر جا بجا اشعار ملتے ہیں۔ باقی تمام صوفیانہ موضوعات پر آپ کے کلام میں استادانہ کمال موجود ہے۔ میاں محمد بخش صاحب عارفِ کھڑی، آپ کے متعلق لکھتے ہیں:

فرد فقیر ہویا کوئی خاصا مرد صفائی والا
فقہ اندر بھی چست سخن ہے، عشق اندر خوشحالا

Marfat.com

خواجہ فرد فقیر نے ۱۷۹۰ء کے قریب وفات پائی۔ ایک روایت کے مطابق انہوں نے اپنی موت کا خود پیشگی اعلان کیا تھا۔

خواجہ فرد فقیر کی قبر گجرات شہر میں شاہ حسین ملتانی کے مزار کے ساتھ جانب مغرب مسجد کے صحن کی شمال مشرقی نکڑ میں واقع ہے۔ قبر پختہ ہے۔ کتبہ نہیں ہے۔ قبر کے ساتھ ایک درخت ہے۔ جس کے متعلق یہ بات مشہور ہے کہ یہ "نخلِ سخن" ہے اس کے پتے کھانے سے کوئی بھی سخن کے لئے ضروری سوزِ دروں حاصل کر سکتا ہے۔ اور سخنور بن سکتا ہے۔

Marfat.com

پروفیسر ڈاکٹر فضل الرحمٰن

کراچی ایس ایم کالج کے شعبۂ فلسفہ کے سربراہ ڈاکٹر فضل الرحمٰن ایک نابغۂ عصر شخصیت تھے۔ وہ ۱۹۱۱ء کے قریب گجرات شہر میں پیدا ہوئے۔ کشمیری النسل تھے۔ گجرات میں میٹرک تک تعلیم حاصل کی۔ پھر افریقی جزیرے زنجبار میں شاہی محل کی حفاظتی پولیس میں بھرتی ہو گئے۔ ترقی کی اور سارجنٹ ہو گئے۔ اپنی ذہانت اور محنت سے عزت اور دولت کمائی پھر مزید تعلیم کا خیال پیدا ہوا۔ زنجبار میں دس سال ملازمت کے بعد پنشن لے لی اور کچھ عرصہ سیر و سیاحت میں گزار کر ۱۹۳۷ء میں علی گڑھ یونیورسٹی کی فرسٹ ایئر کلاس میں داخل ہوئے۔ اپنی جماعت میں اوّل آئے اور مزید تعلیم کے لئے انگلستان روانہ ہو گئے۔ جنگِ عظیم دوم کے دوران مشکلات کے باوجود آکسفورڈ سے فلسفہ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی اور پھر ریڈنگ یونیورسٹی سے فلسفہ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری لی۔ وطن واپسی پر کراچی ایس ایم کالج میں فلسفہ کے استاد مقرر ہوئے اور صدرِ شعبہ کے عہدے تک پہنچے۔ مگر قبل از وقت ریٹائرمنٹ لے لی اور یادِ خدا سے لو لگالی۔ اب وہ گجرات شہر میں شاہدولہ دروازے کے اندر سنہری مسجد میں وعظ کرتے اور لوگوں کو محبت کا درس دیتے۔ ہمہ وقت یادِ الٰہی میں مصروف اور اصلاح معاشرہ کے لئے کوشاں رہتے۔ تصوف سے بھی بہت محبت کرتے تھے اور ان کی آخری عمر ایک سالک کی زندگی کا نمونہ تھی۔ ڈاکٹر فضل الرحمٰن نہایت ذہین اور اعلیٰ کردار کے انسان تھے۔ ۱۹۶۹ء میں فوت ہوئے۔

آپ کی قبر، قبرستان تریہنگ میں جنازہ گاہ سے جانب شمال چند قدموں پر واقع ہے۔ قبر کچی ہے۔ چھوٹے سے کتبے پر یہ مختصر سی تحریر ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كُلُّ مَنْ عَلَيهَا فَانٍ

الحاج پروفیسر فضل الرحمٰن

تاریخِ وفات: ۳ دسمبر ۱۹۶۹ء

مطابق ۲۲ رمضان ۱۳۸۹ھ

فضل الٰہی چوہدری، سابق صدر پاکستان

پیکرِ شرافت چوہدری فضل الٰہی مرالہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات میں پیدا ہوئے۔ زرعی یونیورسٹی لائل پور (فیصل آباد) سے بی ایس سی کی ڈگری لی۔ علی گڑھ یونیورسٹی سے ایم اے انگلش، ایل ایل بی کی ڈگریاں حاصل کیں اور ضلع کچہری گجرات میں پریکٹس کرنے لگے۔ ۱۹۳۳ء میں گجرات ڈسٹرکٹ بورڈ کے رکن چنے گئے۔ ۱۹۴۴ء میں گجرات ڈسٹرکٹ مسلم لیگ کے صدر بنے اور گجرات میں مسلم لیگ کو مضبوط و مستحکم کیا اور گاؤں گاؤں قائد کا پیغام پہنچایا۔ ۱۹۴۶ء میں پنجاب اسمبلی کے رکن چنے گئے۔ قیام پاکستان کے بعد پارلیمانی سیکرٹری منتخب ہوئے۔ مئی ۱۹۴۸ء میں مستعفی ہو گئے۔ ون یونٹ دور میں مغربی پاکستان اسمبلی کے رکن رہے۔ ۱۹۶۵ء میں سینئر ڈپٹی سپیکر منتخب ہوئے۔

۱۹۶۹ء میں پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کی اور دسمبر ۱۹۷۰ء کے انتخابات میں کھاریاں سے ایم این اے کے انتخاب میں کامیاب ہوئے۔ ۱۹۷۱ء میں سپیکر منتخب ہوئے اور ۱۹۷۳ء میں جب مسٹر ذوالفقار علی بھٹو وزیرِاعظم پاکستان بن گئے تو چوہدری فضل الٰہی کو صدرِ مملکت کا ممتاز عہدہ دیا گیا۔ تاہم اصل قوت وزیرِاعظم کے پاس تھی۔ جولائی ۱۹۷۷ء سے ستمبر ۱۹۷۸ء تک مارشل لاء کے دور میں بھی آپ صدر رہے۔ مگر اس دور میں بھی اصل طاقت چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے پاس تھی۔ ستمبر ۱۹۷۸ء میں صدارت سے مستعفی ہو گئے۔ ۱۹۸۲ء میں ایک حادثے میں زخمی ہوئے کچھ عرصہ ہسپتال میں رہے اور آخر یکم جون ۱۹۸۲ء کو فوت ہو گئے۔

Marfat.com

کھاریاں کینٹ کے بس سٹاپ کے قریب سے ایک سڑک مرالہ گوجراں کو جاتی ہے۔ اسی سڑک کے کنارے مرالہ سے مشرق کی جانب ایک وسیع چار دیواری میں آپ کی قبر ہے۔ جس پر سنگِ مرمر لگایا گیا ہے۔ کتبہ نہیں ہے۔ قبر کے اوپر ایک تختی پر یہ مختصر عبارت کندہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فضل الٰہی چوہدری

تاریخِ پیدائش: یکم جنوری ۱۹۰۴ء

تاریخِ وفات: یکم جون ۱۹۸۲ء

Marfat.com

پیر فضل حسین فضل گجراتی

پنجابی غزل کے شہنشاہ، پیر فضل گجراتی، گجرات شہر گڑھی شاہدولہ میں پیر مقبول حسین شاہ سجادہ نشین دربار شاہدولہ گجراتی کے گھر ۱۸۹۶ء میں پیدا ہوئے۔ پیر صاحب نے گجرات میں ابتدائی تعلیم حاصل کی اور میونسپل کمیٹی گجرات میں کلرک بھرتی ہو گئے اور یہیں سے ہیڈ کلرک کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔

شاعری کی ابتداء اُردو سے کی اور مرزا نثار حسین مبصر دہلوی سے تلمذ اختیار کیا۔ پھر سائیں احمد علی کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے پنجابی کی طرف آئے اور چومصرعے لکھنے شروع کیے۔ پھر غزل کی طرف توجہ کی اور پنجابی غزل کو اُردو کے ہم پلہ لا کھڑا کیا۔ پنجابی غزل کے علاوہ پنجابی نعت میں بھی آپ کا مقام بہت معتبر ہے۔ غزلوں اور نظموں کے دو مجموعے "ڈونگھے پینڈے" اور "ٹکوراں" کے نام سے شائع ہوئے جبکہ نعت کا مجموعہ "قطبی تارا" کے عنوان سے چھپا۔ پیر صاحب نہایت نورانی اور رسیلی شخصیت کے مالک تھے جو ایک بار ملتا گرویدہ ہو جاتا۔ وہ محبتوں اور چاہتوں کے پیامبر تھے۔ سفید لباس زیبِ تن کرتے اور مَن کو ہمیشہ کدورت سے پاک رکھتے۔ ان کی محفل میں بیٹھنے والے آج تک ان کی شخصیت کی مٹھاس اور رفاقت کی لذت کو یاد کرتے ہیں۔

پیر صاحب نے ۲۲ اگست ۱۹۷۲ء / ۱۲ رجب ۱۳۹۲ھ کو وفات پائی۔ راقم نے مادہ تاریخِ رحلت لکھا، "سخن کا شہنشاہ" = ۱۳۹۲ھ اور "تربتِ فقیر" = ۱۳۹۲ھ۔ آپ کو آپ کے آبائی قبرستان میں دفن کیا گیا۔ یہ قبرستان شاہدولہ روڈ پر جانبِ شمال نزد مسجد حاجی صاحب واقع ہے۔

Marfat.com

آپ کی قبر پختہ ہے اور سنگِ مرمر کے کتبے پر آپ کے اپنے منتخب اشعار کندہ کیے گئے ہیں۔ عبارت نقل کی جاتی ہے۔

اللہ ج بسم اللہ الرحمٰن الرحیم محمدؐ

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

مرقد

پیر فضل حسین فضؔل گجراتی

سجادہ نشین حضرت شاہدولہ دریائی رحمتہ اللہ علیہ

پیدائش: ۲۲ مئی ۱۸۹۶ء

وفات: ۲۲ اگست ۱۹۷۲ء

فضل دا دل، وچ قبر دے وی اے کِناں بے قرار
کوئی ہتھ دھردا اُٹھا کے قبر توں سِل ویکھدا
میں درود و صلوٰۃ نبیؐ تے بھیجدیاں مر جاواں
اُٹھاں ایسے حالت اندر منگاں فضل دعاواں
دے ہمت رَب میِنوں کوئی کر چنگا کم جاواں
میں بَن کے خود دیوا اپنی تربت اُتے جگّاں
پاک باطناں دے کول بہن والے ظاہر داریاں تو دور نسدے نیں
قبراں وچہ اوہ منگدے نور چانن، دیوے بلن نہ بلن مزار اُتے
چِٹھی ہتھ وچ لیکے بخششاں دی فضل باغ رضوان ول مڑی جاندا ئے
اج عرصہ محشر دے وچہ تیرے کم آ گئی مدح سرائی کس دی

Marfat.com

خان صاحب پروفیسر قاضی فضل حق

علم و ادب اور تحقیق کی دنیا کا درخشندہ ستارہ، قاضی فضل حق، گجرات کے گاؤں حاجیوالہ میں ۱۸۸۷ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم قریب کے دیہات اور اعوان شریف میں قاضی سلطان محمودؒ کے درس سے حاصل کی۔ جلالپور جٹاں سے امتیازی حیثیت سے میٹرک پاس کیا اور ۱۹۰۹ء میں اسلامیہ کالج لاہور سے بی اے کیا۔ ۱۹۱۲ء میں پنجاب یونیورسٹی سے منشی فاضل اور ایم اے عربی کے امتحانات پاس کئے۔ ایم اے میں امتیازی پوزیشن لینے پر آپ کو میکلوڈ عربک ریسرچ سکالر شپ پر علی گڑھ بھیجا گیا۔ تحقیق کے ساتھ ساتھ آپ نے جرمن، عبرانی، فرنچ اور آسوری زبانوں پر عبور حاصل کیا۔ رائل ایشیاٹک سوسائٹی لندن کے فیلو بنے۔ ۱۹۱۴ء میں گورنمنٹ کالج لاہور میں آئے اور ۱۹۳۹ء تک صدرِ شعبہ رہے۔ ۱۹۳۳ء میں تدریسی خدمات پر "خان صاحب" کا خطاب ملا۔

گورنمنٹ کالج میں آپ نے ۲۵ سال بہت فعال گزارے، تدریس، تحقیق، طلبا کی غیر نصابی سرگرمیوں اور پنجابی اور فارسی زبان و ادب کے فروغ کے لئے آپ نے گرانقدر خدمات سر انجام دیں۔ آپ کے درجنوں مقالات اس وقت کے موقر جرائد میں شائع ہوئے۔ کئی نصابی کتب آپ نے ترتیب دیں۔ آپ کے مقالات سات جلدوں میں آپ کے بیٹے بذلِ حق محمود نے ترتیب دے رکھے ہیں۔ "سخنورانِ ایران" کے نام سے آپ کی ایک بیش قیمت کتاب شائع ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ آپ کی کئی کتب طبع ہوئیں۔ حافظ محمود شیرانی کی کتاب "پنجاب میں اُردو" پر آپ کے تنقیدی مقالات آپ کی تحقیقی صلاحیتوں کا ثبوت ہیں۔ پنجابی ادب کی تحقیق کے

Marfat.com

آغاز کا سہرا آپ کے سر ہے۔ (تفصیل کے لئے دیکھیئے مجلہ راوی گورنمنٹ کالج لاہور ۱۹۸۵ء۔ گوشہ قاضی فضل حق) آپ نے ۱۹۳۹ء میں اپنے علمی اور تحقیقی دور کے عروج میں وفات پائی۔ راقم نے "فضلِ حق بُود سزاوارِ خُلد" = ۱۹۳۹ء اور "مہربان و غنی" = ۱۳۵۸ھ مادہ ہائے سنِ رحلت لکھے ہیں۔

آپ اپنی وصیت کے مطابق حاجیوالہ میں اپنے والد کے پہلو میں دفن ہوئے آپ کی قبر حاجیوالہ گاؤں (گجرات سے شمال مشرق کی سمت تقریباً ۳۰ کلومیٹر) کے جنوب میں واقع قبرستان میں نمایاں جگہ پر واقع ہے۔ آپ کے دائیں بائیں والد اور بھائی کی قبریں ہیں۔ لوحِ قبر کی تحریر یہ ہے۔

یا اللہ　　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　　یا محمد

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد الرسول اللہ

خان صاحب قاضی فضل حق

ولد قاضی محمد دین

تاریخ وفات: ۳۰ جولائی ۱۹۳۹ء بروز اتوار

پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور

سربراہ محکمہ فارسی پنجاب یونیورسٹی ۱۹۱۲ء/ ۱۹۳۹ء

Marfat.com

سَر فضل علی

سَر سیّدِ گجرات، نواب سر فضل علی، وہ نامور فرزندِ گجرات تھے جنہوں نے اس خطے کو جہالت کے اندھیروں سے نکالنے اور تعلیم کی روشنی سے روشناس کرانے کے لئے یادگار کارنامہ سرانجام دیا۔ چوہدری فضل علی اجنالہ ضلع گجرات میں ۱۸۶۶ء کے لگ بھگ چوہدری سلطان علی کے گھر پیدا ہوئے۔ گجرات مشن سکول اور علی گڑھ ایم اے او کالج سے تعلیم حاصل کی۔

۱۸۹۶ء میں صوبائی درباری بنے ۱۹۲۶ء سے ۱۹۴۲ء تک گجرات ڈسٹرکٹ بورڈ کے چیئرمین رہے۔ آنریری مجسٹریٹ بھی رہے۔ امدادِ باہمی کے لئے سنٹرل کواپریٹو زمیندار بینک کی بنیاد رکھی۔ ۱۹۱۴ء میں زمیندار ایجوکیشنل ایسوسی ایشن کی بنیاد رکھی۔ اسی ایسوسی ایشن کے تحت زمیندار سکول اور زمیندار کالج قائم ہوئے۔ جنگ عظیم اوّل میں انگریزی سرکار کو ریکروٹمنٹ میں مدد دینے کے صلے میں آپ کو MBE ۱۹۲۱ء میں خان بہادر، پھر ۱۹۳۶ء میں نواب اور ۱۹۴۲ء میں سَر کے خطابات سے نوازا گیا۔ ۱۹۲۶ء اور ۱۹۳۷ء میں پنجاب لیجسلیٹو کونسل کے رکن رہے۔ آپ کی وفات ۳۰ اکتوبر ۱۹۴۲ء کو ہوئی۔ خوشی محمد ناظرؔ نے طویل مرثیہ لکھا۔ آپ کو زمیندار کالج کی مین بلڈنگ کے بالکل سامنے دفن کیا گیا۔ قبر سنگِ مرمر سے پختہ کی گئی ہے۔ الگ کتبہ نہیں ہے۔ تعویذ کے اوپر ہی قطعات لکھے ہوئے ہیں دائیں (مغرب) طرف آیت الکرسی، بائیں (مشرق) طرف سورہ فاتحہ اور شمال میں سورہ اخلاص کندہ ہے:

تعویذ کے اوپر Top کی تحریر حسب ذیل ہے۔

Marfat.com

كُلّ مَن عَلَيها فَانٍ

"میرِ راہ سَرسیدِ ثانی"

۱۳۶۱ھ

(از کیپٹن محمد رمضان تبسّم قریشی گجرات)

رود فضل علی سوئے جناں از عالمِ فانی | برونالد مسلمانی، برونالد جہانبانی
زخدمتہائے ملک و قوم او مخدومِ عالم شد | بہ عزمش بود نازاں جذبہ ایثار و قربانی
مریض قوم را بودہ طبیبِ حاذق و مشفق | پیئے تعمیرِ ملت کالج و اسکول را بانی
چنیں فیاض و عادل مہرباں غمخوار و ہمدردے | ندیدہ خطۂ گجرات ہم در عمرِ طولانی
تبسّم را مربی رفت و اصغر را پدر رفتہ | بہ بحرِ غم شدہ مہدی علی محبوس چو زندانی
جلال و سیّد حیدر رفیقانِ عتیقِ او | جہاں لرزد کنند نوحہ کناں چوں اشک افشانی

تبسّم سال رحلت سر نگندہ پا رانش

"امیرے تاجدارِ قومِ ما سَر سیدِ ثانی"

۱۹۵۲-۱۰ = ۱۹۴۲ء

تاریخ دیگر

از سیّد گُل حسین شاہ گُل ساکن چھوکر کلاں ضلع گجرات

جب گئے دنیا سے وہ سوئے جناں | فضلِ رَبّی ہو گیا ان پر وہاں
گُل کہو تاریخ با "عین الیقین" | "ہو گئے فضل علی جنت گزیں"

۳۳۱ | ۳۳۱ + ۶۱۱(۱) = ۱۹۴۲ء

(۱)۔ ۶۱۱ کندہ ہے مگر ۱۶۱۱ ہونا چاہیے تب ۱۹۴۲ء میزان بنتا ہے۔

Marfat.com

مولوی فضل میراں

مولوی فضل میراں عربی کے نامور عالم، استاد اور دینِ مصطفےٰؐ کے بے باک مبلّغ تھے۔ ۱۸۸۰ء کے قریب رلکے (نزد جلالپور جٹاں) میں مفتی کریم بخش قادری کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔ آپ کے عنفوان شباب میں عیسائیت کی تبلیغ کا مشن زوروں پر تھا اور آپ کے والد اس کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ تھے۔ چنانچہ عیسائی مبلّغین نے حیلوں بہانوں سے آپ کو اپنی طرف مائل کر لیا اور سبز باغ دکھا کر لدھیانہ میں تعلیم کے لئے بھیج دیا۔ اور وہ مسٹر فضل میراں بن کر عیسائیت کی حقانیت پر تقریریں کرنے لگے۔ اس موقع پر آپ کے والد نے دعا کروائی اور آپ عیسائیت سے تائب ہو گئے اور اسلامی علوم میں کمال حاصل کیا۔ آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے عربی کا امتحان درجہ اوّل میں پاس کیا اور تمام عمر کے لئے اپنی خدمات انجمنِ حمایتِ اسلام لاہور کے سپرد کر دیں۔ آپ کو اسلامیہ کالج میں استاد مقرر کیا گیا۔ جہاں آپ آخری دم تک خدمتِ اسلام بجا لاتے رہے۔ لاہور کے علمی و مذہبی حلقوں میں آپ کا نام آج بھی احترام سے لیا جاتا ہے۔ مزنگ لاہور میں رہتے تھے جہاں کے بہت سے خاندان آپ کے حلقہ ارادت میں شامل تھے۔ آپ نے عبدالکریم الجیلی کی کتاب "انسانِ کامل" کا اردو ترجمہ کیا تھا جو شائع ہو چکا ہے۔ آپ کو کتابوں سے عشق تھا۔ اپنی بہت بڑی لائبریری تھی۔ یورپ کا سفر کر کے اہلِ مغرب کو اسلام کی حقانیت سے روشناس کرانا چاہتے تھے مگر موت نے مہلت نہ دی۔ اور آپ ۱۹۲۳ء میں اپنی علمی زندگی کے عروج میں واصل حق ہو گئے۔ آپ نے لاہور میں وفات پائی اور رلکے کے قبرستان میں اپنے والد کے پہلو میں (جانب مشرق) دفن کئے گئے قبر کچی ہے۔ کتبہ نصب نہیں۔

Marfat.com

سائیں فیروز الدین نگین

پنجابی زبان کے نامور شاعر سائیں فیروز الدین نگین گجراتی ۱۸۷۹ء میں گجرات شہر کے محلہ کٹڑہ شالبافاں میں نبیر بٹ کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد کاروبار میں اپنے والد کا ہاتھ بٹانے لگے جو سکولوں میں سامان فراہم کرنے کے ٹھیکیدار تھے۔ فیروز الدین نے کاروبار میں نمایاں کامیابی حاصل کی اور حکام کے ساتھ بھی میل ملاپ رکھا اور سماجی مقام بھی حاصل کیا۔ وہ "دیہات سدھار تحریک" میں سرگرم رہے اور قلمی محاذ پر عوام کی اصلاح کے لئے کام کرتے رہے۔ وہ اس دور میں "ضلعی کرسی نشین" بھی تھے۔ فیروز الدین علامہ اقبالؒ کے ملاقاتی بھی تھے اور ان کے سسرالی خاندان کے عزیز بھی۔

فیروز الدین کے لڑکپن میں میاں محمد بوٹا کی شاعری کی بڑی دھوم تھی وہ اسی محلہ میں رہتے تھے۔ فیروز الدین کو قدرت نے ذہن رسا دیا تھا چنانچہ آپ نے بھی شاعری شروع کی اور نگین تخلص اختیار کیا۔ آہستہ آہستہ نگین کا ذہن تصوف کی طرف مائل ہو تا گیا اور اُنہوں نے دنیا داری چھوڑ کر خود کو درویشی کی "گُدڑی" میں چھپا لیا۔ اولاد کی محرومی نے انہیں ایک سوز دروں عطا کر دیا۔ انہوں نے سخن گوئی کے چراغ سے اپنے من کو روشن کر لیا اور پنجابی کو شعرو سخن کے بیش قدر موتی عطا کئے۔ نگین کی "سوہنی" پہلی مرتبہ ۱۹۲۳ء اور دوسری بار ۱۹۹۰ء میں شائع ہوئی جو پنجابی شاعری کا بہترین نمونہ ہے۔ ان کا دیگر کلام انؒ کے بھتیجے افتخار بٹ نے ترتیب دے رکھا ہے۔ آپ نے ۲۸ دسمبر ۱۹۶۷ء کو رحلت کی اور قبرستان بھٹیاں میں اپنے خاندانی احاطہ میں دفن ہوئے۔ کتبہ نصب نہیں۔

Marfat.com

بابا فیروز خان

بابا فیروز خان ایک ولی کامل تھے۔ موضع ہڑیلہ ضلع ایبٹ آباد میں ۱۸۸۵ء میں سید خان کے گھر پیدا ہوئے۔ فوج میں بھرتی ہوئے۔ ۱۹۱۹ء میں برما میں تھے جب ڈاکٹر اللہ دِتا کنجاہی سے ملاقات ہوئی اور ان سے شرف بیعت حاصل کیا۔ آپ ڈاکٹر صاحب کے اولین خلیفہ و مجاز تھے۔ ۱۹۳۵ء میں جب آپ نے تمام مراحلِ طریقت سے خوب آشنائی پیدا کر لی تو ڈاکٹر صاحب نے آپ کو پیر جماعت علی شاہؒ کی خدمت میں پیش کیا۔ وہاں سے بھی خرقہ خلافت عطا ہوا لیکن آپ نے سلسلہ بیعت ڈاکٹر صاحب کی وفات کے بعد شروع کیا اور تبلیغِ حق کے لئے زندگی وقف کر دی۔ آپ کے ارادتمند لاہور، گجرات، راولپنڈی، جہلم ملتان وغیرہ میں بکثرت موجود ہیں۔ آخری آرامگاہ گجرات شہر کے محلہ رحمٰن آباد (نزد فیروز آباد) میں دربار والی مسجد کے صحن میں ہے۔ کتبہ پر یہ عبارت کندہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلا اِنّ اَولیاء اللہ لَا خوفٌ عَلیھم وَلَا ھُم یحزنُون

مرقد

قطبِ زماں، حضرت بابا جی فیروز خاں رحمتہ اللہ علیہ

تاریخ وفات: ۸ مارچ ۱۹۶۳ء بمطابق ۱۱ شوال ۱۳۸۳ھ بروز جمعہ

زُبدہ اہلِ بصیرت صاحبِ صدق و صفا — قطبِ عالم مردِ کامل، طالبِ راہ ہدیٰ
عاشقِ مردانِ حق "درویش دوست" — "بابا جی فیروز خاں" بُد نامِ اوست
۱۹۶۳ء

یازدہ شوال روزِ جمعہ کردہ ارتحال — تا ابد بَر مرقدش رحمتِ بفضلِ ذوالجلال
سالِ رحلت کردہ نعمانی رقم — "یا بدیع اغفرہ" از لطف و کرم
۱۳۸۳ھ

قربان طاہر

گجرات کے معروف صحافی جناب قربان طاہر محلہ غریب پورہ میں چوہدری محمد حسین ولد منشی فضل احمد کے گھر پیدا ہوئے۔ زمیندار کالج کے سرگرم طالب علموں میں سے تھے۔ تحریکِ پاکستان کے دوران مسلم لیگ کی حمایت پر کالج سے نکالے گئے۔ آپ نے ہفت روزہ "معیار" اور "اخبار" جاری کئے۔ پھر "چیلنج" کا اجراء کیا جو تاحیات جاری رکھا۔ "کوہستان" (روزنامہ) کی نمائندگی سے صحافت میں آئے پھر کئی سال تک "نوائے وقت" کے نمائندہ خصوصی رہے۔ رائٹرز گلڈ کے بھی عہدیدار رہے۔ گجرات پریس کلب آپ کی کوششوں سے بنا اور آپ اس کے تاحیات سرپرست تھے۔ محفلِ نقد و نظر گجرات نے آپ کو بہترین صحافی کا ایوارڈ دیا۔ آپ نے ۳۰ نومبر ۱۹۹۳ء کو وفات پائی اور مرغزار کالونی کے قبرستان میں آپ کی پہلی قبر بنی۔ یہ قبرستان ماڈل ٹاؤن سے جنوب میں واقع ہے۔ اِس اکیلی قبر کا کتبہ اِس تحریر کا حامل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

قربان طاہر

خلف الرشید محمد حسین

تاریخ پیدائش: یکم ستمبر ۱۹۳۰ء سوموار

تاریخ وفات: ۳۰ نومبر ۱۹۹۳ء

مرقد پہ تیری رحمتِ حق کا نزول ہو
حامی ترا خدا اور خدا کا رسول ہو

Marfat.com

خان صاحب ملک کرم الدین

گجرات اور لاھور میں مسلمانوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے ملک کرم الدین کے بزرگوں کا وطن کشمیر تھا۔ ۱۹ مارچ ۱۸۸۴ء کو کھاریاں کے گاؤں بھگوال میں ملک عمر بخش کے گھر پیدا ہوئے۔ مشن سکول گجرات سے انٹرنس کرنے کے بعد محکمہ ٹیلی گراف میں ملازم ہوئے اور ترقی کی منازل طے کرتے کرتے سپرنٹنڈنٹ ٹیلی گراف کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ ان کی شاندار پیشہ ورانہ خدمات کے صلے میں "خانصاحب" کا خطاب اور "جوبلی میڈل" دیا گیا۔ آل انڈیا پوسٹ اینڈ ٹیلی گراف یونین اور مسلم کوآپریٹو سوسائٹی کی بنیاد رکھی اور اپنے رفقاء کار کے لئے جدوجہد کرتے رہے۔

انجمنِ حمایتِ اسلام لاہور اور انجمنِ خدام الاسلام گجرات کے سیکرٹری اور انجمنِ مفادِ عامہ گجرات کے بانی تھے۔ گجرات میں کچہری روڈ پر ملک منزل (نزد پرانی سبزی منڈی) ان کی رہائش گاہ تھی۔ علامہ محمد اقبالؒ اور خلیفہ شجاع الدین ان کے دوستوں میں سے تھے۔ (تفصیلی حالات کے لئے دیکھئے فوقؔ کی کتاب "مشاہیرِ کشمیر")۔ آپ نے ۱۳ اگست ۱۹۵۹ء کو وفات پائی۔ آپ قبرستان بھٹیاں کے شمالی نصف حصے میں (درمیانی راستے سے تقریباً ۲۰ فٹ شمال میں) مدفون ہیں۔ کتبے کی تحریر درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یَاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّہ O ارْجِعِی اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرضِیَّۃً O فَادْخُلِی فِی عِبٰدِی O وَادْخُلِی جَنَّتِی O

مرقد

خادمِ ملّت و دین خانصاحب ملک کرم الدین

سابقہ سیکرٹری انجمنِ خدّام الاسلام گجرات و انجمنِ حمایتِ اسلام لاھور

تاریخِ وفات

۱۳، اگست ۱۹۵۹ء بروز پنجشنبہ بمطابق ۲ صفر المظفر ۱۳۷۹ھ

ملک منزل کچہری روڈ گجرات

دفترِ ہستی میں تھی زریں ورق تیری حیات
تھی سراپا دین و دنیا کا سبق تیری حیات
زندگانی تھی تیری مہتاب سے تابندہ تر
خوب تر تھا صبح کے تارے سے بھی تیرا سفر

Marfat.com

سائیں کرم الٰہی المعروف بہ ''کانوانوالی سرکار''

مردِ درویش حضرت سائیں کانواں والی سرکار کا نام کرم الٰہی تھا۔ آپ ۳، اپریل ۱۸۳۸ء کے دن گجرات شہر کے محلہ اندرون کانیانوالی میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام غلام محمد تھا اور خاندان آرائیں تھا۔ بچپن میں دینی تعلیم کے لئے آپ کو مدرسہ میں بٹھا دیا گیا۔ گجرات میں موجودہ چوک پاکستان کے قریب "چشتی بادشاہ" کے مزار کے قریب اس دور میں ایک درس ہوا کرتا تھا۔ وہیں کرم الٰہی کی ظاہری تعلیم کا آغاز ہوا۔ چشتی بادشاہ کے مزار کے ایک مجاور اور درس کے معلم میاں ننھا آپ کے استاد تھے۔

سولہ برس کی عمر میں ظاہری تعلیم کا سلسلہ منقطع ہوا تو مرشد کی تلاش شروع ہوئی۔ موضع چنڈالہ میں ایک بزرگ امام شاہ کے ہاتھ میں آپ نے اپنا ہاتھ دیا اور سلسلۂ قادریہ رزاقیہ سے منسلک ہو گئے۔ آپ نے مرشد کے حکم سے پاپیادہ دہلی اور کشمیر کی سیاحت کی اور ان مقامات پر بزرگوں سے حصولِ فیض کیا۔ پھر مجاہدہ اور ریاضت کی منزل طے کرنے کے لئے آپ دریائے جہلم کے پل کی تعمیر میں ٹوکری ڈھونے اور چوکیداری کرنے کا فریضہ انجام دیتے رہے۔

واپسی پر آپ نے "ملامتی رنگ" اختیار کر لیا۔ اور شہر سے باہر ڈیرہ جما لیا۔ جسم پر صرف ایک لنگوٹی، ہاتھوں میں سرکنڈے کے مٹھے (کانے) اور دنیا سے بے تعلقی! ان کانوں کو گنتے رہنا یا چرخہ چلانا مرتے دم تک مشغلہ رہا۔ کھانا خود کبھی کبھی کھاتے۔ اکثر اپنے حصے کا کھانا کوّوں کو ڈال دیتے جو اس قدر مانوس ہو گئے تھے کہ آپ کے کندھے پر آ بیٹھتے۔ یہی آپ کی وجہ تسمیہ ٹھہری۔ آپ نے بقیہ تمام عمر اسی جگہ (جہاں اب مزار ہے) گزاری۔ آپ کی بہت سی کرامات میں سے "کنویں کے پانی کا

Marfat.com

دودھ بن جانا" مشہور ہے۔

آپ نے ۲۰ جولائی ۱۹۳۰ء بمطابق ۲۲ صفر ۱۳۴۹ھ وفات پائی۔ مولوی نُور الدین انور نے مادہ تاریخ کہا "ایہ روضہ کرم الٰہی ہے" = ۱۳۴۹ھ۔ راقم نے "اثرِ رحمت" = ۱۳۴۹ھ سے سنِ رحلت بر آمد کیا ہے۔ تمام عمر مجرد رہے اور کسی کو بیعت نہیں کیا۔ پیر ولایت شاہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور سات بار نماز جنازہ ہوئی۔ مزار گجرات شہر سے جانبِ شمال واقع ہے۔ مزار پختہ تعمیر ہے۔ باہر دروازے کے اوپر پروفیسر سیف الرحمٰن سیفیؔ کا یہ شعر سنگِ مرمر کی تختی پر کندہ ہے ؎

کانوانوالا کرم کرے تے کاگ بنیرے بولن
جنہاں دی سِک لگی ہووے بوہے آن کھلوون

اندرونی دیوار (شمالی) پر یہ شعر درج ہے۔

تیرہ سو انچاس سن بائیں ماہ صفر تھی
کرم الٰہی چل بسے "آہ حسرت آہ حسرتا"

۱۳۴۹ھ

Marfat.com

مولوی کریم بخش قادری

مفتی مولوی کریم بخش ابن مفتی کرم بخش ساکن رلکے نزد جلالپور جٹاں کا تعلق مفتیانِ شادیوال کے علمی گھرانے سے تھا۔ آپ بھگوال متصل گلیانہ میں پیدا ہوئے۔ بعد میں موضع رلکے میں آ گئے اور اپنے خاندان کی علمی روایت کے پیشِ نظر درس و تدریس اور وعظ و ارشاد کا سلسلہ جاری کیا۔ مولوی کریم بخش اپنے عہد کے عالمِ اجل اور غیور مسلمان تھے۔ پورے پنجاب میں آپ کا فتویٰ چلتا تھا۔ آپ عالم و مفتی ہونے کے ساتھ ساتھ زبردست مقرر اور خطاط بھی تھے۔ آپ عربی فارسی زبان و ادب پر کامل عبور رکھتے تھے اور فارسی اور پنجابی کے قادرالکلام شاعر بھی تھے۔

آپ کے دور میں رلکے کی چھوٹی سی بستی علم و حکمت اور وعظ و تبلیغ کا نمایاں مقام تھی۔ انیسویں صدی کے آخر میں جب عیسائی مشنری جلالپور جٹاں میں نہایت سرگرم تھے اور مختلف لالچ دے کر سادہ لوح عوام کو عیسائیت کی طرف مائل کر رہے تھے۔ اس وقت اس تحریک کے خلاف آپ نے زبردست آواز بلند کی اور متعدد بار عیسائی مبلغین کے ساتھ مناظرے کئے اور انہیں شکست دی۔

مولوی کریم بخش بٹالہ شریف کے بزرگ صاحبزادہ ظہور الحسن سے بیعت تھے اور ان کے خلیفۂ مجاز تھے۔ آپ کا حلقۂ ارادت بہت وسیع تھا اور مزنگ لاہور کے بہت سے خاندان آپ کے مرید تھے۔ آپ کچھ عرصہ بغداد میں بھی رہے اور وہاں کے کتب خانوں سے استفادہ کیا۔ آپ نے ۶ ربیع الاول ۱۳۲۵ھ بمطابق ۲۰، اپریل ۱۹۰۷ء کو وفات پائی اور رلکے کے قبرستان میں جانب شمال مغرب آپ کی پختہ قبر بنی جس کے گرد چھوٹی اینٹوں کی مضبوط چاردیواری بھی بنائی گئی ہے۔ کتبہ نصب نہیں۔

Marfat.com

حضرت گل پیر قادری اور خلفاء

ڈھوڈا شریف نزد کڑیانوالہ (گجرات) میں دربارِ عالیہ قادریہ قاسمیہ میں تین بزرگ مدفون ہیں۔ مزار کے اندر مغرب والی قبر جناب گل پیر قادری کی ہے۔ مشرق میں آپ کی پوتے محمد شفیع صاحب دفن ہیں اور درمیان میں آپ کے صاحبزادے جناب سید امیر صاحب محو استراحت ہیں۔ کتبات نصب نہیں ہیں۔

حضرت محمد قاسم آف اُنگہ شریف ضلع سرگودھا آپ کے بزرگوں میں سے تھے۔ گل پیر بھی اُنگہ شریف میں پیدا ہوئے۔ آپ نے اپنی تمام عمر عبادت و ریاضت اور خدمت خلق میں گزاری۔ آپ کامل ولی تھے۔ قرآت کلام مجید اور اذکار و نوافل آپ کا پسندیدہ شیوہ تھا۔ آپ حضرت میراں بادشاں (بھیرہ شریف) کے حکم پر ڈھوڈا تشریف لائے اور سارا علاقہ آپ کے وجودِ مسعود سے مہک اٹھا۔ آپ نے ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۳۱ھ بمطابق ۱۹ مارچ ۱۹۱۲ء کو وصال فرمایا۔ آپ کے بعد آپ کے صاحبزادے جناب سید امیر قادری نے آپ کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے لوگوں کو نورِ حق سے فیضیاب کیا۔ آپ صاحبِ کشف و کرامات بزرگ تھے۔ آپ کا حلقۂ ارادت بہت وسیع ہے۔ آپ نے ۵۲ برس کی عمر میں ۹ مارچ ۱۹۴۵ء کو رحلت فرمائی۔

جناب سید امیر کی وفات کے بعد آپ کے صاحبزادے جناب محمد شفیع نے شریعت و طریقت کی شمع کو مزید جلا بخشی۔ آپ نے سفر و حضر میں شریعت کی پابندی کا خیال رکھا۔ تبلیغ و اشاعت اسلام کے لئے انتھک کوششیں کیں اور کئی مدارس قائم کئے۔ مہاجرین کی آباد کاری، تحریکِ کشمیر میں اہم خدمات سرانجام دیں۔ آپ نے ۱۵ مئی ۱۹۷۶ء کو وفات پائی۔ گویا اہلِ نظر کا یہ گھرانہ اس علاقے کے لئے منبعٔ فیوض و برکات ہے۔

Marfat.com

خواجہ گوہرالدین احمد

خواجہ محمد گوہرالدین احمد آف جیندھڑ شریف، ایک ولیٔ کامل تھے۔ ۱۲۸۵ھ کے قریب جیندھڑ شریف نزد کڑیانوالہ ضلع گجرات میں ایک متوسط زمیندار گھرانے میں پیدا ہوئے۔ بچپن سے ہی جذب کی کیفیت طاری رہتی۔ چچا کے ساتھ کاشتکاری کرتے اور دینی مصروفیات میں وقت گزارتے۔ سوچ و بچار، غور و فکر، تنہائی، خاموشی اور شرم و حیا شروع ہی سے آپ کی طبعیت کے نمایاں وصف تھے۔ باقاعدہ تعلیم کے لئے ایک دن بھی مدرسہ نہ گئے لیکن قدرت نے آپ کو ذوقِ سلیم کے علاوہ علومِ ظاہر و باطن سے نوازا تھا۔ بلکہ مشکل مسائل کی تشریح فرماتے۔ تبلیغ، اصلاح، خوفِ الٰہی اور اثباتِ توحید میں دن رات گزرتے۔ سنتِ رسولؐ کے سختی سے پابند، سخاوت میں یکتا تھے۔ قاضی سلطان محمودؒ، داتا گنج بخشؒ اور میاں غلام محمد سہروردی (حیات گڑھ) سے فیض پایا۔ اکثر بزرگوں کے مزارات پر حاضری دیتے۔ کشفِ قبور کے ماہر تھے۔ گجرات میں کئی قبور کی آپ نے نشاندہی کی۔ آپ کے عقیدتمندوں کا حلقہ بہت وسیع ہے۔ آپ کا وصال ۲ جنوری ۱۹۵۲ء کو ہوا۔ آپ کا مزار جیندھڑ شریف گاؤں سے باہر جانبِ شمال واقع ہے اور فنِ تعمیر کا خوبصورت نمونہ ہے۔ کتبے کی تحریر ذیل میں نقل کی جاتی ہے۔

Marfat.com

یا اللہ ج　　　　　　　　یا محمد ص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ اکبر

اَلَا اِنَّ اَولیَاءَ اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھِم وَلَا ھُم یَحزَنُون

شمع دین

انسانِ کامل، اویسِ وقتؒ

حضرت خواجہ گوہر الدین احمد، قدس سرا العزیز

یومِ وصال: ۵ جمادی الاول ۱۳۷۲ ھ

بمطابق: ۲ فروری ۱۹۵۲ء

عبد دیگر عَبدہٗ، چیزے دِگر　　ما سراپا انتظار، او منتظر

گشت مظہرِ شانِ اکمل گوہرِ عالی لقا

ناقصاں را پیرِ کامل راہنما اولیاء

☆ سن ۱۳۷۱ھ ہونا چاہیے۔ کیونکہ ۵ جمادی الاول ۱۳۷۱ھ کو ۲ فروری ۱۹۵۲ء بنتا ہے اور اگر ۵ جمادی الاول ۱۳۷۲ھ درست ہے تو عیسوی تاریخ غلط ہے۔

صاحبزادہ قاضی محبوب عالمؒ

صاحبزادہ محبوب عالمؒ ایک قد آور قادری بزرگ تھے۔ قاضی سلطان محمودؒ کے برادر زادہ تھے اور قاضی صاحب نے ہی آپ کی تعلیم و تربیتِ ظاہری و باطنی فرمائی۔ آپ ۱۸۹۱ء میں اعوان شریف میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں ہی والدہ فوت ہو گئیں اور یوں قاضی سلطان محمودؒ کے گھر میں پرورش پائی۔ لاہور جامعہ نعمانیہ میں مفتی سلیم اللہ، مولانا محمد عالم آسی اور مولوی محمد عبداللہ ٹونکی سے تکمیلِ علومِ دینیہ کی۔

آپ زراعت سے رزقِ حلال کماتے رہے۔ ۱۹۱۹ء میں قاضی سلطان محمود صاحبؒ کے انتقال کے بعد آپ ان کے علمی اور روحانی جانشین بنے۔ آپ نہایت شفیق، مہربان، حلیم و سلیم اور صاحبِ بصیرت و نظر تھے۔ آپ کے معتقدین کا حلقہ بہت وسیع ہے۔ (تفصیلی حالات کے لئے ارشاد احمد ہاشمی کی کتاب "ذکرِ محبوب" ملاحظہ ہو)

آپ نے ۱۹۸۲ء میں وصال پایا۔ رئیس امروہوی صاحب نے قطعۂ تاریخ لکھا، مادۂ تاریخ ہے۔ "سوگوارِ قاضی محبوب عالم" ہے جہاں = ۱۴۰۳ھ، جناب طاہر حسین فداؔ نے "داغِ مکرمِ زماں" = ۱۴۰۳ھ سے تاریخ برآمد کی ہے۔ آپ کا مزار گجرات شہر میں بھمبر روڈ پر عزیز بھٹی ہسپتال سے جانبِ جنوب واقع ہے جس پر ایک خوبصورت عمارت زیرِ تعمیر ہے۔ کتبہ کی عبارت درج ذیل ہے۔

Marfat.com

یا اللہ ج　　　　　　یا رسول ﷺ اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

اَلَا اِنَّ اَولیاءَ اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھِم وَلَا ھُم یَحزَنُون

مرقدِ منور

امام الاتقیاء، قدوۃ الاولیا، رئیس الاصفیاء، اسوۃ الکاملین، زبدۃ العارفین، سراج السالکین،

غوثِ صمدانی، محبوبِ رحمانی، قطبِ ربانی

حضرت صاحبزادہ **قاضی محبوب عالم** صاحب آوانی قدس سرہ العزیز

وصال

۷ دسمبر ۱۹۸۲ء بروز منگل بمطابق ۲۰ صفر المظفر ۱۴۰۳ھ

Marfat.com

قاضی محمد اسلم

قاضی محمد اسلم، قاضی عطا محمد نائب تحصیلدار، مصنف "مخزن التواریخ" کے صاحبزادے تھے۔ قبرستان خواجگان کے شاہ بلاک میں اپنے والد ماجد اور بھائی محمد افضل کے پہلو میں دفن ہیں۔ وہ خود تو زیادہ مشہور نہیں ہیں۔ لیکن ان کا قطعہ تاریخ جناب رئیس امروہوی نے لکھا ہے جو کتبے پر کندہ ہے۔ اس لئے شامل کتاب کیا جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کُلّ مَن عَلَیھا فَانٍ

تاریخ وفات

حضرت قاضی محمدؐ اسلم صاحب غفراللہ لہٗ

مورخہ ۲۵ جون ۱۹۶۷ء بمطابق ۱۶ ربیع الاول ۱۳۸۷ھ وفات یافتند

قطعۂ تاریخِ وفات

از جناب رئیسؔ امروہوی صاحب

علمِ دیں، مفکر و عارف ۔۔۔ معترف جن کے علم کا عالم
ذاتِ قاضی محمد اسلم تھی ۔۔۔ محترم ، محتشم ، عظیم، اہم
جانشینِ عطا محمد اور ۔۔۔ ان کے اسرار خاص کے محرم
باپ بیٹے کو دوست کہتا تھا ۔۔۔ دوستی کی ہیں یہ مثالیں قائم
جا ملا دوست ، دوست سے آخر ۔۔۔ باپ بیٹے ہیں زیبِ باغِ ارم
ان کی اولاد کے لئے واللہ ۔۔۔ خضرِ منزل ہے ان کا نقشِ قدم
سالِ رنج و نشانِ غم ہے رئیسؔ ۔۔۔ "رنجِ قاضی محمدؐ اسلم"

۱۳۷۷ھ

Marfat.com

ملک محمد اشرف

ملک محمد اشرف ایک بلند پایہ علمی شخصیت کا نام ہے۔ ان کی شہرتِ کلام اقبالؒ کے مترجم کی حیثیت سے ہے لیکن ان کی دیگر کتب بھی مشاہیرِ علم و فن سے خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں۔

ملک محمد اشرف ۳، اپریل ۱۹۱۵ء کو گجرات شہر کے ایک متوسط گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد ملک برکت علی ریاست بھوپال میں بسلسلہ ملازمت رہائش پذیر تھے۔ چنانچہ محمد اشرف کی ابتدائی تعلیم بھی بھوپال میں ہوئی۔ گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج گجرات سے ایف اے کیا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل نہ کر سکے مگر انہوں نے اپنی استطاعت سے اُردو، فارسی اور انگریزی میں خوب مہارت پیدا کر لی تھی۔ بھوپال میں ان کے دوستوں میں ممنون حسن خان اور سہا مجدّدی جیسے اصحابِ علم و ادب شامل تھے۔ بھوپال میں ہی اقبالؒ کے کلام کا ترجمہ شروع کیا جو پہلی بار ۱۹۵۱ء میں شائع ہوا۔

تقسیمِ ہند کے بعد یہ خاندان دوبارہ گجرات آ گیا اور ملک محمد اشرف کی باقی تمام عمر اسی شہر میں گزری۔ شروع میں ان کا میلانِ طبع صحافت اور انشا پردازی کی طرف تھا چنانچہ نوائے وقت میں بطور مترجم کام کرتے رہے۔ مگر اپنی افتادِ طبع اور مخصوص نظریات کی وجہ سے کسی جگہ ٹِک کر کام نہ کر سکے۔ حصولِ علم کا سلسلہ جاری رکھا اور نامساعد حالات کے باوجود اپنی غیر معمولی ذہنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر علم و ادب میں بلند مقام حاصل کیا۔ یہ الگ بات کہ انہیں وہ ماحول اور قدر افزائی نہ مِل سکی جس کے وہ حق دار تھے۔

Marfat.com

ملک محمد اشرف کی تحریریں ان کے جوشِ تاثیر، فکر بلند، متوازن قوتِ اظہار، اسلام سے گہری وابستگی اور جذبہ حُب الوطنی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ انہیں خدا نے ایک دردمند دل اور سیماب فطرت روح عطا کی تھی۔ ملک صاحب کی شائع شدہ کتب میں درج ذیل شامل ہیں۔

1. Towards a Reorientation in Mystic Thought

2. The Mystic Thought in Islam

3. The Devils Conference (Thus conferred satan)

یہ اقبال کی نظم ابلیس کی مجلسِ شوریٰ کا منظوم انگریزی ترجمہ معہ تعلیقات ہے۔

4. A short Roman History and the Muslim Role

۵۔ راہِ گم کردہ کا نشان

ملک صاحب کی آخری عمر کسمپرسی اور گمنامی میں گزری اور آخر یہ نابغہ روزگار شخصیت ۹ جنوری ۱۹۸۱ء کو راہی ملک عدم ہوئی۔ آپ "جھنگی والا" قبرستان (نزد امین فین جی ٹی روڈ گجرات) میں محوِ استراحت ہیں۔ قبر پر کتبہ نصب نہیں ہے۔ (مزید تفصیل کے لئے راقم کی کتاب اقبال اور گجرات دیکھئے)۔

Marfat.com

لیفٹننٹ جنرل محمد افضل فاروقی

نامور ماہرِ امراضِ چشم جنرل ایم اے فاروقی گجرات کی مقتدر فاروقی فیملی کے چشم و چراغ تھے۔ میاں فیروز الدین فاروقی کے گھر ۱۸۹۲ء میں گجرات میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گجرات میں حاصل کی۔ ۱۹۰۹ء میں ایل ایم ایس کرنے کے بعد بیرون ملک کا سفر کیا اور لندن سے آنکھوں کے امراض میں اعلیٰ ڈگری حاصل کی۔ علاّمہ اقبال کے برادرِ نسبتی ڈاکٹر غلام محمد کے دوست اور کلاس فیلو تھے اور علاّمہ سے بھی میل ملاقات تھی۔

۱۹۱۲ء میں انڈین میڈیکل سروس میں آئے اور ترقی کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ ادب اور تاریخ کا عمدہ ذوق رکھتے تھے۔ کریم النفس انسان اور بہترین معالج تھے۔ ۱۹۷۰ء میں فوت ہوئے۔ گجرات شہر میں ریلوے روڈ پر میاں مجید اکبر فاروقی کی کوٹھی سے جانبِ شمال اپنے آبائی قبرستان میں محو استراحت ہیں۔ پختہ قبر کے سرہانے سنگِ مرمر کی تختی پر درج ذیل تحریر کندہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مرقد

لیفٹننٹ جنرل محمد افضل فاروقی

پسر میاں فیروز الدین فاروقی مرحوم

تاریخ پیدائش: ۱۸۹۲ء

تاریخ وفات: ۱۴ ستمبر ۱۹۷۰ء

Marfat.com

قطعۂ تاریخِ رحلت

رضائے الٰہی سے افضل نے جب　　سفرِ ناگہاں آخرت کا کیا
ہوئے اس کی فرقت میں سب اشکبار　　جسے دیکھئے غم میں تھا مبتلا
رہینِ الم تھے سب خورد و کلاں　　جواں پیر تھے سارے درد آشنا
ہوئی فکرِ تاریخ نازشؔ کو جب　　صدا آئی "وہ غرقِ رحمت ہوا"

۱۹۷۰ء

جنرل افضل فاروقی کی قبر کے ساتھ ان کے بھائی میاں اکبر فاروقی کی قبر ہے۔ وہ ۱۸۹۶ء کو پیدا ہوئے۔ اور ۲۰ فروری ۱۹۶۸ء کو فوت ہوئے۔ مادۂ تاریخ ہے:

"مکیں ہے جنتِ رضواں میں اکبر" = ۱۹۶۸ء

Marfat.com

میاں محمد اکبر

گجرات کے مشہور سیاستدان، سماجی شخصیت، اور ٹرانسپورٹر میاں محمد اکبر، میاں برکت علی کے گھر ۱۵ جولائی ۱۹۱۸ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گجرات میں حاصل کی۔ رسول کالج سے انجینئرنگ کا ڈپلومہ حاصل کیا۔ گجرات پنجاب بس سروس کے مالکان میں سے تھے۔ ۱۹۶۰ء کے بعد سیاست میں آئے۔ مسلم لیگ (کونسل) کے ایم پی اے بنے اور پنجاب اسمبلی میں ڈپٹی اپوزیشن لیڈر کے طور پر نمایاں ہوئے۔

بے باک سیاستدان اور شعلہ بیان مقرر تھے۔ اور عوامی سیاستدان کے طور پر مقبول تھے۔ اپنی سیاسی و سماجی زندگی کے عروج کے دور میں خاندانی جھگڑے میں قتل کر دیئے گئے اور یوں گجرات ایک بڑے سیاستدان سے محروم ہو گیا۔ میاں محمد اکبر قبرستان خواجگان کے شاہ بلاک میں تقریباً درمیان میں دفن ہیں۔ چوکھنڈی میں ان کے خاندان کے کچھ اور لوگ بھی مدفون ہیں۔ پختہ قبر پر کتبے کی عبارت یہ ہے۔

اللہ ج　　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　　محمدؐ

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوت

میاں محمدؐ اکبر

ولد الحاج میاں برکت علی

تاریخ پیدائش: ۱۵ جولائی ۱۹۱۸ء

تاریخِ وفات: ۲۵ اکتوبر ۱۹۷۰ء

یہ پھول اپنی لطافت کی داد پا نہ سکا
کھلا ضرور مگر کھل کے مسکرا نہ سکا

Marfat.com

خواجہ محمد امین

خواجہ شمس الدین سیالوی رح کے خلیفہ جناب خواجہ محمد امین ۱۲۹۳ھ بمطابق ۱۸۷۶ء میں چکوڑی بھیلووال میں مولانا حافظ نور الدین فاروقی رح کے ہاں پیدا ہوئے۔ تعلیمِ دین اپنے والدِ ماجد سے حاصل کی جو بلند مرتبہ عالمِ دین اور ولی کامل تھے۔ خواجہ محمد امین صاحب، پیر سیال شریف حضرت خواجہ شمس الدین کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے اور سلوک کی منازل اس خوبی سے طے کیں کہ درجۂ خلافت سے سرفراز ہوئے۔ تمام زندگی زہد و عبادت اور تقویٰ و استغنا میں گزاری اور آخر ۱۲ ذیقعد ۱۳۲۵ھ بمطابق ۱۸ دسمبر ۱۹۰۷ء کو عالمِ فانی سے عالمِ باقی کو سدھارے اور چکوڑی بھیلووال (جو ایسی ہی بابرکت ہستیوں کی موجودگی کی وجہ سے چکوڑی شریف کہلاتی ہے) میں گاؤں کے شمال میں دفن ہوئے۔ مولانا نور الدین انور ساکن ہریہ والا نے تاریخِ وفات نکالی۔ "محمد امین ہم خدا دوست بود" = ۱۳۲۵ھ۔ قبر پر مزار تعمیر کیا گیا ہے۔ دروازے کے اوپر یہ عبارت سنگِ مرمر کی تختی پر کندہ ہے۔

۷۸۶

خواجہ محمد امین رضی اللہ تعالیٰ

تولد: ۱۲۹۳ھ - تاریخ وفات ۱۲ ذیقعد ۱۳۲۵ھ (۱)

خلیفہ خواجہ شمس الدین چشتی نظامی

قبر کے سرہانے نصب کتبے پر یہ قطعۂ تاریخِ وفات کندہ ہے۔

Marfat.com

یا اللہ　　　　　　　　　　یا محمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

چو مہرِ طریقت بحکمِ خدا
یکایک ز اوجِ چکوڑی نہفت
پئے سالِ تاریخ ہاتف گفت
"محمدؐ امین زینت الخلد" گفت (۲)

۱۳۲۵ھ (۱۲ ذیقعد)

(۱)۔ اس طرح عمر صرف ۳۲ سال بنتی ہے۔

(۲)۔ یہ قطعہ مولوی نور الدین انور ساکن ہریہ والا کا ہے۔ ان کو خواجہ محمد امین سے بہت عقیدت تھی چنانچہ انہوں نے خواجہ صاحب کی وفات پر کئی قطعاتِ تاریخیہ لکھے تھے جو "احوال و آثارِ مولوی نور الدین انور" مرتبہ ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ میں دیکھے جا سکتے ہیں۔

میاں محمد بُوٹا شاعر گجراتی

پنجابی زبان کے عظیم شاعر میاں محمد بوٹا گجرات شہر کے محلہ کٹڑہ شالبافاں میں ۱۸۴۳ء میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام میاں لسو تھا۔ بزرگ کشمیر سے ہجرت کر کے گجرات آئے تھے۔ میاں محمد بوٹا پہلے شالبافی کا کام کرتے تھے اور اس میں بہت مشّاق تھے۔ پھر عطاری کی ہٹی کھول لی جو اہلِ ذوق کا مرکز بھی ہوتی تھی۔ میاں بوٹا معتبر سماجی حیثیت کے بھی مالک تھے اور گجرات میونسپل کمیٹی میں ۲۷ سال بلا مقابلہ ممبر منتخب ہوتے رہے تھے۔

علامہ اقبال اور کریم بی بی (دختر، ڈاکٹر شیخ عطا محمد) کے نکاح میں میاں بوٹا بطور گواہ موجود تھے اور اس نکاح کے وقت (۴ مئی ۱۸۹۳ء) وہ کمیٹی کے ممبر تھے۔ (تفصیل کے لئے دیکھیئے "اقبال اور گجرات) میاں بوٹا نے ۱۸۷۰ء کے قریب پنجابی شاعری کی ابتداء کی اور انتقال تک کم وبیش ۲۰ کتب شاعری یادگار چھوڑیں۔ جن میں گنج گنج (سی حرفیاں)، مرزا صاحباں، شیریں فرہاد، چندر بدن، سوہنی مہینوال، تمیم انصاری، روڈا جلالی، سلطان محمود، احسن القصص، سسّی پنوں، سلیمان و بلقیس، سیرِ بہشت، جنگ نامہ امامین، وفات نامہ سرکارِ دو عالمؐ، خطباتِ محمدی، باراں ماہ، وغیرہ شامل ہیں۔ ان کی بدولت میاں بوٹا آج بھی زندہ جاوید ہیں ورنہ ان کی اولاد نہیں تھی۔ بقول ذوقؔ

رہتا سخن سے نام قیامت تلک ہے ذوقؔ
اولاد سے تو ہے یہی دو پشت چار پشت

میاں محمد بوٹا نے ۱۶ ستمبر ۱۹۱۹ء کو وفات پائی اور قبرستان بھٹیاں (گجرات) کے جنوب مشرقی کونے میں دفن کئے گئے۔ پیر فضل گجراتی نے قبر کو پُختہ کیا اور سنگِ

Marfat.com

مرمر کی تختی لگائی تھی۔ جس پر یہ مختصر عبارت کندہ ہے۔

۷۸۶

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

میاں محمدّ بوٹا شاعر

تاریخ وفات

۱۶ ستمبر ۱۹۱۹ء[1]

(۱)۔ میاں محمد بوٹا کی اس تاریخِ وفات پر بہت سے محققین مثلاً شریف کنجاہی صاحب کو اعتراض ہے اور ان کے خیال میں کتبہ پر کندہ سن غلطی سے لکھا گیا ہے۔ اصل سن ۱۹۲۹ء ہونا چاہیے۔ بابا راز گجراتی بھی اسی خیال کی تائید کرتے ہیں اور تمام تذکروں میں بھی سنِ وفات ۱۹۳۰ء درج ہے۔

Marfat.com

خواجہ سیّد محمد چراغ

عارفِ باکمال، عالمِ بے بدل خواجہ محمد چراغ رح چکوڑوی، پیر مہر علی شاہ گولڑوی رح کے مریدِ خاص تھے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد پیر محمد عالم نقشبندی سے حاصل کی اور روحانی فیوضات خواجہ محمد امین فاروقی سے حاصل کیے جو آپ کے ماموں بھی تھے۔ خواجہ محمد چراغ بچپن ہی سے نہایت ذہین و طباع تھے۔ آپ نے صرف ایک ماہ کی قلیل مدت میں قرآن پاک حفظ کیا۔ مرزائیت کے لئے آپ برہانِ قاطع تھے۔ شعر و سخن سے بھی شغف تھا۔ اور دینی علوم پر بھی دسترس تھی۔ سخاوت کا یہ حال تھا کہ اپنا لباس بھی اتار کر دے دیتے تھے۔

پیر مہر علی شاہ آپ سے بہت محبت رکھتے تھے۔ اکثر اوقات وہ اکیلے ہی بغیر اطلاع کے چکوڑی شریف آ جایا کرتے تھے اور فرماتے تھے۔ سیّد محمد چراغ شاہ کی عدم موجودگی میں مجھے نکات و معارف بیان کرنے میں تامل رہتا ہے یہی ایک شخص ہے جو میری علمی مجالس میں بمنزلہ امیر خسرو ہے۔

آپ نے ۱۹۱۸ء میں صرف ۴۵ برس کی عمر میں وفات پائی۔ مولوی سلام اللہ شائق نے قطعۂ تاریخ رحلت لکھا۔

چراغِ خاندانِ عباس گل شد   پناہے بود بہر اہل رحمت
بتاریخ وفاتش گفت شائق   بگو "ہے ہے چراغِ اہلِ رحمت"

۱۹۱۸ء

راقم نے "خوگرِ الفت" = ۱۳۳۷ھ سے سنِ رحلتِ **خواجہ** نکالا ہے۔ آپ کی قبر چکوڑی شریف میں خواجہ محمد امین فاروقی کے مزار سے ملحق جانب مغرب واقع ہے۔

کتبے کی عبارت درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وفات

حضرت مولوی حافظ صاحبزادہ

محمدؐ چراغ شاہ صاحب

عباسی الہاشمی چشتی نظامی

۱۹۱۸ء

بمطابق ۱۳۳۷ ہجری

مولانا سیّد محمد حبیب اللہ

قطب الارشاد حضرت مولانا سید محمد حبیب اللہ قرنِ اوّل کے مسلمانوں کی سادگی، طہارت، شرافت اور پاکیزگی کا نمونہ تھے۔ آپ ۱۸۹۵ء میں مولانا سید عطا محمد کے گھر امرتسر میں پیدا ہوئے۔ ایف اے، ایس اے وی تک تعلیم حاصل کی۔ زمیندار سکول گجرات میں طویل عرصہ مدرس رہے۔ علمِ دین اور تصوف میں بے مثل تھے۔ عیسائیت پر بھی وسیع مطالعہ تھا۔ وعظ و خطابت میں تاثیر تھی اور اہلِ علم اور صوفیاء سے بہت محبت تھی۔ جامع مسجد ریاض المدینہ اکبر آپ کی مساعی جمیلہ سے تعمیر ہوئی۔ آپ سلسلۂ نقشبندیہ مجددیہ توکلیہ میں خواجہ محبوب عالم (سیدا شریف پھالیہ) کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور خلافت کے درجہ پر فائز کئے گئے۔ آپ کی تمام زندگی سنتِ رسولؐ کے اِتباع اور دینِ اسلام کی تبلیغ میں صرف ہوئی۔

آپ نے ۱۳۸۱ھ / ۱۹۶۱ء میں وفات پائی۔ راقم نے "مخزنِ رحمتِ اِلٰہ" = ۱۳۸۱ھ سے تاریخِ وفات نکالی ہے۔ آپ کا مزار محلہ مسلم آباد میں مرجع خاص و عام ہے۔ آپ کی قبر کا کتبہ اس عبارت پر مبنی ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَآ اِنَّ اَولیاءَ اللہِ لَا خَوفٌ علَیہِم وَلَا ھُم یَحزَنُون

مرکزِ تجلّیاتِ ربانی

سعیدِ ازل، کوہِ استقامت، نائبِ رسول، قیومِ وقت، قطبِ الارشاد، حبیب الرحمٰن، ابوالعالم حضرت مولانا سیّد محمدؐ حبیب اللہ قدس سرہ العزیز

وفات: ۲۴ ربیع الثانی ۱۳۸۱ھ بمطابق ۵، اکتوبر ۱۹۶۱ء

خواجہ محمد حسن نقشبندی

قریشی ہاشمی خاندان کے اس سپوت کا شمار گجرات کے اہم روحانی بزرگوں میں ہوتا ہے۔ آپ معروف طبیب، شیخِ شریعت و طریقت تھے۔ آپ گجرات کے گاؤں رانیوال میں پیدا ہوئے۔ سردار محمد حیات خان دُرّانی آپ کو گجرات لے آئے۔ اور اپنی حویلی کے نزدیک ایک شاندار مسجد تعمیر کی (جو اب جامع مسجد قصاباں کہلاتی ہے) پیر محمد حسن نے اسی مسجد میں دعوت و ارشاد کا سلسلہ شروع کیا اور ہزاروں دلوں میں ایمان کی شمع روشن کی۔ بعد میں عقید تمندوں نے مسجد کے پاس ہی ایک چھوٹا سا گھر بنا دیا جہاں آپ نہایت سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔

آپ خواجہ نور محمد صاحب آف چورہ شریف کے خلیفۂ خاص تھے اور اسی نسبت کے سبب پیر جماعت علی شاہ صاحب سے آپ کے نہایت گہرے مراسم تھے۔ گجرات میں دو نقشبندی خاندان علمی، مذہبی اور حُریت ایمانی کے اعتبار سے ہمیشہ نمایاں رہے۔ ان میں ایک آپ کا خاندان اور دوسرا پیر ولایت علی شاہ صاحب کا خانوادہ ہے۔ آپ کے صاحبزادے غلام دستگیر اور پوتے غلام ربّانی نے تحریک خلافت اور تحریک پاکستان میں بالترتیب جرأت و حُرّیت کے سنہری باب رقم کیے۔ اُدھر صاحبزادہ محمود شاہ گجراتی بھی تحریک پاکستان میں سرگرم رہے اور جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق کہنے سے کبھی خوف زدہ نہ ہوئے تھے۔

خواجہ محمد حسن کے زہد و تقوی کا یہ عالم تھا کہ بڑے بڑے امراء آپ کے پاس دعا کے لئے حاضر ہوتے مگر آپ کبھی بھی طالبِ دنیا نہ ہوئے۔ کہتے ہیں کہ آپ کے ہاں چاہے جتنے بھی مہمان آ جاتے، جائے نماز کے نیچے سے حسبِ ضرورت رقم نکال کر

Marfat.com

استعمال کر لیتے، جو کبھی ختم نہ ہوتی تھی۔ آپ کے ہاں چورہ شریف، تونسہ شریف اور تیرا شریف کے بزرگان بھی تشریف لاتے اور آپ کے وجود کو گجرات کے لئے برکت کا باعث گردانتے تھے۔ آپ سنتِ نبویؐ پر سختی سے عمل کرتے تھے اور آپ کا وعظ دل میں گھر کرتا جاتا تھا۔

آپ نے ۱۹۱۰ء میں انتقال کیا اور قبرستان میراں صاحب (نزد مکی مسجد شادیوال روڈ) میں دفن ہوئے۔ آپ کے قریب آپ کے خاندان کے دیگر افراد کی قبور ہیں۔ قبر پختہ ہے۔ کتبہ نصب نہیں۔

Marfat.com

خان بہادر سردار محمد حیات خان دُرّانی

میر محمد شریف دُرّانی کے خلف الرشید، سردار محمد حیات خاں دُرّانی گجرات کی ایک قد آور اور نامور شخصیت تھے۔ انگریزی عہد میں ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر تھے۔ سَر سیّد کے دوست اور ان کی تحریک کے سرگرم رُکن تھے۔ سَر سیّد کے دورہ پنجاب (۱۸۸۳ء) کے وقت وہ گورداسپور کے ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر تھے۔ ڈپٹی یار محمد خاں کے بڑے بھائی تھے۔

ریٹائرمنٹ کے بعد ان کی سرگرمیوں کا محور گجرات کے عوام کی ترقی تھا۔ مسلمانوں کی سیاسی اور علمی بیداری کے لئے علی گڑھ تشریف لے جاتے۔ ۱۸۸۷ء میں گجرات میں انہوں نے ایک سیاسی اکٹھ کیا اور سَر سیّد سے رابطے کر کے کانگریس میں شمولیت کے لئے مشورہ طلب کیا۔ یوں گجرات میں سیاسی بیداری کی ابتداء آپ نے کی۔

۱۸۹۳ء میں گجرات میں پہلا اسلامیہ پرائمری سکول قائم ہوا۔ اس کے قیام میں آپ نے مرکزی کردار ادا کیا۔ سردار محمد حیات خاں نہایت نیک طینت، قومی لیڈر تھے۔ صوم و صلوٰۃ کے پابند اور نیک دل انسان تھے۔ غربا اور مساکین کی دل کھول کر مدد کرتے تھے۔ محلہ بکر قصاباں نزد پرانی سبزی منڈی میں آپ نے ایک شاندار مسجد تعمیر کرائی اور اس کی تکمیل کے لئے رنجیت سنگھ کی بارہ دری (جو آپ کے صاحبزادے نے خرید رکھی تھی) فروخت کر کے رقم فراہم کی۔ آپ ۱۹۰۵ء بمطابق ۱۳۲۳ھ میں فوت ہوئے۔

بیگم پورہ میں واقع اپنے آبائی قبرستان (متصل بیگم مسجد) میں آسودۂ خاک ہوئے۔ پختہ قبر پر نصب کتبے کی تحریر یہ ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

سردار محمد حیات خان

خلف

محمد شریف خاں دُرّانی

وفات: ۴، اپریل ۱۹۰۵ء

Marfat.com

خان صاحب ڈاکٹر چوہدری محمد حیات خان

انگریزی دور حکومت میں انگریز کے مقاصد میں مدد دینے کے صلے میں خطاب پانے والوں کی فہرست بہت طویل ہے لیکن طب کے شعبے میں خدمات کے اعتراف میں خطاب پانے والے چند ایک ہی تھے۔ جن میں سے ایک، راجپوت خاندان کے چشم و چراغ ڈاکٹر محمد حیات خاں تھے۔ جنہیں ۲۶ جون ۱۹۰۸ء کو "خان صاحب" کا خطاب ملا۔

آپ طبِ فرنگ میں اپنی مہارت کے لئے مشہور تھے۔ اور اسی بنا پر شہنشاہ ایران اور وزیر اعظم افغانستان کے ذاتی معالج رہے۔

آپ نے ۱۳ مارچ ۱۹۴۷ء کو وفات پائی اور قبرستان دارا گلاب شاہ میں آسودۂ خاک ہوئے۔ آپ کی قبر، قبرستان کی شمالی دیوار سے جانبِ جنوب چند قدم کے فاصلے پر واقع ہے۔ پختہ قبر پر کتبہ کی تحریر حسب ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خانصاحب ڈاکٹر چوہدری محمدؐ حیات خان

معالج خانوادۂ شہنشاہِ ایران و وزیر اعظم افغانستان

تاریخِ وفات

۱۳ مارچ ۱۹۴۷ء

Marfat.com

حاجی محمد دین قادری

اپنی لاکھوں روپے کی جائیداد راہ خدا میں وقف کرنے والے مردِ درویش حاجی محمد دین بلاشبہ گجرات کے عظیم ترین لوگوں میں سے تھے۔ آپ حضرت جعفر طیارؓ کی اولاد میں سے تھے۔ آپ کے بزرگوں میں سے چھٹی نسل میں عثمان نامی بزرگ گجرات آئے۔ آپ کے والد کا نام مولوی جیلانی بخش قریشی الہاشمی تھا جو تحصیلدار تھے۔ اور اپنی صاف گوئی کی بنا پر "راست گو" کہلاتے تھے۔ حاجی محمد دین نے انٹرنس مشن سکول گجرات سے اور کمپلاس کی تعلیم گوجرانوالہ سے حاصل کی اور سب اوورسیئر کے طور پر عملی زندگی کا آغاز کیا۔ پھر سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر دینِ مصطفےؐ کی تبلیغ و خدمت میں مصروف ہو گئے۔ اور تمام عمر اسی راہ میں گزار دی۔ حضرت سلطان باہوؒ سے والہانہ عشق تھا اور انہیں سے روحانی فیض پایا۔ گجرات میں شاہدولہ روڈ پر ایک مسجد تعمیر کرائی اور درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ اسی طرح ذاتی خرچ سے لائل پور اور جھنگ میں بھی دو مساجد تعمیر کرائیں۔ اور اپنی لاکھوں کی جائیداد اِن مساجد کے خرچ کے لئے وقف کر دی۔ سخاوت آپ کی نمایاں خوبی تھی۔ اُردو، فارسی، اور عربی پر عبور حاصل تھا۔ ۵۰ کے لگ بھگ دینی اور صوفیانہ کتب خود تصنیف کر کے شائع کروائیں۔ اور مفت تقسیم کیں۔ فارسی اور پنجابی کے نعتیہ دیوان بھی موجود ہیں۔ آپ کی قبر، شاہدولہ روڈ پر "مسجد حاجی صاحب" کے جنوب مشرقی کونے میں ہے۔ جس پر ۱۹۳۵ء میں مقبرہ تعمیر کیا گیا تھا۔ دروازے کے دائیں ہاتھ کتبہ پر یہ عبارت کندہ ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آرامگاہ جناب مستطاب حضرت قدوۃ السالکین

مولانا حاجی محمدؒ دین قادری سروری

تَغَمَّدَاللهِ بِحَلَلِ الغُفران مَعَ المُتقِینَ فِی جَنّتہِ الرِّضوان

کہ روحِ پُر فتوح شان بروز سہ شنبہ بین العصر والمغرب بست جمادی الاول

۱۳۵۷ھ ازیں دار فانی بہ جوارِ رحمتِ رحمانی رحلت نمود

"ھوالباقی"

کرد چوں حاجی محمد دین ازیں دنیا سفر — از دوروں ایں و آں آمدندا واحسرتا

ہر کسے گفتاپس از مدت بیاید در جہاں — ایں چنیں صاحبدل و زاہد و حکیم و پارسا

چشمِ اُو حق بیں لبش حق گو دِلِ اُو حق شناس — روحِ او پاک و نگہ بیعیب و طبعش بے ریا

بود مقبولِ جہانے بادِل و جانے کہ داشت — ایں ہمہ صدق و ارادت آں ہمہ جود و سخا

من ازیں رُو نیز تاریخِ وفاتش یافتم

"از سرِ زہد و نیاز و از دلِ بذل و سخا"(۱)

۱۳۵۷ھ

(۱)- زہد کی ز، نیاز کی ن، بذل کی ذ اور سخا کی خ کے اعداد ملانے سے ۷ + ۵۰ + ۷۰۰ + ۶۰۰ = ۱۳۵۷ھ بنیں گے۔

Marfat.com

کیپٹن محمد رمضان تبسّم قریشی

تبسم قریشی، گجرات کے نامور شاعر، صحافی، ادیب اور سماجی کارکن تھے۔ ایک استاد اور معالج کے طور پر بھی آپ کا نام بہت احترام سے لیا جاتا ہے۔

آپ ۱۳ جنوری ۱۸۹۹ء کو مولوی عبدالکریم تلعداری کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والدِ ماجد سے اور جونیئر سپیشل کلاس ڈسٹرکٹ سکول کنجاہ سے پاس کی۔ نارمل ہائی سکول سرگودھا سے ٹریننگ لی اور فوج میں کلرک بھرتی ہو گئے۔ تحریک عدم تعاون میں ۱۹۱۹ء میں ملازمت چھوڑ دی اور تحریکِ خلافت میں حصہ لینا شروع کیا۔ ۱۹۲۳ء میں منشی فاضل کیا اور نارمل سکول لالہ موسیٰ سے ٹریننگ مکمل کر کے استاد تعینات ہوئے۔ وزیر آباد اور زمیندار سکول گجرات میں استاد رہے۔ سر فضل علی کے قریبی ساتھی تھے۔ زمیندار سکول اور کالج کے قیام میں انتھک محنت کی۔ ۱۹۴۳ء میں فوج میں کمیشن لیا اور کیپٹن ریٹائر ہوئے۔

فن شعر گوئی میں سید وحید الدین سلیمؔ پانی پتی کے تلمیذ تھے۔ اُردو، فارسی اور پنجابی کے قادرالکلام شاعر تھے۔ فارسی کلام کا انتخاب "خُمخانۂ دل" کے نام سے چھپ چکا ہے۔ غیر مطبوعہ کلام کئی دیوانوں پر مشتمل ہے۔ ہفت روزہ اقبال، غازی اور محبِ کسان کے مدیر بھی رہے۔ آخری عمر میں ہومیو پیتھک طریقہ علاج کے ذریعے عوام کی خدمت کرتے رہے اور اس موضوع پر کئی کتب بھی لکھیں۔

۱۸ دسمبر ۱۹۷۳ء کو فوت ہوئے۔ قبرستان خواجگان کے شاہ بلاک میں میاں اکبر فیملی کی قبروں کے احاطہ سے جانبِ جنوب آپ کی قبر ہے۔ سنگِ مرمر کے خوبصورت کتبے پر یہ عبارت کندہ ہے:

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کُلُّ مَن عَلَیہافَانٍ

خاکپائی مہرؒ حسان العجم

کیپٹن محمد رمضان تبسّم قریشی قلعداری مرحوم و مغفور نور اللہ مرقدہٗ

"قطعہ مولائی تبسّم قریشی"

۱۳۹۳ھ

تبسّم قریشی شیریں زباں به شعر و سخن افتخارِ جہاں

سخن سنج و ہم نعت گوئی رسول نہاں شد چوزیں چادرین خاکداں

"حسّان العجم سوئی جنت شتافت" = ۱۹۷۳ء

"مہ دیں رواں شد تبسّم کناں" = ۱۳۹۳ھ (۱)

(احمد حسین احمد قریشی قلعداری)

(۱)۔ دوسرے مصرعے کے اعداد ۱۲۹۳ بنتے ہیں۔

Marfat.com

خان بہادر کپتان محمد زمان خان گوندل

انگریزی عہد میں چند مقتدر خاندانوں میں سے ایک گجرات کا یہ خاندان تھا۔ محمد زمان خان گوندل انگریزی دور میں ایبٹ آباد اور پشاور میں کلرک رہے۔

آپ کا شجرہ نسب حضرت جعفر طیار سے ملتا ہے۔ یوں آپ قریشی ہاشمی تھے مگر کچھ قانونی تقاضوں کی وجہ سے گوندل لکھنا پڑا۔ فوجی بھرتی میں بہت سرگرم تھے۔ اسی سلسلے میں انہیں یکم جنوری ۱۹۱۳ء کو ایم بی ای کا خطاب ملا اور جنگِ عظیم اول میں مزید تعاون پر ایم ڈی او اور خان بہادر کے خطابات سے نوازے گئے۔ گجرات میونسپل کمیٹی کے صدر بھی رہے اور سماجی کاموں میں بھی نمایاں رہے۔

آپ کے پوتے کرنل عبدالرحمٰن نے ۱۹۶۵ء کی جنگ میں شہادت کا جام نوش کیا اور کمال بہادری پر "ستارہ جرات" کا اعزاز بھی پایا۔ آپ اپنے آبائی قبرستان میں دفن ہیں جو مزار شاہ حسین کے عقب میں مسجد کی جنوبی دیوار سے متصل ہے۔ پختہ قبر کے سنگ مرمر کے کتبہ پر یہ عبارت کندہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خان بہادر کپتان محمد زمان خان گوندل

او۔بی۔ای، ایم۔ڈی۔او

پریذیڈنٹ میونسپل کمیٹی گجرات

ولد چوہدری سید محمد گوندل

تاریخِ وفات: ۲، اگست ۱۹۳۰ء

Marfat.com

مولانا چوہدری محمد سرفراز خان

چوہدری سرفراز خان ایک عالمِ باعمل اور مصنفِ کتبِ کثیرہ تھے۔ آپ نے کالرہ کلاں ضلع گجرات کے ایک متمول زمیندار گھرانے میں چوہدری محمد خاں کے ہاں ۱۸۹۶ء کے لگ بھگ جنم لیا۔ ہریہ والا پرائمری سکول اور گجرات سناتن دھرم ہائی سکول سے تعلیم پانے کے بعد ہیلی کالج آف کامرس لاہور سے اکاؤنٹس اور بک کیپنگ میں ڈپلومہ لیا اور برٹش آرمی میں بطور اکاؤنٹنٹ اپنی عملی زندگی کا آغاز کیا۔ نائیجریا اور نیروبی میں رہے اور طویل عرصہ نوشہرہ کینٹ میں گزارا جہاں سے آپ کی علمی و دینی خدمات کا طویل سلسلہ شروع ہوا۔ ۱۹۴۲ء میں والد کی بیماری کی وجہ سے نوکری چھوڑ کر گھر آ گئے اور گجرات پنجاب بس سروس اور کئی دیگر اداروں میں ملازم رہے مگر جہاں بھی ذرا سی بد دیانتی دیکھی نوکری چھوڑ کر گھر آ گئے۔ صفدر اینڈ کمپنی میں عمر کا ایک طویل عرصہ گزارا۔ اکاؤنٹنگ میں اپنی ماہرانہ صلاحیتوں کو کبھی منفی مقاصد کے لئے استعمال نہ کیا۔

آپ نے اپنی ذاتی کاوش، شوق اور لگن سے دین کا بے پناہ مطالعہ کیا اور ۳۴ کے لگ بھگ چھوٹی بڑی کتب علومِ دینیہ تصنیف کیں۔ ذاتی لائبریری بہت بڑی تھی اور اصل ماخذات تک پہنچنے کے لئے دور دراز سے کتب منگواتے تھے۔ آپ نے مرزائیت کے خلاف قلمی جہاد کیا اور کئی کتب ردِ مرزائیت میں لکھیں۔ پرویزی اور نیچری فرقوں کے خلاف بھی قلمی جہاد کیا۔ مگر کبھی بھی اسلامی رواداری اور بھائی چارے کا دامن نہ چھوڑا۔ ان کی کوششوں سے غلام جیلانی برق اپنے مخصوص نظریات سے تائب ہوا۔ کئی غیر مسلموں اور احمدیوں نے آپ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔

آپ نے بدعات کے خلاف بھی مؤثر آواز بلند کی اور اس سلسلے میں کئی کتب تصنیف کیں اور دنیا بھر سے فتاویٰ منگوائے۔ شرک کے خلاف بھی تقریر و تحریر کے

Marfat.com

ذریعے علم جہاد بلند کیا اور اپنی مدلل تحریروں سے بہت سے گمراہوں کو راہ راست پر لائے۔ رزقِ حلال کے سختی سے پابند تھے۔

آپ خوش اخلاق، خوش گفتار، خوش کردار، خوش لباس اور خوش خوراک انسان تھے۔ اصولوں کے پابند اور اسلام کے عملی درس کا کامل نمونہ۔ آپ کا اصول تھا کہ غلط عقیدے سے نفرت کرو مگر انسان کو محبت سے صراط مستقیم پر لاؤ۔ آپ آخری عمر میں کبھی کبھی گاؤں کی مسجد میں درس بھی دیتے تھے۔ گاؤں کے دینی مسائل کے علاوہ ذاتی قسم کے جھگڑوں اور سماجی مسائل میں بھی آپ کی رائے کو بہت احترام حاصل تھا۔

آپ نے اپنی کتب ہمیشہ مفت تقسیم کیں کیونکہ مقصد حصول زر نہ تھا بلکہ تبلیغ واشاعتِ اسلام تھا۔ آپ کی اہم کتب میں درج ذیل شامل ہیں۔

آفتاب نبوت در رد مرزائیت، اظہار حق و زہق الباطل، مائۃ فتاویٰ فی مسئلہ علم الغیب، معجزانہ ولادت و حیات مسیحؑ، اصلاح اغلاط العوام فی احکام اسلام، مصلحت تعدد ازواج، دور حاضر کی الجھنوں کا اسلامی حل اور "Muhammad -The World Prophet" (زیر طبع)۔

آپ نے ۱۴ جنوری ۱۹۸۷ کو وفات پائی اور کالرہ کلاں کے قبرستان "شاہ لالہ" میں سے گزرنے والے راستے کے قریب دفن ہوئے۔ آپ نے وصیت کر رکھی تھی کہ آپ کی قبر پختہ نہ کی جائے اور نہ کتبہ لگایا جائے۔ مگر نشاندہی میں آسانی کی خاطر یہ مختصر سا کتبہ نصب کیا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

چوہدری محمد سرفراز خان

تاریخِ وفات: ۱۴ جنوری ۱۹۸۷ء۔

Marfat.com

شیخ محمد سلیم ہاشمی

شیخ طریقت، مجاہد و مرتاض، ماہر طبیب اور سماجی شخصیت شیخ محمد سلیم ہاشمی گجرات کے قابل احترام قریشی ہاشمی خانوادے کے گلِ سَرسبد تھے۔ آپ کے والد کا نام محمد علی اور دادا کا نام غلام حسین تھا۔ جو گجرات میں اس خاندان کے مورثِ اعلیٰ تھے۔ آپ نہایت مشفق معالج اور اتالیق لئیق و خلیق تھے۔ بہت سے امراء روسائے وقت آپ کے شاگرد تھے۔ طبابت میں وسیع التجربہ اور سرچشمۂ فیض تھے۔ دور دور سے مایوسِ صحت مریض آپ کے پاس آتے اور شفا پاتے۔ آپ طبیبِ اجساد ہی نہیں طبیبِ ارواح بھی تھے۔ طبابت سے حصول زر مقصد نہ تھا۔ جو آمدنی ہوتی وہ درویشوں اور مسکینوں کے لئے خرچ کر دیتے۔ تصوّف میں بھی آپ بلند درجہ پر فائز تھے۔ آپ پیر میر حیدر ساکن چیلیانوالی کے خلیفہ تھے۔ اور ان کا مزار بھی آپ نے ہی تعمیر کرایا تھا۔ اور ساتھ ایک سرائے، مسجد، کنواں بھی بنوایا تھا اور کچھ اراضی بھی اس درگاہ کے لئے وقف کی تھی۔

آپ نے گجرات شہر کے بازار صرافاں میں ایک خوبصورت مسجد تعمیر کرائی تھی۔ جس کی پیشانی پر یہ تاریخ از مولوی غلام قادر خلف الرشید مذکور موصوف پتھر پر کندہ ہے۔

عارفِ حق شیخ محمد سلیم   کرد چو ایں مسجد عالی بنا
سالِ بِنا ہاتفِ غیبی بمن   گفت بگو "خانۂ یاد خدا"

۱۲۷۶ھ

شیخ محمد سلیم صاحب کو آخر عمر میں ایسا استغراق الٰہی ہوا تھا کہ مراقبہ میں سر زانو پر رہا اور گردن متشنج ہو گئی اور دونوں زانو متحجر ہو گئے۔ اسی حالت میں قضا کی۔ مگر مرنے کے بعد تمام جسم ریشم کی طرح نرم و ملائم ہو گیا تھا۔ اور سب جوڑ کھل گئے تھے۔

آپ کی قبر، حضرت شاہ حسین ملتانی کے مزار سے ملحق جانب شمال واقع ہے جہاں آپ کے صاحبزادے مولوی غلام قادر بھی مدفون ہیں۔

قبر کے کتبہ کی تحریر یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عارفِ حق

مخدوم سیّد محمد سلیم ہاشمی

ولد

مخدوم سید محمد علی ہاشمی

پیدائش: ۱۱۹۴ھ بمطابق ۱۷۷۳ء

وفات: ۱۲۸۰ھ بمطابق ۱۸۵۹ء

بروز جمعتہ المبارک، ۱۲ ربیع الاول

قطعۂ تاریخِ وفات از حکیم خدا بخش ہاشمی

حضرت مخدوم محمد سلیم کرد چو زیں منزل دنیا گزار
سالِ وصالش بزبانِ سروش گشت ز "مخدوم شریف" آشکار

۱۲۸۰ھ

Marfat.com

ملاّ محمدؒ صالحؒ گجراتی

آج سے دو سو سال قبل گجرات میں سب سے بڑا دینی مدرسہ "مسجد لوہاراں" میں ہوا کرتا تھا۔ جہاں ملا محمد صالح گجراتی کی حیثیت ایک چشمۂ فیض کی سی تھی۔ یہ مسجد گجرات شہر میں قلعہ کے سائے میں جانبِ مغرب آج بھی موجود ہے۔ اس زمانے میں یہ مسجد معقولات کی تدریس کے لئے مشہور تھی۔ صرف نحو، فلسفہ، منطق وغیرہ کی تعلیم کے لئے دور دور سے تشنگانِ علم حاضر ہوتے اور گوہرِ مقصود پاتے۔

ملا صالح نے خود وقت کے جید علماء سے کسبِ فیض کیا تھا۔ آپ مولانا ضیاء الدین احمد کے تلمیذ خاص تھے اور وہ مولانا قل احمد کے جو ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کے فرزند ارجمند تھے۔ مولوی محمد صالح کے بارے میں مولینا کلیم اللہ "تذکرہ علمائے ہند" (قلمی) میں لکھتے ہیں:

"استاد صاحب مولا آں اوان بود۔ علم از پشاور یافت واز مولانا چکوہا، از مولانا ضیاء الدین احمد وایشاں از مولانا قل احمد و اوشاں از مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی۔"

مولوی محمد صالح کنجاہی (م: ۱۳۰۷ھ) سلسلۃ الاولیاء (قلمی) میں لکھتے ہیں:

"چراغِ دانش و یقین، شمعِ ملت و دین، کمال المصالح حضرت میاں محمد صالح رحمتہ اللہ علیہ در علم و عمل بے نظیر کثیر الفیض بود۔ تلامذہ بسیار داشت و ہریک بدرجہ کمال رسیدہ"

ملا صالحؒ حضورؐ کی زیارت سے بھی مشرف تھے اور علوم کا ہی نہیں فیوض کا بھی سرچشمہ تھے۔ سخاوت کا یہ عالم تھا کہ ہر چھ ماہ بعد گھر کا تمام مال و اسباب راہِ خدا میں

Marfat.com

تقسیم کر دیتے اور سوائے نامِ خدا کچھ نہ رکھتے تھے۔ اس مردِ خدا نے ۱۲۲۴ھ بمطابق ۱۸۰۹ء وفات پائی۔

"غریب بود" = ۱۲۲۴ھ مادہ تاریخ ہے۔ مولانا غلام محی الدین کنجاہی نے قطعۂ تاریخ لکھا اور مادۂ تاریخ نکالا "زفوتش شدہ دلِ دیں چاک" = ۱۲۲۴ھ۔ شیخ عبداللہ ساکن چک عمر نے قطعہ لکھا

فاضلِ حق محمد صالح کو بگجرات بود "مصدرِ فیض"

۱۲۲۴ھ

شد ز دارِ فنا بہ دارِ بقا سالِ تاریخ اوست "مظہرِ فیض" (۱)

۱۲۲۴ھ

آپ کی قبر (خستہ حالت میں) پرانی جیل کے عقب میں موجود ہے۔ جیل کے عقب میں واقع چوک سے ایک چوڑی گلی شمالاً اوپر چڑھ کر دارا بلوچاں میں جاتی ہے۔ تھوڑا سا آگے جا کر ذرا اونچی جگہ ہے جو کھلی پڑی ہے یہیں مسجد لوہاراں واقع ہے جس کے جنوب میں چند قبریں ہیں۔ کونے والی قبر مولوی محمد صالح صاحب کی ہے۔

(۱) "مظہرِ فیض" سے ۱۲۲۴ کی بجائے ۲۰۳۵ اعداد نکلتے ہیں۔

Marfat.com

ڈاکٹر صوفی محمد ضیاء الحق

عربی زبان و ادب کے عالمِ بے بدل، شاعر اور محقق جناب ڈاکٹر صوفی محمد ضیاء الحق مولانا اصغر علی روحی کے نامور فرزند اور ان کی علمی میراث کے جانشین تھے۔

آپ لاہور میں پیدا ہوئے وہیں تعلیم حاصل کی اور عربی زبان میں ڈاکٹریٹ کا اعزاز حاصل کیا۔ گورنمنٹ کالج لاہور کے وائس پرنسپل رہے۔ وہ اپنے بلند علمی مرتبے اور ذاتی خوبیوں کی بنا پر رفقاء کار اور شاگردوں میں ہر دلعزیز تھے۔ علم و تحقیق سے کچھ ایسا لگاؤ تھا کہ تمام عمر شادی نہیں کی۔

آپ نے ۱۰ ذی الحجہ ۱۴۰۹ھ بروز جمعہ عید الضحیٰ بوقت نمازِ عید بمطابق ۱۴ جولائی ۱۹۸۹ء کو لاہور میں وفات پائی۔ آپ کے نامور شاگرد پروفیسر ڈاکٹر خورشید رضوی نے قطعاتِ تاریخِ رحلت لکھے۔ رضوی صاحب نے ایک شعر لکھا ہے

ناز بر خویش کُن اے خاکِ کٹھالہ تا حشر
کہ سپردیم بتو مہرِ درخشانے را

انہوں نے "خلد منزل محمد ضیاء الحق صوفی" = ۱۹۸۹ء اور "مردِ صالح لصبح عیدالضحیٰ" = ۱۴۰۹ھ اور "ذی الحجہ بروز عیدِ قربان = ۱۴۰۹ء سے مادہ ہائے تاریخ نکالے ہیں۔ آپ کٹھالہ میں بر لب جی ٹی روڈ جامع مسجد روحی کے ساتھ مدفون ہیں۔ قبر کے سرہانے موجودہ کتبے کی تحریر حسب ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قطعۂ تاریخِ وفات

ڈاکٹر محمدّ ضیاء الحق صوفی مرحوم و معفور

سابق وائس پرنسپل گورنمنٹ کالج لاہور

Marfat.com

سیدھا سادہ بھلا ضیاء الحق   چل دیا چل دیا ضیاء الحق
روشنی کا دیا ضیاء الحق   بجھ گیا بجھ گیا ضیاء الحق
علم کا حلم کا حسین پیکر   خوش نفس خوش نوا ضیاء الحق
جس سے بر پا تھیں محفلیں دل کی   چل بسا چل بسا ضیاء الحق
تیرے جانے سے سب ہوئے مفلس   عاجز و بے نوا ، ضیاء الحق
نرم خو، نرم دل، شفیق و حلیم   صاحبِ عقل و فہم و عزمِ صمیم
دیدہ ور، نکتہ داں، دقیقہ شناس   روکشِ بحرِ جس کا فیضِ عمیم
کام سے اس کو تھا ہمیشہ کام   تھا وہ لاریب مردِ خوش انجام
اس کی تحقیق و جستجو کے مقام   آشکارہ رہیں گے سب پہ مدام
آہ ! وہ فخرِ دودماں نہ رہا   علم و دانش کا قدرداں نہ رہا
نامور خاندانِ روحی کا   فیض آثار ترجماں نہ رہا
مہد سے لحد تک سفر میں رہا   وہ مسافر تھا علم کا جویا
کاٹ دی عمر سب تجربہ میں   علم کی جستجو میں دل کھویا
آج ہم کو چھوڑ کر تنہا   وہ ہوا رہرو سوئے عقبیٰ
یومِ اضحیٰ ہے اور وقتِ اضحیٰ   ٹوٹی کیسی قیامتِ صغریٰ
دیکھ کر دل گرفتہ و مکروب   مجھ سے ہاتف نے کہہ دیا مطلوب
یعنی تاریخ اس کی "ہائے حیف   ہو گیا آفتاب علم غروب "

(۱)
۱۱۴ + ۱۸۷۵ء = ۱۹۸۹ء

۱۔ راقم نے "رخصت اے بزم جہاں" = ۱۴۰۹ھ سن رحلت لکھا ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر شیخ محمد عالم

مشہور سیاستدان اور ماہرِ قانون ڈاکٹر محمد عالم بھی گجراتی تھے۔ ڈاکٹر محمد عالم بنیادی طور پر بہت ذہین شخص تھے۔ لندن سے بار ایٹ لاء کرنے والے گنے چنے گجراتیوں میں سے تھے۔ لاہور ہائیکورٹ کے مانے ہوئے وکلاء میں شمار ہوتے تھے۔ ۱۹۲۵ء سے سیاست میں آئے۔ ۱۹۳۷ء میں مولانا ظفر علی خاں کی جماعت نیلی پوش تحریک کے ٹکٹ پر راولپنڈی سے بھاری اکثریت سے کامیاب ہوئے۔ مگر حلف اٹھانے سے قبل ہی کانگریس میں شامل ہو گئے اور اپوزیشن لیڈر بن گئے۔ ۱۹۴۰ء میں مسلم لیگ میں شامل ہوئے اور قرار دادِ پاکستان کے مسودے کی تیاری میں قائد اعظم اور دیگر راہنماؤں کے ساتھ کام کیا۔ ۱۹۴۴ء میں انہوں نے پھر ایک قلابازی کھائی اور سکندر حیات کے حمایتی بن گئے۔ ۱۹۴۶ء کے انتخابات میں انہوں نے آزاد حیثیت سے الیکشن لڑا۔ مگر شکست کھا گئے۔ اسی روز کچھ نوجوانوں نے رسی میں لوٹے پرو کر ان کے دروازے پر لٹکا دیے تھے۔ یوں تو وہ بہت نامور تھے ابوالکلام آزاد اور نہرو سے قریبی مراسم تھے۔ جناح بھی انہیں اچھی طرح جانتے تھے مگر وقتی مفادات کو پیش نظر رکھنے والے شخص کو عزت کیسے مل سکتی تھی۔ اسی وجہ سے ۱۹۴۶ء میں اہل گجرات بھی ان کے خلاف نہایت سرگرم تھے۔ ڈاکٹر عالم قانون میں پی ایچ ڈی تھے۔ لاہور میں فوت ہوئے اور گجرات میں شاہدولہ روڈ پر پیر ننگے شاہ کی قبر سے آگے باغ والی مسجد کے ساتھ اپنے گھر ("کنعانِ یوسف") کے صحن میں دفن ہوئے۔ ان کے ساتھ ان کے جواں مرگ بیٹے یوسف اور ان کی اہلیہ دفن ہیں۔ ڈاکٹر عالم کی قبر پختہ ہے مگر کتبہ نصب نہیں ہے۔

Marfat.com

مولوی محمد عالم قلعداری

علمائے قلعدار کے معتبر علمی خانوادے کے چشم و چراغ مولوی محمد عالم ۱۸۷۶ء میں قلعدار میں پیدا ہوئے۔ کتبِ علومِ دینیہ والد محترم مولوی فصل احمد، مولوی رحیم بخش اور برادر بزرگ مولوی عبدالکریم سے پڑھیں۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد مسجد جامع شاہی قلعدار کی مسندِ خطابت و ارشاد کی ذمہ داری آپ کے سپرد ہوئی۔ جسے آپ نے تازیست نہایت خوش اُسلوبی اور فرض شناسی سے نبھایا۔ والد محترم نے مرتے وقت مسندِ ارشاد آپ کے سپرد کی اور یہ خدمت فی سبیل اللہ کرنے کی وصیت کی۔ آپ نے اس وصیت پر دل و جان سے عمل کیا اور اسّی سال کے عرصۂ حیات میں سے ایک رات بھی قلعدار سے باہر نہ گزاری۔

آپ عابد و زاہد شب بیدار اور عاشقِ خیرالانام تھے۔ طبیعت میں سوز اور وعظ میں تاثیر تھی۔ آپ نے قلعدار کے درس کا سلسلہ دور دور تک پھیلا دیا اور ہزاروں تشنگانِ علم اس سرچشمۂ فیض سے سیر ہوئے۔ آپ جیّد عالِم دین ہونے کے ساتھ ساتھ خوش بیان وعظ اور قادرالکلام شاعر بھی تھے۔ آپ کی چند تصانیف یہ ہیں۔

فتاویٰ محمد عالم، دیوانِ عربی، دیوانِ فارسی، دیوانِ اُردو، دیوانِ پنجابی، اسلام امیر حمزہ، اسلام اہلِ طائف، تفسیر سورہ اخلاص، تفسیر سورہ فیل، تفسیر سورہ کہف، تفسیر سورہ والضحیٰ وغیرہ۔

جامع شاہی قلعدار کی جزوی تعمیرِ نو کی سعادت بھی آپ کے حصہ میں آئی۔ آپ نے ۱۹۵۵ء میں انتقال فرمایا اور اِسی مسجد کے صحن میں آپ کی قبر بنی۔ دروازے سے داخل ہوں تو دائیں ہاتھ آپ کی پختہ قبر ہے جس کے کتبے پر یہ عبارت کندہ ہے۔

یا اللہ ج　　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　　یا رسول اللہ ؐ

لَا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مرقدِ منور

قدوۃ العارفین، زبدۃ الواصلین، صدر الافاضل، استاذ العلماء، رئیس الفقہا

حضرت علامہ **مولوی محمدؐ عالم** تلعداری صاحب رحمتہ اللہ علیہ

تاریخِ وفات

بے شک و ریب حجتہ الاسلام آہ = ۱۳۷۴ھ

والا شکوہ آں علم عالی تبار رفت = ۱۹۵۵ء

عالی تبار و رونقِ علم و ادب نماند = ۱۳۷۴ھ

اقلیمِ دیں را نیک عمل تاجدار رفت = ۱۹۵۵ء

۲۳ جمادی الثانی - ۱۷ فروری بروز جمعرات

بمقام تلعدار ضلع گجرات

Marfat.com

مولانا محمد عالم کھوڑوی و صاحبزادگان

مولانا محمد عالم، کھوڑی نزد ڈنگہ میں گوہر خاں ولد براہم ولد ممارج کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ نے دہلی اور لاہور کے نامور اساتذہ سے تعلیم حاصل کی اور فقہ، منطق، حساب اور خوش نویسی میں کامل دسترس حاصل کی۔ معقولات میں آپ کا مقام بہت بلند تھا۔ "حساب العالم" کے نام سے آپ نے ایک کتاب لکھی جس میں فیثا غورث کی طرح ریاضی کے نئے مسائل پیش کئے۔

علمی مقام کے ساتھ ساتھ آپ روحانیات میں بھی صاحب حال بزرگ تھے۔ حضرت مولانا جان محمد قادری لاہوریؒ کے مرید و خلیفہ مجاز تھے۔ آپ نے ۱۸۹۳ء میں وفات پائی۔ "سراج الاخبار" جہلم کی ۲۰ نومبر ۱۸۹۳ء کی اشاعت میں یہ تعزیتی نوٹ شائع ہوا۔

وفاتِ حسرت آیات

"افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ ضلع گجرات کے مشہور فاضل فقیہہ کامل جناب مولانا مولوی محمد عالم صاحب رئیس کھوڑی ۱۱ نومبر ۱۸۹۳ء کو بوقت نیم شب رہگرائے عالم جاودانی ہوئے۔ اللہ اپنے فضل و کرم سے ان کو غریق لجہ بحرِ رحمت کرے اور آپ کے خلف الرشید مولوی غلام جیلانی صاحب ابوالدرجات اور مولوی عبدالمالک صاحب ابوالبرکات کو صبر جمیل عطا فرمائے"

آپ کو کھوڑی عالم کے عام قبرستان سے جانبِ شمال آپ کے آبائی قبرستان میں دفن کیا گیا۔ آپ کی قبر کے ساتھ دائیں بائیں آپ کے بیٹوں مولوی غلام غوث، مولوی

غلام جیلانی ابوالدرجات، حافظ قاری محمد وارث، مولوی محمد دین کی قبریں ہیں۔ آپ کی زوجہ محترمہ بھی یہیں دفن ہیں۔ مولوی غلام غوث صاحب نے ۱۸۹۰ء کو وفات پائی۔ "سراج الاخبار" جہلم کی ۸ دسمبر ۱۸۹۰ء کی اشاعت میں یہ خبر شائع ہوئی۔

انتقالِ پُرملال

"بڑے افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ جناب فاضلِ اجل عالمِ اکمل مولوی غلام غوث صاحب خلف الرشید جناب مولیٰ الکل مولانا محمد عالم رئیس کھوڑی ضلع گجرات نے ۲۶ نومبر ۱۸۹۰ء یوم چار شنبہ کو بعارضہ تپ انتقال کیا"

مولوی غلام جیلانی ابوالدرجات بھی نہایت بلند علمی مقام کے مالک تھے۔ ریاست بھوپال، ٹونک وغیرہ میں بندوبست و مال کے محکموں میں یادگار خدمات سرانجام دیں۔ قصیدہ، مرثیہ اور تاریخ گوئی میں اپنا ثانی نہ رکھتے تھے۔ مگر افسوس اپنے تبحر علمی سے کوئی قابلِ ذکر علمی کارنامہ سرانجام نہ دے سکے۔ ان کی تاریخِ وفات معلوم نہیں ہو سکی۔ ان کی اولاد ۱۲۶ چک ملتان میں آباد ہے۔

Marfat.com

ملک محمد عبدالرفیع ایڈووکیٹ

گجرات کی ایک مقتدر شخصیت، نامور وکیل اور تحریکِ پاکستان کے کارکن ملک محمد عبدالرفیع ایڈووکیٹ یکم مارچ ۱۹۰۷ء کو الحاج عبدالعزیز کے متمول گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کے آباؤ اجداد کا وطن کشمیر تھا۔ جہاں سے ہجرت کر کے گجرات میں آباد ہوئے۔ ملک عبدالرفیع نے ابتدائی تعلیم گجرات میں حاصل کی۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے بی ایس سی (آنرز) کرنے کے بعد پنجاب یونیورسٹی لا کالج سے ایل ایل بی کا امتحان پاس کیا اور ۱۹۳۱ء کے قریب گجرات میں پریکٹس کا آغاز کیا۔ اور ایک کامیاب وکیل کی حیثیت سے مشہور ہوئے۔

تحریکِ پاکستان میں آپ نے گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ قیامِ پاکستان سے قبل کچھ عرصہ گجرات مسلم لیگ کے سیکرٹری بھی رہے۔ قائداعظم کی گجرات آمد پر آپ نے انتظامات میں فعال کردار ادا کیا۔ آپ صوم و صلوٰۃ کے پابند اور خوش ذوق انسان تھے۔ کچہری روڈ پر "رفیع منزل" آپ کا مسکن تھی۔ آپ نے ۲۳ مارچ ۱۹۷۶ء کو وفات پائی۔ آپ کی قبر قبرستان بھٹیاں کے درمیان سے گزرنے والے راستے کے اختتام پر دائیں ہاتھ واقع ہے۔ جس پر ایک چھپر سا بنا ہوا ہے۔ کتبے کی عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لاَ اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

الحاج محمد عبدالرفیع ملک ایڈووکیٹ

تاریخ وفات: ۲۳ مارچ ۱۹۷۶ء

فغفرلہ ..... ارحم الرحمین

الحاج محمد علی

گجرات میں گلزارِ مدینہ مدرسہ اور مسجد کے بانی الحاج محمد علی تراب الاقدام احمد باعمل عالم اور روحانی بزرگ تھے۔ آپ گجرات میں آباد "پشاوری خانوادے" کے چشم و چراغ تھے۔ آپ چورہ شریف کے باباجی فقیر محمد کے خلیفہ حسن محمد نقشبندی (گجراتی) کے مرید و خلیفہ تھے۔ آپ نے ۱۹۳۵ء میں گجرات میں مسجد گلزارِ مدینہ کی بنیاد رکھی اور اسے ایک عظیم روحانی و علمی مرکز بنا دیا۔ آپ کی وفات کے بعد آپ کے خلیفہ و جانشین الحاج صوفی غلام قادر نے اس مرکز کا انتظام سنبھالا۔ آپ نے ۲۵ ستمبر ۱۹۴۹ء کو رحلت فرمائی اور رامتلائی روڈ پر گلزارِ مدینہ مسجد سے جانب جنوب مدفون ہوئے۔ مزار فن تعمیر کا جاذبِ نظر نمونہ ہے۔ کتبے کی تحریر درج ذیل ہے۔

یا اللہ جل جلالہ — اللہ — یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بانی مرکزِ تجلّیاتِ نقشبندیہ مجددّیہ گلزارِ مدینہ گجرات شریف

امام الاولیائے وقت۔ "شمع نورِ خفی" = ۱۳۶۸ھ

حضرت الحاج محمد علی تراب الاقدام احمد المعروف حضور باباجی رحمتہ اللہ علیہ

محبِ خدا: یکم ذوالحجہ ۱۳۶۸ھ بمطابق ۲۵ ستمبر ۱۹۴۹ء بروز اتوار

محبِ خدا، عاشقِ شاہِ کوثر — محمد علی حامیٔ دینِ سرورؐ

ہوئے دارِ فانی سے رخصت واہ — انہیں قربِ حق ہو گیا اب میسر

"کرم جا بجا لطفِ پیہم کریں گے — علی و محمد، محمد علی پر"

۱۳۶۸ھ

مولانا محمدؐ فضلِ حق

علامہ اصغر علی روحی کے فرزندِ ارجمند اور ڈپٹی اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان مولانا محمد فضلِ حق ۱۹۰۴ء میں پیدا ہوئے۔ اور ۱۹۷۹ء میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

محمد فضل حق اپنی نسبی، علمی اور دنیاوی حیثیتوں میں معتبر تھے مگر ان کی شخصیت کا اصل جوہر ان کی عظمتِ کردار ہے۔ انتہائی نیک نفس، سنتِ نبویؐ پر سختی سے کاربند اور رزقِ حلال کے پابند تھے۔ قرآن حکیم پر تدبّر و تفکّر ان کا شیوہ تھا۔ غرباء و مساکین کی مدد اور انسانیت کے لئے تڑپ ان کی شخصیت کا خاصا تھا۔ کلمۂ حق کہنے میں کوئی باک نہ تھا۔ آپ نے ۱۵ فروری ۱۹۷۹ء کو وفات پائی۔ آپ کا سنِ وصال راقم نے "شخصیت" = ۱۴۰۰ھ سے برآمد کیا ہے۔

آپ اپنے والدِ محترم کی قبر کے ساتھ جانبِ مشرق مدفون ہیں۔ یہ قبور "جامع مسجد روحی" کے ساتھ واقع ہیں جو کٹھالہ چناب کے قریب برلبِ جی ٹی روڈ مولانا روحی کی یادگار ہے۔ کتبہ نہایت خوبصورتی سے کندہ کیا گیا ہے۔ اس کی عبارت یہ ہے۔

یا غفور	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	یا رحیم
ہذا کم من فضلِ ربی	لھم مغفرہ	ہم یحلون فیھا من اساور من ذہب
۱۹۷۹ء	۱۴۰۰ھ	۱۴۰۰ء

یرثون الفردوس ہم فیھا خالدون

۱۹۷۹م

"غرفہ علیہ" و "مستقر کرم مقر" و "نشیمن نفیس گلشن فردوس"

۱۴۰۰ھ ۱۴۰۰ھ ۱۴۰۰ھ

یعنی

Marfat.com

آرامگاہِ طیب محمد فضلِ حق (رحمۃ اللہ علیہ)

۱۴۰۰ھ

خلفِ صدق حضرت مولانا اصغر علی روحی رحمۃ اللہ علیہ

تاریخِ وفات

محمد فضلِ حق ز اخواں مہیں تر ‏ ‏ ز خلقت سوئے خالق کرد رجعت
سلیم الطبع و خوش اخلاق و صالح ‏ ‏ کریم و ارجمند و پاک طینت
زیاں و سود را پرواہ نہ کردہ ‏ ‏ عمل پیرا بر احکامِ شریعت
سرِ تسلیم او خم شد، چو آگاہ ‏ ‏ شد از فرمودہ قرآن و سنت
نماز و روزہ را پیوستہ پابند ‏ ‏ بنیکی ہا گرائیدے بسرعت
نداد از دست اوراد و وظائف ‏ ‏ نہ زنہار در سفر ہم کرد غفلت
تدبّر کردہ در الفاظِ قرآن ‏ ‏ پئے فہم و رموزش کرد محنت
قدم راسخ براہِ زہد و تقویٰ ‏ ‏ دو چشمش اشک ریز از خوف و رقت
بحق گوئی قوی دل بود و بیباک ‏ ‏ و گر یاراں از و کردند نفرت
و لے مردانِ دیں دار و وفاکیش ‏ ‏ بکردند از دل و جانش محبت
بفضلِ حق بخوانِ دین و دنیا ‏ ‏ نصیبش وافر از ہر گونہ نعمت
یتیم و بیوہ و مسکین و بے کس ‏ ‏ شمردے خدمتِ ایشاں غنیمت
بزرگاں را بحرمت یاد می کرد ‏ ‏ بخرداں پیش می آمد بشفقت
دیانت کردہ زو معلوم، او را ‏ ‏ سپردہ منصبِ عالی، حکومت
بدیواں مفسدان و سرکشاں را ‏ ‏ براہِ راست آوردے بحکمت
الٰہی بر خطا ہائش قلم کش ‏ ‏ گناہانش ببخش از روئے رحمت

Marfat.com

شبِ شنبہ، محرم بست و پنجم ہزار و چار صد از سالِ ہجرت
دسمبر پانزدہ ، ہفتادو نُہ سال گزشت از قرن بستم از ولادت(۱)
بعمرِ نیم سال و ہفت و ہفتاد ازیں دارالمحن بگزید عزلت
"راضیا رَبِّ اجلہ" سراِو(۲) "عبدَ ربِّ کانَ مرضیا" نہایت(۳)

۱۳۲۲ھ ۱۴۰۰ھ

خرد گفتا پئے سالِ وفاتش "محمد فضلِ حق کرد، آہ، رحلت

۱۹۷۹م

ضیا جستم مآلش از نکیراں
جواب آمد "شود داخل بجنت"

۱۴۰۰ھ

---ایضاً---

چوں محمد فضلِ حق بست از جہاں رختِ سفر اہلِ علم را بگوئی ، محشر برپا شدہ
حاجی حرمین و برصوم و صلوٰۃ بر زکوٰۃ کار بستہ در حریم قربتِ مولیٰ شدہ
اسوہ اندر اتقا و قدوہ و زہد و ورع مفلس و محتاج و سائل را درش ملجا شدہ
رو چو پوشید آں الف(۴) از علم ناسوتیاں مسکنش قصرے درونِ جنت الماویٰ شدہ

۱۹۸۰-۱ = ۱۹۷۹م

سر پئے تاریخِ فوتش چوں فرو بردم ضیاؔ
گفت بامن ہاتفے "فضلِ حق از دنیا شدہ"

۱۴۰۰ھ

دِل گرفتہ محمد ضیاء الحق

(۱)۔ یعنی میلادِ مسیح علیہ السلام (۲)۔ آغاز یعنی ولادت (۳)۔ انجام یعنی موت (۴)۔ مرد سخی، کنایہ از یک در علم الاعداد

Marfat.com

میاں محمدؐ فیروزالدین

میاں محمد فیروز الدین ایک علمی خانوادے کے فرزند تھے۔ ۱۸۸۱ء میں گجرات کے محلہ خواجگان میں میاں فقیر بخش کے گھر پیدا ہوئے۔ مشن سکول گجرات سے میٹرک کیا اور HVC کے عہدے پر فائز ہوئے۔ اسی عہدے سے ریٹائر ہوئے۔

قرآن مجید کی محبت میں غرق تھے اور انتہائی ایماندار اور عبادت گزار بزرگ تھے۔ آپ نے "خزائن القرآن" کے نام سے قرآن پاک کے موضوعات پر ایک مفصل اور جامع کتاب لکھی تھی۔ اس کا خلاصہ "رُوح القرآن" کے نام سے ۱۹۴۴ء میں شائع ہوا اور پھر ۱۹۴۸ء میں قدرے تفصیلاً "رُوح القرآن (مشرح)" لکھی۔ اس کے علاوہ "جہاد" پر ایک رسالہ لکھا۔ آپ طویل عرصہ تک جامع مسجد اور مسجد عید گاہ کے ناظم رہے۔ آپ نے ۷۰ برس کی عمر میں ۱۹۵۱ء میں انتقال فرمایا۔ آپ پروفیسر افتخار الدین طارق راٹھور کے دادا تھے۔ آپ کی قبر، قبرستان خواجگان کے شاہ بلاک میں ہے۔ شاہ بلاک میں داخل ہوں تو چند قدم چل کر دائیں ہاتھ آپ کی پختہ قبر ہے۔ کتبے پر درج ذیل عبارت کندہ ہے۔ اِس تحریر میں علاّمہ اقبال کی جو شاندار رباعی شامل ہے وہ آپ کو بہت پسند تھی اور آپ نے اپنی قبر کے لئے خود تجویز کی تھی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

اَمَّامن یَّتقی وَیَصْبِر فاِنّ اللہ لا یَضیعُ اَجر المُحسنین

جو شخص خدا سے ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو خدا بھی ایسے نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا

المتوفی

خادم الفقراء والمساکین میاں محمدّ فیروز الدین صاحب

مصنف "روح القرآن" ناظم جامع مسجد، مسجد عید گاہ

بتاریخ: ۲۷ اکتوبر ۱۹۵۱ء بعمر ۷۰ سال ۲ ماہ

دعا

تو غنی از ہر دو عالم، مَن فقیر　　روزِ محشر عذر ہائے من پذیر

گر حسابم را تو بینی نا گزیر　　از نگاہِ مصطفےٰؐ پنہاں بگیر

صلی اللہ علیٰ صاحبہٖ و آلہٖ وسلم

موت کو سمجھے ہیں غافل اختتامِ زندگی　　ہے یہ شامِ زندگی صبحِ دوامِ زندگی

Marfat.com

مولانا حکیم محمد مختار اشرفی

جسمانی و روحانی معالج، عالمِ دین، خطیب اور مدرّس جناب الحاج حکیم محمد مختار اشرفی ۱۹۱۹ء میں سنبھل (مراد آباد۔ انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مولانا اجمل صاحب سے اجمل العلوم سنبھل میں حاصل کی۔ پھر جامعہ نعیمیہ مراد آباد میں صدر الافاضل مولانا سیّد نعیم الدین مراد آبادی سے علومِ دین اور طب میں دسترس حاصل کی۔ سیّد علی حسین اشرفی کے ہاتھ پر بیعت ہوئے جو کچھوچھہ شریف کے سجادہ نشیں تھے۔ آپ کو خلافت ملی مگر بیعت نہیں کرتے تھے۔ قیام پاکستان تک جامع مسجد کھٹیکاں (جموں) میں خطیب رہے۔ پھر پاکستان تشریف لے آئے۔ اور کئی مدارس میں بے لوث خطابت و امامت کے فرائض سر انجام دیتے رہے۔ گجرات میں مسجد نورِ مدینہ، مسجد میاں جلال الدین، جامع مسجد عید گاہ وغیرہ میں خطابت اور درس و تدریس کی خدمت انجام دی۔ ۱۹۴۸ء میں گجرات میں سلطانی دواخانہ کی بنیاد رکھی۔ مفتی احمد یار خاں نعیمی اور مفتی محمد حسین نعیمی آپ کے ہم جماعت تھے۔ آپ قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کی طہارتِ نفس کا نمونہ تھے۔

آپ نے ۱۹۸۲ء میں آیات قرآنی کا ورد کرتے ہوئے جان، جان آفریں کے سپرد کی اور گجرات ایک عظیم انسان، ایک عظیم عالمِ دین اور ایک مشفق معالج سے محروم ہو گیا۔ آپ کی قبر، قبرستان خواجگان میں، جنازہ گاہ سے ملحق جانب جنوب اور مولانا احمد حسین رہتکی کے مزار سے جانبِ مغرب واقع ہے۔ کتبہ کی تحریر درج ذیل ہے۔

Marfat.com

یا اللہ ج　　　　　　　　یا رسول ص اللہ

باسمہٖ تعالیٰ

قبر المومن روضتہ من ریاض الجنتہ (حدیث)

مزارِ پر انوار

طبیب الارواح والاجساد

حضرت مولانا الحاج حکیم محمدؐ مختار اشرفی رحمتہ اللہ علیہ

بانی سلطانی دواخانہ

شاگردِ رشید و تلمیذِ سعید حضرت صدر الافاضل استاد العلماء حضرت

مولانا الحاج محمد نعیم الدین صاحب مراد آبادی

ولادتِ باسعادت: بمقام سنبھل ضلع مراد آباد، (انڈیا)

وصالِ مبارک: بعمر ۶۳ برس بمقام گجرات (پاکستان)

تاریخِ وفات: ۲۶ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ بمطابق ۲۳ جنوری ۱۹۸۲ء

"برخُلدِ بریں شد"

۱۴۰۲ھ

Marfat.com

سیّد محمدّ معصوم شاہ گیلانی قادری نُوری

سیّد محمد معصوم ۱۸۹۸ء میں چک سادہ ضلع گجرات میں سید فضل شاہ گیلانی کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ کا شجرۂ نسب حضرت صالح گیلانی نوشاہی خلیفہ حضرت نوشہ گنج بخش سے ملتا ہے جو حضرت عبدالقادر جیلانی کی اولاد میں سے تھے۔ بچپن میں ہی والد صاحب کے دستِ شفقت سے محروم ہو گئے۔ ابتدائی تعلیم مولانا امام الدین سے حاصل کی۔ بابا فضل نور قادری کے ہاتھ پر بیعت کی جو دربار داتا صاحب کی مسجد کے مؤذن تھے۔ پھر مستقلاً لاھور کو مسکن بنا لیا اور دربار داتا صاحب پر درس کشف المحجوب شروع کیا۔ لاھور میں ریلوے اسٹیشن کے قریب نوری مسجد اور نوری شفاخانہ (فری) قائم کیے۔ اشاعتِ کتب کے لئے آپ نے نوری کتب خانہ قائم کیا اور اپنی کتب کے علاوہ مفتی احمد یار خاں نعیمی کی بیشتر کتب بھی شائع کیں۔ آپ کی تصانیف میں گلدستہ ہدایت، گلدستہ شریعت، سحری روٹی، ہدایتِ بے نمازاں، معصوم ہدایت، مواعظ القرآن والحدیث، خطبہ نوری وغیرہ شامل ہیں۔ آپ اردو، پنجابی اور فارسی پر عبور رکھتے تھے ہر تین زبانوں میں شعر کہتے تھے۔

اس مردِ سالک اور خادمِ خلق نے ۱۸ جنوری ۱۹۶۹ء بمطابق ۲۹ شوال ۱۳۸۸ھ کو وفات پائی۔ داتا دربار میں پہلی نماز جنازہ ہوئی دوسری نماز جنازہ گجرات میں مفتی احمد یار خاں نعیمی نے پڑھائی اور تیسری دفعہ سادہ چک میں نماز جنازہ ادا کی گئی۔ آپ کو سادہ چک میں دفن کیا گیا جہاں مزار تعمیر کیا گیا ہے۔ آپ کے مرشد بابا فضل نور آپ کے دائیں ہاتھ دفن ہیں وہ ۱۳۸۲ھ میں فوت ہوئے تھے۔ آپ نے اپنے آخری پیغام میں قبر پر آنے والوں کو غیر شرعی حرکات سے منع کیا ہے۔ آپ کی قبر کے کتبے کی تحریر

Marfat.com

حسب ذیل ہے۔

یا اللہ جل جلالہٗ　　　　یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

هوالقادر

مرکزِ تجلّیات

حجۃ الکاملین، سیّد العارفین، شیخِ طریقت

حضرت الحاج پیر سیّد محمّد معصوم شاہ گیلانی قادری نوری قدس سرہ

وائے حسرت ! حضرت معصوم شاہ　　شد رواں زیں کارگاہ دربارِ گاہ

مخزنِ رشد و ہدیٰ در ما نماند　　پیکرِ صدق و صفا بگذشت آہ

کرد ارشدؔ فکرِ تاریخِ وصال　　ایں ندا آمد بگو ، بے اشتباہ

"خیر خواہِ دینِ حق آں نیک مرد"

۱۹۶۹ء

"پیر و مرشد سیّد معصوم شاہ"

۱۳۸۸ھ

☆ راقم نے آپ کے سن وصال کے لئے یہ مادہ ہائے رحلت لکھے ہیں۔

"غلام قادر بود" = ۱۳۸۸ھ اور "خورشید سحر" = ۱۳۸۸ھ

Marfat.com

خواجہ محمدؒ معصوم صاحب آف موہری شریف

خواجہ محمد معصوم ۴ اپریل ۱۹۳۵ء کو موہری شریف (تحصیل کھاریاں ضلع گجرات) میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد صوفی نواب دین بھی بلند مرتبہ صوفی تھے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم موہری شریف اور راولپنڈی میں حاصل کی۔ دارلعلوم حزب الاحناف لاہور سے تکمیلِ درسِ نظامی و دیگر علوم کی اور موہری شریف تشریف لائے۔ ۱۹۵۵ء میں اپنے والدِ ماجد کے ہاتھ پر بیعت ہوئے۔ آپ نے بیسیوں حج اور عمرے ادا کئے اور ۱۹۵۷ء سے لے کر وصال تک پوری دنیا میں تبلیغ اسلام کے لئے بے پناہ سفر کیا۔ اسی وجہ سے آپ "عالمی مبلّغِ اسلام" کہلائے۔ آپ کی تبلیغ سے سینکڑوں عیسائی، ہندو، سکھ اور دیگر مذاہب سے لوگ مشرف بہ اسلام ہوئے۔ اور آج بھی پوری دنیا میں آپ کے مریدین موجود ہیں۔ والدِ محترم کی وفات (۱۹۶۵ء) کے بعد آپ نے اپنی فہم و فراست سے سلسلۂ عالیہ کے نظام کو اس حسنِ انتظام سے چلایا کہ موہری شریف اور آپ کا نام تصوّف کی دنیا میں ایک مثال بن گیا۔

آپ نے مری میں سالانہ جشنِ نزولِ قرآن کی بنیاد رکھی اور نہ صرف فحاشی کا خاتمہ کر دیا بلکہ پاکستان بھر کے علمائے کرام کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر دیا۔ آپ اتحادِ بین المسلمین کے بہت بڑے داعی تھے۔ آپ نے اسلام کی تعلیمات کو پوری دنیا تک پہنچانے کے لئے تمام عمر عملی جدوجہد کی اور عشقِ مصطفیٰؐ کے نور کو عام کیا۔

آپ نے ۳ نومبر ۱۹۹۳ء کو رحلت فرمائی اور موہری شریف میں اپنے والدِ ماجد کے پہلو میں دفن کئے گئے۔ جہاں ایک عظیم الشان مقبرہ تعمیر کیا گیا ہے۔ جو گجرات میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ قبر کے کتبہ کی تحریر یہ ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مرکزِ انوارِ عرفان

شہنشاہِ تصوف، تاجدارِ معرفت، قیومِ پنجم، واقفِ رموزِ حقیقت، مجاہدِ ملت

محافظِ مسلک مجدد، داعیٔ ذکر بالجہر، فنافی الرسول ؐ، علمبردارِ اتحادِ بین المسلمین،

عالمی مبلغِ اسلام، خواجۂ خواجگان

حضرت الحاج خواجہ محمدؒ معصوم صاحب رحمتہ اللہ علیہ، نقشبندی مجددی

رئیسِ دربارِ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ نوابیہ موہری شریف

تاریخِ وصال: ۳ نومبر ۱۹۹۳ء / ۱۷ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۴ھ بروز بدھ

ولادتِ مبارک: ۴ اپریل ۱۹۳۵ء / ۲۹ ذی الحجہ ۱۳۵۲ھ بروز بدھ

Marfat.com

شیخ محمدّ ممتاز فاروقی

شیخ محمد ممتاز فاروقی گجرات کے مشہور فرد تھے۔ فاروقی فیملی کے چشم و چراغ تھے۔ ۱۸۸۲ء میں گجرات میں پیدا ہوئے۔ گجرات کے پہلے بیرسٹر تھے۔ سماجی سرگرمیوں میں بہت فعال تھے۔ اَدبی ذوق بھی رکھتے تھے اور استاد امام دین کی بانگ دہل کا دیباچہ آپ نے ہی لکھا تھا۔ آپ وکالت برائے نام کرتے تھے زیادہ وقت سماجی، اَدبی اور دیگر مصروفیات میں صرف ہوتا تھا۔ اُردو کے اچھے شاعر تھے۔ تحریکِ خلافت میں سرگرمی سے حصہ لیا۔ گجرات خلافت کمیٹی کے رکن تھے۔ آپ نے ۱۹۵۶ء میں وفات پائی اور فاروقی فیملی کے قبرستان (واقع شاہدولہ روڈ گجرات نزد مطب حکیم جمیل، عقب مقبول دواخانہ) میں دفن ہوئے۔ آپ کی قبر اس قبرستان کے شمال مشرقی کونے میں واقع ہے۔ کتبے کی تحریر نقل کی جاتی ہے۔

یا اللہ　　　　یا محمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مرقد

شیخ محمدّ ممتاز فاروقی

بیرسٹرایٹ لاء

عمر ۷۴ سال

وفات : ۱۹ دسمبر ۱۹۵۶ء

Marfat.com

مولانا محمدؒ نصراللہ خاں خازنؔ

عالمِ دین اور صاحبِ بصیرت مولانا نصراللہ خازنؔ، مولانا رحمت علی سامی کے صاحبزادے تھے۔ ۱۳ جنوری ۱۹۲۶ء کو کمپالا (یوگنڈہ) میں پیدا ہوئے۔ جہاں ان کے والد دعوت و تبلیغ کے سلسلے میں قیام پذیر تھے۔ تعلیم و تربیت گجرات میں ہوئی۔ عربی اور فارسی زبان و ادب اور دینی علوم کی تکمیل اپنے والدِ ماجد سے کی۔ اس علمی پس منظر کے ساتھ آپ علم و ادب کی دنیا میں وارد ہوئے اور ایک بلند علمی مقام حاصل کیا۔

ہلال ٹینریز میں اکاؤنٹنٹ کے طور پر کام کر کے رزقِ حلال کماتے رہے اور ساتھ ساتھ دین کی خدمت کرنے کے لئے کٹھالہ چناب میں جامعہ عربیہ احیاء العلوم کی بنیاد رکھی جہاں آپ نے درس و تدریس کے ذریعے اپنے والدِ ماجد کے مشن کو جاری رکھا۔ آپ نے کئی بلند پایہ دینی کتب بھی تصنیف کیں۔ آپ نے ۱۴۰۷ھ / ۱۹۸۶ء میں وفات پائی۔ راقم نے مادۂ تاریخِ رحلت نکالا "فخرِ جہانِ حکمت" = ۱۴۰۷ھ۔ سرگودھا روڈ پر بجلی گھر کے عقب میں واقع قبرستان میں مدفون ہیں۔ کتبے کی تحریر یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

مرکزِ انوار

علامۂ عصر، شیخ التفسیر والادب

حضرت مولانا محمدؒ نصراللہ خاں خازنؔ مجددی مرحوم و مغفور

ابن شیخ المشائخ حضرت مولانا رحمت علی خاں سامی

بانی پروفیسر جامعۃ العربیہ احیاء العلوم کٹھالہ چناب گجرات

تاریخِ وفات: ۸ دسمبر ۱۹۸۶ء / ۶ ربیع الثانی ۱۴۰۷ھ بروز پیر بوقت فجر

Marfat.com

صاحبزادہ سیّد محمدّ یُوسف نقشبندی

مولانا سیّد محمد یوسف ۱۵، اکتوبر ۱۹۱۵ء کو سیّد محمد حبیب اللہ کے گھر مجیٹھہ تحصیل و ضلع امرتسر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق "ساداتِ جعفر کوٹ" سے ہے۔ والد ہجرت کر کے پاکستان آئے۔ مشن سکول مجیٹھہ سے ۱۹۳۱ء میں میٹرک اور ہائی سکول امرتسر سے ۱۹۳۳ء میں پوسٹ میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ مولوی صمد اللہ دہلوی سے عربی فارسی کی تعلیم پائی اور اپنے والدِ محترم سے رموزِ طریقت سے اگاہی حاصل کی۔

بلدیہ گجرات اور محکمہ زراعت میں ملازمت کرتے رہے۔ ۱۹۴۳ء میں اپنے والد سے خلافت عطا ہوئی۔ خواجہ محبوب عالم سیدوی کی صاحبزادی سے شادی ہوئی۔ ۱۹۵۷ء سے ۱۹۵۹ء تک سیّد محمد حبیب اللہ صاحب نے آپ کی خصوصی تربیت فرمائی اور ۱۹۵۹ء میں ان کے جانشین مقرر ہوئے۔ آپ شاعر بھی تھے اور علم و ادب کا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے۔ مردِ کامل، مشفق، حلیم الطبع، صابر و شاکر اور سنت نبیؐ کے سختی سے کاربند۔ شریعت و طریقت کا حسین امتزاج! آپ نے ۱۹۸۲ء میں وفات پائی۔ نظام الدین مخمور توکّلی نے مادۂ تاریخ نکالا "مونسِ غربا چلے" = ۱۴۰۲ھ۔ آپ کا مزار حبیب آباد (مسلم آباد) گجرات میں مرجع خلائق ہے۔ کتبے کی تحریر درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلا اِنَّ اَولیَاءَ اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھِم وَلَا ھُم یَحزَنُون

گنجینۂ صدق و صفا، مخزنِ مہر و وفا، مرشدِ حق نما، خواجۂ مشکل کشا

فاروقِ طریقت، امامِ یمین، فرزندِ اکبر حضرت خواجہ حبیبؒ

حضرت مولانا سیّد محمدّ یوسف قدس سرہ العزیز

وفات: ۳۰ ذوالحجہ ۱۴۰۲ھ / ۱۸، اکتوبر ۱۹۸۲ء۔

Marfat.com

میاں محمدؐ یوسف محی الدین قادری

مردِ کامل جناب محمد یوسف محی الدین ۱۸۵۹ء کو گجرات میں میاں کرم الٰہی کے گھر پیدا ہوئے۔ بچپن سے ہی اسلامی تعلیمات کی طرف راغب تھے۔ چھوٹی عمر میں ہی قرآن و حدیث اور فقہ و قوانینِ شریعت کی تعلیم حاصل کرلی۔ گھر کے دینی ماحول نے سلیم الطبع، کم گو اور راست باز بنا دیا۔ نو سال کی عمر میں زیارتِ رسولِ مقبولؐ سے بہرہ ور ہوئے اور پھر شریعت و طریقت کے مہرِ تاباں کا درجہ پایا۔ جوانی میں عبادت و شب بیداری آپ کا شیوہ تھا۔ حضرت سلطان باھوؒ اور بابا فرید گنج شکرؒ سے فیض پایا۔ وہیں سے بٹالہ شریف بھیجے گئے اور سید ظہور الحسن شاہ قادری فاضلی سے بیعت ہوئے اور خلیفۂ اعظم کے رتبے پر فائز کئے گئے۔ تبلیغ کے سلسلے میں دور دراز کے سفر اختیار کئے۔ مرشد کے انتقال کے بعد مستقلاً گجرات میں چشمۂ فیض جاری کیا۔ آپ کے ارادتمند بلوچستان اور افریقی ممالک تک پھیلے ہوئے ہیں۔ آپ کا مزار محلہ بیگم پورہ میں بیگم مسجد کے ساتھ واقع ہے۔ مسجد کے دروازے سے داخل ہوں تو عین سامنے آپ کا مزار ہے۔ کتبہ کی تحریر یہ ہے:

یا اللہ ج | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | یا رسولؐ اللہ

یا شیخ عبدالقادر شیاً للہ

متقی و پارسا عالم سخی صادق امین | بعد مرنیدے وی زندہ نام ہندہ حشر تک
کی کراں تعریف مردِ شب بیدار دی | زندگی ہے اس جہاں تے مردِ نیکو کار دی

Marfat.com

مزارِ پر انوار

قدوۃ السالکین، زبدۃ العارفین، عمدۃ الواصلین، سلطان الواعظین

حضرت مولانا محمدؐ یوسف قادری فاضلی ظہوری رحمۃ اللہ علیہ

خلیفۂ اعظم

امام الطریقت والحقیقت، شناورِ دریائے رحمت وشریعت مولانا و امامنا

حضرت سیّد ظہور الحسن شاہ صاحب الحسنی والحسینی الجیلانی

سجادہ نشین بٹالہ شریف ضلع گورداسپور

(عطیہ ازاں جناب صاحبزادہ سیّد عاصم قادری سجادہ نشین آستانہ عالیہ بٹالہ شریف)

مغرب کی سمت دروازے کے اوپر باہر کی جانب مولوی محمد عبداللطیف افضلؔ کی کہی ہوئی تاریخِ وفات کا ایک شعر، نام کے علاوہ، درج ہے۔

ہے غفور اللہ شاہد تیری تاریخِ وصال تیرے شامل حال سی رحمت بڑی غفاری

۱۳۵۲ھ

وفات: ۲ رمضان المبارک بمطابق ۲۰ دسمبر ۱۹۳۳ء

سیّد محمود شاہ گجراتی

مجاہدِ ملّت، ابو الوفا صاحبزادہ سیّد محمود شاہ گجراتی ایک بلند پایہ عالمِ دین، شعلہ بیان مقرّر اور حُریتِ مسلمانی سے سرشار سیاستدان تھے۔ آپ پیر سیّد ولایت شاہ رحؒ کے فرزندِ ارجمند اور خلیفہ تھے۔ آپ ۱۹۲۴ء میں گجرات میں پیدا ہوئے۔ والدِ ماجد کے مدرسہ خدام الصوفیہ میں قرآنِ پاک حفظ کیا اور مفتی احمد یار خاں نعیمی اور علامہ عبدالغفور ہزاروی سے دینی علوم میں دسترس حاصل کی۔ امیرِ ملّت کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور ۲۲ برس کی عمر میں پنجاب مسلم لیگ کے رکن بنے اور گجرات میں مسلم لیگ کو ایک مقبول جماعت بنانے میں فعال کردار ادا کیا۔ یونینسٹ وزارت کے خلاف سول نافرمانی میں چوہدری بہاول بخش اور نوابزادہ مہدی علی خاں کے ساتھ گرفتاری پیش کی۔ آل پاکستان مسلم لیگ کونسل کے ممبر کی حیثیت سے بھی کام کرتے رہے۔ مسلم لیگی ہوتے ہوئے خواجہ ناظم الدین کی حکومت میں تحریکِ ختمِ نبوت کے مسئلے پر دلیرانہ آواز بلند کی اور جیل میں بھی رہے۔ ۱۹۷۴ء کی تحریکِ ختمِ نبوت میں بھی آپ صفِ اوّل میں تھے۔ صدارتی انتخابات میں محترمہ فاطمہ جناح کا کھل کر ساتھ دیا۔ ۱۹۶۵ء میں بارڈر پر جا کر افواجِ پاکستان کا حوصلہ بلند کیا اور سامان خورد و نوش بہم پہنچاتے رہے۔

جب مسلم لیگ تین دھڑوں میں تقسیم ہوئی تو سیّد محمود شاہ نے پاکستان کے علماء کو اکٹھا کیا اور "جمعیت العلمائے پاکستان" کی بنیاد رکھی۔ مولانا نورانی صدر اور سیّد محمود شاہ نائب صدر رہے۔ پھر "جمعیت العلمائے مغربی پاکستان" کے صدر بھی رہے۔ ۱۹۷۴ء کی تحریکِ ختمِ نبوت میں گرفتار ہوئے اور میانوالی جیل میں پھانسی کی کوٹھڑی میں رکھے گئے۔ رہائی کے باوجود اس وقت تک باہر نہیں آئے جب تک کہ قادیانیوں کو اقلیت قرار نہ دے دیا گیا۔

Marfat.com

آپ نے ۱۹۸۷ء میں وفات پائی اور محلہ علی پور (گجرات) میں اپنے والد کے مزار کے ساتھ آپ کو سپرد خاک کیا گیا۔ راقم نے آپ کا سالِ وصال "سالکِ خوش منش" = ۱۴۰۷ھ سے نکالا ہے۔ آپ کے لوحِ مزار پر یہ عبارت کندہ ہے۔

یا اللہ جل جلالک باسمہ سبحانہ و تعالیٰ یا رسول اللہ صلی علیہ وسلم

اَلا اِنّ اَولیاء اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھم وَلَاھُم یحزنُون

افضل الجہاد کلمتہ الحق عند السلطان الجائر

مزارِ پرانوار وانوارِ تجلّیات

حاجی الحرمین الشریفین، عاشقِ سیّد الکونین، نجیب الطرفین، حامی السنت و ماحیٔ البدعت مجاہدِ ملّت ابوالوفا حضرت پیر سید محمود شاہ گجراتی نقشبندی مجدّدی جماعتی رحمتہ اللہ علیہ

مادحِ محبوبؐ حق محمود شاہ — داد مارا داغِ فرقت آہ آہ

حافظِ قرآں، خطیبِ بے بدل — حاجی حرمین و مردِ اہلِ دل

سیّد والا گہر، نیکو سیرَ — خوش خصال و خوش مقالِ باثر

در حمایتِ دینِ حق بیباک بود — در خطابت چابک و چالاک بود

باگروہِ اہلِ بدعت در وغا — در طریقِ اہلِ سنت با وفا

شد نہاں در چشمِ ما وا حسرتا — صبر دہ یا رب دلِ پُر درد را

دائما در دارِ جنت شاد باد — در جوارِ رحمتِ حق بامراد

من چہ گویم از مقامِ اصلِ او

"فیغفراللہ" ۱۴۰۷ھ ہست سالِ وصلِ او

تاریخِ وصال: ۲۷ ذیقعد ۱۴۰۷ھ بمطابق ۲۵ جولائی ۱۹۸۷ء بروز ہفتہ

ہدیۂ عقیدت: پیر سیّد سعید احمد شاہ سجادہ نشین شہنشاہِ ولایت و مجاہدِ ملّت

بقلمِ شکستہ: محمد عارف چشتی سیالوی

Marfat.com

مفتی مختار احمد نعیمی

مفتی احمد یار خاں نعیمی کے فرزندِ ارجمند، جناب مختار احمد نعیمی کچھوچھہ شریف (بھارت) میں ۱۹۳۵ء میں پیدا ہوئے۔ میٹرک کے بعد درس نظامی اور فاضل عربی کی سندات حاصل کیں۔ آٹھ کتب کے مصنف ہوئے۔ درسِ نظامی کی اردو تشریح آپ کا علمی کارنامہ ہے۔ جامعہ غوثیہ نعیمیہ کے مہتمم رہے۔ مرکزی مجلسِ ختمِ نبوت (عالمی) کے جنرل سیکرٹری رہے۔ جماعتِ اہلسنت پاکستان و بیرون پاکستان کے جنرل سیکرٹری، نائب صدر اور صدر رہے۔ تحریکِ نظامِ مصطفےٰ میں سیالکوٹ میں ایک جلوس کی قیادت کرتے ہوئے پولیس سے ۹ گولیاں کھائیں۔ آپ کی زندگی خدمتِ دین کے لئے وقف تھی۔ ذاتی رہائشی مکان بھی طالبات کے دینی مدرسہ کے لئے وقف کر دیا تھا۔ آپ نے ۱۹۹۰ء میں انتقال کیا اور محلہ مسلم آباد میں چوک پاکستان کے قریب مفتی احمد یار خاں روڈ پر دفن ہوئے۔ آپ کے ساتھ آپ کے والدِ محترم اور زوجہ محترمہ مدفون ہیں۔ پروقار مقبرہ تعمیر کیا گیا ہے۔ کتبہ کی تحریر حسب ذیل ہے۔

یا اللہ ج　　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　　یا رسول ﷺ اللہ

اَلصّلوٰۃ والسّلامُ عَلَیکَ یَارَسُول اللہ وَعلیٰ آلِکَ وَ اَصحابِکَ یا حبیب اللہ

من عمل صالحا من ذکر و انثی و ھو مومن فلنحیینہ حیوۃ طیبہ و النجزینکم اجرھم

باحسن ما کانو یعملون

مرکزِ پرانوار

رئیس المجاہدین، غازیٔ تحریکِ نظامِ مصطفےٰ ﷺ، مجاہدِ تحریکِ ختمِ نبوت،

جگر گوشۂ حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

علاّمہ مفتی محمّد مختار احمد نعیمی قادری رحمۃ اللہ علیہ

مصنّف تحصیل الصرف۔۔۔۔۔۔وغیرہ

تاریخِ وصال: ۲۵ شوال ۱۴۱۰ھ بمطابق ۲۱ مئی ۱۹۹۰ء بروز پیر

وا دریغا مفتی مختار احمد ہمچو پدر خویشتن بُد فیضِ عام

پیکرِ اخلاق، مردِ ذی وقار داد حق اُو را بعالم احتشام

عالم و فاضل، فقیہہ بے مثال نیک عضر واجبِ صد احترام

حامئ شرعِ رسولِ ہاشمی ناصرِ دینِ نبی، شیریں کلام

خاکِ گجرات از دمِ او زندہ گشت دشمناں را بود تیغِ بے نیام

موتِ عالم موتِ عالَم بے گماں رفت زیں دنیا سوئے دارالسّلام

از وفاتش شد جہاں سوگوار در فراقش اشک رنگِ خوں آشام

سال "وائے رحلتِ مخدومِ دیں" گفت مشتاق (۱) ہجرتِ خیرالانام

۱۴۱۰ھ

سالِ پیدائش: ۱۳۵۶ھ

تاریخی نام: ابو جوّاد محمد مختار

۱۔ مشتاق احمد ہاشمی

☆ راقم نے "عظمت" = ۱۴۱۰ھ آپ کا سنِ رحلت لکھا ہے۔

Marfat.com

نوابزادہ چوہدری مہدی علی خاں

ممتاز سیاستدان نوابزادہ چوہدری مہدی علی خاں ۱۹۰۷ء میں اجنالہ (گجرات) میں نواب فضل علی کے گھر پیدا ہوئے۔ زمیندار سکول گجرات سے میٹرک کیا۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے بی اے کرنے کے بعد سرکاری ملازمت میں آئے اور تحصیلدار اور افسر مال کے عہدوں پر متعین رہے۔ ۱۹۴۵ء میں لاہور کے اے ڈی سی کے عہدے پر فائز تھے۔ گجرات میں جب قائداعظمؒ نے تقریر کی تو استقبال کرنے والوں میں چوہدری مہدی علی خاں بھی شامل تھے۔ قائداعظمؒ کی شخصیت سے متاثر ہو کر ملازمت سے استعفیٰ دے دیا اور مسلم لیگ میں شامل ہو گئے۔ ۱۹۴۶ء میں مسلم لیگ کے ٹکٹ پر الیکشن لڑا۔ گو کامیاب نہ ہو سکے۔ لیکن قائداعظمؒ اور مسلم لیگ سے وابستگی مزید گہری ہو گئی۔ ۱۹۵۱ء میں مسلم لیگ کے ایم پی اے بنے اور ۱۹۵۶ء میں مسلم لیگ کے ضلعی صدر منتخب ہوئے۔ مگر دو سال بعد ہی ۱۲ جون ۱۹۵۸ء کو اللہ کو پیارے ہو گئے۔ راقم نے "مثلِ خورشید سحر" = ۱۹۵۸ء سے سنِ رحلت برآمد کیا ہے۔ آپ کو شعر کا بھی ذوق تھا اور اچھے شعر کہتے تھے۔ پیر فضل گجراتی سے تلمذ تھا۔

آپ کی قبر گجرات شہر میں "کوٹھی نواب صاحب" سے جانب مشرق چند گز کے فاصلے پر واقع ہے۔ لوح پر یہ عبارت کندہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

نوابزادہ چوہدری مہدی علی خاں

تاریخِ وفات: ۱۲ جون ۱۹۵۸ء

Marfat.com

سیّد میراں فاضل گجراتی

سید میراں محمد فاضل گجراتی کامل بزرگ، شریعت کے سختی سے پابند عالم و عامل اور فارسی زبان کے شاعر تھے۔ آپ گجرات کے چیف قاضی اور محتسب بھی تھے۔ مسجد لوہاراں کے مہتمم، خطیب و مدرس تھے۔ نومسلم افراد کی تربیت گاہ بھی آپ کے زیرِ انتظام تھی۔ مسجد لوہاراں آپ کے دور میں بہت بڑا علمی مرکز تھا۔ حضرت شاہدولہ آپ کے ہمعصر اور دوست تھے۔ کچھ کتب میں آپ دونوں میں منافشوں کا ذکر ہے مگر چراغ قادری نے لکھا ہے کہ آپ دونوں میں باہم بہت محبت اور احترام تھا۔ شاہدولہ، سیّد صاحب کی مسجد میں نمازِ جمعہ ادا کرتے اور وہ آپ کو نہایت تپاک سے ملتے۔ چراغ قادری نے آپ کے علم و فضل اور زہد و تقویٰ کی بڑی تعریف کی ہے۔ اور لکھا ہے کہ شاہدولہ کی وفات کے بعد ان کے غسل، تجہیز و تکفین کا انتظام آپ نے سر انجام دیا۔ خود نمازِ جنازہ پڑھائی اور لحد میں اُتار کر نم دیدہ واپس لوٹے۔

کرانیکلز آف گجرات میں ہے کہ آپ اورنگ زیب عالمگیر کے عہد میں گجرات کے گورنر تھے۔ ہندوؤں سے مباحثے میں کامیابی پر بادشاہ نے آپ سے ملاقات کر کے انعام دیا اور آپ کی وفات (۱۱۰۷ھ / ۱۶۹۵ء) کے بعد آپ کا مقبرہ تعمیر کرایا تھا۔ جس پر ۵ ہزار روپے صرف ہوئے۔ میر قدرت اللہ (مصنف مجموعۂ نغز) نے آپ کی قبر قلعہ کے متصل بتائی ہے۔ ڈاکٹر قریشی احمد حسین، پروفیسر حامد حسن سیّد اور راقم کا خیال ہے کہ اندرون کابلی دروازہ چھوٹی بادشاہی کے دروازے کے عین سامنے موجود قبر (جس پر ۱۹۹۱ء میں کسی "عقیدتمند" نے "سیّد معصوم شاہ" کی تختی لگوادی) اصل میں سیّد میراں فاضل کی ہے۔ قدیم مقبرے کے آثار میں سے ایک آرچ مضبوطی سے قائم ہے۔ دائیں بائیں چھوٹی اینٹوں کی دیواریں ہیں۔ قبر کا تعویذ مغلیہ طرز کا ہے۔

Marfat.com

حضرت سیدّ میراں یحییٰؒ

سیدّ میراں یحییٰ رحمتہ اللہ علیہ نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے عظیم مردِ خدا تھے۔ ۸۴۰ھ کے لگ بھگ در عہدِ ظہیرالدین بابر شہنشاہِ ہند، تبلیغِ دین کی غرض سے ترمذ سے دہلی تشریف لائے۔ دہلی اور قرب و جوار کے ہزاروں لوگ آپ کی تبلیغ سے مشرف بہ اسلام ہوئے۔ شہنشاہ ہند بابر کی ایک صاحبزادی آپ کے عقد میں آئیں۔[1] اس سے قبل آپ کی ایک شادی ہو چکی تھی۔ دوسری شادی سے تین اور پہلی سے دو صاحبزادے متولد ہوئے۔ آپ اپنے عہدے کے مشہور عارف اور مبلّغ تھے۔ پنجاب کا ایک گوجر آپ کی دعا سے کسی راجہ کی قید سے آزاد ہوا۔ وہ گجرات کے ایک گاؤں "ٹبہ رانا" کا رہنے والا تھا۔ اور اس کا نام رانا تھا۔ آپ تبلیغ کی غرض سے پنجاب میں تشریف لائے تو رانا گوجر کی دعوت پر اس کے گاؤں میں ٹھہرے اور پھر مستقلاً اسی گاؤں میں رہائش پذیر ہو گئے۔ آپ کے مبارک وجود سے "ٹبہ رانا" "رانیوال سیداں" ہو گیا۔ آپ نے بقیہ زندگی اسی گاؤں میں گزار دی۔ اور آپ کی برکت سے اس علاقے میں بھی توحید کے پرستاروں کو عددی تقویت حاصل ہوئی۔ یہیں ۱۵۴۰ء کے قریب آپ کی وفات ہوئی اور یہیں دفن ہوئے۔ آپ کی نسل گجرات کے بہت سے دیہات میں آباد ہے اور مشہور عالم و سالک پیر ولایت شاہ آپ کی نسل سے ہیں۔ رانیوال سیداں (جو تحصیل گجرات میں جلالپور جٹاں سے کھاریاں جانے والی سڑک پر جانب جنوب جلالپور جٹاں سے ۵ کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ہے) کی آبادی کے درمیان ایک ٹیلے پر آپ کی قبر ہے۔ قبر مٹی سے بنائی گئی ہے۔ سرہانے کی جانب سنگ مرمر کا کتبہ نصب ہے۔ جس پر یہ عبارت کندہ ہے۔

Marfat.com

یا اللہ　　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　　یا محمد

لاکھوں کی بدلتی تقدیر دیکھی (۲)

نگاہِ ولی میں یہ تاثیر دیکھی

دربار شریف حضرت میراں یحییٰؒ

وصال بمقام رانیوال سیداں

طالبِ نظر: امداد علی شاہ

(۱) تاریخ اس کی تائید نہیں کرتی۔ آپ کے حالات کے لئے دیکھیئے "تذکرہ شاہ ولایت از نواز شاہد"

(۲) صحیح مصرعہ یوں ہے "بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی"

Marfat.com

مولوی نجف علی عاصیؔ جلالپوری

افغانستان کو جدید علوم سے روشناس کرانے میں مولانا نجف علی عاصی اور ڈاکٹر ایم اے غنی نے بنیادی کردار ادا کیا۔ عاصی نامور استاد، ماہرِ تعلیم اور فارسی کے پرسوز شاعر تھے۔ وہ ۱۸۶۰ء میں جلالپور کے ماسٹر عبدالصمد کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم جلالپور جٹاں اور بی اے گورنمنٹ کالج سے امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ اور لاہور ہائیکورٹ میں ہیڈ ٹرانسلیٹر مقرر ہوئے۔ ۱۸۹۲ء میں آپ فرمانِ شاہی کے ذریعے کابل بلائے گئے جہاں آپ کے بھائی ڈاکٹر ایم اے غنی پہلے سے موجود تھے۔ مولانا عاصی کو دارالترجمہ کا سربراہ بنایا گیا اور ساتھ تعلیم کی عمومی ترویج کے لئے ذمہ داری سونپی گئی۔ عاصی کی حیثیت نگرانِ اعلیٰ مدارس کی تھی۔ عاصی سات سال تک شہزادہ امان اللہ کے اتالیق بھی رہے اور آپ مجلسِ قانون مجلسِ شرفا کے بھی ممبر تھے۔ امیر آپ کی رائے کو بڑی اہمیت دیتا تھا۔ مگر ان کا یہ مقام دیگر درباریوں کو ایک آنکھ نہ بھاتا تھا چنانچہ مارچ ۱۹۰۹ء میں عاصی برادران سازش کے الزام میں قید کر دیئے گئے۔ پھر داد نہ فریاد! سالہا سال ارگ شاہی کے زندان میں گزر گئے۔ آخر ۱۹۱۹ء میں امیر حبیب اللہ کے قتل کے بعد شہزادہ امان اللہ کے تخت نشیں ہونے پر آپ کو رہائی ملی۔ عاصی وطن واپس آ گئے اور بقیہ زندگی جلالپور جٹاں میں سماجی خدمت میں بسر کی۔

مولانا کی کتب میں سیرت النبیؐ، الفاروق اور سیرتِ عائشہ کا فارسی ترجمہ، مسدسِ حالی کا منظوم فارسی ترجمہ اور ہدیۂ تبریک عیدِ قرباں، تحفۂ امانیہ وغیرہ شامل ہیں۔ آپ نے ۳ رمضان ۱۳۶۹ھ بمطابق ۱۹ جون ۱۹۵۰ء کو رحلت فرمائی اور جلالپور جٹاں کے ٹبہ قبرستان کی چوٹی پر آپ کی کچی قبر موجود ہے۔ لوحِ مزار نصب نہیں۔

Marfat.com

پیر سیّد نصیب علی شاہؒ گردیزی

مردِ صالح پیر سیّد نصیب علی شاہ ماضی قریب کے بلند پایہ سالک اور روحانی بزرگ تھے۔ آپ ۱۸۸۳ء کے قریب سیالکوٹ کے قصبہ سید پور سیّداں میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام سیّد عطر شاہ تھا جو خود بھی مشہور طبیب اور عالم تھے۔ سیّد نصیب علی شاہ نے ابتدائی تعلیم موضع چھمال کے پرائمری سکول اور اپنے والد اور تایا سے حاصل کی۔ ابتداء ہی سے صالح عادات کے مالک تھے۔ ابتدائی زندگی عیش و آرام سے گزری۔ مگر والد، بیوی اور اکلوتے بیٹے کی ناگہانی موت نے آپ کو غمزدہ کر دیا اور کچھ عرصہ بعد بیماری نے آپ کو اس قدر مایوس کر دیا کہ اپنی تمام جائیداد حقداروں اور حاجتمندوں میں تقسیم کر دی۔ پھر بارہ سال عبادت الٰہی میں گزارے۔ گاؤں سے باہر ایک جنگل میں! پھر موضع رتالہ میں سیّد علی اصغر شاہ کے ہاتھ پر بیعت کی اور ان کی وفات کے بعد اعوان شریف میں قاضی صاحبؒ کے حضور حاضر ہو کر فیض پایا۔ پھر موضع چھالے کو مستقل مسکن بنایا اور سنتِ نبویؐ پر چلتے ہوئے پورے علاقے کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر علم و عرفان کی روشنی میں لے آئے۔ آپ نے اسلام کی تبلیغ و اشاعت کے لئے مکتبِ اسلامی، مسجد اور لنگر کا انتظام کیا۔ جہاں سے ہزاروں طالبانِ علم فیضیاب ہوئے۔ آپ نے ترک دنیا کی بجائے اپنے عقید تمندوں کو سنت رسولؐ پر چلنے کا درس دیا۔ آپ کے ارادتمندوں کا حلقہ پورے ملک میں پھیلا ہوا ہے۔ آپ نے ۱۹۵۰ء / ۱۳۶۹ھ میں انتقال کیا۔ کڑیانوالہ کے قریب "چھالے شریف" میں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔ کتبے کی تحریر یہ ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلا اِنَّ اَولیَاء اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھم وَلَا ھُم یحزنُون

مرکزِ تجلّیات

قدوۃ السالکین، زبدۃ العارفین، ملجا الکاملین، سند الواعظین، مظہر العلوم الخفی الجلی المشہور

مخدوم پیر سیّد **نصیب علی** شاہ گردیزی سید پوری

تاریخِ پیدائش: ۴-۳-۱۸۷۳ء تقریباً

تاریخِ وفات: ۱۸ ربیع الثانی ۱۳۶۹ھ بمطابق ۶ فروری ۱۹۵۰ء

قدس اللہ رُوحہ ولا زالت تجلّیاتہٗ و برکاتہٗ دائما ابداہٗ

شاملِ حال اگر لطفِ خداوندی ہو
گل مرادوں کے خزاؤں میں بھی کھل جاتے ہیں
صدق و ایمان و بصیرت کے خزانے اکثر
مردِ درویش کے مرقد سے بھی مل جاتے ہیں

Marfat.com

شہید عشق مرزا نصیر الدین بیگ

مرزا نصیر الدین بیگ نے روایتِ عشق و جانثاری کو اپنے خون سے سینچا اور عزت بیگ اور سوہنی کی داستانِ وفا کو ایک مرتبہ پھر زندہ کر دیا۔ اس کہانی نے گجرات کے مشہور قصبے جلالپور جٹاں میں جنم لیا اور وہیں "لالے دے کھوہ" والے قبرستان میں عابدہ دفن ہے اور نند پور والے قبرستان کے جنوب میں مرزا نصیر الدین کی قبر ہے۔

راقم نے "جواں بود امینِ روایتِ عشق و شہادت" = ۱۹۷۶ء سے سالِ شہادت نکالا ہے۔ مرزا نصیر الدین بیگ کی پختہ قبر کے ساتھ خاندان کی دیگر قبریں ہیں۔ پختہ چوکھنڈی کے تقریباً مرکز میں مرزا نصیر الدین بیگ کی قبر ہے۔ جس کے کتبہ کی عبارت درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

شہید عشق مرزا نصیر الدین بیگ

فرزندِ دلبند

خورشید بیگم (والدہ) و لیفٹیننٹ کرنل محمد عبد الحق مرزا شیر جنگ (والد)

پیدائش: ۶ بجے شام جمعۃ المبارک ۱۹۵۶ء۔

شہادت: ۳ بجے بعد دوپہر، ہفتہ ۱۹۷۶ء۔[۱]

عمر ۲۰ سال ۴ ماہ ۲۸ دن

حالِ وصال: اپنی محبوبہ "عابدہ معصومہ" کی قبر پر اپنی جان عزیز بصد شوق قربان کر کے عہدِ وفا کی تکمیل کی۔ سرزمینِ عشق گجرات کے عابدہ، نصیر نے نہایت پاکبازی اور ایمانداری سے عشق کی سنتِ جاں نثاری کو تازہ کر کے عشق کی تاریخ میں ایک تابناک باب کا اضافہ کیا۔ اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون

۱۔ یہاں مہینہ مذکور نہیں ہے۔ شہادت جون کے مہینے میں ہوئی تھی۔

Marfat.com

الحاج صوفی نواب دین آف موہری شریف

صوفی نواب دین صاحب مرحوم و مغفور، دربارِ نقشبندیہ مجدّدیہ موہری شریف کے مؤسس تھے۔ فروری ۱۹۰۱ء میں بابا احمد دین کے ہاں کھمبا ریاست جموں میں پیدا ہوئے۔ جہاں سے آپ کے والد صاحب نقل مکانی کر کے موہری تحصیل کھاریاں میں آ آباد ہوئے۔ صوفی نواب دین صاحب کی ابتدائی زندگی حصولِ علم اور جوانی شوقِ پہلوانی میں گزری۔ پھر فوج کی ملازمت اختیار کی۔ ۱۵، اپریل ۱۹۲۹ء کو حافظ محمد عبدالکریمؒ دربار عید گاہ شریف راولپنڈی کے ہاتھ پر بیعت ہوئے۔ نو ماہ مرشد کی خدمت میں رہے اور خلافت کے درجہ پر فائز کئے گئے۔ اس کے بعد موہری شریف قیام رہا اور طریقت کی منازل طے ہوتی رہیں۔ ۱۹۵۶ء میں آپ نے حج کا سفر اختیار کیا جو ایک بہت بڑا تبلیغی دورہ بھی ثابت ہوا۔ ملک میں اور بیرون ملک سلسلہ تبلیغ میں بے شمار دورے کئے اور راہِ حق کے بیشمار متلاشیوں کی دستگیری کی۔ آپ کے تین صاحبزادے تھے۔ صاحبزادہ محمد حسین صاحب ناظمِ اعلیٰ دربار موہری شریف (وہ آپ کے مقبرہ سے جنوب میں محواستراحت ہیں)۔ ایک صاحبزادے شیر خوارگی میں فوت ہو گئے۔ تیسرے خواجہ محمد معصومؒ مرحوم و مغفور تھے۔

آپ نے ۱۹۶۵ء میں وفات پائی اور موہری شریف میں سپردِ خاک ہوئے۔ آپ کے بائیں ہاتھ خواجہ معصوم دفن ہیں۔ گجرات میں فنِ تعمیر اور کشادگی کے اعتبار سے سب سے عظیم الشان مقبرہ آپ کا ہی ہے۔ قبر کے سرہانے کتبہ کی عبارت درج ذیل ہے۔

Marfat.com

یا اللہ جل جلالہ　　　　یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلا اِنَّ اَولیاءَ اللہِ لَا خَوفٌ عَلَیھِم وَلَا ھُم یَحزَنُون

مرکزِ انوارات

محبوبِ سبحانی، قطبِ ربّانی، غوثِ صمدانی، مطلع انوارِ ربّانی، شہبازِ لامکانی، شیخ المشائخ

قبلۂ عالم زریں زر بخت، سلطان الاولیاء اعلیٰ حضرت، عظیم البرکت والدرجت

الحاج خواجہ **صوفی نواب دین** صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تاجدارِ نقشبندیہ مجدّدیہ دربارِ عالیہ موہڑی شریف

عندلیبِ گلشنِ رمزِ نہاں　　مرشدم نواب دیں غوثِ زماں
مظہرِ انوارِ ہُو فانی نہ شد　　ازو تجلّی نقشبند ضوفشاں

تاریخِ وصال: ۱۲ ربیع الاول ۱۳۸۵ھ بروز ایمان افروز پیر

Marfat.com

مولوی نُور الدین انورؔ

فارسی اردو اور ریاضی کے بے بدل استاد، عظیم تاریخ گو شاعر، اور "کنگ آف کنجاہ" مولوی نور الدین انورؔ ۲ دسمبر ۱۸۵۷ء کو ہریہ والا میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام مولوی غلام محمد تھا۔ آپ شیخ اللہ داد سری رحؒ کی اولاد میں سے ہیں۔ اور آپ کا شجرۂ نسب حضرت ابوبکر صدیقؓ سے ملتا ہے۔

آپ نے ابتدائی تعلیم شادیوال میں علامہ سید احمد ناظم اور سعدوکی میں مولوی عنایت اللہ سے حاصل کی پھر اپنے ننھیال منچرچھ میں اپنے نانا حافظ سعد اللہ قریشی صدیقی سے عربی فارسی اور علومِ دین کی تکمیل کی۔ پنجاب یونیورسٹی سے ۱۸۷۵ء میں منشی، ۱۸۸۳ء میں منشی عالم اور ۱۸۸۸ء میں ادیب اردو کے امتحانات پاس کئے۔ ۱۸۷۷ء میں محکمہ تعلیم سے منسلک ہوئے اور ۲۰ جون ۱۸۸۵ء کو شادیوال مڈل سکول کے ہیڈ ماسٹر مقرر ہوئے۔ ۱۸۹۳ء سے ۱۹۱۰ء تک کنجاہ کے مڈل سکول کے ہیڈ ماسٹر رہے اور ساتھ کنجاہ میونسپل کمیٹی کے آنریری سیکرٹری رہے۔ ۱۹۱۱ء سے لے کر ریٹائرمنٹ (۸ مئی ۱۹۱۷ء) تک ہائی سکول دولت نگر کے ہیڈ ماسٹر رہے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد زمیندار سکول گجرات میں فارسی اُردو اور ریاضی پڑھاتے رہے۔ اپنے گھر میں بھی طلباء کو فی سبیل اللہ پڑھاتے تھے۔ نہایت مشفق اور مہربان تھے۔ اُردو اور فارسی کے قادر الکلام شاعر تھے اور فی البدیہہ تاریخ گوئی میں یدِ طولیٰ رکھتے تھے۔ دیوان ابھی تک غیر مطبوعہ ہے۔ مولانا اصغر علی روحی، مولانا محمد حسین آزاد، اور دیگر بہت سے مشاہیر علم و ادب سے گہرے مراسم تھے۔ آپ کے تلامذہ میں خوشی محمد ناظرؔ، چوہدری فضل الٰہی (صدرِ پاکستان) چوہدری محمد حسین شوقؔ جیسے لوگ شامل ہیں۔ (تفصیل کے لئے دیکھیے

Marfat.com

راقم کی کتاب "احوال و آثارِ مولوی نور الدین انورؔ"۔

آپ نے ۲۳ مئی ۱۹۳۸ء کو وفات پائی۔ "المغفور" = ۱۳۵۷ھ اور "غزلِ نور دین" = ۱۳۵۷ھ مادہ ہائے تاریخِ رحلت ہیں۔

آپ اپنے آبائی گھر (مہریہ والا) کے ساتھ مسجد کے صحن سے جانبِ شمال اپنے آبائی قبرستان میں دفن ہیں۔ قبر کچی ہے۔ کتبہ نصب نہیں کیا گیا۔ آپ کی قبر کے ساتھ آپ کے والد، تایا اور دیگر متوفیانِ خانہ کے مدافن ہیں۔

Marfat.com

حافظ نور دین چکوڑوی

بلند پایہ عالِم دین اور مردِ درویش حافظ نور دین کا آبائی گاؤں مونیاں ٹھیکریاں تھا۔ وہیں حافظ غلام رسول کے گھر ۱۸۲۴ء کو پیدا ہوئے۔ تمام گھرانہ علم و فضل میں معتبر تھا۔ آپ کے والد غلام رسول حافظِ قرآن اور عالِم دین تھے۔ چنانچہ آپ نے بھی سات برس کی عمر میں قرآن پاک حفظ کر لیا۔ دہلی سے صرف و نحو، قرآن و حدیث، منطق، فلسفہ وغیرہ میں تکمیل کی سند حاصل کی۔

ارادتمندوں کے اصرار پر چکوڑی بھیلووال تشریف لے گئے جو آپ کے وجودِ بابرکت سے اب چکوڑی شریف ہو گیا ہے۔ وہاں آپ نے درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ جہاں دور دور سے طالبانِ علم حاضر ہوتے اور میٹھے پانی کے اس چشمے سے جی بھر کر اپنے قلب و ذہن کو سیراب کرتے۔ آپ کے شاگردوں کی تعداد کثیر ہے۔ مولوی عبدالحکیم کلانوری بھی آپ کے شاگرد تھے۔ وہ ہمیشہ آپ کا ذکر انتہائی احترام و عقیدت سے کرتے رہے۔ شیخ عبداللہ ساکن چک عمر بھی آپ کے فیض یافتہ تھے۔ وہ فرمایا کرتے تھے جب کسی مسئلے میں پیچیدگی محسوس ہوتی میں چکوڑی شریف کا رخ کرتا۔ عقدہ کبھی رستے میں حل ہو جاتا اور کبھی آپ کی قبر پر بیٹھ کر فاتحہ پڑھنے سے۔

آپ شرعی فیصلوں میں علاقے کے قاضی مقرر تھے۔ آپ کی سہولت کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر گجرات مسٹر پاسک نے متعلقہ اہل کاروں کو حکم دے رکھا تھا کہ آپ کو گجرات نہ بلایا جائے بلکہ متعلقہ افراد اور کاغذات چکوڑی میں ہی پیش کیے جائیں۔ ڈی سی نے آپ کے مدرسہ کے اخراجات کے لئے زمین بھی وقف کر رکھی تھی۔ حافظ نور دین' صاحبِ تصنیف بھی تھے۔ حضرت غلام محی الدین قصوری کے خلیفہ تھے۔ آپ عالِمِ

Marfat.com

باعمل، صالح ، باحیا، بامروت، صاف گو، صاف باطن تھے۔ آپ نے ۲۵ جمادی الاوّل ۱۳۰۲ھ بمطابق ۱۲ مارچ ۱۸۸۵ء کو وفات پائی اور چکوڑی شریف میں دفن ہوئے۔ آپ کی قبر خواجہ محمد امین کے مزار کے قریب واقع ہے۔ شیخ عبداللہ صاحب کا درج ذیل قطعہ کبھی آپ کی قبر پر لکھا ہوا تھا۔

جب یہ روضۂ پُر نُور نظر آتا ہے — شیخ گھوڑی سے اترتا ہے کہ نہ ہو بے ادبی

پس یہ ہے مصرعِ جامؔی کے موافق تاریخ — "قَد وَلی شَہَدَ مَولائی انیخو جَملی "

۱۳۰۲ھ

پیر نیک عالم گجراتی

پنجابی کے نامور شاعر پیر نیک عالم کا تعلق چیمہ خاندان سے تھا۔ ۱۸۵۷ء میں موضع موہلہ (نزد کٹھالہ ریلوے سٹیشن) میں چودھری فیض احمد کے گھر پیدا ہوئے۔ منشی فاضل تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد محکمہ تعلیم سے منسلک ہوئے اور جلالپور جٹاں سے تدریسی سفر کا آغاز کیا۔ طویل عرصہ تک ہائی سکول جہلم میں عربی کے استاد رہے اور یہیں سے ریٹائر ہوئے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد مختاری کا امتحان پاس کیا اور اس بنا پر وکیل بھی کہلائے اور کچھ عرصہ وکالت بھی کی۔

پیر صاحب ریاضی کے ماہر تھے، اردو، پنجابی اور فارسی کے قادر الکلام شاعر تھے اور وارث شاہ کے مقابلے میں آپ نے "اصغر صغریٰ" کے عنوان سے ایک عشقیہ مثنوی لکھی تھی۔ اس کے علاوہ آپ کی پنجابی کتب میں "سچی مالا"، "پوہ پھٹی"، "عشقِ محمدی"، "پیر دا ونجارا"، اور "مدحیات مشائخ" وغیرہ شامل ہیں۔ آج یہ تمام کتب نایاب ہیں۔ آپ امیرِ ملت سید جماعت علی شاہ کے مخلص مریدین اور خلفاء میں سے تھے۔ سچی مالا اِنہی کے نام منسوب ہے۔

پیر صاحب اپنے زمانے کے مقبول شعراء میں سے تھے آپ کی وفات ۱۹۴۳ء میں ہوئی۔ آپ کی قبر موضع کلاچور (نزد جلالپور جٹاں) میں ہے جہاں آپ کی آبائی زمین تھی اور آپ موہلہ سے یہاں آکر آباد ہو گئے تھے۔ کلاچور میں بابا شمس شہید کے مزار سے ملحق چار دیواری (جانبِ مشرق) میں آپ کی اور آپ کی زوجہ محترمہ کی قبریں ہیں۔ مزار کی مشرقی دیوار کے ساتھ آپ کی قبر ہے۔ قبر پختہ ہے مگر کتبہ نصب نہیں۔ وقت کے ظالم ہاتھ کی کارستانیاں دیکھئے کہ کل جو وارث شاہ کا مدِ مقابل تھا آج اس کے گاؤں میں اس کے نام سے بھی بہت کم لوگ واقف ہیں۔

Marfat.com

مولانا نیک عالم قادری

مولانا محمد نیک عالم قادری عظیم المرتبت عالمِ دین، فقیہہ، مدرّس و مبلّغ اور روحانی شخصیت تھے۔ آپ نے ۱۸۸۴ء میں مراڑیاں کے علمی و مذہبی خانوادے میں جنم لیا۔ ۱۹۰۵ء میں مروّجہ علومِ دین سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ نے مراڑیاں میں ایک دینی درسگاہ قائم کی۔ جہاں آپ کو ابتدائی کتب سے لے کر درسِ نظامی تک خود تعلیم دیتے۔ اس درس گاہ نے بہت سے عظیم علمائے دین پیدا کیے ہیں۔

درس و تدریس کے علاوہ آپ کا باقی وقت عبادت و ریاضت میں گزرتا تھا۔ زہد و تقوٰی میں آپ کا مقام بہت بلند تھا۔ کثرت سے تلاوتِ قرآن فرماتے اور قرآن حکیم کی کتابت اپنے ہاتھ سے کرتے اور نادار طلباء کو قرآن کے دستی نسخے عنایت کرتے۔ اپنے ہاتھ سے مسجد کی صفائی کرتے اور علماء و مشائخ کا بے حد احترام کرتے تھے۔ آپ نے سالہا سال تک جامع مسجد محلہ چاہ بھنڈر گجرات میں فی سبیل اللہ خطابت کے فرائض سرانجام دیئے۔ پیر ولایت شاہ صاحب آپ کی علمیّت، زہد و تقوٰی اور روحانی مقام کے بہت معترف و مداح تھے۔

راہِ سلوک میں آپ نے پیر سیّد ظہور حسین شاہ سجادہ نشیں دربارِ عالیہ بٹالہ شریف کو اپنا ہادی منتخب کیا اور پیر سیّد نذر محی الدین سے مزید تربیت حاصل کی۔ آپ نے تصوّف میں بلند مقام حاصل کیا اور خلافت سے نوازے گئے۔ آپ نے اپنے ظاہری علم اور باطنی صلاحیتوں سے ہزاروں لوگوں کو فیضیاب کیا اور نورِ ہدایت سے ان کے دلوں کو منور کیا۔ آپ نے ۱۴ فروری ۱۹۵۸ء / ۲۶ رجب ۱۳۷۸ھ کو وفات پائی۔ آپ کا مزار آج بھی مرجع خلاق ہے اور آج بھی تشنگانِ علم آپ کے قائم کیے ہوئے مدرسہ سے علم حاصل کر رہے ہیں۔ قبر پر کتبہ نہیں ہے۔

Marfat.com

پیر سیّد ولایت علی شاہ

نامور عالمِ دین، خطیب اور سالک پیر سیّد ولایت شاہ ۱۸۸۸ء میں رانیوال سیّداں ضلع گجرات میں سید احمد شاہ کے گھر پیدا ہوئے۔ شجرۂ نسب ۳۳ ویں پشت پر حضرت امام حسینؓ سے جا ملتا ہے۔ آپ کے بزرگوں میں سے حضرت سیّد میراں یحییٰ ترمذ سے ہندوستان تشریف لائے تھے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم اور حفظِ قرآن مدرسہ تعلیم القرآن جنڈ شریف سے کیا۔ جامعہ نعمانیہ لاہور میں رئیس الجامعہ علاّمہ غلام محمد گھوٹوی سے تحصیل و تکمیلِ علومِ دین کی اور امیرِ ملّت حضرت پیر جماعت علی شاہ سے بیعت ہوئے۔ مسجد حاجی پیر بخش گجرات میں ۱۸-۱۹۱۷ء میں مدرسہ تعلیم القرآن جاری کیا اور ۱۹۲۰ء میں انجمن خدام الصوفیہ قائم۔

آپ نے تحریکِ مسجد شہید گنج، تحریک کشمیر، تحریک پاکستان میں حصہ لیا۔ برسوں اپنے خطبات کے ذریعے لوگوں کو حق کی تبلیغ کرتے رہے۔ سنتِ نبویؐ کے سختی سے پابند تھے۔ طریقت میں درجۂ خلافت پر فائز تھے۔ آپ کے مریدین کا حلقہ بہت وسیع تھا۔ پورے صوبے میں آپ کو نہایت عزت و احترام حاصل تھا۔ ۳۱ جولائی ۱۹۷۰ء کو فوت ہوئے۔ گجرات کی تاریخ میں سب سے بڑا جنازہ آپ کا ہی تھا۔ محلہ علی پور گجرات میں "مسجد شاہِ ولایت" کے ساتھ، شمال کی جانب آپ کا مزار ہے جو ابھی زیرِ تعمیر ہے۔ کتبہ کی تحریر حسب ذیل ہے۔

یا اللہ جل جلالہ — یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

باسمہ سبحانہ و تعالیٰ

اَلا اِنَّ اَولیاءَ اللہِ لَا خوفٌ علَیھِم وَلَا ھُم یحزَنُون

Marfat.com

مزارِ پرانوار

حاجی الحرمین الشریفین، عاشقِ سیّد الکونین، نجیب الطرفین، حامی السُنّت، ماحی البدعت

حضرت سیّد **پیر ولایت علی شاہ** صاحب نقشبندی، مجدّدی، جماعتی رحمۃ اللہ علیہ

جسکو کہتے ہیں ولادت موت کا پیغام ہے ۔۔۔ یاد جو رکھے حقیقت مردِ نیک نام ہے

شاہِ ولایت، فخرِ دوراں خادمِ دینِ متیں ۔۔۔ مشعلِ راہِ ہدایت، عاملِ شرعِ مبیں

جنت الفردوس میں پہنچے جمعہ کے روز جا ۔۔۔ سر بسجدہ تھے ادھر پیغامِ حق آ گیا

چودھویں صدی کا سال نوے تھا رواں ۔۔۔ جب چلے دنیا سے عارفِ سیّد جنت مکاں

وصل کی دولت میسّر آ گئی مقصودِ مومن ہے یہی ۔۔۔ انعم اللہ علیھم کی معیّت ہے حقیقی زندگی

گر کوئی چاہے کہ سال وصل سے آگاہ ہو ۔۔۔ آیت لَا یَحْزَنُوْن اس کو سنا کے یوں کہو

"فَھُم فِی جَنّتہ خَالِدُون"

۱۳۹۰ھ

تاریخِ وصال: ۲۶ جمادی الاوّل ۱۳۹۰ھ، ۳۱ جولائی ۱۹۷۰ء

بروز جمعۃ المبارک بوقت نمازِ جمعہ بحالت نمازِ سنت

بلند یافتی از حق پسندی ۔۔۔ یا ولایت علی شاہ نقشبندی

مرحبا گفت خازن الجنہ ۔۔۔ یا ولایت علی شاہ نقشبندی

ہدیۂ عقیدت: صاحبزادہ سیّد محمود شاہ صاحب نقشبندی جماعتی

بقلم: خاکپائے اہلِ اللہ محمد عارف

Marfat.com

سردار بہادر ڈپٹی یار محمد خان دُرّانی

گجرات کی تاریخ کے چند نامور ترین افراد میں سے ایک، سردار یار محمد خان درانی، گجرات کے مقتدر "پوپلزئی دُرّانی" خانوادے کے گُلِ سرسبد تھے۔ ۱۸۳۰ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ ۱۸۵۰ء میں تحصیلدار بھرتی ہوئے اور ۱۸۶۴ء میں ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوئے۔ ۱۸۹۰ء کے قریب ڈپٹی کمشنر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ قابلِ ذکر خدمات پر "سردار بہادر" کا خطاب پایا۔ یہ خطاب پانے والے وہ گجرات کے واحد مسلمان تھے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے علاقے کی ترقی میں یادگار کردار ادا کیا۔ ۱۸۹۳ء میں گجرات میں مسلمانوں کا پہلا پرائمری سکول قائم ہوا۔ اس کے قیام میں آپ نے دامے درمے سخنے، ہر طرح سے حصہ لیا۔ سَر سیّد کے ذاتی دوست تھے۔ اور ان کی تحریک کے سرگرم رکن تھے۔ محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاسوں میں شرکت کے لئے علی گڑھ کا سفر کرتے۔ طویل عرصہ تک میونسپل کمیٹی گجرات کے وائس چیئرمین رہے۔ سرکار، عوام اور خواص میں بہت مقبول تھے۔ اور غرباء اور مساکین کی مدد کرنے کی وجہ سے غریب عوام بھی ان سے بہت محبت کرتے تھے۔ ہر جمعہ کے روز خیرات کرتے اور بچوں میں نقدی تقسیم کرتے تھے۔ صوم و صلوٰۃ کے پابند تھے۔ وسیع دسترخوان کے مالک تھے۔ ان کے ڈیرے پر ممتاز سیاسی اور مذہبی شخصیات مل بیٹھ کر مسلمانوں کی ترقی اور فلاح کے منصوبے بناتی تھیں۔ گجرات میں سیاسی بیداری میں آپ نے بنیادی کردار ادا کیا۔ ۱۹۰۷ء میں جب پنجاب میں مسلم لیگ قائم ہوئی تو آپ گجرات سے واحد مسلم لیگی رکن تھے۔ شہر کی سماجی اور مذہبی تقریبات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ شعیت کے سخت مخالف تھے۔

سردار یار محمد خاں کے پاس ہندوستان کی بہت سی ممتاز شخصیات گجرات تشریف لائیں اور ان کی رہائش گاہ گجرات کا سب سے قدیم سیاسی، علمی اور سماجی مرکز تھا۔ گجرات میں ان کے نام پر ایک محلہ موجود ہے۔ سردار صاحب ۱۹۱۶ء میں فوت ہوئے۔ محلہ بیگم پورہ میں بیگم مسجد کے ساتھ واقع اپنے آبائی قبرستان میں دفن ہوئے۔ قبر پر نصب کتبے کی مختصر تحریر یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سردار بہادر

سردار یار محمدؐ خان صاحب

وفات

۲۹، اکتوبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

باب دوم

پسِ کارواں

(مختصر وفیات)

کیسے کیسے گُل مرجھائے کیسے کیسے باغ جلے
صدیوں میں بھی کہہ نہ سکیں گے لمحوں کے افسانے لوگ

Marfat.com

وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۝ (ق: ۵۰)

اور موت کی بے ہوشی پوری سچائی کے ساتھ آ پہنچی۔

واپسی

مجھے تاروں کے نیچے تم سُلانا
یہیں تابوت رکھنا، لوٹ جانا
اسے میری وصیّت تم سمجھ لو
یا اِک ہلکی نصیحت تم سمجھ لو
مجھے ایسی جگہ مرغوب ہو گی
جو تاروں سے بھی کچھ منسوب ہو گی
میری تم قبر پر اتنا ہی لکھنا
جو شاطر تھا وہ دھوکہ کھا گیا ہے
مسافر اپنے گھر میں آ گیا ہے

(سٹیونس کی انگریزی نظم Death
کا منظوم اردو ترجمہ از سید مسعود ہاشمی)

Marfat.com

آفتاب مفتی :- گجرات کے نامور صحافی اور دانشور، ہفت روزہ "تازیانہ" کے مدیر و مالک۔ جناب آفتاب مفتی ۲۵ دسمبر ۱۹۹۲ کو اس عالمِ فانی سے سدھار گئے۔

حافظ میاں احمد جی شادیوال :- آپ عالمِ دین اور عارفِ حق تھے۔ آپ مفتی محمد یونس شادیوال کے شاگرد اور خواجہ لطف اللہ ڈھنگور شریف (انڈیا) کے خلیفہ تھے۔ کئی کتبِ دینیہ کے مصنف و مؤلف تھے۔ جنات پر قابو تھا۔ آپ نے ۱۲۴۹ھ میں وفات پائی۔ مقبرہ اچھر کے (شادیوال) میں مرجع خلائق ہے۔ مادۂ سنِ رحلت ہے "رضی اللہ عن احمد = ۱۲۴۹ھ۔

سائیں احمد خاں (عالمگڑھ) :- حضرت بابا کلے شاہ پتھوارنی کے مریدِ خاص اور صاحبِ حال بزرگ سائیں احمد خاں نمبردار ساکن موضع عالمگڑھ نومبر ۱۹۳۲ء میں فوت ہوئے اور عالمگڑھ کے بڑے قبرستان میں مزار مبارک بنا۔ مولوی حفیظ اللہ (بڑیلہ شریف) آپ سے راہنمائی وفیض کے لئے حاضر ہوتے تھے۔ سائیں موصوف چوہدری محمد اشرف بانی سید بیگم میموریل لائبریری کے پڑدادا تھے۔

میاں اعجاز نبی :- میاں اقبال نبی کے فرزند، ریٹائرڈ سول سرونٹ میاں اعجاز نبی ۱۸ اپریل ۱۹۱۷ء کو گجرات میں پیدا ہوئے۔ زمانۂ طالب علمی میں مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن اور بزمِ اقبال کے صدر رہے۔ گرداوری سے عملی زندگی کی ابتداء کی اور ڈپٹی سیکریٹری کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ "ہست و بود" (تاریخ منگرال راجپوت) لکھی۔ ۲۹ جون ۱۹۹۵ء کو رحلت فرمائی۔

حاجی الطاف حسین :- شاہ فیصل گیٹ (گجرات شہر) کے رہنے والے، انجمن کشمیریاں گجرات کے بانی ۱۹۱۸ء میں پیدا ہوئے اور ۳۰ اکتوبر ۱۹۷۶ء کو فوت ہوئے۔ اور تریہنگ قبرستان کے انتہائی مغرب میں خاک نشیں ہوئے۔ نماز کا اردو

Marfat.com

منظوم ترجمہ آپ کی یادگار ہے۔

سائیں اللہ دتہ :- راقم کے گاؤں لوراں میں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔ والد کا نام کرم دین تھا۔ آپ صاحبِ کرامت بزرگ تھے۔ سائیں کانوانوالہؒ کے فیض یافتہ تھے۔ زندگی جذب و ریاضت میں گزاری۔ راقم کے والد سے آپ کے قریبی مراسم تھے وہ آپ کے فیض یافتہ ہونے پر فخر کرتے ہیں۔ آپ نے ۴، اکتوبر ۱۹۴۸ء کو وصال پایا۔

شیخ اللہ دتہ رئیس اعظم گجرات :- آپ شیخ امیر بخش کے فرزندِ ارجمند تھے، وفات: ۱۰، اپریل ۱۹۲۵ء، مدفن: خواجگان قبرستان نزد جنازہ گاہ

مولوی امان اللہ :- شیخ محمد عبداللہ ساکن چک عمر کے بھائی اور مولانا صدر الدین کے صاحبزادے تھے۔ علوم دین اور عربی و فارسی زبان پر دسترس رکھتے تھے۔ اچھے شاعر بھی تھے۔ آپ نے ۲۹ صفر المظفر ۱۳۱۲ھ / ۳۱ اگست ۱۸۹۴ء کو وفات پائی اور چک عمر میں آسودۂ خاک ہوئے۔ آپ کے صاحبزادے سلام اللہ شائقؔ نے بڑا نام پایا۔

سید امداد حسین شاہ :- جنڈانوالہ (کھاریاں) میں مدفون اس مردِ کامل نے ۱۹۲۳ء میں اس جہانِ بیکلی کو رونق بخشی اور نقشبندی قادری سلسلوں میں بلند مقام پایا۔ ۱۳ فروری ۱۹۶۹ء کو وصلِ حق سے سرفراز ہوئے۔ (حالات پر کتاب آ چکی ہے)

مولوی بدر الدین گولیکی :- علامۂ عصر مولوی بدر الدین اپنے عہد کے نہایت ذی شان عالم و فاضل، فقیہہ اور انشا پرداز تھے۔ آپ نے لاہور، جالندھر وغیرہ کے نامور استادانِ فن سے فیض پایا۔ آپ کے شاگردوں میں شیخ عبداللہ (عمر چک) اور مولوی کلیم اللہ (مچھیانہ) جیسے یگانۂ روزگار لوگ شامل تھے۔ آپ نے ۱۲۸۶ء میں رحلت فرمائی اور گولیکی میں دفن ہوئے۔ "بدر دیں در خسوف می آید" مادۂ سنِ رحلت ہے۔

حکیم برکت علی ہاشمی :- گجرات کے قریشی ہاشمی خانوادے کے چشم و چراغ اور

Marfat.com

حکیم خدا بخش کے چھوٹے بھائی حکیم برکت علی کے والد کا نام غلام حسن تھا۔ آپ ماہر طبیب، فارسی کے عالم اور علمِ جفر کے بے بدل ماہر تھے۔ آپ مشن سکول میں معلم اور نقل نویس صدر عدالت جہلم بھی رہے۔ علمِ جفر میں ۳ کتابیں لکھیں۔ آپ تحصیل گجرات کے قاضی کے عہدے پر بھی فائز رہے۔ آپ نے ۱۶ جون ۱۹۲۱ء کو انتقال فرمایا اور دارہ گلاب شاہ میں درمیانی راستے سے دائیں ہاتھ پہلی قبر آپ کی بنی۔

الحاج میاں برکت علی :- گجرات کی سیاسی و سماجی شخصیت میاں برکت علی (والد میاں محمد اکبر) نے ۲۹ جنوری ۱۹۳۵ء کو وفات پائی اور خواجگان قبرستان کے حصہ شاہ بلاک میں دفن ہوئے۔ ان کے ساتھ ان کے صاحبزادے میاں مسعود احمد مدفون ہیں جو ۲۵ اکتوبر ۱۹۷۰ء کو فوت ہوئے۔ وہ میاں عمران مسعود کے والد تھے۔

مفتی بشارت احمد نیئر :- گجرات کے ممتاز ماہرِ قانون اور جرأت مند و فعال شخصیت۔ ابن مفتی بشیر احمد۔ پیدائش ۱۵ مئی ۱۹۳۵ء اور وفات ۷ ستمبر ۱۹۹۴ء۔ مرقد موضع ترکھ میں بنا۔ گجرات بار کے دو بار صدر رہے۔ پنجاب اور پاکستان بار کے ممبر بھی رہے۔ منفی سیاست کی مخالفت کی پاداش میں مارشل لاء دور میں ڈیڑھ سال قید بھی رہے۔

مولوی ثناء اللہ گلیانوی :- مولوی شمس الدین گلیانوی کے فرزندِ ارجمند اور پنجابی کے نامور شاعر مولوی ثناء اللہ نے ۱۷ نومبر ۱۹۴۶ء بمطابق ۲۲ ذوالحجہ ۱۳۶۵ھ کو داعی اجل کو لبیک کہا اور گلیانہ کے محلہ قریشیاں میں ابدی آرام گاہ بنی۔ قصہ "لیلیٰ مجنوں جدید" آپ کی یادگار ہے۔

پیر جعفر شاہ :- پیر بہاون شاہ کی نسل میں سے تھے۔ عابد و زاہد شب بیدار، علم و فاضل اور خادمِ خلق تھے۔ آپ کا دیوان خانہ ہر خاص و عام کے لئے کھلا رہتا اور وہ اپنی روحانی اور دنیاوی مشکلات میں آپ کو مدد و معاون پاتے۔ آپ نے ۱۳ جنوری

Marfat.com

۱۹۲۴ء کو رحلت فرمائی اور قبرستان آلِ شاہدولہ میں دفن کیے گئے۔

لیفٹیننٹ حسن محمد خان بہادر :- جاگیردار موضع لنگڑیال وائس پریذیڈنٹ میونسپل کمیٹی۔ ۹ جنوری ۱۹۳۵ء کو وفات پا گئے اور تریہنگ قبرستان کے مشرقی حصہ سے متصل اپنے آبائی قبرستان میں دفن کیے گئے۔

سید حیدر جیلانی :- سید حیدر جیلانی گجرات کی نامور سماجی شخصیت تھے۔ سر فضل علی کی تعلیمی تحریک میں ان کے شانہ بشانہ کام کیا۔ ڈاکٹر ذوالفقار حیدر، سید افتخار حیدر اور ڈاکٹر سید سجاد حیدر کے والدِ گرامی تھے۔ ۲۴ مارچ ۱۹۴۴ء کو مرحوم ہوئے اور شاہدولہ روڈ پر اپنے آبائی قبرستان میں پیوستۂ خاک ہوئے۔

حافظ خان محمد قلعداری :- جید عالمِ دین، شاگرد حضرت صالح گجراتی اور جدِ امجد ڈاکٹر احمد حسین قریشی، حافظ خان محمد صاحب ملتان سے گجرات آئے۔ قلعدار کی مسجد جامع شاہی کے خطیب و امام رہے۔ علومِ دینیہ میں بلند مقام کے مالک تھے۔ ۱۲۷۴ھ میں فوت ہوئے اور قلعدار میں قریشی خانوادے کے قبرستان میں مدفون ہوئے۔

خورشید عالم بھٹی :- کامرس کالج گجرات کے سابق پرنسپل اور نیک طینت انسان چوہدری خورشید عالم بھٹی نے کامرس کی اعلیٰ تعلیم انگلینڈ سے حاصل کی۔ گجرات میں ڈگری کالج آف کامرس آپ کی کوششوں سے بنا اور آپ اس کے پہلے پرنسپل مقرر ہوئے۔ تمام عمر نہایت دیانتداری اور خوش خلقی میں بسر کی۔ ۱۷ مارچ ۱۹۹۶ء کو بعارضۂ قلب فوت ہوئے اور اپنے آبائی گاؤں لکھنوال میں آسودۂ خاک ہوئے۔

خوشی محمد کنجاہی :- حضرت نوشہ گنج بخش رح کے مریدِ خاص اور خوش بیان شاعر خوشی محمد کنجاہی ۱۱۳۴ھ میں فوت ہوئے۔ قبر کنجاہ میں موجود ہے۔ "ز اہلِ دل ولی اللہ خوشحال" = ۱۱۳۴ء مادۂ سنِ رحلت ہے۔

Marfat.com

حافظ سیّد ذوالفقار علی شاہ :- نامور شیعہ عالم اور مقرر و ذاکر جنہیں "آفتابِ پنجاب"، "شمس الواعظین" اور "آفتابِ پاکستان" کے خطابات دیئے گئے تھے۔ وہ تورات، زبور، انجیل اور قرآن کے عالم تھے۔ ۱۶ جنوری ۱۹۸۲ء کو فوت ہوئے اور جلالپور جٹاں کے ٹبہ قبرستان میں آرام گاہ آخری بنی۔

سائیں رحیم خاں :- باکرامت وَلی سائیں رحیم خان کا مزار محلہ فتوپورہ میں واقع ہے۔ آپ نے ایم اے تک تعلیم حاصل کی تھی اور مال افسر کے عہدے پر فائز تھے جب کسی صاحبِ نظر نے آپ کو طریقت کی دنیا کا شاہین بنا دیا۔ آپ نہایت جلالی شخصیت کے مالک تھے۔ دسمبر ۱۹۴۵ء میں رحلت فرمائی۔

قاضی رضی الدین کنجاہی :- ولد عبدالنبی۔ آپ نوشہ صاحبؒ کے خلیفہ تھے۔ جیّد عالمِ دین، مفتی اور شاعر و ادیب تھے۔ روحانیات میں بلند درجہ پر فائز تھے۔ ۱۱۱۳ھ میں وفات پائی۔ آپ پرگنہ گجرات کے حاکم بھی رہے۔

سیّدہ سردار بی بی :- آپ ڈیرہ سگھر (گجرات) کی معروف عارفہ حق گزری ہیں۔ آپ سید فضل حسین شاہ آف مناور کی بیوہ تھیں۔ تمام عمر جہد و ریاضت اور خدمتِ خلق میں گزری۔ وصال ۱۸ دسمبر ۱۹۸۶ء کو ہوا اور آپ سگھر میں دفن ہوئیں جہاں مقبرہ تعمیر کیا گیا ہے۔ سید فضل شاہ (اور ان کا صاحبزادہ) کشمیر میں شہید کر دیئے گئے تھے۔ ان کے بعد آپ نے تمام عمر شادی نہیں کی۔

پیر سکندر شاہ :- سجادہ نشیں دربار شاہدولہ ۸ جنوری ۱۹۸۶ء کو فوت ہوئے اور آبائی قبرستان نزد مسجد حاجی صاحب میں آسودۂ خاک ہوئے۔

علامہ سیّد احمد ناظم :- علمائے قلعدار میں سے آپ سب سے بلند مرتبہ علم و فاضل و فقیہہ تھے۔ حافظ خان محمد کے صاحبزادے تھے۔ آپ کے درس اور وجود بابرکت

Marfat.com

نے شادیوال کو ایک علمی مرکز بنا دیا تھا۔ دینی مسائل پر رسائل کے علاوہ پنجابی و فارسی میں شاعری بھی آپ کی یادگار ہے آپ نے ۱۳۰۶ھ میں وصال فرمایا اور شادیوال میں دفن ہوئے۔ قبر کی صحیح نشاندہی نہیں ہو سکی۔

سیّد شبیر حیدر شہید :- معین الدین پور کے سید شبیر حیدر شہید پاکستان ایئر فورس میں فلائینگ آفیسر تھے۔ والد کا نام سید صفدر حیدر شاہ تھا۔ آپ ۲۷ ستمبر ۱۹۵۳ء کو پیدا ہوئے اور ۲۸ جون ۱۹۷۵ء کو ایک ایئر کریش کے نتیجے میں شہید ہو گئے۔ معین الدین پور کے ٹبہ قبرستان میں دفن ہیں۔

سیّد شبیر حسین شاہ :- نارووالی میں مدفون ایک بلند مرتبہ روحانی شخصیت۔ آپ کی دینی، روحانی اور ملی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ سیال شریف کے فیضیافتہ تھے۔ ۵، اپریل ۱۹۸۱ء کو عازمِ سفرِ آخرت ہوئے۔ مزار زیر تعمیر ہے۔

مولوی شرف علی نوشاہی :- پنجابی کے نامور شاعر اور کئی کتب کے شاعر و مؤلف مولوی شرف علی یکم ستمبر ۱۹۷۶ء کو وفات پا کر ڈوگہ نزد دولت نگر میں مدفون ہوئے۔

شریف شعلہ :- جلالپور جٹاں کا یہ عوامی، انقلابی شاعر ۳۱ مارچ ۱۹۸۱ء کو اس دارالمحن سے عالمِ باقی کو سدھارا اور نند پور والے قبرستان میں قبر بنی۔ "اوکھیاں راہواں" کے نام سے آپ کا مجموعۂ کلام چھپ چکا ہے۔

مولوی شکر اللہ :- مولوی شیخ عبداللہ (عمر چک) کے پڑدادا تھے۔ عمل و علم میں کمال رکھتے تھے۔ اور تشنگانِ علم کے لئے سرچشمۂ فیض تھے۔ ۱۲۸۰ھ میں عالمِ جاودانی کو سدھارے اور عمر چک میں مدفن بنا۔

ماسٹر طالع محمد :- میر کریم بخش کے فرزند، جلالپور جٹاں میں ۱۸۷۹ء میں پیدا ہوئے اور ۲۱ ستمبر ۱۹۵۱ء میں فوت ہوئے۔ جلالپور جٹاں کے مشن سکول اور اسلامیہ

Marfat.com

ہائی سکول میں ہیڈ ماسٹر رہے۔ مصنف بھی تھے۔ اقبالؒ سے خط و کتابت تھی۔ ٹاؤن کمیٹی کے وائس پریذیڈنٹ بھی رہے۔ سماجی خدمت میں بہت فعال تھے۔

نوابزادہ ظفر مہدی :- نوابزادہ مہدی علی خاں کے اس فرزند نے بطور سیاستدان نام کمایا۔ ۲ اگست ۱۹۸۷ء کو جاں بحق ہوئے اور کوٹھی نواب صاحب کے قریب آبائی قبرستان میں والد کے پہلو میں آخری مسکن بنا۔

سیّد عباداللہ شاہ :- منگوال غربی کے خواجہ عبدالرحیم کے فرزند تھے۔ فردِ زماں اور ولیٔ کامل تھے۔ ۱۲۶۶ ہجری میں واصلِ الٰہی ہوئے اور منگووال میں خفتۂ خاک ہوئے۔ "رُخِ سادات" = ۱۲۶۶ھ مادۂ سنِ وصال ہے۔

خواجہ عبدالرحیم :- خواجہ عبدالرحیم سادات معین الدین پور میں سے تھے۔ آپ عارفِ باللہ اور عالمِ دین تھے۔ منگوال میں درس قائم کیا جہاں دور دور سے طالب علم آتے تھے۔ آپ شاہ مراد ساکن سمن پنڈی کے مرید اور میاں محمد فیض کھیالی والا کے شاگرد تھے۔ رنجیت سنگھ آپ کا بڑا احترام کرتا تھا۔ آپ نے ۱۲۴۵ھ / ۳۰-۱۸۲۹ء کو وفات پائی اور منگوال میں قبر بنی۔

سیّد عبدالشکور شاہ :- بوکن شریف میں مدفون یہ ہستی ایک علمی و روحانی خانوادہ میں پیدا ہوئی۔ آپ نے تمام عمر درس و تدریس کا مقدس پیشہ اختیار کئے رکھا۔ پیر مہر علی شاہؒ اور سائیں گوہرالدین احمدؒ آف جیندھڑ سے فیض پایا۔ دنیاوی تعلیم واجبی ہونے کے باوجود آپ کا وعظ نہایت پراثر اور پرسوز ہوتا تھا۔ آپ نے ۲۶ جنوری ۱۹۶۰ء کو شبِ معراج کی مجلس میں رحلت فرمائی اور بوکن میں دفن ہوئے۔

چوہدری عبدالغنی خان گوندل :- ولد خان بہادر کپتان محمد زمان خان اور والد عبدالرحمٰن شہید ستارۂ جرأت قبرستان شاہ حسین میں دفن ہیں۔ آپ ایم۔اے بار ایٹ لا۔

Marfat.com

اور آنریری مجسٹریٹ تھے۔ ۱۸ نومبر ۱۹۳۳ء کو جان، جان آفریں کے سپرد کی۔

عبدالقدیر نعمانی :- نامور صحافی اور دانشور عبدالقدیر نعمانی ۱۱ مئی ۱۹۱۸ء کو غلام محی الدین کے ہاں گجرات شہر میں پیدا ہوئے اور ۲۷ اپریل ۱۹۸۶ء کو فوت ہوئے۔ آپ کی تعلیم ایم اے (نفسیات و اکنامکس) تھی۔ مختلف جرائد و اخبارات سے منسلک رہے اور معیاری صحافت کے علمبردار رہے۔ ایم ایس ایف کے بانیوں میں سے تھے۔

عظمت اللہ شیخ :- سَر سید کالج گجرات کے سابق پرنسپل اور نامور ماہرِ تعلیم شیخ عظمت اللہ ۶ جنوری ۱۹۸۸ء کو مرحوم ہوئے اور قبرستان تریہنگ کے مشرقی دروازے کے قریب دفن کیے گئے۔

علی احمد گوندل :- مترجمِ اقبال اور پنجابی شاعر علی احمد گوندل ولد محمد دین نے اگست ۱۸۹۸ء کو شادیوال میں جنم لیا اور ۱۸ اگست ۱۹۸۶ء کو وفات پائی۔ "ارمغانِ حجاز" کا منظوم پنجابی ترجمہ بنام "دل دی آواز" آپ کی یادگار ہے۔

قاضی عنایت اللہ :- گورنمنٹ کالج پشاور کے سابق پرنسپل، زمیندار کالج کے وائس پرنسپل اور نامور تاریخ گو قاضی عطا محمد کے فرزند قاضی عنایت اللہ ایم اے (علیگ) تھے۔ دسمبر ۱۹۶۸ء میں انتقال ہوا اور قبرستان شاہ بلاک میں دفن ہوئے۔

کپتان غلام احمد خان بی اے :- ڈپٹی ڈائریکٹر کنٹونمنٹ جنرل ہیڈ کوارٹرز پاکستان۔ وفات ۱۶ مئی ۱۹۵۰ء راولپنڈی۔ مدفن تریہنگ گجرات۔

سیّد غلام حسین شاہ :- آپ سید امیر حسین شاہ عرف کاکو شاہ کے والد تھے۔ ریلوے میں ڈویژنل کمرشل آفیسر تھے۔ آپ کے والد ڈاکٹر سید امیر شاہ وٹرینری کالج لاہور کے پہلے مسلمان پرنسپل تھے۔ سید غلام حسین شاہ ۵۲ سال کی عمر میں ۲۳ جون ۱۹۳۹ء کو دہلی میں فوت ہوئے اور معین الدین پور کے ٹبہ قبرستان میں دفن کئے گئے۔

صاحبزادہ سیّد غلام دستگیر :- آپ سیّد محمد چراغ چکوڑوی کے فرزند اور پیر غلام سرور شاہ کے برادرِ بزرگ تھے۔ پیر مہر علیشاہؒ کی نظرِ کرم سے متاثر ہو کر کئی برس تک فنافی الشیخ رہے اور معرفت میں بلند مقام حاصل کیا۔ ۱۳ جمادی الاول ۱۳۵۰ھ کو واصلِ حق ہوئے۔

سیّد غلام شاہ وکیل :- گجرات کے پہلے مسلمان وکیل سید غلام شاہ کے والد کا نام سید حسن شاہ ساکن جو کالیاں تھا۔ آپ نامور وکیل تھے۔ ۱۰ مئی ۱۹۲۱ء میں فوت ہوئے اور قبرستان بھٹیاں میں جانبِ شمال دفن ہوئے۔ وفات کے وقت عمر ۵۶ برس تھی۔

غلام غوث :- قاضی سلطان محمودؒ کے والدِ گرامی تھے۔ ۱۲۴۵ھ کو پیدا ہوئے۔ متبحر عالمِ دین جید خطاط اور صاحبِ حال تھے۔ للہ شریف میں بیعت تھے۔ ۱۱ صفر ۱۳۰۲ھ کو فوت ہوئے۔ اعوان شریف میں مزارِ مبارک موجود ہے۔

غلام محی الدین کنجاہی :- محمد صالح کنجاہی کے صاحبزادے تھے۔ اپنے دور کے جید عالم اور تاریخ گو تھے "مجمع التواریخ" آپ کی تصنیف ہے۔ ۱۲۸۴ھ / ۱۸۶۷ء میں عالمِ باقی کو رخصت ہوئے اور کنجاہ میں پیوندِ خاک ہوئے۔

غلام مصطفےٰ :- آپ قاضی سلطان محمودؒ کے حقیقی دادا تھے۔ علومِ ظاہری و باطنی میں کمال رکھتے تھے۔ نہایت فیاض و مہربان تھے۔ آپ ۲۸ محرم الحرام ۱۲۶۰ھ میں واصلِ حق ہوئے۔ "ماہے بغرب" مادۂ سالِ رحلت ہے۔ قبر اعوان شریف میں ہے۔

مولوی فضل احمد قلعداری :- حافظ خان محمد کے فرزند تھے۔ آپ جیدّ عالمِ دین، خطیب اور کاتب تھے۔ ۱۳۳۶ھ / ۱۹۱۸ء میں رحلت فرمائی اور قلعدار میں قبرستان قریشیاں میں ابدی مسکن بنا۔

مولانا فضل الٰہی :- مولانا فضل الٰہی جید پور کے رہنے والے تھے۔ ۱۹۱۶ء میں

Marfat.com

پیدا ہوئے۔ مولوی فاضل، منشی فاضل کرنے کے بعد تمام عمر درس و تدریس میں گزری۔ اہلحدیث تھے۔ کھوڑی، فتح پور اور جلالپور جٹاں میں سروس کا بیشتر عرصہ گزرا۔ عربی فارسی کے جید عالم تھے۔ ۱۹ ستمبر ۱۹۰۰ء کو فوت ہوئے اور جید پور میں دفن ہوئے۔ علامہ اختر فتح پوری آپ کے نامور شاگرد ہیں۔

میاں فضل الٰہی پگانوالہ :- گجرات کے مقتدر پگانوالہ خاندان کے بزرگ، میاں فضل الٰہی پگانوالہ شہر کی نمایاں سماجی شخصیت تھے۔ ۲۹ مئی ۱۹۴۷ء بمطابق ۸ رجب ۱۳۶۶ھ کو فوت ہوئے اور اپنے آبائی قبرستان (نزد مسجد پیر بخش) میں آسودۂ خاک ہوئے۔

سیّد فضل حسین شاہ اجمیری :- بزرگ ہستی جناب پیر سید فضل حسین شاہ اجمیری وڈا پنڈ (نزد کڑیانوالہ) میں آسودۂ خاک ہیں۔ آپ سائیں وہنگی والی سرکار (حاجیوالہ) کے مریدِ خاص تھے۔ آپ نے ۲ رمضان المبارک ۱۴۰۲ھ بمطابق ۲۴ جون ۱۹۸۲ء کو داعیٔ حق کو لبیک کہا اور وڈا پنڈ کی خاک میں محو استراحتِ ابدی ہوئے۔

سیّد فضل حسین شاہ :- کھیپڑانوالہ میں مزارِ اقدس ہے۔ مردِ کامل اور سرچشمۂ فیض تھے۔ سلسلۂ نسب سید جلال الدین مخدوم جہانیاں سے ملتا ہے۔ ۲۱ ستمبر ۱۹۸۳ء کو اس عاشقِ رسول کا وصال ہوا۔

مولوی فضل حق ٹھمکوی :- پنجابی زبان کے قادر الکلام شاعر مولوی فضل حق ۲، اپریل ۱۹۰۹ء میں ٹھمکہ (نزد جلالپور جٹاں) میں مولوی عبدالحمید کے گھر پیدا ہوئے۔ خطابت، امامت، کتابت اور شاعری تمام عمر شغل رہے۔ ۱۶ جنوری ۱۹۹۳ء کو رحلت ہوئی اور ٹھمکہ کے قبرستان میں مدفون ہوئے۔ چھوٹے بڑے ۲۰ منظوم قصے لکھے۔

صوفی فضل کریم نقشبندی :- روحانی شخصیت صوفی فضل کریم ۱۶ جنوری

Marfat.com

1984ء کو فوت ہوئے اور قبرستان شاہ بلاک کے انتہائی شمال میں سپردِ خاک ہوئے۔

مولانا فضل کریم :- علامہ انور شاہ کشمیری کے شاگرد، فارغِ دیوبند، میاں شیر محمد شرقپوری کے مرید اور جماعت اسلامی کے سرگرم لیڈر مولانا فضل کریم کی تمام عمر درس و تدریس میں گزری۔ ۱۵، اگست ۱۹۷۱ء کو ۷۲ سال کی عمر میں عالمِ بقا کو سدھارے۔ ڈلہ (گجرات) میں ابدی آرام گاہ بنی۔

مولوی کلیم اللہ مچھیانوی :- متعدد علمی و دینی کتب کے مصنف، عالم اجل مولوی کلیم اللہ بن غلام قادر گاکھڑہ (گجرات) میں پیدا ہوئے۔ اساتذہ میں مولوی بدرالدین گولیکی اور حافظ نور الدین چکوڑوی شامل تھے۔ ۱۹۰۶ء میں رحلت فرمائی اور مچھیانہ میں مدفون ہوئے۔ جہاں آج کوئی آپ کے نام اور قبر سے واقف نہیں۔

شیخ کمال الدین :- رنجیت سنگھ کے افسر توشہ خانہ شیخ کمال الدین گجرات کی فاروقی فیملی کے فرد تھے۔ ۸۰ سال کی عمر پا کر ۱۸۷۶ء کو فوت ہوئے اور فاروقی فیملی کے آبائی قبرستان (شاہدولہ روڈ) میں جانبِ شمال دفن ہیں۔

محمد آصف باڈی بلڈر :- جونیئر مسٹر گجرات ۹۴ء، مسٹر اسلام آباد ۹۴ء، جونیئر مسٹر راولپنڈی ۹۵ء، اور جونیئر مسٹر پنجاب ۹۵ء۔ ۲۹ فروری ۱۹۹۶ء کو عین عالمِ شباب میں انتقال کر گئے۔ قبرستان جھنگی (نزد امین فین) کے انتہائی مغربی حصہ میں دفن ہوئے۔

مولوی محمد ابراہیم کنجاہی :- باکمال صوفی، جید عالمِ دین اور بے بدل استاد ابراہیم کنجاہی حافظ مفتی محمد یونس شادیوالوی کے شاگرد تھے۔ ۱۹ ربیع الثانی ۱۲۴۳ھ کو وصال پایا۔ کنجاہ میں پیر سبز غازی کے مزار کے دروازے کے سامنے قبر ہے۔

میاں محمد اصغر :- گجرات کے مقتدر منگرال راجپوت خانوادے کے چشم و چراغ میاں محمد اصغر فروری ۱۸۹۹ء میں پیدا ہوئے۔ سرکاری اور پرائیویٹ ملازمت کرتے

Marfat.com

رہے۔ فلم انڈسٹری میں بھی رہے۔ تحریکِ خلافت میں سرگرمی سے حصہ لیا اور ملازمت سے نکالے گئے۔ انجمنِ اسلامیہ گجرات کے سیکریٹری اور گجرات مسلم لیگ کے خزانچی تھے۔ ۱۸ اگست ۱۹۵۷ء کو مرحوم ہوئے اور خاندانی قبرستان (متصل بیگم شاہی مسجد) میں دفن ہوئے۔

سیّد محمد اقبال ہیڈ ماسٹر :- سید غلام شاہ وکیل کے صاحبزادے تھے۔ ۱۴ مئی ۱۹۰۳ء کو پیدا ہوئے۔ علیگڑھ سے ۱۹۲۵ء میں بی اے کیا۔ ۱۶ دسمبر ۱۹۵۵ء کو داعیٔ اجل کو لبیک کہا اور قبرستان بھٹیاں میں جانبِ شمال دفن ہوئے۔

ڈاکٹر محمد اکرم مرزا :- گجرات کے مشہور معالج اور صاحبِ بصیرت انسان الحاج مرزا محمد اکرم ۱۹ جنوری ۱۹۹۵ء کو عالمِ باقی کو سدھارے اور جلالپور جٹاں کے ٹبہ قبرستان میں جانبِ مغرب قبربنی۔ "بزمِ طلوعِ اسلام" ضلع گجرات کے صدر تھے۔

محمد انور سماں :- نامور وکیل اور سیاستدان محمد انور سماں جو صوبائی وزیر بھی رہے ۲۳ جنوری ۱۹۷۶ھ کو قتل کر دیئے گئے۔ ان کا مدفن سماں (گجرات) میں ہے۔

شیخ محمد بشیر :- شیخ خیر دین کے اس فرزند نے "باسکو شوز" کے مالک کے طور پر شہرت پائی۔ ۶ جون ۱۹۰۷ء کو پیدا ہوئے اور ۱۲ مارچ ۱۹۷۰ء خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ خواجگان قبرستان میں خوبصورت مقبرہ ورثا کی دلچسپی اور تونگری کا ثبوت ہے۔

سیّد محمد بقا اللہ :- خواجہ عبدالرحیم ساکن منگووال کے فرزند تھے۔ حافظِ قرآن و صاحبِ صدق و صفا اور زاہد و متوکل بزرگ تھے۔ ۴ جمادی الاول ۱۲۵۹ء بمطابق ۲ جون ۱۸۴۳ء کو واصل حق ہوئے اور منگووال میں مرقد بنا۔

محمد حسن خان دُرّانی :- خان بہادر سردار محمد حسن خان درانی، سردار محمد حیات خان کے فرزند تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر کے عہدے پر فائز رہے۔ ۱۸ فروری ۱۹۲۴ء

Marfat.com

کو رحلت پا کر آبائی قبرستان (متصل بیگم شاہی مسجد) میں مدفون ہوئے۔

محمد حسین خاں دُرّانی :- سردار محمد حیات درانی کے دوسرے صاحبزادے سردار محمد حسین خان بھی اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر تھے۔ آپ سردار عبدالعفور خاں درانی کے والد تھے۔ ۲۴ نومبر ۱۸۶۴ء کو پیدا ہوئے ۱۶ جنوری ۱۹۶۵ء کو فوت ہوئے۔

پروفیسر محمد خاں :- بیگم شاہی مسجد سے متصل منگرال راجپوت خاندان کے قبرستان میں مدفون پروفیسر محمد خاں زمیندار کالج کے استاد تھے۔ پیر مہر علیؒ کے مرید اور صوفی منش شخصیت تھے۔ ۱۷ مارچ ۱۹۶۸ء بمطابق ۱۷ ذی الحجہ ۱۳۸۷ھ کو انتقال کیا۔

خان صاحب بابو محمد خلیل :- سندھو خاندان کی قد آور سماجی شخصیت! ولد حاجی امام دین۔ سماجی خدمات کے صلے میں "خانصاحب" کا خطاب اور جاگیر ملی تھی۔ گجرات میں سالہاسال تک آنریری مجسٹریٹ اور میونسپل کمشنر رہے۔ ۲۷ اگست ۱۹۵۳ء کو فوت ہوئے۔ قبرستان بھٹیاں میں جنازہ گاہ کے ساتھ جانبِ مشرق قبر بنی۔

محمد دین میر :- پنجابی کے نامور شاعر میر محمد دین میر، قادر میر کے فرزند تھے۔ جلالپور جٹاں کے رہنے والے تھے۔ تحریکِ پاکستان میں قلمی جہاد کیا۔ ۱۹۰۰ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۷۷ء میں رحلت فرمائی آپ کی کتابوں میں "شہد دی مکھی"، "صمصامِ میر"، "ختمِ نبوت"، وغیرہ شامل ہیں۔

باوا محمد رفیق صاحب آف حیات گڑھ :- صوفی باصفا جناب محمد رفیق آف حیات گڑھ ریٹائرڈ پولیس آفیسر تھے۔ حیات گڑھ میں ریٹائرمنٹ کے بعد ڈیرہ لگایا اور خلق اللہ کو راہِ حق کی طرف بلاتے رہے۔ آپ نے ۱۴ اگست ۱۹۹۴ء کو وفات پائی اور حافظ محمد حیات کے مزار سے جانبِ جنوب سڑک کے کنارے آپ کا مزار بنا۔

محمد زبیر شہید :- لالہ موسیٰ کے فضل کریم بٹ کے اس جری بیٹے نے ۱۹۶۲ء

Marfat.com

میں جنم لیا اور ۱۳ مارچ ۱۹۹۰ء کو خوست (پکتیا) کے محاذ پر کئی روز کی مسلسل جنگ کے بعد جامِ شہادت نوش کیا۔ لالہ موسیٰ میں ابدی مسکن بنا۔

محمد سرور خاں درانی :- درانی خاندان کے فرد، سردار محمد سرور خاں درانی اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر تھے۔ ۲۹، اپریل ۱۸۶۱ء کو جنم لیا اور ۱۸ ستمبر ۱۹۳۵ء کو عازمِ سفر آخرت ہوئے۔ آبائی قبرستان (متصل بیگم شاہی مسجد) میں قبر بنی۔

سیّد محمد شفیع شاہ وکیل :- آپ سید غلام شاہ وکیل کے صاحبزادے تھے۔ اچھے وکیل تھے۔ تمام عمر ڈسٹرکٹ بورڈ کے سیکرٹری رہے۔ علیگڑھ کے تعلیم یافتہ تھے۔ ۲۹ ستمبر ۱۹۰۱ء کو پیدا ہوئے اور ۱۷ نومبر ۱۹۵۷ء کو عالمِ جاوداں کو سدھارے۔ قبرستان بھٹیاں میں شمالی طرف آپ کی قبر ہے۔

پیر محمد عالم نقشبندی :- چکوڑی شریف میں پیر غلام سرور کے مزار سے متصل آپ کا مزار ہے۔ آپ، حافظ نور الدین کے شاگرد اور داماد تھے۔ بزرگوں کا تعلق گولیکی سے تھا۔ آپ، پیر چنن شاہ صاحب آلومہاروی کے خلیفۂ مجاز تھے۔ علم و فضل میں باکمال تھے۔ ۳ محرم ۱۳۵۵ھ میں وفات پائی۔

حافظ محمد عالم :- ماہنامہ "عالمگیر" لاہور اور ہفت روزہ "خیام" لاہور کے مدیر و مالک حافظ محمد عالم بھی گجرات کے رہنے والے تھے۔ ۱۶ جنوری ۱۹۵۱ء کو فوت ہوئے اور گجرات میں دفن ہوئے۔

محمد عمر گجراتی :- تلمیذ پیر فضل گجراتی، محمد عمر گجراتی ولد جمال دین بٹ ۱۹۳۴ء میں پیدا ہوئے ۲۶ جولائی ۱۹۹۱ء میں اس دارالمحن سے سدھارے اور قبرستان آلِ شاہدولہ میں دفن ہوئے۔ عمر گجراتی پنجابی چو مصرعے اور غزل کا پختہ شاعر تھا۔

محمد قاسم ابوالوفا :- عابد و زاہد شب بیدار، ولی اللہ اور پیرِ روشن ضمیر، میاں محمد

Marfat.com

اسلم کے فرزند تھے۔ آپ نے ۲۷ جمادی الآخر ۱۲۵۲ھ میں عالمِ باقی کو کوچ کیا اور گولیکی میں آخری آرامگاہ بنی۔ "باگرفتہ بجنت الماویٰ" = ۱۲۵۲ھ مادۂ سن رحلت ہے۔

مولوی شیخ مسعود :- بن حافظ اللہ یار، مولوی محمد صالح گجراتی کے شاگرد تھے۔ بہت بڑے عالم دین، فقیہہ اور خطاط تھے۔ ۱۲۴۸ھ / ۱۸۳۲ء میں فوت ہوئے۔

پیر مقبول حسین شاہ :- سجادہ نشیں دربار شاہدولہ اور والدِ گرامی پیر فضل حسین فضل گجراتی ۱۱ ستمبر ۱۹۴۶ء کو فوت ہوئے اور قبرستان آلِ شاہدولہ گجرات میں آسودۂ خاک ہوئے آپ کے والد کا نام صفدر حسین شاہ تھا۔

ڈاکٹر کرنل سیّد مظہر حسین شاہ :- قائد اعظمؒ کے معالجین میں شامل تھے۔ معین الدین پور کی مقتدر شخصیت سید محبوب حسین شاہ کے فرزندِ ارجمند تھے۔ ۳ جون ۱۹۰۲ء کو جنم لیا اور ۲۱ فروری ۱۹۷۹ء کو اس دارِفانی سے رختِ سفر باندھا۔ آپ معین الدین پور کے ٹبہ قبرستان میں خفتۂ خاک ہیں۔

سیّد منظور حسین شاہ :- دسوندھی پورہ (گجرات شہر) میں آپ کا مزار ہے۔ آپ کا عرصۂ حیات ۱۹۱۶ء تا ۱۹۸۱ء ہے۔ آپ چھالے شریف کے سجادہ نشیں اور اپنے ہمنام سیّد منظور حسین شاہ کے مریدِ خاص تھے۔ آپ کے والد کا نام سیّد فضل حسین تھا۔

چوہدری مولاداد :- پنشنر ایس ڈی او پبلک ورکس، ۴ جون ۱۹۴۳ء کو جان، جان آفریں کے سپرد کی اور قبرستان دارا گلاب شاہ میں آسودۂ خاک ہوئے۔ آپ میجر زمان صاحب کے والد اور نامور ادیب و دانشور فخر زمان کے دادا تھے۔

مس مہر افروز دُرّانی :- سابق پرنسپل گورنمنٹ کالج فار ویمن گجرات مس مہر افروز درانی دختر محمد انصر خاں درانی ۷ ستمبر ۱۹۹۴ء کو مرحومہ ہوئیں۔ بیگم شاہی مسجد کے متصل آبائی قبرستان میں قبر بنی۔

Marfat.com

سید نادر حسین شاہ قلندری بخاری :- ولی اللہ اور صاحبِ قلم جناب نادر حسین شاہ بخاری مہسم چوک میں مدفون ہیں مریدین کا سلسلہ دور دور تک پھیلا ہوا ہے۔ کئی کتب لکھیں۔ ۷۲ سال کی عمر میں ۱۹۷۱ء میں واصلِ حق ہوئے۔

مفتی نامدار :- ایم اے، بی ٹی، ایل ایل بی، ایڈووکیٹ، بانی پبلک ہائی سکول نمبر 1 گجرات ۱۴ دسمبر ۱۹۴۶ء کو فوت ہوئے اور دارا گلاب شاہ میں خفتۂ خاک ہوئے۔

نانگے شاہ :- مجذوب صفت درویش، اصلی نام سید حسین شاہ سہروردی قادری ۴ جنوری ۱۹۷۱ء کو واصلِ حق ہوئے اور چاہ بیری والا میں مزار بنا۔

شیخ نبی بخش :- گجرات کے شہرت یافتہ تاجر اور سماجی شخصیت ۷۹ سال کی عمر میں خالقِ حقیقی کے حضور حاضر ہوئے۔ تب ۲۸ فروری ۱۹۵۴ء کا دن تھا۔ ایس ایم بشیر کے مدفن سے جانبِ جنوب قبر موجود ہے اور یہ قبرستان خواجگان کا حصہ ہے۔

مولوی نجم الدین فائز :- مولوی سید احمد ناظم کے فرزند تھے۔ شادیوال میں زندگی بسر کی اور اپنے والدِ ماجد کی درس گاہ کو جاری رکھا۔ آپ بھی شاعر و خطیب بے بدل اور عالم دین تھے۔ آپ نے دینی مسائل کو پنجابی اشعار میں ڈھال کر مقبول بنا دیا۔ آپ قادیانی ہو گئے تھے۔ کئی کتب یادگار ہیں۔ ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۴ء میں وفات پائی۔ "غروب النجم" = ۱۳۳۲ھ مادۂ تاریخِ رحلت ہے۔ آپ کی قبر شادیوال میں ہے۔

سیّد نذیر حسین گیلانی :- روحانی شخصیت! ۱۴ اکتوبر ۱۹۱۰ء کو اس جہانِ رنگ بو میں وارد ہوئے اور ۱۲ نومبر ۱۹۸۹ء کو فوت ہوئے۔ ماجرہ کلاں (سیالکوٹ) میں جنم لیا اور بیووالی گجرات میں محوِ استراحتِ ابدی ہیں۔ زندگی درس و تدریس میں گزری۔

شیخ نصیر الدین :- گجرات کی مقتدر فاروقی فیملی کے فرد تھے۔ ڈسٹرکٹ جج تھے اور ۶۰ سال کی عمر پا کر ۱۹۱۷ء کو عادلِ مطلق کے حضور حاضر ہوئے۔ فاروقی قبرستان

Marfat.com

(شاہدولہ روڈ) میں خفتۂ خاک ہیں۔

مفتی حافظ نور الدین :- جلالپور جٹاں کے نامور عالمِ دین اور مردِ سالک حافظ نور الدین، میاں خدا بخش کے فرزندِ ارجمند تھے۔ مولوی شیخ عبداللہ ساکن چک عمر کے شاگرد تھے۔ آپ نے ۲۱ جنوری ۱۹۴۷ء بمطابق ۲ صفر ۱۳۶۶ھ کو وفات پائی اور ٹبہ قبرستان جلالپور جٹاں کی چوٹی پر آپ کی قبر بنی۔ آپ کے شاگرد حافظ آفتاب وارثی کا قطعۂ تاریخ کتبہ پر کندہ ہے۔ ایک اور شاگرد محمد عالم نے بھی کتبہ نصب کروایا ہوا ہے۔

وسیم صفدر شہید :- وسیم صفدر ۱۹۷۰ء میں گجرات میں جناب محمد صفدر کے گھر پیدا ہوا۔ اور ۱۱ جنوری ۱۹۸۸ء کو خوست (پکتیا) کے محاذ پر جامِ شہادت نوش کیا۔ اس نوجوان شہید جہادِ افغانستان کی آخری آرام گاہ دارہ گلاب شاہ میں ہے۔

سائیں وہنگی والی سرکارؒ :- مجذوبِ حق سائیں اللہ رکھا عرف سائیں وہنگی والی سرکار حاجیوالہ میں مدفون ہیں۔ آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔ آپ نے ۱۴ اکتوبر ۱۹۳۷ء کو وصلِ حق کا جام پیا۔ حلقہ ارادت دور دور تک ہے۔ علاقے میں آپ کی کرامات کا تذکرہ عام ہے۔ آپ نے تزکیۂ نفس کی کٹھن منازل سے گزر کر فقر کا بلند مقام حاصل کیا۔ سائیں گل محمد صاحب موجودہ سجادہ نشیں اسلاف کی روایات کے امین ہیں۔

Marfat.com

مولوی عبداللطیف افضل آپ ۱۹۰۹ء میں گجرات میں جناب اللہ بخش کے گھر پیدا ہوئے۔ پنجابی کے نامور شاعر تھے۔ مرزائیت کے خلاف عمر بھر قلمی اور علمی جہاد کیا۔ مولوی عبداللطیف افضل کئی کتب شاعری کے خالق تھے جن میں کلامِ مقبول نبی نعتِ رسول، احسن البیان، کھینچواں نبی اور سوکھی نماز بہت مقبول ہوئیں۔ اسلامی انقلاب کے داعی تھے۔ سید عطاءاللہ شاہ بخاری اور مولانا ظفر علیخاں کے قریبی ساتھیوں میں سے تھے۔ ۲ اگست ۱۹۹۰ء بمطابق ۱۰ محرم الحرام ۱۴۱۱ھ کو ۸۲ برس کی عمر میں فوت ہوئے اور قبرستان تریہنگ میں آسودۂ خاک ہوئے۔

مولانا محمد نور عالم عربی کے عالمِ بے بدل، مدرس خطیب اور مصنف، تلمیذ مفتی محمد حسن امرتسری اور مولانا محمد عالم امرتسری، بوڑا ضلع گجرات کے رہنے والے تھے۔ ایک مدت امرتسر میں رہے۔ ۳ جنوری ۱۹۵۸ء کو رحلت فرمائی اور بوڑا میں دفن ہوئے۔

Marfat.com

باب سوم

جو کارواں سے بچھڑ گئے

(ضلع گجرات سے باہر مدفون مشاہیر گجرات)

کچھ ایسے بھی اس بزم سے اٹھ جائیں گے جن کو
تم ڈھونڈنے نکلو گے مگر پا نہ سکو گے!

وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌۢ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ○ (لقمان : ۳۱)

اور کوئی (نفس) نہیں جانتا کہ اُسے کس زمین میں موت آئے گی۔

کچھ لوگ ہم سے روٹھ کے جانے کدھر گئے
قلب و نظر کی بستیاں ویران کر گئے
روشن تھے جن کی دید سے دل کے چراغ ، وہ
آنکھوں میں عمر بھر کے لئے اشک بھر گئے
نفرت کی تیز دھوپ نے جُھلسا دیے بدن
سائے محبتوں کے سروں سے اُتر گئے

(ڈاکٹر یوسف رضا چغتائی)

منشی احمد دین گجراتی :- شاعر، واعظ، خلیفۂ امیرِ ملّت اور کشمیر ایجی ٹیشن میں سرگرم، کالرہ کلاں (گجرات) میں ۱۸۹۷ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۸۰ء میں سانگلہ ہل میں وصال ہوا اور وہیں خفتۂ خاک ہوئے۔

مولوی اختر علی :- علامہ عبدالمالک کھوڑوی کے فرزندِ ارجمند مولوی اختر علی، سابق ڈپٹی کمشنر و رُکن قومی اسمبلی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۴ء کو بہاولپور میں فوت ہوئے اور وہیں آخری آرامگاہ بنی۔

اکرام اللہ خاں چودھری :- ۱۹۱۲ء میں ہریہ والا (گجرات) میں چودھری خوشی محمد ناظر کے گھر پیدا ہوئے اور ۲۰ مئی ۱۹۷۸ء کو لاہور میں فوت ہوئے۔ میانی صاحب میں مدفون ہیں۔

سید امیر حسین شاہ عرف کاکو شاہ :- تحریکِ پاکستان کے کارکن، سالار مسلم گارڈز، معین الدین پور گجرات میں سید غلام حسین شاہ کے گھر پیدا ہوئے۔ ایم پی اے بھی رہے۔ لاہور میں فوت ہوئے اور وہیں دفن ہوئے۔

جسٹس بدیع الزماں کیکاؤس :- نامور وکیل اور جسٹس جناب بی۔ زیڈ کیکاؤس گجرات شہر میں پیدا ہوئے اور ۲ مئی ۱۹۷۸ء کو لاہور میں فوت ہوئے اور قبرستان میاں میر میں آسودہ خاک ہیں۔

بذل حق محمود :- قاضی فضلِ حق خان صاحب کے فرزند، ریڈیو پاکستان لاہور کے سابق پروگرام مینجر، مصنف، ادیب اور مترجم بذل حق محمود ۳ جون ۱۹۷۹ء کو لاہور میں فوت ہوئے اور میانی صاحب میں آسودۂ خاک ہوئے۔

بشیر منذر :- پنجابی کے نامور شاعر گجرات کے گاؤں لاہوریاں میں ۱۹۲۵ء میں رونق گاہِ دنیا میں وارد ہوئے اور ۱۹۹۰ء میں لاہور میں واصلِ حق ہو کر وہیں پیوندِ خاک ہوئے۔

Marfat.com

"کلاّ رُکھ" (پنجابی مجموعہ کلام) آپ کی یادگار ہے۔

پیرے شاہ غازی (عبداللہ) :- میاں محمد بخشؒ کے مرشد اور ولیٔ کامل جناب عبداللہ عرف پیرے شاہ غازی گجرات کے گاؤں ٹھٹھہ موسٰی میں پیدا ہوئے۔ کھڑی شریف کو آپ کا ابدی مسکن ہونے کا شرف حاصل ہے۔ آپ قاضی سلطان محمودؒ کے بزرگوں میں سے تھے۔

مولانا تاج الدین لاہوری :- عظیم عالمِ دین اور سالک جناب مولانا تاج الدین لاہوری بھی گجرات کے سپوت تھے۔ ۶ فروری ۱۹۲۹ء کو رحلت فرمائی اور امرتسر میں مسجد تاج الدین کے ساتھ مدفون ہوئے یہ مسجد چوبچہ گرورام متصل ریلوے لائن کے قریب واقع ہے۔

سیّد حبیب جلالپوری :- مردِ بیباک، سیّد حبیب شاہ جلالپور جٹاں میں پیدا ہوئے۔ روزنامہ "سیاست" کے مدیر کے طور پر شہرت حاصل کی۔ کئی کتب بھی لکھیں۔ تحریکِ پاکستان میں نمایاں رہے۔ ۲۳ فروری ۱۹۵۲ء کو فوت ہوئے اور میانی صاحب کے قبرستان میں سپردِ خاک کیے گئے۔

چودھری خوشی محمد ناظرؔ :- مشہور نظم "جوگی" کے خالق، جموں و کشمیر کے گورنر جناب چوہدری خوشی محمد ناظر ہریہ والا میں ۱۸۶۹ء میں پیدا ہوئے اور ایک بھرپور زندگی گزار کر ۱۹۴۴ء (یکم اکتوبر) کو سری نگر میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا اور وہیں آسودۂ خاک ہوئے۔ آپ کی قبر تختِ سلیمان کے قریب گگری بل میں ڈل جھیل کے کنارے واقع ہے۔

رفیع پیر :- رفیع پیر جلالپور جٹاں کے پیر تاج الدین بیرسٹر کے صاحبزادے تھے۔ لاہور میں تعلیم پائی وہیں ۱۱ اپریل ۱۹۷۴ء کو فوت ہوئے اور گلبرگ میں دفن ہوئے۔

Marfat.com

سید سجاد حیدر بخاری :- آپ سیشن جج سید نور اللہ شاہ کے فرزند اور علامہ اقبال کے ہم زُلف تھے۔ نامور وکیل تھے۔ Document expert کے طور پر لاہور میں شہرت پائی۔ ۱۹۰۲ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۷۵ء میں لاہور میں انتقال کیا وہیں قبرستان مومن پورہ میں تہِ خاک اَبدی آرام گاہ بنی۔

سردار محمد شیخ :- مشہور صنعت کار، سردار ٹیکسٹائل ملز کے مالک، سابق ڈپٹی میئر لاہور کارپوریشن، بانی سردار گرلز ہائی سکول گڑھی شاہو لاہور۔ گجرات کے باشندے تھے۔ ۲ فروری ۱۹۶۶ء کو لاہور میں رحلت فرمائی اور وہیں دفن ہوئے۔

پروفیسر سرور جامعی :- نامور استاد، محقق اور دانشور اور مولانا عبید اللہ سندھی کے قریبی ساتھی جناب پروفیسر محمد سرور جامعی سیکریالی (گجرات) کے سپوت تھے۔ جامعہ ملیہ دھلی میں استاد رہے۔ اور کئی کتب لکھیں۔ ۱۹ ستمبر ۱۹۸۳ء کو دبئی میں فوت ہوئے ٹاؤن شپ لاہور کے قبرستان کے صدر دروازہ کے قریب قبر بنائی گئی۔ جواب موجود نہیں۔ (بحوالہ خفتگانِ خاکِ لاہور)۔

میجر شبیر شریف نشان حیدر :- شجاعت کا سب سے بڑا فوجی اعزاز پانے والے شبیر شریف کنجاہ میں پیدا ہوئے اور ۶ دسمبر ۱۹۷۱ء کو شہادت سے سرفراز ہوئے۔ میانی صاحب لاہور میں مین روڈ کے ساتھ آپ کی ابدی آرام گاہ ہے۔

پروفیسر شجاع ناموس :- علمی دنیا میں منفرد اعزاز رکھنے والے پروفیسر محمد شجاع ناموس بھی گجراتی تھے۔ کئی مضامین میں ایم اے، سائنس میں پی ایچ ڈی تھے اور ۳۵ کتب کے مصنف، مؤلف اور شاعر تھے۔ نامور ماہرِ تعلیم اور سائنسدان تھے۔ ۵ جنوری ۱۹۸۱ء کو اس جہانِ فانی سے رخصت ہوئے اور قبرستان میانی صاحب میں ایک اور گوہرِ تابدار خاک نشیں ہوگیا۔

Marfat.com

شیر محمد اختر :- ماہر نفسیات، ادیب، مدیر ہفت روزہ قندیل۔ ۱۹۰۷ء کو گجرات میں ولادت ہوئی۔ اور ۲۹ دسمبر ۱۹۷۴ء کو لاہور میں فوت ہوئے۔ میانی صاحب میں آبدی آرام گاہ ہے۔

صدیق سالک :- گجرات کا ایک اور قابلِ فخر سپوت صدیق سالک مرحوم منگلیہ تحصیل کھاریاں میں پیدا ہوا۔ فوج کے شعبۂ تعلقاتِ عامہ سے منسلک رہے۔ صدر ضیاء الحق کے قریبی ساتھی تھے۔ کئی شاندار کتب لکھیں مثلاً "ھمہ یاراں دوزخ"۔ ۱۷، اگست ۱۹۸۸ء کے حادثے میں جاں بحق ہوئے اور راولپنڈی میں محوِ استراحت ہیں۔

پروفیسر ضیاء محمد قلعداری :- مصنف "یادگارِ وارث" پروفیسر ضیاء محمد قلعدار ضلع گجرات کے ایک علمی خاندان کے فرد تھے۔ وائس پرنسپل (گورنمنٹ کالج فیصل آباد) کے عہدے سے ریٹائر ہوئے اور ۷ مارچ ۱۹۸۴ء کو فیصل آباد میں مرحوم ہو کر وہیں آسودۂ خاک ہوئے۔

پیر ظہور شاہ جلالپوری :- سلسلۂ قادریہ کے بزرگ، زبردست مناظر، شاعر اور خوش بیان واعظ جناب حافظ سید ظہور شاہ ۱۳۰۰ھ میں جلالپور جٹاں میں پیدا ہوئے اور ۱۹۵۴ء میں جہلم میں فوت ہوئے اور وہیں پیوندِ خاک ہوئے۔

عاصی واصفی :- مولا بخش واصف (جھیورانوالی۔ گجرات) کے فرزند جناب عبدالغنی عاصی واصفی پنجابی کے نامور شاعر تھے۔ ۱۹۷۳ء کو لاہور میں فوت ہوئے اور وہیں آبدی نیند سو رہے ہیں۔

جنرل عبدالحمید خاں :- سابق آرمی چیف جنرل عبدالحمید خاں موضع سینتھل ضلع گجرات میں ۲۹، اپریل ۱۹۱۷ء کو جناب محمد حیات خاں کے گھر پیدا ہوئے۔ ۲۱ جولائی ۱۹۸۳ء کو اس عالمِ فنا سے عالمِ بقا کو سدھارے اور لاہور ایئرپورٹ کے قریب قبرستان شہداء میں خفتۂ خاک ہوئے۔

Marfat.com

مفتی عبدالعزیز مزنگوی :- جامع مسجد مزنگ لاہور کے امام و خطیب، متعدد دینی کتب کے مصنف، اور مناظر مفتی عبدالعزیز مزنگوی چاہنگانوالی (جلالپور جٹاں) میں پیدا ہوئے۔ تمام عمر تبلیغ و اشاعتِ دین اور اتباعِ سنت میں گزاری۔ ۳۰ رجب المرجب ۱۳۸۴ھ / ۵ دسمبر ۱۹۶۴ء کو فوت ہو کر میانی صاحب میں آسودۂ خاک ہوئے۔

عبدالنبی کوکب :- عربی زبان و ادب کے سکالر، استاد اور خطیب و امام جناب عبدالنبی کوکب ۱۹۳۶ء کو گجرات میں پیدا ہوئے۔ زندگی کا زیادہ تر حصہ لاہور میں گزرا۔ جامعہ نعیمیہ اور اورنٹیل کالج میں استاد رہے۔ ۱۵ سے زیادہ کتب تصنیف و تالیف کیں۔ ۱۹ جنوری ۱۹۷۸ء کو فوت ہوئے اور لاہور میں سپردِ خاک کیے گئے۔

پروفیسر شیخ عطا اللہ :- نامور ماہر اقتصادیات، استاد اور ادیب جناب شیخ عطا اللہ جلالپور جٹاں میں پیدا ہوئے۔ علی گڑھ یونیورسٹی میں اقتصادیات کے استاد رہے۔ "اقبالنامہ" (دو جلدیں) مرتب کیا۔ اقتصادیات پر پہلی اردو کتاب لکھی۔ آپ منفرد ادیب جناب مختار مسعود کے والد تھے۔ ۱۹۶۸ء کو فوت ہوئے اور قبرستان میانی صاحب میں دفن ہوئے۔

سیّد عطا اللہ شاہ بخاری :- بے مثل بطلِ حریت، برصغیر کے عظیم ترین مقرر، عاشقِ رسولِ عربیؐ، اور فرنگی کے ازلی دشمن سید عطا اللہ شاہ بخاری ناگڑیاں ضلع گجرات میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۶۱ء میں خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ ملتان کی سرزمین کو آپ کی ابدی آرام گاہ ہونے کا شرف حاصل ہے۔

شیخ عنایت اللہ :- تاج کمپنی لاہور (دیوالیہ شدہ) کے مالک گجرات شہر میں شیخ غلام رسول کے ہاں ۲ نومبر ۱۹۰۲ء کو پیدا ہوئے اور ۱۶ دسمبر ۱۹۸۲ء کو کراچی میں انتقال کیا اور وہیں پیوندِ خاک ہوئے۔

مولانا غلام اعظم :- عالمِ دین مولانا غلام اعظم کا تعلق بھی گجرات سے تھا۔ آپ ۱۵ اکتوبر ۱۹۸۴ء کو عالمِ باقی کو سدھارے اور جہلم آپ کا ابدی مسکن بنا۔

مولانا غلام الدین اشرفی :- باکمال عالمِ دین جناب غلام الدین اشرفی نے چکوڑی بھکھو (گجرات) میں جنم لیا۔ لاہور میں خطیب رہے اور ۱۲، اکتوبر ۱۹۷۰ء کو حضورِ حق میں پیش ہوئے۔ جامع مسجد صدیقیہ (لوکو انجن شیڈ لاہور) میں دفن ہیں۔

مولانا غلام محمد گھوٹوی :- شیخ الجامعہ، مولانا غلام محمد گھوٹوی، موضع گمرالی (گجرات) میں پیدا ہوئے۔ آپ ممتاز عالمِ دین، بے بدل استاد اور مناظر تھے۔ جامعہ بہاولپور کے شیخ الجامعہ رہے۔ ۹ مارچ ۱۹۴۸ء کو انتقال کیا۔ اور قبرستان ملوک شاہ، بہاولپور میں آسودۂ خاک ہوئے۔

کالیا پہلوان جلالپوری :- جلالپور جٹاں کا یہ سپوت جو رستمِ ہند کہلایا اور اپنے وقت کے تمام نامور پہلوانوں سے کُشتیاں لڑیں۔ ۷، اکتوبر ۱۹۴۰ء کو حضورِ حق میں حاضر ہوا اور حیدر آباد دکن میں مدفون ہوا۔ کالیا درویش صفت انسان تھا۔ سائیں کانوانوالی سرکار کو اس سے بہت محبت تھی۔

شیخ کرامت اللہ :- "آئینۂ گجرات" کے مصنّف و محقّق، قانونگو فیملی کے چشم و چراغ شیخ کرامت اللہ کو گجرات اور اس کی تاریخ سے عشق تھا مگر قدرت کا ستم دیکھیئے کہ "دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں" دفن لاہور میں ہوئے۔ ان کی قبر، قبرستان دوہٹہ، نزد گڑھی شاہو لاہور میں ہے۔

جسٹس کرم الٰہی چوہان :- گجرات کے اس سپوت نے ۴ فروری ۱۹۸۲ء کو عادلِ مطلق کے حضور پیشی دی اور گجرات کا ایک اور گوہرِ تابدار میانی صاحب میں زیرِ خاک سما گیا۔

Marfat.com

کریم بی بی زوجہ علامہ محمد اقبالؒ :- کریم بی بی خان بہادر ڈاکٹر حافظ عطا محمد رئیسِ گجرات، سِول سرجن کی صاحبزادی تھیں۔ ۱۸۷۴ء میں گجرات میں پیدا ہوئیں۔ ۴ مئی ۱۸۹۳ء کو علامہ محمد اقبالؒ کے عقد میں آئیں۔ یہ شادی کامیاب نہ ہوئی (تفصیلات کے لئے دیکھئے "اقبال اور گجرات") ۲۸ فروری ۱۹۴۷ء کو لاہور میں اپنے بیٹے آفتاب اقبال کے گھر میں فوت ہوئیں اور باغبانپورہ کے قبرستان میں دفن ہوئیں۔

فخرِ قوم ملک لال خاں :- سماجی و سیاسی شخصیت جناب ملک لال خاں نے مرجان ضلع گجرات میں آنکھ کھولی اور ۲ جنوری ۱۹۷۹ء کو جہانِ فانی سے رخصت ہوئے۔ اور لاہور کے سب سے بڑے قبرستان میانی صاحب کی خاک میں ایک اور موتی پنہاں ہو گیا۔

مجید لاہوری :- مزاح کی دنیا کا ناقابل فراموش نام، مجید لاہوری بھی گجرات پر فخر کرتا ہے کہ یہ شہر اس کا مؤلد ہے۔ "نمکدان" مزاح کی دنیا میں مجید لاہوری کی یادگار ہے۔ مجید نے ۲۶ جون ۱۹۵۷ء کو جہانِ بے تاب سے عالمِ سکون کو ہجرت کی اور کراچی کی سرزمین نے اس گوہر کو سنبھال لیا۔

چودھری محمد احسن (علیگ) :- چودھری بہاول بخش کے گھر منگووال میں ۱۹۰۸ء میں پیدا ہوئے۔ تحریک پاکستان میں ناقابلِ فراموش خدمات سرانجام دیں۔ ایم پی اے رہے۔ اقبالؒ کے کلام کو خاکوں میں ڈھالا اور "عکاسیاتِ احسن" اور "اشعارِ اقبال کی تصویری جھلکیاں" نام رکھے۔ ستمبر ۱۹۸۹ء میں فوت ہوئے اور لاہور میں اَبدی مسکن بنا۔

میجر محمد اکرم شہید نشانِ حیدر :- گجرات کے نام کو چار چاند لگانے والا ایک اور مردِ جری محمد اکرم ڈنگہ ضلع گجرات میں ۴، اپریل ۱۹۳۸ء کو پیدا ہوا۔ مشرقی پاکستان میں دادِ شجاعت دیتے ہوئے شہید ہوئے اور وہیں کی خاک ان کے لئے جنت کا

Marfat.com

روشن مکان بن گئی۔ میجر اکرم نے ۵ دسمبر ۱۹۷۱ء کو شہادت پائی اور بوگرہ (بنگلہ دیش) میں دفن ہوئے۔

حکیم محمد حسن قریشی :- طب کی دنیا کا یہ درخشندہ ستارہ بھی گجرات کی سرزمین کا ناز ہے۔ آپ نے اقبالؒ کے معالج کے طور پر شہرت پائی۔ تحریکِ پاکستان، تحریکِ کشمیر اور تحریکِ اتحادِ بین المسلمین میں آپ کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ آپ نے ۶ دسمبر ۱۹۷۴ء کو انتقال کیا اور میانی صاحب میں مدفون ہوئے۔

محمد حسین شوقؔ :- نامور ماہرِ تعلیم، شاعر اور درویش منش دانشور جناب محمد حسین شوقؔ بھی گجرات کے سپوت تھے۔ سرگودھا کو علم و ادب کی دنیا میں ایک الگ دبستان کا درجہ دلانے میں آپ نے بنیادی کردار ادا کیا۔ اس علاقے میں ادب کا پودا آپ نے ہی لگایا۔ آپ نے وہیں ۷ مئی ۱۹۷۱ء کو وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔ آپ کی پیدائش ۲۴ دسمبر ۱۹۰۴ء کو موضع "دھریکاں" نزد قادر آباد (گجرات) میں ہوئی۔

مولانا محمد شریف نوری :- باعمل عالمِ دین، مبلغ، خطیب اور مساجد کے تعمیر کرنے والے مولانا محمد شریف نوری، چکوڑی میں پیدا ہوئے اور ایک قابلِ رشک زندگی گزار کر ۱۳ مئی ۱۹۷۲ء کو راہئ ملکِ عدم ہوئے۔ آپ کو جامع مسجد محمدیہ، راوی روڈ لاہور میں دفن کیا گیا۔

محمد عبداللہ مضطر گجراتی :- اُردو زبان کے شاعر و ادیب محمد عبداللہ مضطر گجراتی ۵۵ برس کی عمر میں لاہور میں ۲ دسمبر ۱۹۶۹ء کو فوت ہوئے اور درس چھوٹے میاں (لاہور) کے قریب دفن ہوئے۔

علامہ حامد الوارثی حاجیوالہ ضلع گجرات میں پیدا ہوئے۔ حضرت سیماب اکبر آبادی سے شرف تلمذ پایا۔ اردو، فارسی اور پنجابی کے قادر الکلام شاعر اور نامور تاریخ گو تھے۔ مطبوعہ تصانیف میں نورِ ہدایت، میلادِ حامد، جمالِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم، نغمۂ نور شامل ہیں۔ ۲۶ اکتوبر ۱۹۸۹ء کو تریسٹھ سال میں عمر میں فیصل آباد میں فوت ہوئے اور وہیں دفن ہیں۔

Marfat.com

کتابیات و مآخذات

اس کتاب میں شامل شخصیات کے مختصر حالات کے لئے جن مآخذات سے مدد لی گئی ہے ان میں کتب، رسائل و جرائد، شخصی معلومات، انٹرویوز اور الواحِ قبور شامل ہیں۔ کتب و رسائل میں سے چند اہم نام درج کیے جاتے ہیں۔ ان کتب کے مصنفین و مرتبین اور مضامین کے تحریر کرنے والوں کا شکریہ بھی واجب ہے۔

۱۔ آفتابِ چشت۔ مرتبہ سید فضل حسن عباسی چشتی، چکوڑی شریف، گجرات، ۱۹۸۸ء

۲۔ احوال و آثار مفتیانِ شادیوال از ڈاکٹر احمد حسین قریشی، گجرات، ۱۹۸۹ء

۳۔ اذکارِ نوشاہیہ۔ مرتبہ سید شریف احمد شرافت، ساہنپال شریف، گجرات، ۱۹۶۴ء

۴۔ اقبال کی ابتدائی زندگی۔ از ڈاکٹر سید سلطان محمود حسین، اقبال اکادمی لاہور، ۱۹۸۶ء

۵۔ اقبال اور گجرات۔ از ڈاکٹر منیر احمد سلیچ، (زیرِ طبع) اقبال اکادمی، لاہور

۶۔ امیرِ ملت اور ان کے خلفا۔ محمد صادق قصوری لاہور، ۱۹۸۳ء

۷۔ انوار الحفیظ۔ از حافظ محمد اسحاق، بڑیلہ شریف، گجرات، ۱۹۹۴

۸۔ بیادِ تبسم قریشی۔ مرتبہ محمد حسین تسبیحی، خانہ فرہنگِ ایران، راولپنڈی، ۱۹۷۴ء

۹۔ پنجابی شاعراں دا تذکرہ۔ مرتبہ مولا بخش کشتہ، لاہور، ۱۹۸۶ء

۱۰۔ پیرِ خرابات۔ مرتبہ ڈاکٹر احمد حسین قلعداری، مکتبہ نبویہ، لاہور، ۱۹۷۰

۱۱۔ تاریخِ گجرات۔ از مرزا اعظم بیگ، گجرات، ۱۹۶۸ء

۱۲۔ تاریخ مبارک شاہی۔ از یحییٰ بن احمد سرہندی ترجمہ ڈاکٹر آفتاب اصغر، لاہور، ۱۹۸۶ء

۱۳۔ تذکرہ امامیہ۔ از سید عارف حسین نقوی، خانہ فرہنگِ ایران، راولپنڈی، ۱۹۸۹ء

۱۴۔ تذکرہ اولیائے گجرات۔ احمد حسین قریشی، جواد برادرز، لاہور، س ن

۱۵۔ تذکرہ پیر رشید الدولہ۔ از حامد حسن سید، گجرات، ۱۹۹۴ء

۱۶۔ تذکرہ خانوادۂ عرفان و حکمت۔ از ڈاکٹر احمد حسین قریشی، گجرات، ۱۹۸۳ء

۱۷۔ تذکرہ شاہِ ولایت از محمد نواز شاہد، گجرات، ۱۹۸۰ء

۱۸۔ تذکرہ علمائے اہلسنت۔ از عبدالحکیم شرف قادری، لاہور، ۱۹۸۵ء

Marfat.com

۱۹۔ تذکرہ علمائے تلعدار۔از حامد حسن سید گجرات، ۱۹۸۷ء

۲۰۔ تذکرہ مشائخ قادریہ۔ مرتبہ محمد دین کلم، لاھور، ۱۹۸۵ء

۲۱۔ تعمیرِ نو۔ (ہفت روزہ) گجرات، سالنامہ ۱۹۶۷ء اور ۱۹۶۸ء اور گجرات سپلیمنٹ

۲۲۔ تنظیم۔ (ہفت روزہ) بھمبر/ گجرات بابت ۸ جنوری ۱۹۶۸ء

۲۳۔ حضرت شاہدولہ دریائی گجراتی۔ شریف کنجاہی، مرکزِ معارفِ اولیا، محکمہ اوقاف لاھور، ۱۹۸۵ء

۲۴۔ خفتگانِ خاکِ لاھور۔ پروفیسر محمد اسلم، ادارہ تحقیقاتِ پاکستان، لاھور، ۱۹۹۲ء

۲۵۔ ذکرِ محبوب۔از ارشاد احمد ہاشمی، مصنف خود، گجرات، ۱۹۸۳ء

۲۶۔ راوی۔ مجلہ، گورنمنٹ کالج لاھور، بابت ۱۹۸۵ء

۲۷۔ راوی۔ مجلہ، گورنمنٹ کالج لاھور، بابت ۱۹۸۷ء

۲۸۔ روح القرآن۔ از مولوی فیروز الدین، لاھور، ۱۹۴۸ء

۲۹۔ رزم نو۔ ماہنامہ، بابت اگست، ستمبر، ۱۹۹۲ء مضمون مُلا صالح محمد گجراتی از حامد حسن سید

۳۰۔ سفر نصیب۔از مختار مسعود، فیروز سنز، لاھور، ۱۹۸۵ء

۳۱۔ سوانح عمری حاجی محمد دین قادری۔ مرتبہ محمد یاسین، گجرات، ۱۳۴۴ھ

۳۲۔ سیاست کے فرعون۔ مرتبہ وکیل انجم، فیروز سنز، لاھور، ۱۹۹۳ء

۳۳۔ سیرت آقا ظفر علی۔ مرتبہ عطاالله بخاری، چکوڑی شریف، گجرات، ۱۹۷۴ء

۳۴۔ شاہِ ولایت۔ وقار حسین طاہر، گجرات، ۱۹۷۲ء

۳۵۔ شاہین۔ مجلہ، زمیندار کالج گجرات، بابت ۱۹۶۴ء

۳۶۔ شاہین۔ مجلہ، زمیندار کالج گجرات، بابت ۱۹۶۷ء

۳۷۔ شاہین۔ مجلہ، زمیندار کالج گجرات، بابت ۱۹۷۸ء

۳۸۔ شاہین۔ مجلہ، زمیندار کالج، گجرات، بابت ۱۹۸۵ء

۳۹۔ شہادت الفرقان علی جمع القرآن۔ شیخ عطاالله وکیل، لاھور، س ن

۴۰۔ شہید میرا دوست۔از محمد اشرف دھریکڑی، مکتبہ ضیاء، گجرات، ۱۹۷۲ء

۴۱۔ شیخ الحدیث۔ مرتبہ سیّد محمد شہزاد مصطفےٰ ترمذی، جامعة الکتاب المبین، گجرات، ۱۹۹۴ء

۴۲۔ ضلع گجرات۔از ڈاکٹر احمد حسین قریشی، پنجابی ادبی بورڈ، لاھور، ۱۹۹۵ء

۴۳۔ عزیز بھٹی شہید۔ اصغر علی گھرال، مکتبہ الوکیل، گجرات، ۱۹۶۶ء

۴۴۔ فاروقِ طریقت۔ مرتبہ پروفیسر محمد کبیر احمد مظہر، لاھور، س ن

۴۵۔ قطب العارفین۔ مرتبہ سید نور محمد قادری، لاہور، ۱۹۸۵ء

۴۶۔ قندیل۔ (ہفت روزہ، لاہور)، گجرات نمبر، بابت ۱۹، اکتوبر ۱۹۸۷ء

۴۷۔ کتابِ زندگی۔ مرتبہ سید مسعود ارشاد، گجرات، ۱۹۹۵ء

۴۸۔ کرسی نامۂ عرب۔ مرتبہ حکیم خدا بخش، گجرات، ۱۹۳۴ء

۴۹۔ کریسنٹ۔ مجلہ، اسلامیہ کالج ریلوے روڈ لاہور (صد سالہ نمبر) بابت ۱۹۹۲ء

۵۰۔ کملی والا۔ از حکیم عبداللطیف عارف، گجرات، ۱۹۶۱ء

۵۱۔ گجرات بعہدِ قدیم و جدید۔ از احمد حسین قریشی، گجرات، ۱۹۶۸ء

۵۲۔ گجرات تاریخ کے آئینے میں۔ از زمان کھوکھر، گجرات، ۱۹۹۵ء

۵۳۔ گجرات تصاویر کے آئینے میں۔ از زمان کھوکھر، گجرات، ۱۹۹۶ء

۵۴۔ گجرات کی بات۔ مرتبہ اسحاق آشفتہ، (مضامین ریاض مفتی صاحب)۔ گجرات، ۱۹۹۱ء

۵۵۔ گوہرِ نایاب۔ از شیخ محمد حسین، گجرات، ۱۹۹۲ء

۵۶۔ محبِ کسان (ہفت روزہ)، گجرات، سالنامہ، ۱۹۵۸ء

۵۷۔ معدن التواریخ۔ از ابوطاہر فدا حسین فدا، لاہور، ۱۹۹۴ء

۵۸۔ مفتاح التقویم۔ از حبیب الرحمن خان صابری، دھلی، ۱۹۷۷ء

۵۹۔ مقاماتِ محمود۔ از نواب معشوق یار جنگ، جہلم، ۱۹۸۳ء

۶۰۔ نکھیڑے۔ از قاضی فضل حق، مرتبہ بذل حق محمود، پنجابی ادبی بورڈ، لاہور، ۱۹۸۵ء

۶۱۔ وفیاتِ مشاہیرِ پاکستان۔ مرتبہ پروفیسر محمد اسلم، مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، ۱۹۹۰ء

۶۲۔ ہست و بود۔ از میاں اعجاز نبی، گجرات، ۱۹۷۷ء

"خفتگانِ خاکِ گجرات"

میں شامل شخصیات کا زمانی جدول بلحاظ تاریخِ رحلت

(Chronological Index)

نام	تاریخ	سن عیسوی	تاریخ	سن ہجری
ملک جسرتھ کھوکھر		۱۴۴۲		۸۴۶
سید میراں یحییٰ (رانیوال)		۱۵۴۰	اندازاً	۹۴۵
شیخ اللہ داد سرہی	۲۳ اپریل	۱۶۰۲	۲۱ ذیقعد	۱۰۱۱
سیّد صالح محمد گیلانی (سادہ چک)		۱۶۶۳-۶۴		۱۰۷۴
حضرت شاہدولہ دریائی گجراتی		۱۶۷۴		۱۰۸۵
شاہ عبدالعزیز بشندوری	۸ مارچ	۱۶۹۴	۲۱ رجب	۱۱۰۵
غنیمت کنجاہی		۱۶۹۳-۹۴		۱۱۰۵
سیّد میراں محمد فاضل		۱۶۹۵-۹۶		۱۱۰۷
پیر بہادن شاہ		۱۶۹۶-۹۷		۱۱۰۸
قاضی رضی الدین کنجاہی		۱۷۰۱		۱۱۱۳
حضرت پیر محمد سچیار		۱۷۰۷		۱۱۱۹
حبیب اللہ فقیر درزی		۱۷۰۸	اندازاً	۱۱۲۰
بیگم راج محل ملکہ اورنگزیب		۱۷۱۸		۱۱۳۱
خوشی محمد کنجاہی		۱۷۲۲		۱۱۳۴
خواجہ فرد فقیر		۱۷۹۰	اندازاً	۱۲۰۵
مُلاّ محمد صالح گجراتی		۱۸۰۹		۱۲۲۴
مولوی محمد ابراہیم کنجاہی	۱۰ نومبر	۱۸۲۷	۱۹ ربیع الثانی	۱۲۴۳
خواجہ عبدالرحیم (منگوال)		۱۸۲۹-۳۰		۱۲۴۵

مولوی شیخ مسعود		۱۸۳۲		۱۲۴۸
حافظ میاں احمد جی (شادیوال)		۱۸۳۳		۱۲۴۹
شیخ محمد قاسم ابوالوفا (گولیکی)		۱۸۳۶		۱۲۵۲
سید محمد بقاء اللہ (منگوال)	۲ جون	۱۸۴۳	۴ جمادی الاول	۱۲۵۹
سید عباد اللہ (منگوال)		۱۸۴۹-۵۰		۱۲۶۶
حافظ خان محمد تلعداری		۱۸۵۷-۵۸		۱۲۷۴
شیخ محمد سلیم ہاشمی		۱۸۶۳		۱۲۸۰
مولوی شکر اللہ (عمر چک)		۱۸۶۳		۱۲۸۰
بابا جنگو شاہ		۱۸۶۴		۱۲۸۱
غلام محی الدین کنجاہی		۱۸۶۷		۱۲۸۴
مولوی بدر الدین (گولیکی)		۱۸۶۹		۱۲۸۶
دِتے شاہ (سوک)		۱۸۷۳		۱۲۹۰
میر عزیز اللہ فاروقی (بہلپور)		۱۸۷۳		۱۲۹۰
خواجہ ثناء اللہ پیرِ خرابات		۱۸۸۰		۱۲۹۷
حافظ نور الدین چکوڑوی	۱۲ مارچ	۱۸۸۵	۲۵ جمادی الاول	۱۳۰۲
علامہ سید احمد ناظم		۱۸۸۹		۱۳۰۶
مولوی غلام قادر رئیس گجرات		۱۸۸۹		۱۳۰۶
مولوی صالح محمد کنجاہی		۱۸۹۰		۱۳۰۷
مولوی غلام غوث کھوڑوی	۲۶ نومبر	۱۸۹۰	۱۲ ربیع الثانی	۱۳۰۸
عبدالقادر قادری کلانوی	۸ جون	۱۸۹۳	۲۳ ذیلعقد	۱۳۱۰
مولوی محمد عالم کھوڑوی	۱۱ نومبر	۱۸۹۳	یکم جمادی الاول	۱۳۱۱
مولوی امان اللہ (عمر چک)		۱۸۹۴		۱۳۱۲
حافظ شمس الدین گلیانوی	۲۹ جنوری	۱۹۰۲	۱۸ شوال	۱۳۱۹
حکیم خدا بخش حاذق		۱۹۰۲		۱۳۱۹

Marfat.com

محمد حیات خان درانی	۴ اپریل ۱۹۰۵	۲۸ محرم ۱۳۲۳
مولوی کلیم اللہ مچھیانوی	۱۹۰۶	۱۳۲۴
مفتی کریم بخش قادری (رلکے)	۲ اپریل ۱۹۰۷	۶ ربیع الاوّل ۱۳۲۵
خواجہ محمد امین (چکوڑی)	۱۸ دسمبر ۱۹۰۷	۱۲ ذیقعد ۱۳۲۵
خواجہ محمد حسن نقشبندی	۱۹۱۰	۱۳۲۸
جناب گل پیر (ڈھوڈا)	۱۹ مارچ ۱۹۱۲	۱۰ ربیع الثانی ۱۳۳۱
مولوی نجم الدین فائز	۱۹۱۴	۱۳۳۲
ڈپٹی یار محمد درانی	۲۹ اکتوبر ۱۹۱۶	۲ محرم ۱۳۳۵
خواجہ سیّد محمد چراغ (چکوڑی)	۱۹۱۸	۱۳۳۷
مولوی فضل احمد تلعداری	۱۹۱۸	۱۳۳۷
قاضی سلطان محمود	۲ مئی ۱۹۱۹	یکم شعبان ۱۳۳۷
میاں محمد بوٹا	۱۶ ستمبر ۱۹۱۹	۲۰ ذوالحجہ ۱۳۳۷
صاحبزادہ غلام دستگیر	۸ نومبر ۱۹۲۰	۲۵ صفر ۱۳۳۹
سیّد غلام شاہ وکیل	۱۰ مئی ۱۹۲۱	۲ رمضان ۱۳۳۹
کیپٹن ڈاکٹر شیخ غلام محمد	۱۲ مئی ۱۹۲۱	۴ رمضان ۱۳۳۹
حکیم قاضی برکت علی ہاشمی	۱۶ جون ۱۹۲۱	۹ شوال ۱۳۳۹
شیخ محمد عبداللہ (عمر چک)	۱۰ جولائی ۱۹۲۱	۳ ذیقعد ۱۳۳۹
ڈاکٹر حافظ شیخ عطا محمد خان بہادر	۲۲ دسمبر ۱۹۲۲	۱۲ ربیع الثانی ۱۳۴۱
مولوی فضل میراں	۱۹۲۳	۱۳۴۱-۴۲
پیر جعفر شاہ (خاندان شاہدولہ)	۱۳ جنوری ۱۹۲۴	۵ جمادی الثانی ۱۳۴۲
حکیم غلام مصطفٰے	۲ جولائی ۱۹۲۶	۲۰ ذوالحج ۱۳۴۴
قاضی عطا محمد تحصیلدار	۲۰ دسمبر ۱۹۲۷	۲۵ جمادی الثانی ۱۳۴۶
مولانا تاج الدین لاھوری	۶ فروری ۱۹۲۹	۲۵ شعبان ۱۳۴۷
سائیں کانوانوالا	۲۰ جولائی ۱۹۳۰	۲۳ صفر ۱۳۴۹

Marfat.com

محمد زمان خان گوندل	۲۰ اگست ۱۹۳۰	۲۴ ربیع الاول ۱۳۴۹
حکیم سید غلام نبی	۱۹۳۲	۱۳۵۱
بیرسٹر عبدالغنی گوندل	۱۸ نومبر ۱۹۳۳	۲۹ رجب ۱۳۵۲
محمد یوسف محی الدین قادری	۲۰ دسمبر ۱۹۳۳	۲ رمضان ۱۳۵۲
وہنگی والی سرکار (حاجیوالہ)	۱۴ اکتوبر ۱۹۳۷	۲۸ رجب ۱۳۵۶
مولوی نورالدین انور	۲۳ مئی ۱۹۳۸	۲۲ ربیع الاول ۱۳۵۷
حاجی محمد دین قادری	۱۹ جولائی ۱۹۳۸	۲۰ جمادی الاول ۱۳۵۷
غازی اللہ دتہ شہید	۱۹۳۸	۱۳۵۷
خانصاحب قاضی فضل حق	۳۰ جولائی ۱۹۳۹	۱۲ جمادی الثانی ۱۳۵۸
شیخ عطاءاللہ وکیل	۱۹۳۹	۱۳۵۹
کالیا پہلوان (جلالپوری)	۷ اکتوبر ۱۹۴۰	۴ رمضان ۱۳۵۹
مولوی عبدالمالک کھوڑوی	۲۱ جولائی ۱۹۴۱	۲۶ جمادی الثانی ۱۳۶۰
شیخ عبدالعزیز خان بہادر	۶ ستمبر ۱۹۴۱	۱۳ شعبان ۱۳۶۰
سر فضل علی	۳۰ اکتوبر ۱۹۴۲	۲۰ شوال ۱۳۶۱
پیر نیک عالم (کلاچور)	۱۹۴۳	۱۳۶۲
ڈاکٹر عبدالغنی جلالپوری	۱۹۴۳	۱۳۶۲
سید حیدر جیلانی	۲۴ مارچ ۱۹۴۴	۲۸ ربیع الاول ۱۳۶۳
خوشی محمد ناظر	یکم اکتوبر ۱۹۴۴	۱۲ شوال ۱۳۶۳
پیر سید امیر قادری (ڈھوڈا)	۹ مارچ ۱۹۴۵	۱۴ ربیع الاول ۱۳۶۴
سلام اللہ شائق	۱۳ دسمبر ۹۴۵	۷ محرم ۱۳۶۵
پیر مقبول حسین شاہ	۱۱ ستمبر ۱۹۴۶	۱۴ شوال ۱۳۶۵
مولوی ثناءاللہ گلیانوی	۱۷ نومبر ۱۹۴۶	۲۲ ذوالحجہ ۱۳۶۵
مفتی نامدار	۱۴ دسمبر ۱۹۴۶	۱۹ محرم ۱۳۶۶
مفتی حافظ نورالدین جلالپوری	۲۱ جنوری ۱۹۴۷	۲۷ صفر ۱۳۶۶

Marfat.com

کریم بی بی (لیڈی اقبال)	۲۸ فروری ۱۹۴۷	۶ ربیع الثانی ۱۳۶۶
ڈاکٹر محمد حیات خان	۱۳ مارچ ۱۹۴۷	۱۹ ربیع الثانی ۱۳۶۶
میاں فضل الٰہی پگانوالہ	۲۹ مئی ۱۹۴۷	۸ رجب ۱۳۶۶
مولانا غلام محمد گھوٹوی	۹ مارچ ۱۹۴۸	۲۷ ربیع الثانی ۱۳۶۷
سائیں اللہ دتا (لوراں)	۴ اکتوبر ۱۹۴۸	۳۰ ذیقعد ۱۳۶۸
الحاج محمد علی (گلزار مدینہ)	۲۵ ستمبر ۱۹۴۹	یکم ذوالحج ۱۳۶۸
پیر نصیب علیشاہ (چھالے)	۶ فروری ۱۹۵۰	۱۸ ربیع الثانی ۱۳۶۹
مولوی نجف علی عاصی	۱۹ جون ۱۹۵۰	۳ رمضان ۱۳۶۹
حافظ محمد عالم (مدیر عالمگیر)	۱۶ جنوری ۱۹۵۱	۷ ربیع الثانی ۱۳۷۰
ماسٹر طالع محمد (جلالپوری)	۱۲ ستمبر ۱۹۵۱	۱۹ ذوالحجہ ۱۳۷۰
میاں فیروز الدین (روح القرآن)	۲۷ اکتوبر ۱۹۵۱	۲۵ محرم ۱۳۷۱
میاں غلام محمد سہروردی	۱۲ دسمبر ۱۹۵۱	۱۲ ربیع الاوّل ۱۳۷۱
خواجہ گوہر الدین احمد	۶ فروری ۱۹۵۲	۹ جمادی الاوّل ۱۳۷۱
سیّد حبیب (جلالپوری)	۲۳ فروری ۱۹۵۲	۲۶ جمادی الاوّل ۱۳۷۱
غلام سرور شاہ ہاشمی (چکوڑی)	۶ اپریل ۱۹۵۲	۹ رجب ۱۳۷۱
عبدالغفور خاں درانی	۱۰ اکتوبر ۱۹۵۲	۲۰ محرم ۱۳۷۲
اُستاد امام دین گجراتی	۲۲ فروری ۱۹۵۴	۱۷ جمادی الثانی ۱۳۷۳
شیخ نبی بخش (تاجر)	۲۸ فروری ۱۹۵۴	۲۳ جمادی الثانی ۱۳۷۳
پیر ظہور شاہ قادری	۱۹۵۴	۱۳۷۳
علامہ اصغر علی روحی	۳۰ مئی ۱۹۵۴	۲۷ رمضان ۱۳۷۳
مولوی محمد عالم تلعداری	۱۷ فروری ۱۹۵۵	۲۳ جمادی الثانی ۱۳۷۴
شیخ محمد ممتاز فاروقی	۱۹ دسمبر ۱۹۵۶	۱۵ ربیع الثانی ۱۳۷۶
ڈاکٹر شیخ محمد عالم بیرسٹر	اندازاً ۱۹۵۶	۱۳۷۶
مجید لاہوری	۲۶ جون ۱۹۵۷	۲۷ ذیقعد ۱۳۷۶

Marfat.com

چودھری حمید اللہ خاں	۱۰ اگست ۱۹۵۷	۱۳ محرم ۱۳۷۷
مولوی عبدالکریم تلعداری	۱۹ ستمبر ۱۹۵۷	۲۳ صفر ۱۳۷۷
شیخ غلام محمد احمد	۱۷ نومبر ۱۹۵۷	۲۴ ربیع الثانی ۱۳۷۷
مولانا نیک عالم قادری	۱۴ فروری ۱۹۵۸	۲۶ رجب ۱۳۷۸
ڈاکٹر اللہ دتا طالب کنجاہی	۲ مارچ ۱۹۵۸	۱۱ شعبان ۱۳۷۸
نوابزادہ مہدی علی خاں	۱۲ جون ۱۹۵۸	۲۴ ذیقعد ۱۳۷۷
خانصاحب ملک کرم الدین	۱۳ اگست ۱۹۵۹	۶ صفر ۱۳۷۹
سید عبدالشکور (بوکن)	۲۶ جنوری ۱۹۶۰	۲۶ رجب ۱۳۷۹
قاری احمد حسین فیروزپوری	۳۰ اپریل ۱۹۶۰	۳ ذیعقد ۱۳۷۹
قاضی عبدالحق جلالپوری	۷ جولائی ۱۹۶۰	۱۲ محرم ۱۳۸۰
سید عطاءاللہ شاہ بخاری	۲۱ اگست ۱۹۶۱	۹ ربیع الاوّل ۱۳۸۱
سید محمد حبیب اللہ (مسلم آباد)	۱۵ اکتوبر ۱۹۶۱	۲۴ ربیع الثانی ۱۳۸۱
مولوی عبداللہ سلیمانی	۵ ستمبر ۱۹۶۴	۲۷ ربیع الثانی ۱۳۸۴
مفتی عبدالعزیز مزنگوی	۵ دسمبر ۱۹۶۴	۳۰ رجب ۱۳۸۴
صوفی نواب دین (موہری)	۱۲ جولائی ۱۹۶۵	۱۲ ربیع الاوّل ۱۳۸۵
مولانا رحمت علی سامی	۲۲ اگست ۱۹۶۵	۲۴ ربیع الثانی ۱۳۸۵
کرنل عبدالرحمن شہید	۱۱ ستمبر ۱۹۶۵	۱۴ جمادی الاوّل ۱۳۸۵
عزیز بھٹی شہید نشانِ حیدر	۱۲ ستمبر ۱۹۶۵	۱۵ جمادی الاوّل ۱۳۸۵
حکیم سوہنے شاہ	۳۱ مارچ ۱۹۶۷	۱۹ ذوالحجہ ۱۳۸۶
سائیں فیروز الدین نگین	۲۸ دسمبر ۱۹۶۷	۲۵ رمضان ۱۳۸۷
قاضی عنایت اللہ (پرنسپل)	دسمبر ۱۹۶۷	رمضان ۱۳۸۷
پروفیسر شیخ عطاءاللہ	۱۹۶۸	۱۳۸۸
سید معصوم شاہ نوری	۱۸ جنوری ۱۹۶۹	۲۹ شوال ۱۳۸۸
عبداللہ مضطر گجراتی	۲ دسمبر ۱۹۶۹	۱۲ رمضان ۱۳۸۹

Marfat.com

پروفیسر ڈاکٹر فضل الرحمن	۳ دسمبر ۱۹۶۹	۲۲ رمضان ۱۳۸۹
ایس ایم بشیر	۱۲ مارچ ۱۹۷۰	۳ محرم ۱۳۹۰
صوفی غلام قادر نقشبندی	۲۸ جون ۱۹۷۰	۲۳ ربیع الثانی ۱۳۹۰
پیر ولایت شاہ	۳۱ جولائی ۱۹۷۰	۲۶ جمادی الاول ۱۳۹۰
جنرل افضل فاروقی	۱۴ ستمبر ۱۹۷۰	۱۲ رجب ۱۳۹۰
میاں محمد اکبر	۲۵ اکتوبر ۱۹۷۰	۲۳ شعبان ۱۳۹۰
ننگے شاہ	۴ جنوری ۱۹۷۱	۶ ذیقعد ۱۳۹۰
محمد حسین شوق	۱۷ مئی ۱۹۷۱	۲۱ ربیع الاول ۱۳۹۱
مولانا فضل کریم (ڈلہ)	۱۵ اگست ۱۹۷۱	۲۳ جمادی الثانی ۱۳۹۱
مولوی عبداللطیف عارف	یکم اکتوبر ۱۹۷۱	۱۰ شعبان ۱۳۹۱
مولانا غلام الدین اشرفی	۱۲ اکتوبر ۱۹۷۱	۲۱ شعبان ۱۳۹۱
مفتی احمد یار خاں نعیمی	۲۴ اکتوبر ۱۹۷۱	۳ رمضان ۱۳۹۱
میجر محمد اکرم شہید (نشانِ حیدر)	۵ دسمبر ۱۹۷۱	۱۷ شوال ۱۳۹۱
میجر شبیر شریف (نشانِ حیدر)	۶ دسمبر ۱۹۷۱	۱۸ شوال ۱۳۹۱
سہیل جیلانی تبسم	۸ مارچ ۱۹۷۲	۲۲ محرم ۱۳۹۲
مولانا محمد شریف نوری	۱۳ مئی ۱۹۷۲	۲۹ ربیع الاول ۱۳۹۲
پیر فضل حسین فضل گجراتی	۲۲ اگست ۱۹۷۲	۱۲ رجب ۱۳۹۲
غلام غوث صمدانی	۱۸ اکتوبر ۱۹۷۲	۱۰ رمضان ۱۳۹۲
پیر ظفر علیشاہ عباسی (چکوڑی)	۶ جون ۱۹۷۳	۳ جمادی الاول ۱۳۹۳
عاصی واصفی، عبدالغنی	۱۹۷۳	۱۳۹۳
کیپٹن رمضان تبسم قریشی	۱۸ دسمبر ۱۹۷۳	۲۲ ذیقعد ۱۳۹۳
رفیع پیر	۱۱ اپریل ۱۹۷۴	۱۸ ربیع الاول ۱۳۹۴
حکیم محمد حسن قرشی	۶ دسمبر ۱۹۷۴	۲۱ ذیقعد ۱۳۹۴
شیر محمد اختر (مدیر قندیل)	۲۹ دسمبر ۱۹۷۴	۱۵ ذوالحجہ ۱۳۹۴

Marfat.com

سید امداد حسین کاظمی	۲۱ ستمبر ۱۹۷۵	۱۴ رمضان ۱۳۹۵
محمد انور سماں	۲۳ جنوری ۱۹۷۶	۲۰ محرم ۱۳۹۶
عبدالرفیع ملک ایڈووکیٹ	۲۳ مارچ ۱۹۷۶	۲۱ ربیع الاوّل ۱۳۹۶
پیر محمد شفیع قادری (ڈھوڈا)	۱۵ مئی ۱۹۷۶	۱۵ جمادی الاوّل ۱۳۹۶
مولوی شرف علی نوشاہی (ڈوگہ)	یکم ستمبر ۱۹۷۶	۶ رمضان ۱۳۹۶
مولوی حفیظ اللہ (بڑیلہ)	۳۰ ستمبر ۱۹۷۶	۵ شوال ۱۳۹۶
حکیم چراغ علی ایڈووکیٹ	۱۷ ستمبر ۱۹۷۷	۳ شوال ۱۳۹۷
عبدالنبی کوکب	۱۹ جنوری ۱۹۷۸	۸ صفر ۱۳۹۸
نوابزادہ اصغر علیخاں	۹ جون ۱۹۷۸	۲ رجب ۱۳۹۸
ملک لال خاں، فخرِ قوم	۲ جنوری ۱۹۷۹	۲ صفر ۱۳۹۹
کرنل ڈاکٹر سید مظہر حسین	۲۱ فروری ۱۹۷۹	۲۲ ربیع الاوّل ۱۳۹۹
بذلِ حق محمود	۳۰ جون ۱۹۷۹	۴ شعبان ۱۳۹۹
عالم لوہار	۳ جولائی ۱۹۷۹	۷ شعبان ۱۳۹۹
مولانا غلام قادر اشرفی	۲۶ اگست ۱۹۷۹	۲ شوال ۱۳۹۹
مولانا محمد فضل حق	۱۵ دسمبر ۱۹۷۹	۲۵ محرم ۱۴۰۰
حافظ عنایت اللہ الاثری	۲۰ مئی ۱۹۸۰	۵ رجب ۱۴۰۰
منشی احمد دین (کالرہ)	۱۹۸۰	۱۴۰۰
پروفیسر محمد شجاع ناموس	۵ جنوری ۱۹۸۱	۲۸ صفر ۱۴۰۱
شریف شعلہ جلالپوری	۳۱ مارچ ۱۹۸۱	۲۴ جمادی الاوّل ۱۴۰۱
سید شبیر حسین (ناروولی)	۵ اپریل ۱۹۸۱	۲۹ جمادی الاوّل ۱۴۰۱
مولانا عبدالغفور اسلم جالندھری	۹ جولائی ۱۹۸۱	۶ رمضان ۱۴۰۱
پیر سید حاجی احمد شاہ	۳۱ اگست ۱۹۸۱	۳۰ شوال ۱۴۰۱
چوہدری ظہور الٰہی	۲۵ ستمبر ۱۹۸۱	۲۵ ذیقعد ۱۴۰۱
حافظ سید ذوالفقار علیشاہ	۱۶ جنوری ۱۹۸۲	۱۹ ربیع الاوّل ۱۴۰۲

حکیم محمد مختار اشرفی	۲۳ جنوری ۱۹۸۲	۲۶ ربیع الاول ۱۴۰۲
جسٹس کرم الٰہی چوہان	۴ فروری ۱۹۸۲	۱۰ ربیع الثانی ۱۴۰۲
چوہدری فضل الٰہی سابق صدر	یکم جون ۱۹۸۲	۹ شعبان ۱۴۰۲
سید فضل شاہ (وڈاپنڈ)	۲۴ جون ۱۹۸۲	۲ رمضان ۱۴۰۲
صاحبزادہ محمد یوسف نقشبندی	۱۸ اکتوبر ۱۹۸۲	۳۰ ذوالحجہ ۱۴۰۲
روشن آرار بیگم، ملکہ موسیقی	۵ دسمبر ۱۹۸۲	۱۸ صفر ۱۴۰۳
قاضی محبوب عالم	۷ دسمبر ۱۹۸۲	۲۰ صفر ۱۴۰۳
شیخ عنایت اللہ (تاج کمپنی)	۱۶ دسمبر ۱۹۸۲	۲۹ صفر ۱۴۰۳
پروفیسر اکبر علی شاہ	۱۴ مئی ۱۹۸۳	یکم شعبان ۱۴۰۳
جنرل عبدالحمید خاں	۲۱ جولائی ۱۹۸۳	۱۰ شوال ۱۴۰۳
پروفیسر محمد سرور جامعی	۱۹ ستمبر ۱۹۸۳	۱۱ ذوالحجہ ۱۴۰۳
سید فضل حسین شاہ (کھیپڑانوالہ)	۲۱ ستمبر ۱۹۸۳	۱۳ ذوالحجہ ۱۴۰۳
پیر غلام عباس (ہیڈماسٹر)	۱۲ فروری ۱۹۸۴	۹ جمادی الاول ۱۴۰۴
پروفیسر ضیار محمد قلعداری	۷ مارچ ۱۹۸۴	۳ جمادی الثانی ۱۴۰۴
مولانا غلام اعظم	۱۵ اکتوبر ۱۹۸۴	۱۹ محرم ۱۴۰۵
صاحبزادہ غلام ربانی (مدیر)	۱۸ فروری ۱۹۸۵	۲۷ جمادی الاول ۱۴۰۵
ابوالکمال برق نوشاہی	۲ اپریل ۱۹۸۵	۱۰ رجب ۱۴۰۵
سائیں رحمت علی (چڑیاولا)	۸ نومبر ۱۹۸۵	۲۴ صفر ۱۴۰۶
پیر سکندر شاہ (شاہدولہ دربار)	۸ جنوری ۱۹۸۶	۲۶ ربیع الثانی ۱۴۰۶
عبدالقدیر نعمانی	۲۷ اپریل ۱۹۸۶	۱۸ شعبان ۱۴۰۶
پیر رشید الدولہ	۱۵ اگست ۱۹۸۶	۸ ذوالحجہ ۱۴۰۶
علی احمد گوندل (مترجم اقبال)	۱۸ اگست ۱۹۸۶	۱۱ ذوالحجہ ۱۴۰۶
مولانا نصراللہ خاں خازن	۸ دسمبر ۱۹۸۶	۶ ربیع الثانی ۱۴۰۷
محمد سرفراز خاں (کالرہ)	۱۴ جنوری ۱۹۸۷	۱۳ جمادی الاول ۱۴۰۷

Marfat.com

جسٹس بدیع الزمان کیکاؤس	۲ مئی ۱۹۸۷	۳ رمضان ۱۴۰۷
پیر سید محمود شاہ گجراتی	۲۵ جولائی ۱۹۸۷	۲۷ ذیقعد ۱۴۰۷
نوابزادہ ظفر مہدی	۲۷ اگست ۱۹۸۷	۲ محرم ۱۴۰۸
حکیم سید ارشاد	۱۷ اکتوبر ۱۹۸۷	۲۳ صفر ۱۴۰۸
شیخ عظمت اللہ (پرنسپل)	۶ فروری ۱۹۸۸	۱۸ جمادی الاوّل ۱۴۰۸
صدیق سالک	۱۷ اگست ۱۹۸۸	۴ محرم ۱۴۰۹
سائیں رحمت اللہ رحمت	۲۱ اکتوبر ۱۹۸۸	۹ ربیع الاوّل ۱۴۰۹
ڈاکٹر صوفی محمد ضیاء الحق	۱۴ جولائی ۱۹۸۹	۱۰ ذوالحجہ ۱۴۰۹
چودھری محمد احسن (علیگ)	ستمبر ۱۹۸۹	صفر ۱۴۰۹
مفتی مختار احمد نعیمی	۲۱ مئی ۱۹۹۰	۲۵ رجب ۱۴۱۰
بشیر منذر	۱۹۹۰	۱۴۱۰
حکیم عبدالرحیم جمیل	۷ جون ۱۹۹۱	۲۳ ذیعقد ۱۴۱۱
محمد عمر بٹ (شاعر)	۲۶ جولائی ۱۹۹۱	۱۳ محرم ۱۴۱۲
مفتی حمید اللہ	۱۳ اگست ۱۹۹۱	یکم صفر ۱۴۱۲
احسان الحق سلیمانی	۲۶ فروری ۱۹۹۲	۲۱ شعبان ۱۴۱۲
آفتاب مفتی (مدیر تازیانہ)	۲۵ دسمبر ۱۹۹۲	۲۹ جمادی الثانی ۱۴۱۳
مولوی فضل حق (ٹھمکہ)	۱۶ جنوری ۱۹۹۳	۲۲ رجب ۱۴۱۳
میجر سید ریاض منظور شہید	۵ جون ۱۹۹۳	۱۵ ذوالحجہ ۱۴۱۳
قربان طاہر	۳۰ نومبر ۱۹۹۳	۱۵ جمادی الثانی ۱۴۱۴
حکیم سید جھلے شاہ	۹ مارچ ۱۹۹۴	۲۶ رمضان ۱۴۱۴
خواجہ محمد معصوم (موہری)	یکم ستمبر ۱۹۹۴	۲۴ ربیع الاوّل ۱۴۱۵
ڈاکٹر محمد اکرم مرزا	۱۹ جنوری ۱۹۹۵	۱۶ شعبان ۱۴۱۵
مفتی بشارت احمد نیئر	۱۷ ستمبر ۱۹۹۵	۲۲ ربیع الثانی ۱۴۱۶
خورشید عالم بھٹی (پرنسپل)	۱۷ مارچ ۱۹۹۶	۲۷ شوال ۱۴۱۶

Marfat.com

صدائے جرسے مے آید

زمیندار ڈگری کالج بھمبر روڈ گجرات کی پچاس سالہ تاریخ و تذکرہ مرتب کر رہے تھے کہ عزیزی منیر احمد سلیچ کا خط ملا جس میں خاص بات یہ تھی کہ اُنہوں نے ساتھ اُن طلبار کی فہرست منسلک کر دی تھی جنہوں نے زمیندار کالج سے ایف ایس سی کے بعد لاہور کے میڈیکل کالج میں داخلہ لیا تھا اور ڈاکٹر ہو گئے تھے یا ابھی زیرِ تعلیم تھے۔ کالج کے لانگ رول اور ڈائریکٹری کی عدم موجودگی میں زمیندار کالج کے تن آور درخت کے یہ پھل پھول اور کلیاں ہمارے علم میں نہیں تھے۔

پھر ملاقات ہوئی اور معلوم ہوا کہ منیر احمد سلیچ کے پیش نظر "اقبال اور گجرات" کا پراجیکٹ ہے۔ کام آگے بڑھتا گیا یہاں تک کہ تن تنہا اس سادہ، حوصلہ مند نوجوان نے ایک ادارہ کا کام اپنی پہلی کتاب میں سمیٹ لیا۔ وہ جوئندہ کی روشن مثال ہیں انہوں نے ایک ایک نکتہ پر بیاباں قطع کئے ہیں۔

مسٹر منیر احمد سلیچ کی شادی خانہ آبادی کی خبر آئی۔ بڑا اطمینان ہوا۔ خیال تھا اب تو ڈاکٹری کرنا ہی پڑے گی۔ ایسا ہی ہوا کلینک کھل گیا مگر ساتھ ساتھ خبرِ وحشت اثر سنی کہ گجرات کے مُردوں کو زندہ کرنے کے دوسرے پراجیکٹ پر کام کا ارادہ رکھتے ہیں پھر ہم دیکھتے رہے اور وہ کبھی مشرق کو کبھی مغرب کو، جنوب کبھی شمال کو اپنے گھوڑے (موٹر سائیکل) پر اڑتے رہے اور زیر لب کہتے سنے جاتے رہے۔ ع

ہم سے کہاں چھپیں گے وہ ایسے کہاں کے ہیں

منیر احمد سلیچ کے سلسلے میں یہ سوچ بھی بار بار اُبھرتی تھی کہ عزیز گرامی نصیحت نامہ سے الرجک ہونگے۔ مگر نصیحت بھی ضروری تھی۔ ایک دن موقع دیکھ کر کہا۔ منیر جی! ڈاکٹر احمد حسین قریشی، ڈاکٹر مظفر حسن ملک، شریف کنجاہی اور ڈاکٹر غلام حسین اظہر جغادری قسم کے بزرگ ہیں ان سے ملتے رہا کریں۔ مگر عطائے تو بہ لقائے تو کے مصداق منیر احمد سلیچ نے کہا سر! ان کی درگاہوں سے نیاز تو ملتی ہوگی مگر ... یہ آدھی نصیحت تھی پوری بات یہ کہنا تھی کہ ان بزرگوں سے ملتے رہیں دعائیں دیں گے البتہ کسی قدم پر ملٹن کو نہ بھول جانا جس نے انگریزی ادب کی رزمیہ شاعری میں الگ راہ بنائی تھی۔ کبھی

Marfat.com

لکیر کا فقیر نہ بننا اور بات کو حرف آخر سمجھ کر ہمت نہ ہار دینا۔ خوشی کی بات ہے کہ منیر احمد سلیچ نے اپنی راہ بنانے میں جان لڑا دی ہے اور سند و مستند کی کڑی شرط نبھانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔

تاریخ و تذکرہ کیلئے سچ کو دریافت کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہی کافی نہیں ہے کہ تاریخ مبارک شاہی میں یہ لکھا ہے اور تاریخ فیروز شاہی کا مصنف یہ کہتا ہے۔ اسی لیے جناب ڈاکٹر احمد حسین قریشی نے کہا کوئی صاحب اگر آیت قرآنی تلاوت فرمائیں تو قرآن کھول کر تصدیق کر لیں۔ آنکھیں بند کر کے مان لینا کوئی سلیقہ کی بات نہیں۔ ایک اور ادیب شہیر و محقق بے نظیر نے فرمایا سچ کو بار بار دریافت کرنے کی ضرورت ہے۔ سونے کو ایک بار پگھلانے سے سارا کھوٹ نہیں نکل جاتا۔ بار بار پگھلا کر دیکھیں سو بار پگھلائیں گے تو کندن بنے گا۔

منیر احمد سلیچ بھی ادھر ادھر جو لکھا ہے درست مان لیتے تو کیا بات بنتی ایک مثال "مادہ تاریخ وفات" سامنے کی چیز ہے۔ انہوں نے "خفتگان خاکِ گجرات" میں شامل مادہ ہائے تاریخ وفات کو ایک بار پھر بحساب ابجد، حساب کر کے دیکھا اور معلوم ہوا کہ کئی جگہ اعداد کم و بیش ہیں۔

ہر ایک محقق میں ایک راجہ پورس اندر چھپا ہونا چاہیے جو کسی اتھارٹی کو یونہی ماننے کیلئے تیار نہ ہو۔ یا اس کے اندر "جس رت" جسرتھ موجود ہونا چاہیے۔ باغی رجحانات والا، ہر بات پر کہنے والا "میں نہ مانوں" یہ رجحان منیر احمد سلیچ میں موجود ہے۔ شاید اسی لیے انہوں نے عام روش کتاب سے ہٹ کر جسرتھ کے تذکرہ میں کئی صفحات صرف کیے ہیں۔

تلاش اور دریافت کی دنیا کا اپنا ایک اور تقاضا ہے۔ سچ کا اظہار لچھے دار بیانات کی صورت میں ہوتا۔ اظہار سیدھا سادا سپاٹ ہونا چاہیے۔ صوفیائے کرام کی اصطلاحات میں نسبتِ بے رنگی کا ذکر ملتا ہے یہ ایسے مقام کا نام ہے جہاں ان بزرگوں کو دکھ ہے نہ سکھ، خوشی نہ غم، راحت نہ بے آرامی! سب بے معنی۔ حافظ شیراز نے کہا تھا۔

غلام ہمت آنم کہ زیرِ چرخِ کبود
ہر آنچہ رنگ تعلق پذیرد آزاد است

منیر احمد سلیچ جو بات کہتے ہیں سپاٹ، سیدھے سادے الفاظ کہتے ہیں اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ! بات سچ کہنے کی عادت ہے زور یا کمزوری کی نہیں۔ میکالے مورخ بھی تھا۔ زورِ بیان میں بات کہتا جاتا تھا ایک دوسرے مورخ نے خبردار کیا کہ میکالے سے کسی بات کی سند نہ مانگیں اس کے ہاتھ خالی ہیں صرف زبان و بیان ہے جو تاریخ و تذکرہ نہیں۔ محمد بن قاسم پر سب سے اچھا نسیم حجازی نے لکھا ہے۔

Marfat.com

مگر لکھا ناول ہے فتح سندھ کی تاریخ اور فاتح سندھ کا تذکرہ نہیں لکھا جو کسی منیر احمد سلیچ کا منتظر ہے۔

اس جگہ ایک ممکنہ غلط فہمی کا ازالہ ضروری ہے۔ سیدھے سادے سپاٹ بیانات کی بنیاد پر کہا جا سکتا ہے کہ عزیزی منیر احمد سلیچ نے پرانے انداز کا ایک تذکرہ لکھا ہے۔ مگر یہ تذکرہ پرانے انداز کا نہیں۔ پرانے تذکرہ نویسوں کی اکثریت کو تحقیق و تفتیش سے غرض نہیں تھی۔ صرف ایک دوسرے پر اکتفا کرتے تھے یا سُنی سنائی باتیں کہتے جاتے تھے مولانا محمد حسین آزاد کی "آبِ حیات" سے متعلق مولانا شبلی نعمانی نے کہا" پھر وہ اِدھر اُدھر کی گپ شپ ہانکتے ہیں جو الہام معلوم ہوتی ہے" اور یوں سوچیئے تو تحقیق میں مولانا شبلی بھی صفر تھے جس طرح تنقید میں "لٹریری ہسٹری آف پرشیا" والے ڈاکٹر براؤن صفر تھے۔ مگر "خفتگانِ خاکِ گجرات" میں ہر بات بلاشبہ جانچی پرکھی ہوئی ہے اور ہر بیان اپنی قدر و قیمت اور سند رکھتا ہے۔

عزیزی ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ نے اس گرانقدر کام کو ہمارے نام سے منسوب کیا ہے۔ خدا انہیں جزائے خیر دے۔ ہم اس کتاب پر اپنی تفصیلی رائے فی الحال نہیں دے رہے۔ کتاب چھپ کر آپ کے ہاتھوں میں آ جائے۔ بہت وقت ہو گا کہ ہم مل بیٹھیں اور کتاب کے حسن و قبح پر تفصیل سے بات کریں۔ فی الحال عزیزی اگر برداشت کر لیں تو یہ نصیحت پلّے باندھ لیں کہ کتاب ہذا کی اشاعت کے بعد کم از کم چھ مہینے تک کسی تیسرے پراجیکٹ پر ہاتھ نہ ڈالیں۔ راوی منیر احمد سلیچ کے نصیب میں آرام و چین لکھتا ہے۔

حامد حسن سیّد

پروفیسر زبان و ادبیات انگریزی

گجرات ۱۹ اگست ۹۶ء

Marfat.com

اظہارِ تشکر

الحمدللہ

اس کتاب کے سلسلے میں بہت سے مہربانوں کا تعاون حاصل رہا۔ ان سب کا شکریہ لازم ہے۔

جنہوں نے مجھے اس قابل بنایا :- تمام اساتذہ کرام خصوصاً چودھری اکبر علی، جناب ولایت شاہ اور جناب سیف الرحمٰن سیفی، میرے والدین بھائی اور تمام دوست احباب

جنہوں نے اس کام کی تحریک دی :- محترم حکیم محمد موسیٰ صاحب امرتسری، سید عارف محجورؔ

جن کی تحریروں سے استفادہ کیا :- ڈاکٹر احمد حسین قریشی قلعداری، ریاض مفتی، پروفیسر محمد اسلم، محمد صادق قصوری، اصغر علی گھرال، پروفیسر حامد حسن سید، مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری صاحبان

کتب کی فراہمی کے لئے :- ریاض مفتی، سید عارف محجور، چودھری محمد اشرف، عارف میر

جو میرے ساتھ چلے :- ریاض مفتی صاحب قدم قدم پر میرے ساتھ رہے۔ سردی گرمی میں، باد وباراں میں، دور اور نزدیک کے سفر میں ہر جگہ ! ان کی دوستی میرا قیمتی سرمایہ ہے۔

جن سے قیمتی معلومات حاصل ہوئیں :- ڈاکٹر پیر نصیر، شاہ زمان بٹ پروفیسر مشتاق وڑائچ صاحب، حکیم ضیاء الرحمٰن، عبداللہ شاہ، غضنفر شاہ، پروفیسر منیر الحق کعبیؔ، سید عارف محجور، شاہد حمید وڑائچ، بابو محمد منصور، بابا راز گجراتی، صادق لطیف سعدیؔ، کلیم احسان بٹ صاحبان

جو میرے لئے معلومات اکٹھی کر کے لائے :- ماسٹر ولایت بیگ، ماسٹر اعجاز احمد، ماسٹر منظور قادر، سید عابد حسین نجمؔ، خموشؔ چیچیانوی، بی ایچ یو عالمگڑھ میں میرے عملے کے افراد، فضل حسین، شوکت علی انجمؔ، مظہر اقبال، نصیر احمد ڈسپنسر اور شوکت علی آف مرزا

مفید مشوروں کے لئے :- شریف کنجاہی صاحب، جناب اختر فتح پوری، کیپٹن شاکر کنڈان

خوبصورت کمپوزنگ کے لئے :- اپنے دوست محمد اسلم مرزا کا جنہوں نے میرے طرح طرح کے نخرے برداشت کیے اور نئی نئی تکنیکی خوبصورتیوں سے کتاب کو سجایا۔

اپنی بیوی اور بیٹی کا شکریہ بھی واجب ہے کہ اکثر ان کا وقت بھی کتابوں میں صرف کیا۔

اور اَن گنت اجنبیوں کا جنہوں نے میرے ساتھ کبھی بھڑوں کا مقابلہ کیا، کبھی ریت میں پھنسے موٹر سائیکل کو دھکا لگایا اور کبھی قبریں تلاش کرنے میں میری مدد کی۔ اور معلومات بھی فراہم کیں۔

"اکابرِ خُفتگانِ خاک"

۱۹۹۶ء

"سعیٔ عالی ہمم ڈاکٹر مُنیر احمد سلیچ"

۱۴۱۷ھ

لِکھا ہے تذکرہ خُوب تُو نے
عیاں جس سے ہے گُم کردہ حقیقت

نیا تحقیق کو عُنوان بخشا
عجب کی ہے حقائق کی وضاحت

حیاتِ نَو ملی ہے خُفتگاں کو
ہُوئی ہے رفتگاں کی طبع سیرت

زمیں میں دفن ہیں کیا کیا خزائن
نُمایاں ہو گئی اُن کی فضیلت

لُٹائے ہیں گہرہائے مُعانی
ہُوئے روشن چراغِ علم و حکمت

کیا مذکور ذکرِ پاکبازاں
زہے بخت مُنیرِ باسعادت

"بہارِ باغِ گُم گشتہ" ہے لاریب

۱۹۹۶ء

کہو مہجورؔ تم سالِ طباعت

سیّد عارف مہجور رضوی

Marfat.com

Marfat.com

ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ نے ۳ جنوری ۱۹۶۸ء کو گجرات کے نواحی گاؤں لوراں میں جنم لیا۔ گورنمنٹ پرائمری سکول لوراں سے پرائمری، گورنمنٹ ریاض الدین احمد ھائی سکول مدینہ سیداں (گجرات) سے مڈل اور میٹرک اور زمیندار کالج گجرات سے ایف ایس سی کے امتحانات پاس کیے۔ بورڈز میں نمایاں رہے اور وظائف حاصل کیے۔ زمیندار کالج میں قیام (۸۵-۱۹۸۳) کے دوران بیالوجیکل سوسائٹی کے جنرل سکریٹری، کالج کے بہترین مضمون نگار اور گوجرانوالا ڈائریکٹوریٹ آف کالجز کے تحت منعقدہ مقابلہ مضمون نویسی (اقبالیات) میں دوم رہے۔

۱۹۹۱ء میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور سے ایم بی بی ایس کی ڈگری حاصل کی۔ اسی دوران ایم اے پنجابی کا امتحان بھی نجی حیثیت سے فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا اور کالج کے مجلے "کیمکول" کے مدیر بھی رہے۔ کے ای کی کوئز ٹیم کے رکن کی حیثیت سے بہترین انفرادی سکور حاصل کیا۔ ۴۵ کے قریب علمی و تحقیقی مضامین و مقالات شائع ہو چکے ہیں جو تحقیق، تنقید، ترجمہ، تذکرہ، تاریخ، اقبالیات، پنجابی زبان و ادب سے متعلقہ ہیں ۱۹۹۳ء میں ایم اے اُردو کا امتحان بھی پاس کیا۔ تصانیف ہیں

۱۔ اقبال اور گجرات۔ اقبال اکادمی لاہور ۱۹۹۶ء ۲۔ خفتگانِ خاکِ گجرات۔ ۱۹۹۶ء

۳۔ احوال و آثار مولوی نور الدین انور (زیر طبع) ۴۔ علمی مشاہیر کے خطوط (قلمی مسودہ)

۵۔ گجرات کے نامور پنجابی شعراء (زیر ترتیب) ۶۔ احوال و آثار میاں محمد بوٹا گجراتی (زیر طبع)

۷۔ علمی مشاہیر گجرات (جلد اول۔ قلمی مسودہ) ۸۔ احوال و آثار خوشی محمد ناظر (زیر ترتیب)

ISBN: 969-8353-00-3



Marfat.com



Marfat.com

خفتگانِ خاکِ گجرات

ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ

Marfat.com